# خون کے آنسو



حکیم مشرق علامہ مشتاق احمد صاحب نظامی

پروگریسو بکس

# خون کے آنسو

marfat.com
Marfat.com

آسماں را حق بُود گر خوں ببارد برزمیں

# خون کے آنسو

حصّہ:

اوّل - دوم


مصنّف

حکیمِ مشرق علاّمہ مشتاق احمد صاحب نظامی

ایڈیٹر "پاسبان" الہ آباد



پروگریسو بکس

۴۰۔ بی اردو بازار، لاہور

7352795



Marfat.com

نام کتاب ---------- خون کے آنسو (مکمل یکجا)

مصنف ---------- علامہ مشتاق احمد نظامی

کمپوزنگ ---------- اے۔ایچ نگینہ کمپوزرز
سمیع سنٹر' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

پرنٹرز ---------- حاجی حنیف پرنٹرز' لاہور

ناشر ---------- چوہدری غلام رسول' میاں جواد رسول

تعداد ---------- 1100

قیمت ---------- [redacted]-

## ملنے کا پتہ:

ملت پبلی کیشنز' فیصل مسجد اسلام آباد' فون: 254111
اسلام بک ڈپو' 12 گنج بخش روڈ' لاہور



marfat.com
Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| 1۔ | پیش لفظ | 4 |
| 2۔ | خون کے آنسو | 6 |
| 3۔ | علماء دیوبندی کی انگریز دوستی | 12 |
| 4۔ | سید احمد بریلوی اور اسمٰعیل دہلوی | 23 |
| 5۔ | حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی | 42 |
| 6۔ | مولانا فضل امام خیر آبادی | 48 |
| 7۔ | علامہ فضل حق کا علمی مقام | 51 |
| 8۔ | حضرت علامہ کی سیاسی زندگی | 59 |
| 9۔ | حفظ الایمان پر ایک طائرانہ نگاہ | 68 |
| 10۔ | تصویر کا دوسرا رخ | 77 |
| 11۔ | آخری فیصلہ | 81 |
| 12۔ | تحریروں پر محاسبہ نتیجہ کلام | 141 |
| 13۔ | اظہار حقیقت | 142 |
| 14۔ | تھانوی صاحب کا فیصلہ سے مناظرہ | 159 |
| 15۔ | سنبھلی صاحب | 161 |
| 16۔ | حفظ الایمان کی عبارتیں | |
| 17۔ | مولانا رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ | |
| 18۔ | شیخ الاسلام نمبر کا سرسری جائزہ | 176 |
| 19۔ | تصویر کا دوسرا رخ | 183 |
| 20۔ | آخری گزارش | 202 |
| 21۔ | ایک ضروری عرضداشت | 203 |


marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

اڑتی پھرتی تھیں ہزاروں بلبلیں گلزار میں
جی میں کیا آیا کہ پابند نشیمن ہو گئیں

میرے حاشیۂ خیال میں بھی یہ بات نہ تھی کہ اب سے پہلے جو کتابیں میرے مطالعہ سے گزر گئی ہیں ان کی بعض خط کشیدہ عبارتیں ترتیب پا کر کسی کتاب کی شکل اختیار کر لیں گی۔

سچ جانئے ابھی ۱۹۵۷ء کی بات ہے۔ میں حسب معمول ملک کے مختلف حصوں میں تقریری پروگرام پر گیا اور معمولاً اخبار و رسائل میری نظر سے گزرتے رہے لیکن ان دنوں اردو اخبارات میں بعض ایسے کالم دیکھے جن میں اسماعیلی تحریک کو نئے رنگ و روغن سے پیش کیا جا رہا تھا جس کے پس پردہ جمعیتہ العلماء ہند کی تنظیمی سازش کام کر رہی تھی' مجھے ویسے بھی اخبار بینی سے اک گونہ تعلق ہے مگر ان دنوں اخبارات سے یوں بھی دلچسپی بڑھ گئی کہ شاید آزادی ہند کے تاجدار اول حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی رحمتہ اللہ علیہ کا بھی کارنامہ حیات پیش کیا جائے مگر افسوس کہ دعوت سہ روزہ (دہلی) کے علاوہ کسی بھی اخبار نے اس مرد مجاہد کا کہیں نام تک نہیں لیا' جس کا نام فضل حق ہے' جو صحیح معنوں میں ۱۸۵۷ء کی ہوشربا جنگ کا کفن بردوش رہنما ہے جس نے انگریزی سامراجیت کو کچلنے کے لیے سردھڑ کی بازی لگائی

marfat.com
Marfat.com

اور انگریزوں کے ظلم و تعدی کا نشانہ بن کر جزیرہ انڈمان کی زہریلی فضاؤں میں ہمیشہ کے لیے میٹھی نیند سو گیا جس کی قبر پر آج بھی رحمتوں کے پھول برس رہے ہیں۔

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

کہنے کے لیے تو اس مرد مجاہد کی قبر جزیرہ انڈمان میں ہے مگر حضرت علامہ کی سرفروشی اور راست بازی آج بھی اہل عشق و محبت سے کہہ رہی ہے۔

بعد از وفات تربت ما در زمین مجو
در سینہ ہائے مردم عارف مزار ما

سوچئے تو سہی تاریخ کا کیسا دل سوز سانحہ ہے کہ آزادی ہند کے ہیرو کو گمنامی کے پردے میں چھپایا جا رہا ہے اور انگریز بہادر کے زر خرید غلاموں کی پیشانی پر شہید وطن و سپہ سالار اعظم کا لیبل چسپاں کیا جا رہا ہے۔

عدل و انصاف کے گلے پر چھری چلتے دیکھ کر میرے جسم کی ایک ایک رگ کانپ اٹھی دل و دماغ کی غیر متحرک دنیا میں ایک تلاطم سا پیدا ہوا' یہاں تک کہ اصل واقعات ذہن و دماغ کے جھروکوں پر سرگوشی کرنے لگے۔ اب مجھے بھی فکر و خیال کی دنیا سے باہر نکل کر عزم محکم کی جگہ لینی پڑی۔ چنانچہ اس ارادہ سے قلم اٹھایا کہ اسماعیلی تحریک اور حضرت علامہ فضل حق کی تحریک جہاد کا موازنہ کیا جائے تاکہ حقیقت بے نقاب ہو کر سامنے آجائے۔

کچھ برس پہلے حضرت علامہ کے حالات زندگی کا مطالعہ کر چکا تھا۔ جو باتیں ذہن کے مختلف حصوں میں منتشر تھیں اب وہ یکے بعد دیگرے سطح ذہن پر ابھرتی گئیں۔ ایسا محسوس ہوا کہ ذہن نے آج ہی کے لیے انہیں خاموشی سے سلا دیا تھا اور اب ذہن کی ایک حرکت پر تمام واقعات اٹھ کھڑے ہوئے۔ گویا مدتوں کے تھکے ہوئے مسافر کو جذبہ مسابقت کی رو میں یہ شعر گنگناتے ہوئے تلاش منزل کے لیے اپنی اپنی راہ لگ گئے۔

marfat.com
Marfat.com

یہ بزمِ مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اُسی کا ہے

اب دماغ میں وہ پہلا سا سکون نہ رہا بلکہ ذہن واقعات و حالات کی آمد و رفت کی آماجگاہ بن گیا مدتوں کے سوئے ہوئے پرندے بیدار ہو چکے تھے۔ اندیشہ تھا کہ کہیں قفس کی تیلیوں سے باہر ہوئے تو ان کی گرفت دشوار ہو جائے گی اس لیے ذہن کہتا گیا اور باتیں نوکِ قلم پر آتی گئیں۔ اور جہاں کہیں بھی اشتباہ پیدا ہوا کتابوں کی مدد سے ان مقامات کی صحت کر لی گئی اور ساتھ ہی ساتھ حوالہ بھی درج کر دیا گیا تاکہ کتاب اپنا وزن باقی رکھ سکے۔

میں نے زیرِ کتاب میں اس امر کا اہتمام و التزام کیا ہے کہ سنی مکتبۂ فکر کی کوئی بھی کتاب حوالہ میں نہ پیش کی جائے تاکہ کسی عبارت کو یہ کہہ کر مجروح نہ کر دیا جائے کہ یہ تو سنی حضرات کا ہم پر بہتان و افتراء ہے چونکہ علماء اہلسنت کی کتابوں کے ساتھ عموی طور پر یہی معاندانہ اور غیر سنجیدہ روش اختیار کی جاتی ہے اس لیے چار و ناچار مجھے نئی راہ اختیار کرنا پڑی۔ گویا یہ ایک ایسا آئینہ ہے جس میں دیوبندیت و وہابیت کے صحیح خد و خال نظر آئیں گے اس لیے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ۔

انھیں کی محفل سنوارتا ہوں' چراغ میرا ہے رات ان کی
انھیں کے مطلب کی کہہ رہا ہوں' زباں میری ہے بات ان کی

خون کے آنسو اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہوگی جس کی کسی عبارت پر حضرات دیوبند یہ کہہ کر دامن کشاں نہ گزر سکیں گے کہ یہ تو غیروں کے گھر کی بات ہے' اس میں جو کچھ ہے انھیں کے گھر کا ہے یا پھر ایسے حضرات کی کتابیں محلِ استشہاد میں لائی گئی ہیں جو ان سے قریب تر ہیں یا خال خال ان حضرات کا نام لیا گیا ہے جو سنی دیوبندی اختلاف سے کسی حد تک دور رہے۔ مثلاً میں نے کسی موقع پر ڈاکٹر اقبال کا یہ شعر پیش کیا ہے۔

عجم ہنوز نہ داند رموزِ دیں ورنہ
ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی ست

marfat.com
Marfat.com

مولوی حسین احمد کے بارے میں ڈاکٹر اقبال کی رائے پر یہ جرح و تنقید نہیں کی جاسکتی کہ ڈاکٹر اقبال بریلوی تھے۔ یہ ایک غیر جانبدار کی رائے ہے۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ حضرات دیو بند بزعم خویش ڈاکٹر اقبال کو جاہل مطلق کہہ کر اس شعر کو لغو و بے معنی قرار دیں جیسا کہ علمائے دیو بند کا آبائی دستور ہے۔ یہ بحث تفصیلی طور پر اگلے صفحات پر آئے گی۔ اس مقام پر مقصود نگارش اس کے سوا کچھ بھی نہیں کہ زیر نظر کتاب علماء دیو بند کے لٹریچر کا ایسا خلاصہ اور نچوڑ ہے جس سے حضرات دیو بندوں کے اجالے ہی میں نہیں بلکہ رات کی تاریکی میں بھی پہچانے جاسکیں گے۔

اب بعض ان کتابوں کی مختصر فہرست ملاحظہ فرمایئے جو کتابیں یا اخبار و رسائل خون کے آنسو کے ماخذ ہیں:

(۱) حیات طیبہ (۲) تواریخ عجیبہ (۳) سیرت سرسید احمد (۴) حیات ولی (۵) حیات قاسم (۶) اشرف السوانح (۷) حکیم الامت (۸) جامع المجددین (۹) حسن العزیز (۱۰) الامداد (۱۱) حفظ الایمان (۱۲) بسط البنان (۱۳) تغیر العنوان (۱۴) الشہاب الثاقب (۱۵) اشد العذاب (۱۶) سیف یمانی (۱۷) مختصر سیرت نبویہ (۱۸) تقویۃ الایمان (۱۹) المہند (۲۰) صراط مستقیم (۲۱) تحذیر الناس (۲۲) نقش حیات (۲۳) مکتوبات شیخ (۲۴) فتویٰ دیو بند کا تحقیقی جائزہ (۲۵) مسئلہ قومیت (۲۶) الجرح علی ابی حنیفہ (۲۷) باغی ہندوستان (۲۸) ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت (۲۹) ملفوظات اشرف العلوم (۳۰) نذر عقیدت (۳۱) مکمل کاروائی جمعیۃ علماء ہند (۳۲) تذکرۃ الرشید (۳۳) فتاویٰ رشیدیہ (۳۴) مقالات اکابر دار العلوم دیو بند (۳۵) ارواح ثلاثہ (۳۶) نصرت آسمانی (۳۷) مفتی صاحب دیو بند اور غریب پیشہ ور اقوام (۳۸) تفسیر حقانی (۳۹) آئینہ صداقت (۴۰) مکالمۃ الصدرین (۴۱) فیصلہ ہفت مسئلہ (۴۲) نشر الطیب (۴۳) اخبار الجمیعۃ (۴۴) تجلی دیو بند (۴۵) زندگی رامپور (۴۶) فاران کراچی (۴۷) دعوت دہلی (۴۸) شیخ الاسلام نمبر (۴۹) الفرقان لکھنؤ (۵۰) برہان دہلی (۵۱) الانصاف دہلی (۵۲) ترجمان لاہور۔

ان کے علاوہ بھی بعض دوسری کتابوں سے مواد فراہم کیا گیا ہے جن کا ذکر

marfat.com
Marfat.com

تفصیل عبث کے سوا کچھ بھی نہیں اس لیے ان کے تذکرے سے صرف نظر کرتا ہوں۔

اس مقام پر بڑی حق ناشناسی ہوگی اگر اپنے ان بزرگوں اور دوستوں کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے فراہمی کتب میں میرا ہاتھ بٹایا۔

(۱) استاذ محترم مجاہد ملت حضرت مولانا الحاج محمد حبیب الرحمان صاحب قبلہ صدر آل انڈیا تبلیغ سیرت و بانی دارالعلوم جامعہ حبیبیہ' الہ آباد (۲) حضرت مولانا سید عبدالحق صاحب خطیب دھوراجی (۳) حضرت مولانا سراج الہدیٰ صاحب گیاوی (۴) حضرت مولانا قاضی سید غلام مصطفیٰ میاں صاحب قادری' کلکتہ (۵) حضرت مولانا ابو الوفاء صاحب فصیحی غازی پوری (۶) حضرت مولانا ارشد قادری (۷) حضرت مولانا عبدالوحید صاحب بنارس (۸) حضرت مولانا باقر علی خان صاحب (۹) ڈاکٹر عالم الدین صاحب رئیس کلکتہ (۱۰) حضرت مولانا الحاج نعیم اللہ خان صاحب (۱۱) عالیجناب محمد عبدالقیوم صاحب رئیس ہوڑہ (۱۲) مخلص بہن کنیز فاطمہ مہرالنساء۔ میں ان تمام حضرات کا ممنون کرم و سپاس گزار ہوں۔

جیسا کہ میں نے اب سے پہلے عرض کیا کہ اسماعیلی نام نہاد تحریک اور حضرت علامہ فضل حق کی تحریک جہاد کے موازنہ کے لیے قلم اٹھایا تھا خیال تھا کہ چند صفحات پر یہ عنوان ختم ہو جائے گا مگر

خط لکھتے لکھتے شوق نے دفتر کیے رواں
افراط اشتیاق نے آخر بڑھائی بات

کے مطابق بات بڑھ گئی۔ یہاں تک کہ کئی سو صفحے کی ایک ضخیم کتاب ہو گئی۔ کتاب کے حجم کی موزونیت بھی منظور خاطر تھی اس لیے حضرت علامہ کی سوانح حیات کا تفصیلی مضمون اپنی زیر تالیف کتاب "دو مجاہد" سے منسلک کر دیا' جس میں حضرت علامہ اور مجاہد ملت محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ کی مکمل سوانح حیات ہوگی۔

اور شاتمان رسول کی کئی سو کتابوں کی زہر آلود عبارتیں پیش نظر کتاب کے دامن پر اس طرح سمیٹ دی گئیں جیسے کسی بے گناہ کے دامن پر خون کی چھینٹیں

marfat.com
Marfat.com

قاتل کی سفاکیوں کا پتہ دے رہی ہیں۔

حوالہ جات میں صحت کا پورا پورا خیال رکھا گیا ہے اور عبارات کا وہی مفہوم لیا گیا ہے جو سیاق و سباق سے کسی عبارت کا مفہوم متعین کیا جا سکتا ہے۔ یہ کتاب حضرات دیوبند کے حق میں لمحہ فکریہ کی حیثیت رکھتی ہے اور اپنوں کے لیے مشعل راہ یا نشان میل کا کام دے گی۔ زیر نظر کتاب نہ تو افسانہ ہے نہ ناول اور نہ ہی اس کا مولف افسانہ نویس ہے نہ ناول نگار۔ اس کتاب میں نہ تو زبان کا چٹخارہ ہے نہ اردو ادب کا سیل رواں۔ اظہار خیال میں نہ تو شوخی تحریر کی سحر طرازی حاصل ہو سکی اور نہ ہی جدت طراز قلم کی فسوں کاری۔ یہ محفل عیش و نشاط نہیں بلکہ یہ مجلس آہ و بکا ہے۔ گانے والے کی نظر آواز کے اتار چڑھاؤ اور الفاظ کے نشست و برخاست پر ہوتی ہے مگر ایک دل جلے کی پکار تو منت کش الفاظ بھی نہیں ہوتی چہ جائیکہ وہ لفظوں کے ہیر پھیر میں الجھے۔ وہ روتا ہے اور دھاڑیں مار مار کر روتا ہے۔ رونے والا اظہار مدعی میں نمائشی لفظوں سے کام نہیں لیتا بلکہ کبھی دامن پر ٹپکتے ہوئے آنسو ترجمان دل ہوتے ہیں اور کبھی اس کی آہ و بکا اس کے قلب و جگر کی ٹیس کا پتہ دیتے ہیں۔

میں از خود نہیں رویا' رلایا گیا ہوں' میں از خود نہیں تڑپا تڑپایا گیا ہوں' میں ایک مظلوم ستم رسیدہ ہوں۔ مجھے نہیں میرے پیارے محبوب کو گالیاں دی گئی ہیں۔ میرے حضور نہیں محبوب کردگار کی بارگاہ بے کس پناہ میں دریدہ دہنی و گستاخی کی گئی ہے۔ ایک دو نہیں متعدد رسوائے زمانہ کتابیں لکھی گئیں۔ وہ بھی ایسا محبوب جبرائیل جس کے در کے پہرہ دار ہوں' جو نبوت و رسالت کی مسند رفیع پر فائز ہو' جس کے صدقے انبیاء و رسل کو نبوت و رسالت ملی ہو' جس کے وسیلے کائنات عالم وجود میں آئی ہو' قرآن جس کو یٰسین و طہٰ' مزمل و مدثر کے خطاب سے نوازے۔ اسی ذات ستودہ صفات کو چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر کہا گیا ہے۔ ایسی غارت گر ایمان عبارتوں پر چشم مومن خون کے آنسو نہ روئے تو کیا کرے۔ حفظ الایمان' بہشتی زیور' تقویۃ الایمان' تحذیر الناس' الشہاب الثاقب' صراط مستقیم جیسی کفری گندہ بھوہڑ کتابیں دیکھ کر ایمان کا تقاضا ہے کہ اس پر نفرین و ملامت کی جائے۔

marfat.com

Marfat.com

مگر اس چیرہ دستی و دیدہ دلیری کا کیا علاج کہ ان کی کفری کتابوں پر صدا احتجاج بلند کرنے والوں کو فسادی و کافر کہا جاتا ہے۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

اپنوں کے بھیس میں کچھ بیگانوں نے زہر آلود تیر برسائے ہیں جس پر علماء اہل سنت کا کلیجہ چھلنی ہو گیا اور ان کی ایمانی روح تڑپ رہی ہے۔ ہم اپنے نبی کے ایک وفادار غلام ہیں۔ ان عبارتوں پر مطلع ہونے کے باوجود اگر خاموش رہ جاتے تو ہمارے ایمان کی کمزوری ہوتی اور ہم احکم الحاکمین کی بارگاہ عدالت میں اس کے سوال کا کیا جواب دیتے کہ تم نے میرے محبوب کے دشمنوں کے ساتھ کیا کچھ کیا؟

بانی نبوت اور ساتم رسول کی ناپاک و گندہ عبارات پر حرف گیر ہونا عیب نہیں بلکہ اس پر خاموش رہ جانا توہین محبت کا مجرم قرار دے گی۔

عمرانیات و اقتصادیات' سیاسیات و لسانیات پر تو آج دنیا کے بہت سے اہل قلم اظہار خیال کر رہے ہیں مگر بتاؤ اس خاکدان گیتی میں وہ کون سی جماعت ہے جس کو دیوانۂ رسول کہا جاتا ہو اور جس جماعت کی تقریر و تحریر کا مطمح نظر عظمت رسالت اور وقار نبوت کی پرچم کشائی کے سوا کچھ نہ ہو' بحمد اللہ وہ اہل سنت و جماعت ہیں جو پوری اعتدال پسندی سے ملت اسلامیہ کو توحید و رسالت کا درس دے رہے ہیں جن کی تقریر و تحریر افراط و تفریط سے یکسر خالی ہے۔ محبت میں نہ تو اس قدر غالی ہیں کہ رسالت کا ڈانڈا توحید سے ملا دیں اور نہ ہی بارگاہ نبوت کے بے ادب و گستاخ ہیں کہ نبی محترم ﷺ کو اپنے جیسا بشر یا بڑے بھائی کا مرتبہ دیں یا العیاذ باللہ آقائے دو جہاں ﷺ کو چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر قرار دیں جیسا کہ علمائے دیوبند کی رسوائے زمانہ کتابوں میں موجود ہے۔

علماء اہل سنت کی ایک معتدل پالیسی ہے نہ تو وہ خالق کو مخلوق کا مرتبہ دیتے ہیں اور نہ کسی مخلوق کو خالق کا ہمسر سمجھتے ہیں کوئی مخلوق فضل و کمال میں کتنی ہی اعلیٰ سطح پر کیوں نہ ہو بہرحال وہ بندہ ہے مخلوق ہے' وہ معبود نہیں اور خالق نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

علماء اہل سنت کے مشن میں آوارگی اور کج روی نہیں' ان کی محبت کا ایک محور ہے' اور وہ سرکار ابد قرار کی ذات ستودہ صفات ہے جن کی ذات اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے زیادہ بزرگ و برتر ہے۔ ہم ان کے وفادار غلام ہیں۔ انہی کے وسیلہ سے کھاتے اور انہی کا گاتے ہیں۔ اس لیے ہمارا کہنا یہ ہے:۔

ما قصہ سکندر و دارا خواندہ ایم
از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

✚✚✚✚✚

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی حَبِیْبِہِ الَّذِیْ اصْطَفٰی

# علماء دیوبند کی انگریز دوستی

یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔

ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

کے مطابق تقریباً ہر صدی و ہر دور میں علماء حق پر علماء سوء اور دوسرے فرقہ ہائے باطلہ نے کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی اور نت نئے طریقوں سے انہیں بدنام کرنے کے درپے رہے مگر حق و صداقت کے حاملین شرپسندی و اشتعال انگیزی کی بجائے خاموشی سے یہی کہتے رہے:۔

ادھر آؤ پیارے ہنر آزمائیں
تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں

چنانچہ بھارت کی زمین بھی اسی تاریخ کو دہراتی رہی۔ ۱۸۵۷ء کے "غدر" نے نہ صرف بساط و سیاست کو پلٹ دیا بلکہ سلطنت مغلیہ کے زوال اور انگریزی سامراجیت کو استقلال و استحکام کی حد تک پہنچا دیا۔ انگریز ہندوستان میں افیون کی گولی کھا کر نہ آئے تھے بلکہ عقل و دانش کی عینک ان کی آنکھوں پر لگی تھی۔ ایک پردیسی اور سات سمندر پار قوم کو ہندوستانی باشندوں پر راج کرنا تھا اس لیے فن کارانہ چابک دستیوں سے کام لیتے ہوئے اس نے بھارت کی مسلم سیاست پر اپنی نگاہ جمائی۔ چونکہ تخت و تاج مسلمانوں ہی سے لیا گیا تھا اس لئے سفید چمڑے والوں کو مسلم سیاست ہی سے اندیشہ تھا چنانچہ انگریز اس ٹوہ میں پڑ گئے کہ ہندوستانی مسلمانوں کی باگ ڈور کس کے ہاتھ میں ہے اور اس سراغ رسانی میں اپنی انتہائی حسن تدبیر سے وہ اس منزل پر پہنچ گئے کہ گئے گزرے زمانہ میں بھی یہاں کی مسلم اکثریت علماء اور صوفیاء کی عقیدت کیش ہے۔ اب یہ بات ناگزیر تھی کہ بھارت کے طبقہ علماء و مشائخ کی چھان بین کی جائے اور امیر کارواں کے کاندھے پر رکھ کر گولی چلائے۔

marfat.com

Marfat.com

انگریز خود سامنے آتے ہوئے گھبراتے تھے چونکہ ابھی ابھی مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیل چکے تھے ابھی تو ان کے ہاتھوں کی لالی اور دامن کی سرخی بھی نہ گئی تھی۔ یہ کیسے ممکن تھا کہ وہ بے نقاب سامنے آجاتے اس لیے اب انھیں اسلامی سیاست کے خلاف جو کچھ کرنا تھا وہ جبہ و دستار کی شکل میں کرنا تھا (شکار تو کرنا تھا مگر ٹٹی کی آڑ سے) گویا ایسے صیاد کی تلاش تھی جو اس راہ کا آزمودہ کار ہو۔ چنانچہ اب انگریز کو بندوق رکھنے کے لیے کاندھے کی ضرورت تھی۔

یہاں تک کہ یہ بات بھی بے نقاب ہو کر رہی کہ اس وقت علمی فضل و کمال کے دو ادارے ہیں' جن کا سکہ ہندوستان میں چل رہا ہے' ایک ان میں اللہی خاندان ہے جو منقولات میں اہل علم و ادب سے خراج عقیدت حاصل کر چکا ہے۔ اور دوسرا خاندان حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی اور ان کے متبعین یا ان کے ہم خیال معاصرین کا ہے جو معقولات میں اپنے فضل و کمال کے باعث ہندوستان کی زمین پر بادل بن کر چھایا ہے گویا یہ طبقہ دینیات کو منطق و فلسفہ کی بھی عینک لگا کر دیکھنے کا عادی تھا۔ یعنی۔

"در کف جام شریعت در کف سندان عشق"

کا حامل تھا

مگر ان دونوں خاندانوں میں ایک نمایاں فرق یہ تھا کہ ولی اللہی خاندان اس وقت چراغ سحری کی طرح ٹمٹما رہا تھا' گویا عہد رفتہ کی ایک یادگار تھا۔ اب ان میں پہلے جیسا کوئی صاحب فضل و کمال نہ تھا' اور جو ذی علم وذی وجاہت تھے وہ بھی انگریزوں کے ہاتھ کی کٹھ پتلی نہ بن سکے تھے۔ اس لیے لے دے کر مولوی اسماعیل دہلوی پر انگریزوں کی نگاہ پڑی جو بڑے خاندان کی اولاد ہونے کی وجہ سے پوجے جا رہے تھے۔ اور دوسری طرف علامہ فضل حق اور ان کے متبعین آسمان علم و ادب پر کہکشاں بن کر چمک رہے تھے۔

انگریز حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کی پیشانی پر اپنا مستقبل پڑھ رہے تھے کہ یہی وہ نڈر و بیباک مرد مجاہد ہے جس کے فتوے سے ہندوستان کی زمین پر زلزلہ آ ئے

marfat.com

Marfat.com

گا اور انگریزی حکومت یک لخت کانپ اٹھے گی جس کی پاداش میں اسے قید و بند کی سختیاں بھی جھیلنی پڑیں گی اور جزیرہ انڈمان کی مسموم فضاؤں میں جھلسنا بھی ہو گا مگر غیرت و خودداری کا یہ پتلا اپنا فتوی واپس لینے پر آمادہ نہ ہو گا۔ چنانچہ اہل علم پر یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہے کہ جزیرۂ انڈمان میں جس وقت حضرت علامہ فضل حق اپنے بستر موت پر تھے اٹھنے بیٹھنے 'کروٹ بدلنے سے مجبور تھے بغیر کسی سہارے کے بیٹھ نہ سکتے تھے۔ زندگی کا آخری وقت تھا' موت قدم چومتی ہوئی آرہی تھی اور حیات بلائیں لے کر رخصت ہو رہی تھی زندگی کے ایسے نازک مرحلے پر آپ کی غیرت ایمانی کا ایسا سنگین امتحان لیا گیا جس کی مثال شاذو نادر ہی کہیں مل سکے گی۔ چنانچہ اسی کرب و اضطراب کی حالت میں ایک انگریز افسر آیا اور اس نے حضرت علامہ سے کہا کہ آپ محض اتنا فرمادیں کہ مجھے اپنے اس فتوے پر افسوس ہے جو میں نے انگریزوں کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا ہے تو میں ابھی ابھی آپ کو رہا کر دیتا ہوں اور اپنے زیر انتظام آپ کے بال بچوں میں پہنچائے دیتا ہوں۔

بستر مرگ کا وہ نحیف و ناتواں جو بیٹھ کر دوا پینے سے معذور تھا اتنا سنتے ہی گرجدار آواز کے ساتھ اٹھ کر بیٹھ گیا اور انگریز افسر سے فرمایا کہ مجھے ایسی ایک نہیں ہزار زندگی دی جائے تو فضل حق یہی کہے گا کہ انگریزوں سے جہاد فرض ہے۔

ٹیپو سلطان نے کتنی عمدہ بات کہی ہے کہ "لومڑی کی صد سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے" پروردگار عالم حضرت علامہ کی قبر کو رحمتوں کے پھولوں سے بھر دے جس نے آنے والی نسل کے لیے موت و زندگی کی ایک کشادہ راہ پیش کر دی۔ اس لیے انگریزوں کے لیے یہ راہ تو مایوس کن تھی کہ وہ حضرت علامہ یا انکے شہزادوں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتے یا قومی غداری کے لیے ایسے بیدار مغز باغیرت سے رسم و راہ کی پیش کش کرتے۔ لہٰذا اب انگریزوں کے سامنے صرف ایک ہی دروازہ تھا وہ مولوی اسماعیل دہلوی کا ایوان جدال تھا۔

(۲) دوسری وجہ یہ تھی کہ انگریز مولوی اسماعیل کے ڈھول کا پول بھی جانتے تھے اس لیے انھیں اور بھی جرات ہوئی کہ دنیا طلب و اقتدار پسند کو بہلانا پھسلانا کچھ

marfat.com

Marfat.com

دشوار نہیں جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ مولوی اسماعیل کے علم کا لوہا مسلم نہ تھا بلکہ ان کی تہی دستی و بے مایگی پر اہل علم مطلع تھے۔ محض بڑے باپ کے اولاد ہونے کی لاج رکھی جا رہی تھی۔

جیسا کہ میں آگے چل کر اس حقیقت کو بے نقاب کروں گا خود علماء دیوبند نے مولوی اسمٰعیل کو جاہل' ملحد' زندیق اور دین سے بہرہ ہونے کا فتویٰ دیا ہے۔

(۳) انگریز کو اس ارادے پر اکسانے کے لیے تیسری وجہ یہ بھی تھی کہ حضرت علامہ اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کے درمیان مسئلہ امتناع نظیر پر جھڑپ بھی ہو چکی تھی جس پر مولوی اسمٰعیل دہلوی کو جامع مسجد دہلی کی بھری محفل میں خفت و ندامت اٹھانی پڑی تھی اس لیے مولوی اسماعیل اور ان کے کنبہ پرور متبعین کے دل میں حضرت علامہ اور ان کے مخلص متبعین کی طرف سے انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی۔ یہ لوگ کسی ایسے موقع کے منتظر تھے جس میں دل کی بھڑاس نکالی جا سکے۔ گویا انگریز اور مولوی اسمٰعیل کے درمیان یہ بات قدرے مشترک تھی کہ حضرت علامہ فضل حق کو بیخ و بن سے اکھاڑ کے پھینک دیا جائے۔

دونوں طرف تھی آگ برابر لگی ہوئی

یہی وہ متعدد وجوہ ہیں جن کی بنا پر مولوی اسمٰعیل دہلوی اور انگریز بہادر کے درمیان دوستانہ معاہدہ ہوا اور اس جماعت نے اپنے کاندھے کو بندوق رکھنے کے لیے پیش کر دیا۔

اب مسلمانوں کا دین و ایمان لوٹنے کے لیے انگریز بہادر کو چور دروازہ مل چکا تھا۔ چنانچہ اب وہ مسلمانوں کے سامنے کوٹ' پتلون' ٹائی اور ہیٹ لگا کر نہ آتا بلکہ انھیں نام نہاد علماء کے جبہ و دستار میں چھپ کر آتا۔ اب ہندوستان کی زمین ایک نئی آفت کا گہوارہ بن چکی تھی زبان علماء کی ہلتی نظر آتی مگر بول سات سمندر پار ہوتی۔ غریب مسلمان کیا جانتا تھا کہ یہ جبہ و دستار والے ہمیں دن دہاڑے انگریزوں کے ہاتھ بیچ ڈالیں گے مگر وائے حسرت و ناکامی یہ تو انگریز سے پہلے ہی سودا کر چکے تھے۔

علماء اہلسنت سے جلن اور ان سے بغض و حسد کے باعث علماء دیوبند کے

marfat.com
Marfat.com

سرکردہ افراد گراموفون کا ریکارڈ بن چکے تھے۔ انگریز جو سکھا پڑھا دیتے تھے یہ لوگ وہی باتیں مسلمانوں کے سامنے اگل دیتے جیسا کہ آجکل ہوتا چلا آرہا ہے۔

للہ سوچئے! اور انصاف و دیانت داری سے کام لیجئے کہ ہندی مسلمانوں پر کس قدر ابتلاء و آزمائش کا دور تھا۔ مسلمان اپنے ہی ہاتھ اپنا گھر پھونک رہا تھا۔

اے چشم شعلہ بار ذرا دیکھ تو سہی!
یہ گھر جو جل رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

مندرجہ بالا تمہیدی خاکہ کے بعد نتیجہ کے طور پر یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ طبقہ علماء میں ایک گروہ علماء اہل سنت کا تھا جن کی پیشانی پر انگریز دشمنی کا ٹیکہ لگا تھا اور دوسرا گروپ علماء دیوبند کے امام و مقتداء مولوی اسمٰعیل دہلوی کا تھا جن کے ماتھے پر انگریز دوستی کا لیبل تھا۔ مولوی اسماعیل کو انگریز دوستی پر اس قدر غرور و گھمنڈ تھا کہ جس وقت انگریزوں کے اشارے پر میدان جنگ میں اترے تو لکھنؤ سے گزرتے وقت صوفی عبدالرحمان صاحب لکھنوی رحمتہ اللہ علیہ جو وجودی[1] مسلک رکھتے تھے اپنے وقت کے خدا رسیدہ بزرگ اور ولی کامل تھے۔ ان سے مولوی اسماعیل نے کہا جنگ سے واپس آکر میں تمہاری خبر لوں گا۔

صوفی عبدالرحمان صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے کشف کے ذریعہ فرمایا یہ تو اس وقت ممکن ہے جب کہ جنگ سے تمہاری واپسی بھی ہو سکے۔ ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ اس جنگ زرگری میں کونسا جذبہ کارفرما تھا' ایک عام اور سطحی انسان بھی یہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ مولوی اسمٰعیل اس جنگ کے بہانے انگریز کی خوشنودی حاصل کر کے علماء اہلسنت سے انتقام لینا چاہتے تھے۔ اس مقام پر پہنچ کر اب مناسب یہ ہے کہ اس رائے پر تاریخی شہادت کی ایک نہ مٹنے والی مہر لگادی جائے بلکہ یہ معاملہ تاریخ ہی کے سپرد کر دیا جائے اور بات بہت ہی مستند ہو جائے گی کہ تاریخی شہادت کے دوش بدوش علماء دیوبند کے بزرگوں کی تحریر سند اور حوالہ میں پیش کر دی جائے تاکہ مجال انکار نہ رہ جائے۔

---

[1] "انوار الرحمن لتنویر الجنان" تاریخی نام "مخزن اسرار حق" مطبع نو لکشور لکھنؤ

marfat.com
Marfat.com

(۱) حوالہ تذکرۃ الرشید حصہ اول نمبر ۷۳ کی ایک عبارت ملاحظہ فرمایئے اور اندازہ کیجئے کہ علماء دیو بند کے بزرگوں کا انگریز افسر سے کیسا گہرا تعلق تھا۔

"بعض کے سروں پر موت کھیل رہی تھی۔ انھوں نے کمپنی (انگریزی حکومت) کے امن و عافیت کا زمانہ قدر کی نگاہ سے نہ دیکھا اور اپنی رحم دل گورنمنٹ کے سامنے بغاوت کا علم قائم کیا"

فرمایئے کیا اب بھی علماء دیو بند کو انگریز دوستی سے انکار ہو سکتا ہے؟ مولوی رشید احمد گنگوہی علماء دیو بند کے مسلم مقتداو پیشوا ہیں۔

وہ کمپنی راج کو رحمدل گورنمنٹ سے تعبیر کرتے ہیں۔ وہ انگریز جو مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیل چکا ہو۔ جس نے مسلمانوں کی نعش کو درختوں پر لٹکا کر چیل کووں سے نچوایا ہو' وہی انگریز جس نے مساجد کو گھوڑوں کی لید سے نجس کیا ہو' ہاں ہاں وہی انگریز جس نے شاہ ظفر کے ناشتے میں ان کے لڑکوں کا سر بھیجا ہو۔ وہی مولوی رشید احمد گنگوہی کی نظر میں رحم دل ہے اور اس کا زمانہ امن و عافیت کا زمانہ ہے۔

مذکورہ بالا تحریر کا یہ ٹکڑا ابھی قابل توجہ ہے کہ (بعض کے سروں پر موت کھیل رہی تھی) اس میں اشارہ ہے حضرت علامہ حق اور ان کے دوسرے رفقاء کار کی طرف جن لوگوں نے انگریزی راج کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا یعنی اس وقت دو گروپ تھے' ایک مولوی رشید احمد گنگوہی کا جو انگریزی راج کا خطبہ پڑھ رہا تھا اور ان کے قدم جمانے کے لیے مسلمانوں کو بہلاوے دے رہا تھا اور دوسرا گروپ حضرت علامہ کا تھا جو انگریزی سامراجیت کے خلاف نعرۂ جہاد بلند کر رہا تھا۔

سچ جانئے تذکرۃ الرشید کی یہ عبارت دیکھ کر مجھ پر سکتہ طاری ہو گیا اور میں ایک گہری فکر میں ڈوب گیا کہ یا اللہ! ایک طرف مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہہ رہا تھا اور دوسری جانب ایسے نام نہاد مولوی تھے جو انگریز بہادر رحم دل اور اس کے ظلم و ستم کو امن و عافیت کا نام دے کر مسلمانوں کی عزت و آبرو کا جنازہ نکال رہے تھے۔

marfat.com

Marfat.com

قیامت کیوں نہیں آتی الٰہی ماجرا کیا ہے

کیا ملت اسلامیہ کی تاریخ میں اس سے بھی زیادہ گھناؤنا اور قومی غداری کا باب مل سکتا ہے؟ یہ ہیں علماء دیوبند کے وہ امیر کارواں جو انگریز بہادر کے ہاتھ کٹھ پتلی بن چکے تھے۔ ابھی کیا ہے۔

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟

تذکرۃ الرشید حصہ اول صفحہ ۸۰ دوسری عبارت ملاحظہ فرمایئے جو سراسر انگریز دوستی میں ڈوبی ہوئی ہے

"جب میں حقیقت میں سرکار (برٹش) کا فرماں بردار ہوں ان جھوٹے سے میرا بال بھی بیکا نہ ہو گا اور اگر مارا بھی گیا تو سرکار مالک ہے اسے اختیار ہے جو چاہے کرے"

انگریز بہادر کے حضور فرماں برداری ہو تو ایسی ہو۔ کہاں خود سری و مطلق العنانی کا یہ عالم تھا کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں اور انگریز کے قدم پر سربہ سجود ہوئے تو اس بری طرح کہ آپ ہی "ان داتا" ہیں سرکار ہی مالک و مختار ہیں جو چاہیں سو کریں۔ یہ ہے رسول دشمنی اور انگریز دوستی کا جیتا جاگتا مظاہرہ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی لعنت و پھٹکار ہے کہ میرے مصطفیٰ کی بارگاہ سے سرتابی کرنے والا انگریز کو اپنا مالک و خود مختار بتانے اور انگریز کے دامن میں اپنی زندگی کی پناہ ڈھونڈے۔

یہ وہ مقام ہے جہاں مولوی رشید احمد گنگوہی درس توحید بھول بیٹھے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات سے اعتماد توکل جاتا رہا۔ حالانکہ ایسے موقع پر ایک مرد مومن کی بول یہ ہوتی ہے کہ انگریز اگر دشمن ہے تو ہوا کرے میں اپنے پروردگار عالم کا مطیع و فرمانبردار ہوں۔ مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ' جو میرے رب کو منظور ہو گا وہی ہو گا۔ میرا سرنیاز رضائے الٰہی پر خم ہے۔ اس کی بارگاہ احدیت سے سرتابی کی مجال نہیں مگر جناب گنگوہی صاحب فرماتے ہیں جی نہیں' میں تو برٹش گورنمنٹ کا فرمانبردار ہوں اور انگریز بہادر ہی میرے مالک و مختار ہیں' اب میری موت و زندگی انہیں کے ہاتھ پر ہے۔

marfat.com

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ بیکس پناہ کو چھوڑ کر انگریز کے دروازے پر زندگی کی بھیک مانگی جارہی ہے۔ غلامی ہو تو ایسی ہو' وفاداری ہو تو ایسی ہو۔

ذرا اور آگے بڑھئے۔

محبت کے آگے مقام اور بھی ہیں

اب انگریز دوستی کی تیسری بھاری بھرکم شہادت ملاحظہ فرمائیے۔

(۳) حوالہ مکالمۃ الصدرین مرتبہ طاہر احمد قاسمی مطبوعہ رحمانی پریس محلہ گڑھیا' دہلی ص ۸

"مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی ناظم اعلیٰ کی جمعیۃ العلماء ہند دہلی نے کہا الیاس صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی تبلیغی تحریک کو ابتداء حکومت کی جانب سے بذریعہ حاجی رشید احمد صاحب کچھ روپیہ ملتا تھا' پھر بند ہو گیا"

اب بات ڈھکی چھپی نہ رہ گئی کہ انگریز بہادر سے علماء دیوبند کا کس قدر مضبوط سانٹھ گانٹھ تھا' اسی کو کہتے ہیں "اقراری ڈگری"۔۔۔ سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا؟ جبکہ الیاسی (تبلیغی) جماعت پر گورنمنٹ کا دست کرم ہے اور گورنمنٹ کے سہارے یہ پھل پھول رہی ہے تو پھر تبلیغی جماعت والوں کو ملک کے طول و عرض میں چنا اور ستو لے کر کلمہ اور نماز کی دعوت دینے میں روپے پیسے کی فکر کیونکر لاحق ہو سکتی ہے۔ منی آرڈر تو گھر پہنچتا ہی جارہا ہے مگر قوم کو دکھانے اور بہلاوا دینے کے لیے ستو کی گھٹری بغل میں دبی ہے۔ ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور ہوتے ہیں اور کھانے کے اور۔

کسی ایرے غیرے کا نہیں بلکہ مولوی حفظ الرحمٰن ناظم جمعیۃ العلماء ہند جیسے ذمہ دار کا اقرار ہے کہ "مولانا الیاس کو تبلیغی جماعت کے لیے گورنمنٹ کی جانب سے روپیہ ملتا تھا"

اب تو ناظرین تبلیغی جماعت کی حقیقت سمجھ چکے ہوں گے اس تگ و دو اور دوڑ دھوپ میں کس کی روح کار فرما ہے۔ بھلا بتایئے تو سہی انگریز جیسے اسلام اور مسلمان دشمن کو محمدی کلمہ اور نماز کی نشر و اشاعت سے کیا تعلق؟۔

marfat.com

Marfat.com

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

کلمہ اور نماز کے نام پر جو گلی گلی میں خاک چھانی جا رہی ہے اس میں گورنمنٹ کی رضاجوئی اور خوشنودی حاصل کرنی ہے۔

کسی نہ کسی معاملہ پر طرفین میں معاہدہ ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ اس لیے روپیہ دیتی ہے کہ کلمہ اور نماز کی دعوت پر تم مسلمانوں کی رہنمائی اور پیشوائی کرو جب مسلمان تمہیں اپنا رہنما اور پیشوا مان لے گا تو کل ہمارے الیکشن میں تمہارا ایک اشارہ کافی ہو گا۔ جدھر تمہارا ووٹ ہو گا اسی طرف تبلیغی جماعت کا جھکاؤ ہو گا۔ مسلمانوں میں تمہارا اکیلا قائم رہے اور تمہارے واسطے سے مسلمانوں کا ووٹ ہمیں ملتا رہے اور معاہدہ کی دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ تم مجھ سے روپیہ لے کر مسلمانوں کی قیادت اپنے ہاتھ میں لے لو اور جب ان پر قابو پا جاؤ تو اپنے تقدس و اتباع شریعت کا سہارا لے کر مسلمانوں میں نئے نئے عقیدے پھیلاؤ۔ اولیاء اللہ کی قبر پر جانے والوں کو بدعتی کہنا' یارسول اللہ کہنے والوں کو مشرک کہنا' میلاد و قیام کرنے والوں پر پھبتی کسنا' عرس و فاتحہ کرنے والوں کا منہ چڑھانا' تو مسلمانوں میں خود ہی پھوٹ پڑ جائے گی۔ اس طرح ہم تم دونوں کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ تم ایک ٹولی کے قائد ہو جاؤ گے اور مسلمانوں کا افتراق و انتشار دیکھ کر ہم بھی چین و سکون کی بانسری بجائیں گے۔ یہ ہے تبلیغی جماعت کا پس منظر اور اس کی دوڑ دھوپ کا نتیجہ۔

اب دو قدم اور بھی میرے ساتھ آگے بڑھئے اور دیکھیے تو سہی۔

پہنچا کہاں سے ہے کہاں سلسلہ دراز عشق

چلئے ذرا تھانہ بھون کی سیر کریں اور مولانا اشرف علی تھانوی کی انگریز دوستی کے سربستہ راز معلوم کریں۔

(۴) علماء دیوبند کی انگریز دوستی کی چوتھی شہادت

حوالہ مکالمۃ الصدرین ص ۱۰' ۱۱ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے اور مولانا تھانوی کے انگریز بہادر سے قلبی تعلقات پر صد آفرین کہئے

"مولوی شبیر احمد صاحب دیوبندی صدر جمیعۃ الاسلام کلکتہ نے مولوی

marfat.com

Marfat.com

حفظ الرحمٰن صاحب کے جواب میں کہا کہ دیکھیے مولانا اشرف تھانوی رحمتہ اللہ علیہ ہمارے اور آپ کے مسلم بزرگ و پیشوا تھے' ان کے متعلق بعض لوگوں کو کہتے ہوئے سنا گیا ہے کہ ان (یعنی مولانا تھانوی) کو چھ سو روپے ماہوار حکومت کی جانب سے دیے جاتے تھے۔

ایں ہمہ خانہ آفتاب است

علماء دیو بند میں جس کو دیکھیے اس کا دامن انگریز بہادر کے دامن سے وابستہ ہے کیا اب بھی دماغ کے کسی حاشیہ میں شک و شبہ کی گنجائش باقی رہ گئی کہ علماء دیو بند انگریز کے زر خرید غلام نہ تھے انگریز اپنا حق ادا کر رہا تھا اور جبہ و دستار والے اپنا عہد و پیمان پورا کر رہے تھے۔ آخرش یہ چھ سو روپے ماہانہ کسی نہ کسی مقصد ہی کے پیش نظر دیے جاتے تھے۔ اب کون انکار کر سکتا ہے کہ تقویۃ الایمان' حفظ الایمان' بہشتی زیور' تحذیر الناس' فتاویٰ رشیدیہ' صراط مستقیم جیسی شر انگیز' کفر آمیز کتابیں انگریزی حکومت کے ایماء و اشارے پر لکھی گئی ہیں۔ یہی وہ گندہ پھوہڑ کتابیں ہیں جن سے ہندی مسلمانوں کا شیرازہ منتشر ہوا اور مسلمانوں کے گھر کی اینٹ سے اینٹ بج گئی۔ باپ سنی ہے تو بیٹا وہابی' بیوی مردوں کا فاتحہ دلانا چاہتی ہے تو شوہر طلاق دینے پر آمادہ' اور شوہر محفل میلاد شریف کرنا چاہتا ہے تو بیوی نکاح فسخ کرانے کے لیے تیار۔ شبرات کے حلوے اور عید کی سیویوں پر خانہ جنگی۔ یہی انگریز کی پالیسی تھی جس میں وہ سولہ آنے کامیاب ہوا۔ انگریز اپنے ہاتھوں یہ کام انجام نہ دے سکتا تھا۔ اگر بہشتی زیور' حفظ الایمان اور تقویۃ الایمان پر کسی عیسائی پادری کا نام ہوتا تو مسلمان ایسی کتاب کو درخور اعتنا بھی نہ سمجھتا اسے دیکھنا تو درکنار اپنے ہاتھ میں لینا بھی گوارا نہ کرتا مگر جس کتاب کے سرورق شہید وطن' شیخ الہند' عربی خلائق' حکیم الامت' حجتہ الاسلام' شیخ الاسلام جیسے فوق البھڑک خطابات و ٹائیٹل ہوں تو خواہی نخواہی ایک بار مسلمان اس کی طرف متوجہ ہو ہی جاتا ہے۔

چنانچہ انگریز کی فتنہ پرور پالیسی مسلمانوں کے گھر اسی چور دروازے سے داخل ہوئی اور آج تک مسلمانوں کے بدن میں ناسور بن کر رس رہی ہے۔

marfat.com

Marfat.com

حضرات علماء دیو بند کی یہی وہ کتابیں ہیں جن سے مسلمانوں کے گھر اختلافات کے سوتے پھوٹ پڑے اور نہ جانے اختلافات کی کتنی ندیاں اور نالے بہہ گئے۔ ذرا کوئی خیال تو کرے کس قدر حیرت کی بات ہے کہ آج شادی میں دولہا کو سہرا باندھ دیا جائے تو دیو بند مولوی شرک کا فتویٰ لیے حاضر "ارے ارے! یہ کیا غضب ہو گیا"

کوئی بتائے تو سہی کہ آخرش سہرا اور شرک میں کون سا جوڑ ہے۔ آپ یہ نہ سمجھئے یہ حضرات شرک و بدعت کی تعریف نہیں جانتے۔ جانتے ہیں مگر مشکل یہ آن پڑی ہے کہ انگریز دوستی میں انھیں کی عبارتیں انھیں کے حق میں "سانپ کے منہ میں چھچھوندر بن گئی ہیں" جو نہ نگلتے بنے نہ اگلتے بنے۔

انگریزوں کو خوش کرنے کے لیے یہ لکھ مارا کہ "عبدالنبی" "غلام دستگیر" "پیر بخش" نام رکھنا شرک ہے۔ حالانکہ مولوی رشید احمد گنگوہی کے پدری و مادری دونوں نسب ناموں میں یہ مشرکانہ نام موجود ہیں کبھی شوق چرایا تو یہ لکھ دیا کہ میلاد تو ایسے ہی ہے "کنھیا کا جنم" حالانکہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نے "فیصلہ ہفت مسئلہ" میں تحریر فرمایا ہے کہ میں سال بہ سال محفل میلاد شریف منعقد کرتا ہوں اور کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام پڑھنے میں لذت محسوس کرتا ہوں۔ علماء دیو بند انگریز دوستی میں مسلمانوں کے ہر فعل پر شرک کی چھاپ لگاتے گئے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج کوئی دیو بندی مولوی شرک کی صحیح تعریف کر ہی نہیں سکتا اور اگر کوئی دیو بندی مولوی شرک کی ایسی تعریف کر سکتا ہے جس سے اس کے اکابر اس کی تعریف کی زد میں نہ آئیں تو آج بھی میرا چیلنج ہے کہ کوئی بھی شرک کی جامع و مانع تعریف کر کے مجھ سے پانچسو روپے کا انعام حاصل کرے۔

ایسی ضد کا کیا ٹھکانا دین حق پہچان کر
ہم ہوئے مسلم تو مسلم ہی کافر ہو گیا

علماء دیو بند کی انگریز دوستی' کے زیر عنوان میں نے جتنی بھی شہادتیں پیش کی ہیں' ان سب میں حضرات دیو بند ہی کا قلم کار فرما ہے جس سے وہ ایک لمحہ کے لیے بھی انکار نہیں کر سکتے بایں ہمہ علماء دیو بند کی دیدہ دلیری ملاحظہ فرمائیے کہ مولوی

marfat.com

Marfat.com

رشید احمد گنگوہی برٹش عہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور اس کو امن و عافیت کا زمانہ قرار دیتے' انگریز بہادر کو اپنا مالک و مختار سمجھتے' جناب تھانوی صاحب کی جیب چھ سو روپے ماہانہ سے گرم ہوتی رہی اور مولوی الیاس صاحب کو کلمہ اور نماز کی تحریک چلانے کے لیے گورنمنٹ سے امداد ملتی رہی۔ ان حضرات کو مجاہد وطن اور سپہ سالار اعظم کہا جائے اور مسلمانوں کو آبرو مندانہ زندگی دینے اور ان کی عزت و آبرو محفوظ رکھنے کے لیے وہ فضل حق جس نے دریائے شور کی مصیبتیں جھیلی ہوں اس کو انگریز کا پٹھو اور نہ جانے کیا کیا کہا جائے۔

آخرش کب تک اس قوم کو علماء دیو بند تھپکیاں دے کر سلاتے رہیں گے۔

حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کے ساتھ علماء دیو بند نے جو زیادتی برتی ہے اس پر میری آنکھ ہی اشکبار نہیں بلکہ بعض ان کے بھی اس ناروا زیادتی کو برداشت نہ کر سکے۔

چنانچہ مولوی عبدالشاہد خان صاحب شیروانی ناظم جمعیتہ العلماء علی گڑھ "باغی ہندوستان" میں رقم طراز ہیں۔ مقدمہ "باغی ہندوستان" ص ۱۲

"مجاہد جلیل مولانا اسمٰعیل شہید کی سوانح حیات لکھنے والوں نے علامہ (فضل حق) کے ساتھ بڑا ظلم روا رکھا۔ رنگ آمیزی و بہتان طرازی سے بھی دریغ نہ کیا"

یہ ہے علمائے دیو بند کی وہ فرقہ وارانہ ذہنیت جس پر اپنے و بیگانے دونوں ہی نکت نکتہ سنج اور نکتہ چیں ہیں۔

اب مناسب یہ ہے کہ اسی ضمن میں اسماعیلی نام نہاد تحریک کی ایک جھلک پیش کر دی جائے۔

## سید احمد بریلوی اور اسمٰعیل دہلوی کا یاغستانی مسلمانوں پر حملہ

تمہیں کالی گھٹا کا بھی نہیں پہچانا آیا
نشیمن سے دھواں اٹھتا ہے تم کہتے ہو ساون ہے

آج کے موجودہ حالات میں پوری دنیا وہابیت و دیو بندیت اسماعیلی تحریک کو

marfat.com
Marfat.com

اپنے لیے باعث فخر و مباہات سمجھتی ہے اور ان حضرات کو جہاں کہیں بھی اپنی خدمات کے سراہنے کا موقع ملتا ہے وہاں اسماعیلی تحریک پر شعلہ بار تقریریں کر کے اپنے مجاہدین کو صف اول میں شمار کرانے کی کوشش کرتے ہیں اخبار و پریس کا پروپیگنڈہ بھی انہیں حاصل ہے اس لیے گاہے گاہے اخبارات میں بھی ایسے مضامین آتے رہتے ہیں جس سے ان کی کارگزاری کی یاد دہانی ہوتی رہے اور اتنے ہی پر بس نہیں جہاں اپنی نام نہاد تحریک پر تقریریں کرتے ہیں وہیں علماء اہل سنت پر یہ بہتان تراشی تھی کہ یہ حلوے مانڈے والی جماعت ہے۔

میری عقل حیران ہے آیا علماء دیوبند کی تحریر و تقریر کا کوئی آئین و ضابطہ بھی ہے یا زبان و قلم کو اتنی آزادی ہے کہ جو من میں آئے بلا روک ٹوک اسے کہہ دیا جائے اور جو کچھ زبان پر آئے بے محابا اسے بول دیا جائے۔ میں ان کے متعلق یہ بد گمانی کیوں کر قائم کر سکتا ہوں کہ تاریخ ان کے سامنے نہیں ہے اور یقیناً ہے مگر تاریخ انہیں اپنے دامن میں پناہ نہیں دے رہی ہے۔ ایک مورخ بھی ان کی آزادانہ روش پر خون کے آنسو روتا ہوگا۔

آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں
تو ہائے گل پکار میں چلاؤں ہائے دل

بہر کیف علماء دیوبند مدتوں سے ریت کی دیوار کا محل اٹھا رہے ہیں جس پر نقش و نگار کی گلکاریاں تو نظر فریب ہو سکتی ہیں مگر وقت کے کسی حادثے کا ایک جھٹکا بھی اپنے کاندھے پر نہ اٹھا سکے گا۔

دانشمندی تو یہ تھی کہ بنیادیں مضبوط ہوتی خواہ دیواروں پر بیل بوٹے ہوتے یا نہ ہوتے مگر اس جماعت نے اپنی پوری کوشش ڈھول کی رسی بٹنے اور ریت کی دیوار اٹھانے میں ختم کر دی۔

اب آئیے تاریخ کی روشنی میں اس دعوے کی شہادتیں بھی فراہم کی جائیں مگر تاریخی شہادت سے پہلے یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ حضرات دیوبند کا دعویٰ کیا ہے۔

(۱) علماء دیوبند کا یہ کہنا ہے کہ سید احمد بریلوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی نے

marfat.com
Marfat.com

اعلاء کلمتہ اللہ کی خاطر جہاد کیا۔ لیکن تاریخ کو اس سے انکار ہے۔ تاریخ کا کہنا یہ ہے کہ یہ جہاد نہ تھا بلکہ یہ جماعت انگریزوں کے ہاتھ کٹھ پتلی بن کر ناچ رہی تھی۔ وغیرہ وغیرہ۔

(۲) علماء دیو بند کا یہ کہنا ہے کہ حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی انگریزوں کے پٹھو تھے اور اسمٰعیل دہلوی ایک مجاہد تھے۔ مگر تاریخ کو اس سے بھی انکار ہے۔

(۳) علمائے دیو بند کا کہنا یہ ہے کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے صرف سکھوں سے جہاد کیا مگر تاریخ کا یہ کہنا ہے کہ ان کی پہلی جنگ افغانستانی مسلمانوں سے ہوئی۔

(۴) علماء دیو بند کا یہ کہنا ہے کہ سید احمد بریلوی اور مولوی اسماعیل دہلوی اس لڑائی میں شہید کر دیے گئے۔ مگر تاریخ کے قرائن یہ بتاتے ہیں کہ سکھوں کے ہاتھ نہیں بلکہ ان کی بد عقیدگی کی بناء پر افغانی پٹھانوں نے انھیں قتل کر دیا (گویا ایک شاتم رسول کو جو سزا ہونی چاہئے تھی اس کو پٹھانوں نے کیفر کردار تک پہنچا دیا)

علمائے دیو بند کو اپنے اکابر کی انگریز دوستی سے انکار ہے۔ مگر تاریخ نے ان کی انگریز دوستی پر مہر ثبت کر دی ہے۔

اب ضرورت ہے کہ ہر ایک دعوے کو تاریخ کی کسوٹی پر جانچ پرکھ لیا جائے اور فیصلہ تاریخ کے سپرد کر دیا جائے تاکہ بات ادعائے محض کی منزل پر نہ رہ جائے۔ اس سلسلہ کا پہلا سوال ملاحظہ فرمائے

تذکرۃ الرشید حصہ دوم ص ۲۷۰

(۱) "حضرت "مولوی رشید احمد گنگوہی" نے اس سلسلہ میں فرمایا کہ حافظ جانی ساکن انیٹھہ نے مجھ سے بیان کیا تھا کہ ہم قافلوں میں ہمراہ تھے۔ بہت سی کراماتیں وقتاً فوقتاً حضرت سید صاحب سے دیکھیں، مولوی عبدالحیؒ صاحب لکھنوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی اور مولوی محمد حسین صاحب رام پوری بھی ہمراہ تھے اور یہ سب حضرات سید صاحب کے ہمراہ جہاد میں شریک تھے۔ سید صاحب نے پہلا جہاد مسمی یار محمد خان حاکم یاغستان سے کیا تھا۔"

marfat.com

Marfat.com

اب میں ناظرین کا انصاف چاہتا ہوں کہ یار محمد خاں یہ کسی مسلمان کا نام نہیں ہے؟ یا کسی سکھ (سردار جی) کا؟ اور ملک یاغستان یہ اسلامی مملکت کا زیر نگیں ملک ہے سکھستان کا؟

انگریزوں نے مولوی اسمٰعیل کو سکھوں سے لڑنے کے لیے بھیجا تھا یا غریب افغانی پٹھانوں سے جنگ و جدال کے لیے؟ یہ بات واضح رہے کہ مولوی رشید احمد گنگوہی علماء دیوبند کے مسلم رہنما و بزرگ ہیں جن کے مرنے پر مولوی محمود الحسن صاحب صدر مدرس دیوبند نے مرثیہ لکھ کر اپنی عقیدت مندی کا ثبوت دیا ہے جس کا صرف ایک شعر یہاں سن لیجئے۔

خدا ان کا مربی وہ مربی تھے خلائق کے
مرے مولیٰ مرے ہادی تھے بے شک شیخ ربانی

مولوی رشید احمد صاحب تمام مخلوقات کے مربی تھے۔ علماء دیوبند کے "مولا" "ہادی" اور "شیخ ربانی" ہیں۔ بھلا مربی خلائق کی تحریر سے کس طرح علماء دیوبند کو انکار ہو سکتا ہے۔

غور فرمائیے کہ اسماعیلی جہاد سکھوں کے ساتھ تھا یا حاکم یاغستانی یار محمد خاں کے ساتھ تھا۔ اس پر طرفہ تماشہ یہ کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی انگریزوں کے پٹھو نہ تھے۔ اب اس دعوے کی دوسری شہادت ملاحظہ فرمائیے۔

سیرت سید احمد حصہ اول ص ۱۹۰ مرتبہ مولوی ابوالحسن صاحب ندوی

(۲) "اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ انگریز گھوڑے پر سوار چند پالکیوں میں کھانا رکھے کشتی کے قریب آیا اور پوچھا کہ پادری صاحب کہاں ہیں؟ حضرت نے کشتی پر سے جواب دیا کہ میں یہاں موجود ہوں۔ انگریز گھوڑے پر سے اترا اور ٹوپی ہاتھ میں لے کر کشتی پر پہنچا اور مزاج پرسی کے بعد کہا تین روز سے میں نے اپنے ملازم کو یہاں کھڑا کر دیا تھا کہ آپ کی اطلاع کریں۔ آج انہوں نے اطلاع دی کی اغلب یہ ہے کہ حضرت قافلہ کے ساتھ تمہارے مکان کے سامنے پہنچیں۔ یہ اطلاع پاکر غروب

marfat.com
Marfat.com

آفتاب تک میں کھانے کی تیاری میں مشغول رہا۔ سید صاحب نے حکم دیا
کہ کھانا اپنے برتنوں میں منتقل کر لیا جائے۔ کھانا لے کر قافلے میں تقسیم
کر دیا گیا اور انگریز دو تین گھنٹے ٹھہر کر چلا گیا۔"

مندرجہ بالا عبارت نے اسماعیلی نام نہاد تحریک جہاد کو اس قدر عریاں و بے نقاب کر دیا ہے کہ اس جنگ زرگری کو کوئی بھی کڑی محل خفا میں نہ رہ گئی۔ بار بار اس عبارت کو پڑھیے اور اندازہ کیجئے کہ سید صاحب اور اسماعیل صاحب انگریزوں کے اشارے پر کیسا دلفریب ڈرامہ کھیل رہے تھے۔

مجاہدین تو لڑنے کے لیے جا رہے تھے مگر انگریز ہر منزل پر کھانا ناشتہ لیے حاضر ہے اور گھنٹہ دو گھنٹہ نہیں مسلسل تین روز تک سید صاحب کی آمد کا انتظار ہوتا رہا۔ ادب و احترام کا یہ عالم کہ انگریز ٹوپی ہاتھ میں لے کر حاضر ہوا۔ (انگریزوں کے یہاں ادب کا یہی طریقہ ہے)

کھانا تھوڑا سا نہیں بلکہ چند پالکیوں میں لے کر حاضر ہوا جو پورے قافلہ پر تقسیم کر دیا گیا۔ سید صاحب انگریز سے اس قدر گھل مل گئے ہیں کہ اب مولانا صاحب نہیں بلکہ پادری صاحب ہو گئے۔

انگریز نے پوچھا کہ پادری صاحب کہاں ہیں؟ تو سید صاحب نے بلا تامل جواب دیا کہ میں یہاں موجود ہوں۔ خیال فرمایئے اس سوال و جواب میں کوئی اجنبیت و بیگانگت نہیں محسوس ہو رہی بلکہ سوال و جواب کسی پرانی رسم و راہ کی روشن دلیل ہیں۔ انگریز کے علم میں یہ بات ہے کہ آج ہمارے زر خرید غلاموں کا قافلہ ادھر سے گزرے گا اور پادری صاحب (سید صاحب) کو یہ معلوم ہے کہ ہمارے ان داتا (انگریز) ہماری خاطر تواضع کے لیے حاضر باش ہوتے رہیں گے۔

یہ الٹی منطق سمجھ میں نہ آئی کہ جہاد کے لیے تو سید صاحب اور مولوی اسمٰعیل صاحب جا رہے ہیں مگر راشن کا انتظام انگریز بہادر کے ہاتھ ہے۔ انگریز دس پانچ منٹ نہیں بلکہ مسلسل تین گھنٹے تک امیر کارواں (سید صاحب) کی خدمت میں حاضر رہا۔ بڑا غضب کیا مولانا سید ابو الحسن ندوی نے جنھوں نے اس گفتگو کا تذکرہ نہ کیا۔ غالباً یہ

marfat.com
Marfat.com

بات ان کے بھی علم میں نہ ہوگی کہ انگریز اور پادری صاحب کے درمیان کیا گفتگو رہی۔ شاید یہی وہ مقام ہے جس کے لیے کسی شاعر نے کہا۔

یہ وہ نازک حقیقت ہے جو سمجھائی نہیں جاتی

مگر مولانا ابوالحسن علی ندوی کو اتنی تو صراحت کر دینی تھی کہ انگریز کس قسم کا کھانا لایا تھا۔ انگریز کے یہاں تو خنزیر اور جھٹکے کا گوشت دونوں ہی درست ہیں۔ نہیں معلوم وہ کیا لایا تھا اور سید صاحب ان کے ہمراہی حلال و حرام کی تمیز کیے بغیر صفاچٹ کر گئے۔

اب ناظرین انصاف فرمائیں کہ وہ فضل حق جس نے اسلام و مسلمانوں کی خاطر قید و بند کی مشقتیں جھیلیں گھر سے بے گھر ہوا۔ جزیرۂ انڈمان کی زہر آلود فضاؤں میں کرب و اضطراب کی زندگی گزار کر اپنے نام کو زندگی جاوید دے گیا وہ پٹھو تھا یا سید صاحب و مولوی اسمٰعیل صاحب جو انگریزوں کے ہاتھ حلوہ پر اٹھا اڑا رہے تھے۔

خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

مندرجہ بالا عنوان کی تائید میں تیسرا حوالہ ملاحظہ فرمایئے۔

حیات طیبہ ص ۲۹۶، مرتبہ مرزا حیرت دہلوی، مطبوعہ فاروقی دہلی

(۳) "کلکتہ میں جب مولانا اسمٰعیل نے جہاد کا وعظ فرمانا شروع کیا ہے اور سکھوں کے مظالم کی کیفیت پیش کی ہے تو ایک شخص نے دریافت کیا، آپ انگریزوں پر جہاد کا فتویٰ کیوں نہیں دیتے؟ آپ نے جواب دیا ان پر جہاد کرنا کسی طرح واجب نہیں، ایک تو ان کی رعیت ہیں، دوسرے ہمارے مذہبی ارکان کے ادا کرنے میں وہ ذرا بھی دست اندازی نہیں کرتے۔ ہمیں ان کی حکومت میں ہر طرح کی آزادی ہے۔ بلکہ ان پر کوئی حملہ آور ہو تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس سے لڑیں اور اپنی گورنمنٹ پر آنچ نہ آنے دیں"

نوٹ:۔ حیات طیبہ کے علاوہ یہی واقعہ تواریخ عجیبہ ص ۷۳، مرتبہ محمد جعفر تھانیسری

marfat.com

Marfat.com

مطبوعہ فاروقی میں درج ہے۔

اکابر علماء دیوبند کی انگریز دوستی کے لیے کیا اس سے بھی زیادہ کوئی کھلی ہوئی شہادت ہو سکتی ہے؟ سیکڑوں میل کی مسافت پر سکھوں سے جہاد کرنا تو واجب ہے مگر وہ ظالم انگریز جس نے شاہ ظفر کے لڑکوں کا سر باپ کے ناشتہ میں بھیجا ہو۔ بڑے بڑے علماء پھانسی کے تختے پر لٹکا دیے گئے ہوں۔ مساجد اور خانقاہوں کی بے حرمتی کی گئی تھی اس سے جہاد واجب نہیں' بلکہ ایسے ظالم و سفاک پر اگر کوئی حملہ آور ہو تو مسلمانوں کو اس سے لڑنا فرض ہے تاکہ انگریز کے دامن پر کوئی آنچ نہ آسکے۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ ایک طرف سے روپے کی تھیلی ہے اور دوسری طرف سے حلف وفاداری۔

مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہہ جائے تو کوئی غم نہیں مگر انگریز بہادر کے بدن پر سورج کی دھوپ نہ پڑ سکے۔

مجھے دعویٰ نہیں تنہا نباہی دوستی ہم نے
محبت کو سنبھالا ہے کبھی تم نے کبھی ہم نے

اب سلسلہ کی چوتھی شہادت ملاحظہ فرمایئے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

تواریخ عجیبہ ص ۱۰۲

(۴) "اس سوانح اور مکتوبات منسلکہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سید صاحب کا سرکار انگریز سے جہاد کرنے کا ارادہ ہرگز نہ تھا۔ وہ اس آزاد عملداری کو اپنی ہی عملداری سمجھتے تھے اس میں شک نہیں کہ اگر سرکار انگریز اس وقت سید صاحب کے خلاف ہوتی تو ہندوستان سے سید صاحب کو کچھ مدد نہ پہنچتی مگر سرکار انگریز اس وقت دل سے چاہتی تھی کہ سکھوں کا زور کم ہو"

اور اسی تاریخ عجیبہ ص ۹۱ پر سید احمد صاحب بریلوی کا یہ مقولہ بھی درج ہے۔

"سرکار انگریز پر کس سبب سے جہاد کریں اور خلاف اصول مذہب

marfat.com
Marfat.com

طرفین کا خوب بلا سبب گرادیں"

کیا خوب کہی انگریز بہادر سے جہاد کرنا تو خلاف اصول مذہب ہے لیکن یار محمد خان حاکم یاغستان اور افغانی پٹھانوں سے جہاد کرنا عین اسلام ہے۔ اس ضمن میں ناظرین نے یہ بات بھی سمجھ لی ہوگی کہ سید احمد صاحب بریلوی انگریز کی آزاد عملداری کو اپنی ہی عملداری سمجھتے تھے۔

سچ ہے! سمجھنا بھی چاہیے تھا جبکہ ہندی مسلمان انھیں کے ہاتھوں انگریزوں کی بارگاہ میں قربانی کا مینڈھا بن چکا تھا جس کے خون کی کوئی قدر و قیمت نہ تھی انگریز کی چاپلوسی اور خوشامد میں ہزارہا مسلمانوں کا خون بے دردی سے بہادیا گیا۔ اس سے بھی بڑھ کر وفاداری کا کوئی ثبوت ہو سکتا تھا۔

خیال فرمائے مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی اور سید احمد صاحب بریلوی کی اس آزاد عملداری میں فضل حق جیسے بیباک و نڈر مجاہد کو کیوں کر پناہ مل سکتی تھی۔

اب حیات طیبہ ص ۳۰۲ کی ایک عبارت ملاحظہ فرمائے

(۵) "سید صاحب کے پاس مجاہدین جمع ہونے لگے تو سید صاحب نے مولانا اسماعیل کے مشورے سے شیخ غلام علی رئیس الہ آباد کی معرفت لیفٹیننٹ گورنر ممالک مغربی پاکستان کی خدمت میں اطلاع دی کہ ہم لوگ سکھوں پر جہاد کی تیاری کرنے کو ہیں سرکار کو تو اس میں کچھ اعتراض نہیں ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر صاحب نے صاف لکھ دیا کہ ہماری عملداری میں اور امن میں خلل نہ پڑے تو ہمیں کوئی سروکار نہیں"

اس مقام پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اسماعیلی جہاد قرآن و حدیث کی روشنی یا اسلامی تقاضے کی بنیاد پر نہ تھا بلکہ انگریز بہادر کے ایماء و اشارے اور ان کی اجازت پر موقوف تھا۔ گویا ایک مطیع و فرماں بردار اپنے آقا کی بارگاہ میں حاضر ہو کر یوں عرض کر رہا ہے کہ سرکار اگر اجازت مرحمت فرمائیں تو جہاد کرنے کی تیاری کی جائے ورنہ دیکھیے قرآن کو جزدان میں اور احادیث کو الماری میں بند کیے دیتے ہیں اور حضوری کی بخشی ہوئی تلوار میان کے اندر کیے لیتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

"کہاں وہ شوریٰ اور کہاں یہ بے نمکی" میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ "عہد نبوت" و "عہد صدیقی" و "عہد فاروقی" میں بھی متعدد جہاد ہوئے۔ آخر وہ جہاد دنیا کی کس حکومت کے اشارے پر ہوئے تھے اور یہ بات بھی دریافت کرنی ہے کہ مسلمانوں کا جہاد اسلامی تقاضے کی بنیاد پر مبنی ہے یا انگریز بہادر کی اجازت پر؟

روح جہاد سے نابلد و ناآشنا تو اسے جہاد کہہ سکتا ہے مگر جس کے سامنے ملت اسلامیہ کی درخشاں تاریخ اور اسلاف و اکابر کے زریں کارنامۂ حیات ہوں وہ اس تحریک کو اس کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتا کہ بعض نام نہاد مولویوں نے زر طلبی و اقتدار پسندی کی خاطر بے گناہ مسلمانوں کا خون بہا کر دنیا کو آخرت پر ترجیح دی ہے اور اپنے پیٹ پوجا اور دنیوی وجاہت کے پیش نظر لاکھوں مسلمانوں کو گھر سے بے گھر کیا۔ تاریخ کے مذکورہ بالا حوالہ جات کو دیکھنے کے بعد اسماعیلی تحریک کے بارے میں اس کے سوا اور کیا کہا جائے کہ۔

ہم شیخ کی سنتے تھے مریدوں سے بزرگی
تحریر سے دیکھا تو عمامے کے سوا ہیچ

حیرت ہے علماء دیو بند کی اس دیدہ دلیری پر کہ جنگ زرگری اور تحریک زر اندوزی کو جہاد کا نام دے کر اپنے کو مجاہدین میں شمار کراتے ہیں اور آج قوم کے سامنے گلے پھاڑ پھاڑ کر تقریریں کی جاتی ہیں کہ آزادیِ وطن کے لیے ہم نے بھی پاپڑ بیلے ہیں۔

جی ہاں! یہ آپ کے وہی مجاہدین وطن ہیں جن کا ہر قدم انگریزوں کے اشارے پر اٹھتا تھا اگر انگریز بہادر کی اجازت ہے تب تو جہاد فرض ہے۔ ورنہ قرآن و حدیث سب بالائے طاق! اگر یہ جہاد مظلوم مسلمانوں سے جذبۂ ہمدردی اور مساجد و اذان کی حرمت برقرار رکھنے کے لئے تھا تو انگریز کے ہاتھ کٹھ پتلی بننے کی کیا ضرورت تھی بالفرض اگر انگریز اجازت نہ بھی دیتا تو سب سے پہلے ہندی مسلمانوں کی طاقت انگریزوں سے لڑنے کے لیے اکٹھا کی جاتی پہلے راستے کا یہ کانٹا دور کر لیا جاتا۔ تب دوسری جنگ رنجیت سنگھ سے لڑی جاتی۔ جیسا کہ کلکتہ کے مسلمانوں نے مولوی

marfat.com
Marfat.com

اسمٰعیل دہلوی سے کیا تھا کہ آپ انگریزوں سے جہاد کا حکم کیوں نہیں دیتے؟

یہ نہ سمجھئے کہ کوئی ہلکا پھلکا سوال ہے بلکہ اس سوال میں ہندی مسلمانوں کا ضمیر بول رہا ہے اور اسی سوال سے ان کے جذبہ حریت اور انگریزوں کے خلاف جذبہ جہاد کا پتہ چلتا ہے۔ گویا ہندوستان کی زمین یہ چاہ رہی تھی کہ ظالم و سفاک انگریزوں کا قلع قمع کر دیا جائے اور ہندی مسلمان دل و جان سے یہ چاہتا تھا کہ یہ سفید چمڑے والے جن کا دل توے کی کالک سے زیادہ کالا ہے انھیں چن چن کر سات سمندر پار کر دیا جائے اور ان کے منحوس اور ناپاک قدم سے ہندوستان جنت نشان کو پاک و صاف کر کے آبرو مندانہ زندگی گزاری جائے۔ جبکہ قوم خود انگریز سے لڑنے کے لیے جذبہ جہاد رکھتی ہو تو رہنمایان وطن کے لیے یہ کس قدر آسان تھا کہ معمولی سی جدوجہد میں انگریزوں کے خلاف کروڑوں مسلمانوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کر لیتے اور ایسی گھمسان کی لڑائی لڑتے کہ انگریزوں کے قدم اکھڑ جاتے انھیں صدیوں کے بعد پھر ایک نیا تجربہ ہو جاتا کہ آج بھی مسلمانوں کی رگوں میں وہی گرم گرم خون ہے اور اس میں روح ایمانی ہے جو کبھی بدر و حنین کی معرکہ آرائیوں میں کام کر چکی ہے۔ سرور کائنات حضرت محمد ﷺ کے جاں نثار غلاموں سے تخت و تاج لینا اور ان پر حکمرانی کرنا کچھ آسان نہیں۔ یہ وہی مجاہدین اسلام ہیں جن کی تاریخ کے سرورق پر آج بھی یہ لکھا ہوا ہے کہ۔

دشت تو دشت ہیں دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

چاہیے تو یہ تھا کہ سید احمد صاحب بریلوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی ہندی مسلمانوں کے جذبہ حریت کا پاس و لحاظ کرتے ہوئے اسلامی تقاضے کی بنیاد پر انگریزوں کے خلاف علم بغاوت بلند کرتے جیسا کہ علامہ فضل حق خیر آبادی' مفتی عنایت اللہ صاحب کاکوروی' مفتی صدر الدین دہلوی وغیرہ نے انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کی مردانہ وار جدوجہد کی مگر افسوس صد افسوس کہ سید احمد صاحب بریلوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی تو انگریزوں کے ہاتھ بک چکے تھے۔ انگریز کے گردش ابرو پر

marfat.com
Marfat.com

رقص کرنے والے کب میدان جنگ میں ٹک سکتے تھے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ہزاروں مسلمانوں کو قربانی کا بکرا بنا کر میدان جنگ میں چھوڑ کر سید احمد صاحب بریلوی پہاڑ کی گھاٹیوں میں چھپ گئے جیسا کہ ابھی ابھی اگلے صفحات پر ارواح ثلاثہ کے حوالہ سے اس حقیقت کو بے نقاب کروں گا۔

بر سر تواریخ عجیبہ ص ۸۹ کی ایک اور عبارت ملاحظہ فرمایئے

(۶) "سید صاحب جہاد میں مصروف تھے اس وقت ایک ہنڈی سات ہزار روپے کی جو بذریعہ ساہو کاران دہلی مرسلہ محمد اسحاق صاحب بنام سید صاحب روانہ ہوئی تھی ملک پنجاب نے وصول نہ ہونے پر اس سات ہزار کی واپسی کا دعویٰ عدالت دیوان میں دائر ہو کر ڈگری ہوا اور پھر ہنگام اپیل عدالت عالیہ دیوان ہائی کورٹ آگرہ میں بھی حکم ڈگری بحکم مدعی بحال رہا"

اب تک تو آپ حضرات نے یہی پڑھا کہ انگریز چند پالکیوں میں کھانا لے کر حاضر ہوا تھا' مگر مندرجہ بالا عبارت نے اس حقیقت کو بھی بے نقاب کر دیا کہ زر خرید غلاموں کو تنخواہ بھیجی جاتی تھی اور روپیہ کی عدم وصولیابی کی صورت میں انگریز بہادر ہی مقدمہ کی پیروی کرتے۔

روپے کی تھیلیوں کے سہارے جو جنگ لڑی گئی اس پر جہاد کا لیبل لگا کر علماء دیو بند مونچھوں پر تاؤ دیتے پھرتے ہیں کہ ہم بھی جنگ آزادی میں حصہ لے چکے ہیں۔

علماء دیو بند آج تک اسی خواب خرگوش میں ہیں کہ ہم اپنے پریس کی طاقت اور اخباری پروپیگنڈے کے بل بوتے پر تاریخ کی سطروں پر ایسی غلاف ڈال دیں گے جہاں تک کسی کی نظر نہ پہنچ سکے گی۔ کاش وہ اپنی وسعت نظر سے کام لیتے اور سوچتے کہ یہ تاریخ ہے کسی جماعت و جمیعت کا دفتر نہیں "تاریخ اپنی گرفت سے کسی کو نہیں چھوڑ سکتی" قصر تاریخ کے صدر گیٹ پر آج بھی جلی حروف سے یہ کندہ ہے کہ ۔

سنبھل کر پاؤں رکھنا میکدے میں شیخ جی صاحب
یہاں پگڑی اچھلتی ہے اسے میخانہ کہتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

تاریخ ایک تلوار ہے جس کی دھار دوست و دشمن میں امتیاز نہیں کرتی جو بھی تلوار کی دھار پر اپنی گردن رکھے گا اس کا کٹ جانا یقینی ہے۔

حضرات! سید احمد بریلوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کی نام نہاد تحریک جہاد کا یہ ایک اجمالی خاکہ ہے جس کی تفصیل کے لیے مستقلا ایک کتاب چاہیے۔ بایں ہمہ مذکورہ بالا حوالہ جات اس یقین دہانی کے لیے کافی ہیں کہ یہ جہاد نہ تھا بلکہ برٹش گورنمنٹ کے قدم جما کر ان کی خوشنودی حاصل کرنی تھی انگریز دوستی کے نام پر یا افغانی پٹھانوں سے جہاد کے اعلان پر مسلم طاقت اکٹھا نہ ہو سکتی۔ اس لیے مسلم جذبات کو سکھوں کے ظلم و ستم کے نام پر مشتعل کیا گیا اور نہ معلوم کتنے غریب مسلمانوں کی گردن انگریز کی سودا بازی میں بچ کھائے۔

کون بتا سکتا ہے کہ کتنے بچے یتیم ہوئے' کتنی عورتوں کا سہاگ لٹ گیا' کتنی مائیں بن اولاد ہوئیں اور کتنے خاندان برباد ہو گئے۔ آخر مسلمانوں کی خانہ بربادی کس کے ہاتھ ہوئی اور بے گناہ مسلمانوں کا قافلہ دن دہاڑے کس طرح لوٹا گیا۔

نہ ادھر ادھر کی تو بات کر یہ بتا کہ قافلہ کیوں لٹا
مجھے رہزنوں سے غرض نہیں تری رہبری کا سوال ہے

افسوس صد افسوس! سر دھننے کا مقام ہے کہ وہ انگریز جس کی اسلام و مسلمان دشمنی آفتاب سے زیادہ روشن ہے اس سے تو اکابر علماء دیوبند نے حلف وفاداری اٹھایا اور ملک یاغستان میں یار محمد خاں سے لڑائی مول لینے کے لیے مسلم فوج اکٹھا کی گئی۔ چنانچہ معتبر واقعہ یہی ہے کہ۔

"سید احمد اور مولوی اسمٰعیل دہلوی جب مقام پنجتار پہنچے تو وہاں کے رئیس فتح خاں نامی نے شروع میں ان لوگوں کی خاطر تواضع کی اور یہ لوگ چند دنوں کے لیے وہاں رہے لیکن ان دونوں نے وہاں کے لوگوں پر ظلم و ستم شروع کیا' ان کو بد عقیدہ بد مذہب ٹھہرایا۔ بات بڑھ گئی تو ان پٹھانوں نے ان کو وہیں ختم کر دیا۔ یہ لوگ اپنے ظلم و ستم کی وجہ سے پٹھانوں کے ہاتھوں مارے گئے۔

marfat.com

Marfat.com

جو اپنے ظلم و ستم کے باعث صحیح العقیدہ پٹھانوں کے ہاتھوں مارا گیا اور جس کے دامن پر نہ جانے کتنے بے گناہ مسلمانوں کے خون کی چھینٹیں آہ و فغاں کر رہی ہیں۔ اسی ظالم' بدعقیدہ' مذبوح کو آج شہید کا لقب دیا جا رہا ہے اور لاکھوں غریب مسلمانوں کی بے کسی و بربادی کی خونی داستان کو یک لخت دریا برد کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مگر یہ واضح رہے۔

رنگ جب محشر میں لائے گی تو اڑ جائے گا رنگ
یوں نہ کہئے سرخی خون قتیلاں کچھ نہیں

جس قدر بھی گناہ مسلمانوں کا خون انگریز دوستی کے پردے میں بہایا گیا ہے۔ ان سب کا حساب و کتاب اکابر علماء دیوبند کی گردن پر ہے۔ کس قدر شرم و غیرت اور ڈوب مرنے کی جگہ ہے کہ مسلمانوں کو میدان کار زار میں اکیلا چھوڑ کر یہ حضرات غائب ہو گئے جس کے حوالہ میں ارواح ثلثہ ص ۱۴۰ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے

(۷) "دوسرے شخص نے بیان کیا کہ ہم انھیں دنوں سید صاحب کو ایک پہاڑ میں تلاش کر رہے تھے۔ دفعتہ کچھ فاصلہ پر گڑگڑاہٹ سنی میں وہاں گیا تو دیکھوں کیا کہ سید صاحب اور ان کے دو ہمراہی بیٹھے ہیں۔ میں نے سلام و مصافحہ کیا اور عرض کیا کہ حضرت کیوں غائب ہو گئے۔ سب لوگ بغیر آپ کے پریشان ہیں' مجبور ہو کر ہم نے فلاں شخص کو خلیفہ بنا لیا ہے اور ان سے بیعت کی ہے۔ آپ نے اس پر تحسین کی اور فرمایا ہم کو غائب رہنے کا حکم ہوا ہے۔ اس لیے ہم نہیں آسکتے۔ اتنا فرما کر قافلے والوں کی خیر اور حالت پوچھی اور پھر روانہ ہو گئے۔ میں نے بھی ہمراہ ہونے کے لیے عرض کیا تو منع فرمایا اور پھر کوشش کر کے جو میں نے پیچھے چلنا چاہا تو میرے پاؤں وزنی ہو گئے۔ میں تو کھڑا کھڑا رہ گیا۔ حیران اور مایوس تھا کہ یا اللہ! کیسے چلوں' اور حضرت سید صاحب معہ ہمراہیاں غائب ہو گئے۔

تھک تھک کے ہر مقام پر دو چار رہ گئے
تیرا پتہ نہ پائیں تو ناچار کیا کریں؟

marfat.com
Marfat.com

تیسرے ایک شخص نے بیان کیا کہ سید صاحب کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہم ایک گاؤں میں ایک جگہ اترے' دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ قبر جو ڈھی ہوئی تازہ پڑی ہے اس کو سید صاحب ابھی ڈھوا کر گئے ہیں کیونکہ اونچی تھی ادھر ادھر دیکھا تو پتہ نہ لگا"۔

ملت اسلامیہ کی تاریخ کا یہ ایسا دلگداز و عبرت انگیز باب ہے جس کو پڑھ کر مرد مومن کی گردن شرم و غیرت سے جھک جائے گی اور بے پناہ مسلمانوں کی بے چارگی و کسمپرسی پر اس کی آنکھیں آٹھ آٹھ آنسو روئیں گی۔ میری عقل حیران ہے کہ جب یہ تاریخ کسی ہندو' عیسائی' سکھ' پارسی کی نگاہ سے گزرتی ہے تو وہ اسلام اور قائدین اسلام کے بارے میں کیا رائے قائم کرتے ہوں گے۔ وہ لوگ تو سید احمد بریلوی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کی بزدلانہ حرکات اور ان کی مسلم کش پالیسی پر دوسرے قائدین اسلام کو بھی قیاس کرتے ہوں گے اور اس مکروہ اور گندہ آئینہ میں تمام ہی رہنمایان اسلام کی تصویر دیکھنا چاہتے ہوں گے۔ کاش حضرات دیوبند ان واقعات پر نظر ثانی کرتے اور ٹھنڈے دل سے سوچتے کہ وہ زہر کو تریاق کہہ کر شجر اسلام پر کیسی تیشہ زنی کر رہے ہیں۔ کسی کو مقتدا و پیشوا مان لینے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ اس کے جرم و خطا کو بھی ثواب و عبادت کا مرتبہ دیا جائے۔ رات کی تاریکی کو دن کا اجالا اور آگ کے انگارے کو شاداب پھول نہیں کہا جاتا۔ خیال فرمایئے یہ کیسی ناانصافی و بداخلاقی ہے کہ ہزاروں ناتجربہ کار اور سادہ لوح مسلمانوں کو ایسے میدان میں جہاں تلواروں کی جھنکار اور نیزوں کی بارش میں اوسان خطا کر جائیں وہاں ان غریبوں کو اکیلا چھوڑ کر یہ لوگ اپنی جان بچانے کی خاطر غائب ہو گئے۔ آخر وہ غریب مسلمان بے یار و مددگار کیا کرتے' یا تو بن لڑے اپنی جان دیتے یا لڑ کر مرجاتے۔ اب تو انہیں موت کے چنگل میں دے ہی دیا گیا ہے۔ سچ کہا کسی دل جلے شاعر نے

دل کے پھپھولے جل گئے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

اس قسم کے مذموم و قبیح الاخلاق حرکات انہیں لوگوں سے سرزد ہو سکتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

جنھیں آخرت کی باز پرس کا خیال جاتا رہا ہو اور اس دنیائے فانی کو عیش دوام کی جگہ سمجھ لی ہو۔ یہ حقیقت آج نہ سہی تو کل میدان حشر میں عریاں و بے نقاب ہو کر رہے گی جبکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عدالت میں لاکھوں فریادی مسلمانوں کے ہاتھ ایک مجرم کا دامن ہو گا اور سب یک زبان ہو کر اپنے خون کا بدلہ چاہتے ہوں گے۔ گندم نما جو فروش ساہو کاروں کی تجارت و قومی غداری اور اسلام دشمنی کی تصویر آپ نے ملاحظہ فرمائی۔ اب چند سطروں میں تصویر کا دوسرا رخ ملاحظہ فرمایئے جس میں علامہ فضل حق اور ان کے رفقاء کار کے مجاہدانہ کارنامے کی جھلک ہے۔ اس سلسلہ میں دعوت سہ روزہ کا ایک مقالہ ملاحظہ فرمایئے:

دعوت سہ روزہ دہلی ۲۸ اگست سن ۵۷ء صفحہ ۲ کالم نمبر ۳، ۴ و ۵ پر صفحہ ۵ کالم نمبر ۱ نمبر ۲ زیر عنوان سن ۱۸۵۷ء علما کا حصہ "(از شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی)

"علماء اسلام شروع ہی سے دو گروہوں میں بٹے ہوئے ہیں ان میں ایک گروہ ان علماء کا ہے جو حق و انصاف کی تلقین کو اپنا بنیادی فرض تصور کرتے ہیں اور بنی نوع انسان کی خدمت کو عبادت الٰہی کا جز خیال کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر زمانہ اور عہد میں ان علماء حق نے ظلم و استبداد اور غلامی کے خلاف جہاد کیا اور جابر سے جابر حکمران سے بھی خوف نہ کھایا"

انگریزوں کے دور میں بھی ایسے عالموں کی کمی نہ تھی جو نئے حاکموں کو غاصب اور ظالم کہتے تھے اور ان کے خلاف جہاد کرتے تھے اور اپنی جانیں قربان کرتے تھے۔ چنانچہ ۱۸۵۷ء کے ہنگاموں سے بہت مدت پہلے ملک میں علمائے اسلام کی رہنمائی میں انگریزوں کی مخالفت شروع ہو چکی تھی۔ علماء حق فوجوں اور چھاؤنیوں میں شہروں اور قصبوں میں کبھی علانیہ اور کبھی خفیہ طور سے انگریزوں کے خلاف جہاد کی تلقین کرتے تھے۔ جس کسی نے ہنٹر کی کتاب پڑھی ہے اسے علم ہو گا کہ علماء کی یہ تحریک انیسویں صدی کے ابتداء سے بڑے منظم طور سے جاری تھی اور بنگال سے پشاور تک تمام اہم مقامات پر اس تحریک کے مرکز قائم تھے

marfat.com

Marfat.com

جہاں مجاہدین آزادی تعلیم و تربیت ہوتی تھی۔ ۱۸۵۷ء جب لاکھوں محبان وطن نے آزادی کا پرچم بلند کیا تو علماء بھی میدان جنگ میں آگئے۔ انہوں نے جگہ جگہ آزادی کے لیے تبلیغ کی اور لوگوں کو اس میں شرکت کرنے کی دعوت دی۔

مولانا پیر علی پٹنہ کے مشاہیر علماء میں سے تھے۔ ان کا کاروبار کتاب فروشی تھا مگر دل میں انگریز سے دشمنی رکھتے تھے۔ ہنگامہ کی خبر نے ان کے دل میں بھی حرکت پیدا کر دی۔ کاروبار چھوڑ کر میدان سیاست میں نکل آئے' عوام کو ہاتھ میں لے لیا اور مسلمانوں کو جہاد کرنے کے لیے آمادہ کر لیا۔ لوگ جوق در جوق ان کے جھنڈے تلے آجمع ہوئے۔ (تاریخ بغاوت ہند ص ۱۶۷)

دہلی اور میرٹھ کی خبریں جب لکھنؤ پہنچیں تو وہاں بھی حریت کے شیدائیوں نے آزادی کے لیے جدوجہد شروع کر دی۔ مرزا برجیس قدر کی بادشاہت کا اعلان کرانے اور لوگوں کو آزادی وطن کے لیے جہاد میں شامل ہونے کے لیے تبلیغ کرنے والا بھی ایک عالم ہی تھا' اور یہ تھا صوفی احمد اللہ شاہ' اس کے متعلق سر تھامس اسٹینس نے لکھا ہے کہ صوفی احمد اللہ شاہ عظیم المرتبت' بے باک' جسارت و عزم محکم کا مالک تھا اور ان تمام میں بہترین سپاہی تھا۔

جنگ آزادی کے دوران میں علماء و فضلاء نے بھی اسی طرح حصہ لیا جس طرح آزادی کے دوسرے متوالوں نے۔ جب دہلی میں جنگ آزادی کا زور تھا اور جنرل بخت خان اس جنگ کا ہیرو تھا تو اس نے سوچا کہ اگر اس وقت علماء سے جہاد کا فتویٰ لے کر اس کی تشہیر کی جائے تو لوگوں میں ایک نیا جوش پیدا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اس نے علماء سے جہاد کا فتویٰ لیا اور اسے دہلی کے گلی کوچوں میں چسپاں کرایا۔ اس فتوے کا تشہیر پانا تھا کہ لوگوں میں ایک بجلی سی کوند گئی اور وہ پروانوں کی طرح جنگ آزادی میں کود پڑے

marfat.com
Marfat.com

مورخ ذکاء اللہ جیسے آدمی نے بھی اعتراف کیا ہے' وہ لکھتے ہیں
جب تک دہلی میں بخت خان نہیں آیا' جہاد کے فتوے کا چرچا شہر میں بہت کم تھا' مساجد میں ممبران پر جہاد کا وعظ کمتر ہوتا تھا۔ بخت خاں نے یہ فتویٰ لکھوایا کہ مسلمانوں پر جہاد فرض ہے۔ فتویٰ کا اثر یہ تھا کہ مسلمانوں میں جوش مذہبی زیادہ ہوگیا۔

جب دہلی کے گلی کوچوں میں جنگ آزادی لڑی جارہی تھی اور بازاروں میں لاشوں کے ڈھیر پڑے تھے۔ اگر اس وقت ایک طرف مخدوم شاہ محمود جیسے عالم اپنے مریدوں سمیت جہاد کے خلاف تھے تو دوسری طرف مولانا فضل حق خیر آبادی' مولانا جعفر تھانیسری' مولانا امام بخش صہبائی' مولوی تبارک علی' مفتی عنایت احمد کاکوروی' مفتی مظہر کریم دریابادی' مولانا احمد اللہ' مولانا یحییٰ علی' مفتی انعام اللہ گوپا' مفتی لطف اللہ علی گڑھی' مولانا فضل رسول بدیونی' مولانا فضل امام خیر آبادی وغیرہ جیسے سیکڑوں عالم فاضل ایسے تھے جو جنگ آزادی میں برابر کے شریک تھے اور جب مغلیہ خاندان کا آخری چراغ بجھ گیا' تاج و تخت چھن گئے اور وطن کے جاں نثاروں کو چن چن کر گولیوں کا نشانہ بنادیا جانے لگا تو اس میں علماء بھی شامل تھے جو اس وقت دوسرے لوگوں کو پیش آئے۔ جن علماء و فضلاء نے فتویٰ جہاد پر دستخط کیے تھے ان کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچائی گئیں' مولانا فضل حق خیر آبادی رحمتہ اللہ علیہ کو جزیرۂ انڈمان بھیجا گیا۔

اب اس کے بعد باغی ہندوستان کی ایک عبارت ملاحظہ کیجئے جس سے آپ کو یہ صحیح اندازہ ہوجائے کہ فتویٰ جہاد میں پیش قدمی کرنے والا کون تھا۔

باغی ہندوستان ص ۱۵۶
"علامہ (فضل حق خیر آبادی) سے جنرل بخت خاں ملنے پہنچے' مشورہ کے بعد علامہ نے آخری تیر ترکش سے نکالا' بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں علماء کے سامنے تقریر کی' استفتاء پیش کیا۔

marfat.com
Marfat.com

مفتی صدر الدین خان آزردہ صدر الصدور دہلی' مولوی عبد القادر' قاضی فیض اللہ دہلوی' مولانا فیض احمد بدیونی' ڈاکٹر مولوی وزیر خاں اکبر آبادی' سید مبارک شاہ رامپوری نے دستخط کر دیے۔ اس فتوے کے شائع ہوتے ہی ملک میں عام شورش بڑھ گئی۔ دہلی میں نوے ہزار سپاہ جمع ہو گئی تھی"

تاریخ ذکاء اللہ

آزادی وطن کے مجاہد جلیل حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کی انگریز دشمنی کے ساتھ مولوی سید احمد بریلوی کی انگریز دوستی کی ایک شہادت اور ملاحظہ کیجئے اور اندازہ فرمایئے کہ ان دونوں میں کس قدر بعد المشرقین تھا۔

مولوی عبد الحق جو فضلاء دیو بند میں شمار کیے جاتے ہیں' وہ اپنی تفسیر حقانی صفحہ ۱۱۲ سورۂ بقرہ میں نیچری کے زیر عنوان لکھتے ہیں

"اس کنبے سے ایک شخص سید احمد خان بہادر بھی پیدا ہوئے۔ یہ شخص ابتداء میں مولوی مخصوص اللہ نبیرہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی خدمت میں آکر کسی قدر صرف و نحو سے آشنا ہوئے اور تعویذ گنڈے بھی سیکھے۔ لیکن جب یہ نسخہ نہ چلا تو گورنمنٹ برٹش کی طرف رجوع کیا اور اپنی لیاقت خداداد سے کوئی اچھا عہدہ بھی پایا پھر تو پکے وہابی تبع مولوی اسمٰعیل صاحب کے ہو گئے۔

مولوی عبد الحق صاحب فاضل دیو بند کی مذکورہ بالا عبارت نے یہ واضح کر دیا کہ جناب سید صاحب کوئی مولوی یا عالم نہ تھے محض عربی گرامر سے تھوڑا بہت آشنا ہوئے مگر جب گاڑی نہ چل سکی تو تعویذ گنڈے کے پیچھے پڑ گئے۔ اور جب یہ نسخہ بھی کامیاب نہ ہوا تو برٹش گورنمنٹ کے دامن میں پناہ لی۔

اب یہیں پر مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کے بھائی مظہر علی کے بارے میں مولوی حسین احمد صاحب کی رائے سن لیجئے۔ کسی سائل نے مولوی حسین احمد ٹانڈوی سے چند سوالات کیے تھے' جس میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ یہ بات سننے میں آئی ہے

marfat.com

Marfat.com

کہ آپ اور مولوی محمود الحسن صاحب کی گرفتاری میں مولوی اشرف علی تھانوی کا ہاتھ ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟ مولوی حسین احمد ٹانڈوی کا حسب ذیل جواب ملاحظہ فرمایئے

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۲۹۷ تا ۲۹۹

"مولانا مرحوم تھانوی کے بھائی محکمہ سی آئی ڈی میں بڑے عہدیدار اخیر تک رہے ان کا نام مظہر علی ہے۔ انھوں نے جو کچھ کیا ہو مستبعد نہیں"

"مولانا اشرف علی تھانوی کو گورنمنٹ چھ سو روپیہ ماہوار دیتی تھی۔ مولانا تھانوی کے بھائی مظہر علی سی آئی ڈی کے بڑے عہدے پر فائز رہے۔"

مولوی الیاس بانی تبلیغی جماعت کو گورنمنٹ روپیہ دیتی تھی۔ جناب سید احمد صاحب کو برٹش گورنمنٹ نے بڑا عہدہ دیا۔ مولوی رشید احمد گنگوہی نے برٹش کو اپنا مالک و مختار کہا۔ مولوی اسماعیل دہلوی نے کہا برٹش گورنمنٹ پر جہاد واجب نہیں بلکہ اگر انگریزوں پر کوئی حملہ آور ہو تو اس سے مسلمانوں کو جنگ کرنا فرض ہے تاکہ ہماری گورنمنٹ پر آنچ نہ آسکے۔

یہ واقعات کی بکھری ہوئی کڑیاں ہیں۔ ناظرین سے میری منصفانہ گزارش ہے کہ وہ واقعات کی ایک ایک کڑی ترتیب دے کر اکابر علماء دیوبند کی انگریز دوستی کا جائزہ لیتے جائیں اور یہ فیصلہ فرمائیں کہ علماء دیوبند نے کس حد تک علامہ فضل حق کے ساتھ زیادتی برتی ہے اور اپنے مولویوں کی تعریف و منقبت میں کہاں تک غلط بیانی اور دروغ گوئی سے کام لیا ہے جس کی شہادت میں باغی ہندوستان کا ایک اور بھی حوالہ ملاحظہ فرمایئے

باغی ہندوستان ص ۱۲۰

"مرزا حیرت دہلوی صاحب حیوۃ طیبہ نے تو محو حیرت ہی بنا دیا نہ صرف علامہ بلکہ علامہ کے والد ماجد کے فضل امام کو بھی پڑھا لکھا ماننے میں تامل کیا ہے جن کے تلامذہ میں علاوہ علامہ کے مفتی صدر الدین خاں آزردہ

marfat.com

Marfat.com

صدر الصدور وغیرہ جیسے گرامی قدر فضلاء عہد بھی موجود ہوں جن کے ادنیٰ حلقہ بگوش و شاگرد نواب صدیق حسن خان قنوجی بھوپالی اور سرسید احمد خاں بانی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ جیسے اکابر و مشاہیر نظر آتے ہوں۔ حیرت ہوتی ہے کہ انسان معاندانہ روش اختیار کرتے وقت نابینا کیوں ہو جاتا ہے۔

اس مقام پر پہنچ کر اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کی جلالت علم اور ان کی پختگی کردار پر ایک اجمالی گفتگو کر لی جائے تاکہ تصویر کے دونوں رخ دوش بدوش سامنے آجائیں اور ناظرین کو یہ فیصلہ کرنے میں آسانی ہو کہ حضرت علامہ علم و فضل کے کس مقام پر فائز تھے اور آزادی ہند کے لیے اس مرد مجاہد نے کیا اول ادا کیا۔

# حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی رحمتہ اللہ علیہ

چمن میں پھول کا کھلنا تو کوئی بات نہیں
زہے وہ پھول جو گلشن بنائے صحرا کو

منطق و فلسفہ کے امام مجاہد جلیل حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کی شہرت و ناموری کے جہاں اور علل و اسباب ہیں ان میں سب سے زیادہ اہمیت فلسفہ کے امام ہونے کی حیثیت سے ہے۔ اس لیے علامہ کے حالات زندگی پر قلم اٹھانے سے پہلے مناسب ہے کہ فن منطق و فلسفہ پر تھوڑی سے گفتگو کر لی جائے۔

علم منطق کا باضابطہ اظہار سب سے پہلے حضرت ادریس علیہ السلام سے ہوا۔ مخالفین توحید و رسالت کو عاجز و ساکت کرنے کے لیے انہوں نے بطور معجزہ استعمال کیا۔ پھر ان علوم کو یونانیوں نے اپنایا۔ چنانچہ یونان میں بڑے رتبے کے درج ذیل یہ پانچ فلسفی گزرے ہیں

(۱) بندقیس ۵۰۰ قبل مسیح زمانہ داؤد علیہ السلام میں گزرا' حضرت لقمان سے علم و حکمت حاصل کرنے کے بعد یونان واپس آگیا۔

marfat.com
Marfat.com

(۲) فیثاغورس یہ اصحاب سلیمان علیہ السلام کا شاگرد تھا۔

(۳) سقراط یہ فیثاغورس کا شاگرد تھا۔ بتوں کی پرستش سے مخلوق کو روکنے اور دلائل کے ساتھ خالق باری کی طرف توجہ دلانے پر بادشاہ وقت نے قید کرا کے زہر دلایا۔

(۴) افلاطون یہ بھی فیثاغورس کا شاگرد تھا اور خاندان اہل علم سے تھا۔ سقراط کی موجودگی میں قریب قریب گمنام سا رہا اور اس کے بعد اس نے اپنا نام پیدا کیا۔

(۵) ارسطا طالیس نیقوما خوش کا بیٹا تھا اور صاحب المنطق کے لقب سے مشہور ہوا۔

بعد کے سارے فلاسفہ ارسطا طالیس کے رہین منت اور خوشہ چیں ہیں۔ ان پانچ کے بعد دوسرے درجے پر "تالیس الملطی" صاحب فیثاغورس "ذی مقراطیس" اور "انکساغورس" ہیں اور ارسطو کی کتابوں کے شارح ہونے کی حیثیت سے حسب ذیل نو فلسفی مشہور ہیں

(۱) ثاوٗ فرسطس (۲) اصطفن (۳) لیس یحیٰی بطریق اسکندریہ (۴) امونیوس (۵) سلیقوس (۶) شباوٗن (۷) فرفوریوس (۸) ثامطیوس (۹) افرودیسی۔

یونان میں بعض دوسرے فنون کے بھی بڑی بڑے کاملین گزرے ہیں مثلاً بقراط و جالینوس علم طبیعات و طب میں' "اقلیدس" علم ہندسہ میں' "ارشمیدس" علم الاذائر میں' "بطلیموس" اور "دیوجانس کلبی" علم المناظرہ و نجوم میں آپ اپنی نظیر تھے۔

مسلمان بادشاہوں میں سب سے پہلے عباسیہ خاندان کے خلیفہ ثانی ابو جعفر منصور نے علم فقہ کے ساتھ فلسفہ "منطق" اور "ہیئت" کو بھی حاصل کیا۔

اس کے کاتب عبداللہ بن المقفع الخطیب الفارسی مترجم "کلیلہ ومنہ" نے ارسطو کی حسب ذیل تین کتابیں عربی میں ترجمہ کر کے منطقی کے لقب سے شہرت حاصل کی۔

۱۔ قاطیغوریاس' ۲۔ ارمیناس اور ۳۔ انولوطیقا

خاندان عباسی کا ساتواں نامور خلیفہ مامون الرشید ۱۹۸ھ میں جب تخت خلافت

marfat.com

Marfat.com

پر بیٹھا تو اپنے ذوق کی بنا پر ان فنون کی طرف متوجہ ہوا۔ چنانچہ مامون کے لکھنے پر قیصر روم نے ارسطو کی کتابوں کا ذخیرہ بھیج دیا۔ (وزیر جمال الدین قفطی نے اخبار الحکماء میں اس کی تفصیل درج کی ہے)

پھر چوتھی صدی ہجری میں شاہ منصور ابن نوح سامانی کی درخواست پر حکیم ابو نصر فارابی نے ان کو مرمع و مہذب کر کے معلم ثانی کا لقب حاصل کیا۔

سلطان مسعود نے شیخ الرئیس ابو علی ابن سینا المتوفی ۴۲۷ھ / ۱۰۳۷ء کو اپنا وزیر بنا کر تصانیف فارابی سے اقتباس کر کے کتابیں لکھوائیں۔ سوء اتفاق کہ اس جانکاہی و سر مغزی کے بعد کتب خانہ نذر آتش ہو گیا تو ابن سینا محافظ علوم بن گئے۔ چنانچہ اب جو کچھ ہے اسی کی محنت کا ثمرہ ہے۔

اس کے بعد ابو محمد ابن احمد اندلسی و محمد زکریا بازاری صاحب تصانیف کثیرہ المتوفی ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء نے بھی چوتھی صدی ہجری میں اس پودے کو پروان چڑھانے میں کسر اٹھا نہ رکھی۔

پانچویں صدی ہجری اور اس کے بعد امام ابو حامد محمد ابن غزالی المتوفی ۵۰۵ھ علامہ ابن ارشد المتوفی ۱۱۹۸ء امام فخرالدین رازی المتوفی ۶۰۶ھ ابن تیمیہ الحرانی ۷۶۸ھ / ۱۳۳۷ء، نجم الدین قجوانی، ابن سلان اور افضل الدین خونجی وغیرہم نے ان فنون میں نئی نئی باریکیاں پیدا کیں۔ ابن خلدون نے ان تمام حضرات کا تذکرہ بڑے عمدہ پیرایہ میں کیا ہے۔

اس کے بعد نصیرالدین محقق طوسی، قطب الدین رازی، صدرالدین شیرازی، ملا جلال محقق دوانی، ملا محمود جون پوری صاحب شمس بازغہ و فرائد وغیرہم نے اس فن کو چار چاند لگائے۔ یہاں تک کہ سلاطین مغلیہ کے عہد میں عرب و عجم کے اہل فضل و کمال کا ایک جم غفیر تھا۔ حضرت امیر خسرو نے یکے بعد دیگرے سات بادشاہوں سے اعزاز حاصل کیا۔ مختلف انقلابات دیکھے مگر ہندستان سے منہ نہ موڑا۔

شعراء میں نظیری نیشاپوری، ملک قمی، عرفی، شیرازی، ظہوری، غزالی، مشہدی، ...الی شیرازی، کلیم ہمدانی، غنی کشمیری۔

marfat.com

Marfat.com

کتاب میں "شیریں قلم" "زریں قلم" "ہفت قلم"۔

علماء میں شیخ حسین وصی' مولانا فتح اللہ شیرازی المتوفی ۹۹۷ھ۔ مولانا مرزا سمر قندی' میر اسلم ہروی المتوفی ۱۰۶۱ھ' میرزاہد ہروی متوفی ۱۱۱۱ھ' مولانا میر کلاں معلم جہانگیر المتوفی ۹۸۳ھ' مولانا صدر جہاں' مولانا غازی خاں بدخشی وغیرہم جیسی علمی شخصیتوں سے ہندوستان جنت نشان بن گیا تھا۔ غرضیکہ ہر چہار طرف علوم ظاہری اور باطنی کے چشمے ابل رہے تھے۔

مسلمان بادشاہوں کی قدر دانی و علم دوستی کے صرف دو واقعے بطور شہادت پیش کیے جاتے ہیں جس سے اندازہ ہو گا کہ وہ علم و فنون جو آج صرف المماری کی زینت ہیں' یا جن کی درس و تدریس کا سلسلہ مسجد یا خانقاہ کی بوسیدہ چٹائیوں پر جاری ہے کسی وقت سلاطین کے دربار میں ان کی کیا قدر و قیمت تھی۔

سلطان محمد ابن تغلق شاہ نے مولانا معین الدین عمرانی دہلوی کو قاضی عضدالدین صاحب مواقف کی خدمت میں شیراز بھیج کر درخواست کی کہ ہر قیمت پر ہندوستان تشریف لا کر متن مواقف کو میرے نام معنون کر دیجیے۔

سلطان ابو اسحاق والئ شیراز کو پتہ چلا تو دوڑا ہوا علامہ قاضی عضدالدین کی خدمت میں پہنچ کر عرض پرداز ہوا کہ ہر خدمت کے لیے حاضر ہوں۔ تخت سلطنت کی خواہش ہو تو دست بردار ہونے کو تیار ہوں مگر خدا کے لیے شیراز کو یتیم نہ بنایئے۔ قاضی صاحب نے سلطان کی قدر دانی سے متاثر ہو کر ارادہ بدل دیا اور سلطان ہی کے نام پر کتاب معنون کر کے ہمیشہ کے لیے زندہ جاوید بنا دیا۔

دوسرا واقعہ علامہ امیر فتح اللہ شیرازی سے متعلق ہے۔ عادل شاہ بیجاپوری نے ہزاروں خواہشوں کے ساتھ دکن بلا کر اپنا وکیل مطلق بنا دیا اور ۹۸۱ھ میں اکبر بادشاہ نے صدر کل بنا کر ۹۹۳ھ میں امیر الملک اور عضدالدولہ کے خطاب سے نوازا۔

ہندوستان کے مشاہیر علماء ان کے حلقۂ درس میں شریک رہے اور انھیں کے زمانے سے علوم عقلیہ کو شاندار فروغ حاصل ہوا۔ ۹۹۷ھ میں ان کے انتقال کی خبر پر اکبر بادشاہ نے بڑا غم کیا' (جس کی تفصیل مآثر الکرام میں موجود ہے) البتہ فیضی کا ایک

marfat.com

Marfat.com

شعر سن لیجیے۔

شہنشاہ جہاں داور وقائش سینہ پرنم شد
سکندر اشک حسرت ریخت کا فلاطوں زعالم شد

یہی وہ قدر دانی و عزت افزائی تھی جس کے باعث حضرت علامہ فضل حق کے مورثان اعلیٰ شمس الدین اور بہاؤ الدین دونوں بھائیوں نے بھی ہندوستان کو رونق بخشی۔

**ولادت اور نسب** علامہ فضل حق خیر آبادی ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء میں اپنے آبائی وطن خیر البلاد خیر آباد میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد مولانا فضل امام خیر آبادی علماء عصر میں ممتاز اور علوم عقلیہ کے اعلیٰ درجہ پر سرفراز تھے۔ حضرت علامہ کے دادا حضرت مولانا ارشد ہرگام پور سے خیر آباد تشریف لا کر سکونت پذیر ہوئے تھے۔

**شجرۂ نسب** مولانا فضل حق، ابن مولانا فضل امام، ابن مولانا شیخ محمد ارشد، ابن حافظ محمد صالح، ابن ملا عبدالوحد، ابن عبدالماجد، ابن قاضی صدر الدین، ابن قاضی اسمٰعیل ہرگانوی، ابن قاضی بدایونی، ابن شیخ ارزانی، ابن شیخ منور، ابن شیخ نظیر الملک، ابن شیخ سالار شام، ابن شیخ وجیہ الملک، ابن شیخ بہاؤ الدین، ابن شیر الملک، شاہ ایرانی، ابن شاہ عطاء الملک، ابن ملک بادشاہ، ابن حاکم، ابن عادل، ابن تارون، ابن جرجیس، ابن احمد نامدار، ابن محمد شہریار، ابن محمد عثمان، ابن دان، ابن ہمایوں، ابن قریش، ابن سلیمان، ابن عفان، ابن عبداللہ، ابن محمد، ابن عبداللہ، ابن امیرالمومنین خلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔ اس طرح تینتیس واسطوں سے خلیفہ ثانی تک نسب گرامی پہنچتا ہے۔

علامہ کے مورث اعلیٰ شیر الملک ابن شاہ عطاء الملک ایرانی کے مورثان ایک قطعہ ملک ایران پر قابض و حکمران تھے۔ زوال ریاست پر دولت علم کمائی۔ شیر الملک کے دو صاحبزادے بہاؤ الدین اور شمس الدین ذی علم بزرگ تھے۔ یہ دونوں بھائی ایران، ہندوستان وارد ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

مولانا شمس الدین نے مسند افتاء ز ہتک سنبھالی۔ حضرت شاہ ولی اللہ ابن شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی انھیں کی اولاد سے تھے اور مولانا بہاؤالدین قبۃ الاسلام بدایوں کے مفتی ہوئے۔ ان کی اولاد میں شیخ ارزانی بدایونی نامور بزرگ اور اعلیٰ درجہ کے مفتی ہوئے۔

شیخ عماد الدین ابن شیخ ارزانی تحصیل علم کی خاطر قاضی ہرگام (ضلع سیتا پور اودھ) کی خدمت بابرکت میں پہنچے۔ قاضی صاحب نے تحقیق و شرافت و نجابت کے بعد اپنا داماد بنالیا اور ان سے شیخ اسمٰعیل پیدا ہوئے جن کی شادی سعدی کاکوروی کی دختر سے ہوئی' ان سے قاضی صدرالدین پیدا ہوئے' قاضی صاحب کے دو صاحبزادے ہوئے' ایک صاحبزادے "ملا عبدالواعظ" جو اورنگ زیب عالمگیر رحمتہ اللہ علیہ کے اتالیق رہے اور فتاویٰ عالمگیر کے مؤلفین سے ہیں۔

اس کے علاوہ "ہدایہ" "مطول" اور "ملاجلال" پر حاشے لکھے۔ ان کی شخصیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ملا قطب الدین شہید سہالوی (والد استاد الکل ملا نظام الدین سہالوی فرنگی محل ان سے ملاقات کے لیے ہرگام پہنچے تھے "ملا محب اللہ بہاری صاحب سلم" آپ کے درس میں شریک ہونا چاہتے تھے۔ آپ کے پاس وقت نہ تھا اس لیے سہالی جاکر ملا قطب الدین شہید کے شاگرد ہوئے۔

دوسرے صاحبزادے "ملا عبدالماجد ابن ملا عبدالواجد" فاضل جلیل تھے "کافیہ کی مبسوط شرح" اور "حاشیہ اقلیدس" لکھا اور "تعلیقات متفرقہ ہدایہ" پر لکھی۔ بہادر شاہ اول کے زمانے میں آتشزدگی کی وجہ سے تمام کتب خانہ جل گیا۔ ہرگام میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔

علامہ فضل حق کے دادا شیخ محمد ارشد نے ہرگام کو خیرباد کہہ کر خیر آباد کو آباد کیا۔ موصوف کی دوسری بیوی سے علامہ کے والد ماجد مولانا فضل امام خیر آبادی تھے۔

marfat.com

Marfat.com

# مختصر حالات مولانا فضل امام خیر آبادی

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

علامہ فضل حق کی تاریخ تشنہ تکمیل رہ جائے گی اگر علامہ کے والد محترم مولانا خیر آبادی کے حالات زندگی نہ پیش کیے گئے اس لئے ضمناً مولانا کے مختصر درج کیے جاتے ہیں۔

مولانا فضل امام بڑے طباع اور ذہین تھے۔ مولانا سید عبدالماجد کرمانی خیر آبادی کے ارشد تلامذہ سے تھے۔ علوم عقلیہ و نقلیہ انھیں سے حاصل کیا "میر زاہد رسالہ" اور "میر زاہد" ملا جلال پر حواشی لکھے۔ اس کے علاوہ اور بھی بیسیوں مفید اور معرکتہ الآراء کتابیں لکھی ہیں جن کا نام معلوم ہو سکا وہ درج کی جاتی ہیں۔

منطق میں مشہور تصنیف "مرقات" ہے جو تمام مدارس عربیہ میں داخل نصاب ہے حاشیہ افق المبین' تلخیص الشفاء نخبۃ السر اور آمدنامہ تصنیف کیا۔ ان میں سے بعض کتابیں غیر مطبوعہ ہیں جن میں سے بعض مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور لاہرپور اور بعض عبداللہ خاں رئیس ٹونک کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ علمی قابلیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ ایک جانب شاہ عبدالعزیز صاحب اور شاہ عبدالقادر صاحب کا ڈنکا معقولات میں بج رہا تھا۔ اور دوسری طرف اسی دہلی میں مولانا فضل امام کے معقولات کا سکہ چل رہا تھا۔ ہند اور بیرون ہند کے طلباء دونوں دریاؤں سے سیراب ہو رہے تھے۔ سرسید احمد خاں بانی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے آثار الصنادید میں مولانا فضل امام کا تذکرہ جس عقیدت مندی سے کیا ہے وہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ ابتداء ان صفات و القاب سے کی ہے۔

"اکمل افراد نوع السنی' مہبط انوار فیوض قدسی' سراب سرچشمہ عین الیقین' موسس اساس ملت و دین ماحی آثار جہل بادم بنائے اعتساف' محی مراسم علم بانی مبانی انصاف' قدوہ علماء فحول' حاوی معقول منقول' سند اکابر روزگار' مرجع اعالی و دانی ہر دیار' عزاجدان شخص کمال' جامع

marfat.com
Marfat.com

صفات جلال و جمال مورد فیض ازل و ابد' مطرح انظار سعادت سرمد'
مصداق مفہوم تمام اجزاء و اسطۃ العقد' سلسلہ حکمت اشراقی و مشائی زبدۃ کرام اسوۂ عظام' متعمد ارانام' مولانا مخدومنا مولوی فضل امام ادخلہ اللہ القام فی جنۃ النعیم بلطفہ العمیم"

مجھے حیرت ہے علماء دیوبند پر جو "شاہ ولی اللہ صاحب" کے حالات زندگی پر قلم اٹھاتے ہیں لیکن اپنے ان محسنین کو نہ صرف نظرانداز ہی کر دیتے ہیں بلکہ بعض اوقات انھیں مطعون و متہم بھی قرار دیتے ہیں۔ کاش علماء دیوبند حقیقت پسندی سے کام لیتے اور ٹھنڈے دل سے سوچتے کہ ان کے وہ محسنین جن کی کتابیں آج بھی دارالعلوم دیوبند میں داخل نصاب ہیں ان کے ساتھ ان کا کیا برتاؤ ہے۔ کیا مولانا فضل امام و علامہ فضل حق اسی سب و شتم کے مستحق ہیں جس گھناؤنے انداز میں علماء دیوبند انہیں یاد کرتے ہیں۔

برا ہو اس عصبیت و تنگ نظری کا جس نے اپنے و بیگانے کی بھی تمیز باقی نہ رکھی۔ سچ تو یہ ہے کہ علماء دیوبند گالی دینے میں اپنی فطرت و عادت سے مجبور ہیں جبکہ علماء دیوبند رسول خدا ﷺ کو گالی دینے میں نہیں چوکتے' تو مولانا فضل امام و علامہ فضل حق کس شمار و قطار میں ہیں۔

یہی ہیں وہ علماء دیوبند جنھوں نے اپنی کتابوں میں محبوب کردگار رسول کائنات ﷺ کو چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر لکھا ہے۔ العیاذ باللہ من ذالک

چنانچہ مولوی محمد میاں دیوبندی مراد آبادی مولف علماء ہند کا شاندار ماضی نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کا تذکرہ کرتے ہوئے علامہ فضل حق خیر آبادی کے دامن علم و ادب پر کیچڑ اچھالنے کی سعی ناکام کی ہے۔

ہاں اگر "علمائے ہند کا شاندار ماضی" کے بجائے "اکابر جمعتہ العلماء ہند کا شاندار ماضی" اس کتاب کے نام ہوتا تو اب اس نام کے پردے میں مولف کو بہت کچھ کہنے کا اختیار تھا لیکن جب کہ کتاب کا سرورق علماء ہند کے جلی قلم سے آراستہ ہو تو مولف کا کس قدر بجل ہے کہ دوسرے علماء ہند کو نہ صرف ناقابل اعتناء ہی تصور کیا بلکہ

marfat.com
Marfat.com

شہرہ آفاق و نامور علماء اہلسنت کو مطعون و متہم قرار دیا۔ بات اپنے موضوع سے دور ہو گئی۔ مجھے ذیلی طور پر مولانا فضل امام رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں ایک اجمالی نقشہ پیش کرنا ہے۔

حضرت مولانا فضل امام علوم ظاہری کے ساتھ روحانیت میں بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ آپ کے والد شیخ محمد ارشد مولانا احمد ابن حاجی صفت اللہ محدث خیر آبادی سے بیعت تھے اپ کے ایک صاحبزادے عالم جوانی میں قضا کر گئے باقی باقتضا نوعمری احکام شرعیہ کے پابند نہ تھے اس لیے مولانا ارشد صاحب کو تشویش رہتی تھی اور ایک بار عالم اضطراب و بے چینی میں پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شیخ طریقت سے دعا کی درخواست کی اور مرشد کامل نے دعا فرمائی۔ چنانچہ شب میں سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی کہ سرکار کائنات ﷺ کچے باغ میں تشریف لائے اور بیل کے درخت کے نیچے وضو فرمایا اور بعد نماز فرض پیر و مرید دونوں ایک دوسرے کو مبارکباد دینے روانہ ہوئے۔ راستے میں دونوں کی ملاقات ہوئی تو ایک دوسرے کو بشارت کا حال بتایا اور وہیں سے دونوں کچے باغ میں پہنچے تو دیکھا کہ مقام معہود پر وضو کا اثر یعنی پانی کی تری موجود تھی۔ ایک عرصے تک لوگ اس جگہ کی زیارت کرتے رہے۔

چنانچہ شیخ الاسلام حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب بریلوی رحمتہ اللہ علیہ مقتداء ملت تاجدار اہل سنت سیدی امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کو ۱۳۰۹ھ میں ساتھ لے کر بریلی شریف کے خیر آباد اس مقام کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے اور مولانا حسن بخش کے یہاں مہمان ہوئے تھے۔ افسوس نہ اب وہ مکان باقی رہا اور نہ ہی اس جگہ کا پتہ چل سکتا ہے۔

مولانا فضل امام کے ہزاروں تلامذہ میں مفتی صدرالدین اور علامہ فضل حق شہرۂ آفاق ہیں۔ مفتی صدرالدین صاحب دہلی میں ۱۲۰۴ھ مطابق ۱۷۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ تاریخ ولادت "چراغ" ہے باپ دادا کشمیری تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب، شاہ عبدالقادر صاحب اور فضل امام کے شاگرد رشید اور علامہ فضل حق کے ہم سبق

marfat.com

Marfat.com

تھے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں بغاوت کے الزام میں قید کر لیے گئے۔ جائداد ضبط کر لی گئی۔ ۲۴ ربیع الاول شریف ۱۲۵۸ھ مطابق ۱۸۶۸ء میں وفات پائی۔

"چراغ دو جہاں بود مادۂ تاریخ ہے۔ مرزا غالب بھی جو مفتی صدرالدین صاحب اور علامہ فضل حق کے جلیس و ہم نشین تھے۔ اسی سال راہی ملک عدم ہوئے۔ حضرت فضل امام خیر آبادی نے ۵ ذیقعدہ ۱۲۴۰ھ مطابق ۱۸۲۴ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

مرزا غالب نے حسب ذیل تاریخ وفات لکھی:

اے دریغا قدوۂ ارباب فضل
کرد سوئے جنت الماوی خرام

چوں ارادت از پے کسب شرف
جست سال فوت آں عالی مقام

چہرۂ ہستی خراشیدم نخست
تا بنائے تخرجہ گردد تمام

گفتم اندر سایۂ لطف نبی
باد آرامش گہہ فضل امام

۱۲۴۰ھ

# حضرت علامہ فضل حق

آ چشم آرزو کی کہر باریاں تو دیکھ
لٹتے ہیں صبح و شام خزانے نئے نئے

علامہ کی تعلیم و تربیت مولانا فضل حق نے آنکھ کھولی تو گرد و پیش علم و فضل عمارت و ریاست کو جلوہ گر دیکھا۔ یہی وجہ تھی کہ علامہ صاحبزادے ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بعد مادی ریاست سے محروم ہو کر بھی مستغنی اور کوہ وقار رہے۔ ہندوستان

marfat.com
Marfat.com

کے مشہور مردم خیز قصبات میں خیر آباد کا نام بھی صدیوں سے رہا ہے۔ شاہی زمانہ کا کشوری کا پایۂ تخت بھی رہ چکا ہے۔ بڑے بڑے علماء و مشائخ کے مزارات آج بھی زیارت گاہ خلائق ہیں جس وقت علامہ فضل حق خیر آباد سے دہلی پہنچے تو ایک سے بڑھ کر ایک باکمال نظر آئے۔ مفسرین' محدثین' فقہاء' فلاسفہ اولیاء' شعراء۔ جس طبقے پر نظر ڈالیے' تو سب ہی موجود تھے۔ آپ کے والد ماجد مولانا فضل امام مکان کے علاوہ ہاتھی اور پالکی پر بھی دربار آتے جاتے وقت ساتھ بٹھا کر درس دیتے تھے اور صغر سنی ہی میں معقولات میں اپنے جیسا یگانہ روزگار بنا لیا تھا اور منقولات کی تحصیل کے لیے شاہ عبدالقادر محدث رحمتہ اللہ علیہ اور شاہ عبدالعزیز محدث رحمتہ اللہ علیہ کی درس گاہ میں پہنچا دیا۔

**ذکاوت و ذہانت** چنانچہ حضرت علامہ نے ۱۲۲۵ھ / مطابق ۱۸۰۹ء تیرہ سال کی عمر میں تمام مروجہ علوم عقلیہ و نقلیہ کی تکمیل اور چار ماہ کچھ روز میں قرآن پاک حفظ کیا۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے جب رد شیعہ میں تحفہ اثنا عشری تحریر فرمائی' شیعان ہند کی طرح ایران میں بھی ہیجان پیدا ہوا۔ ایران سے میر باقر داماد صاحب افق المبین کے خاندان کا مجتہد فریقین کی کتابیں لے کر شاہ صاحب سے مناظرہ کے لیے دہلی پہنچا' خانقاہ میں داخل ہونے پر شاہ صاحب نے فرائض میزبانی ادا فرماتے ہوئے قیام کے لیے مناسب جگہ تجویز فرما دی۔ شام کو مولانا فضل حق حاضر ہوئے تو شاہ صاحب کو معروف مہمان نوازی دیکھ کر کیفیت معلوم کی اور بعد مغرب مجتہد صاحب کی خدمت میں پہنچے۔ مجتہد صاحب نے پوچھا' میاں صاحبزادے! کیا پڑھتے ہو؟ عرض کیا "اشارات" "شفاء" اور "افق المبین" وغیرہ دیکھتا ہوں۔ مجتہد صاحب کو بڑی حیرت ہوئی اور "افق المبین" کی کسی عبارت کا مطلب پوچھ لیا۔ علامہ فضل حق نے ایسی مدلل تقریر کی کہ متعدد اعتراضات صاحب افق المبین پر کر گئے۔ معزز مہمان نے اعتراضات کے جواب دہی کی کوشش کی تو ان کو جان چھڑانا اور بھی دوبھر ہو گئی۔ جب خوب عاجز کر لیا تو اپنے شبہات کے ایسے انداز میں جوابات دیئے کہ تمام ہمراہی علماء بھی انگشت بدنداں ہو گئے۔ آخر میں یہ بھی اظہار کر دیا کہ میں شاہ صاحب کا ادنیٰ

marfat.com

Marfat.com

شاگرد ہوں اور اظہار معذرت کے بعد رخصت ہو گئے۔ علماء ایران نے اندازہ کر لیا کہ جب خانقاہ کے بچوں کے علم و فضل کا یہ عالم ہے تو شیخ خانقاہ کا کیا حال ہو گا۔ چنانچہ صبح کو جب خیریت طلبی کے لیے مہمان کے لیے شاہ صاحب نے آدمی بھیجا تو پتہ چلا کہ مجتہد صاحب آخری شب میں دہلی سے روانہ ہو چکے ہیں۔

**ایک لطیفہ** دہلی کے کسی پل پر کسی وجہ سے آمدورفت ممنوع قرار دے گئی تھی۔ علامہ کے پاس کچھ لوگ آئے اور ایک بارات لے جانے کی بعد منت و سماجت چاہی۔ علامہ نے ایک دستخطی پرچے پر لکھ دیا "روکو مت جانے دو" محافظین نے پرچہ دیکھ کر بارات کو نکل جانے دیا۔ حکومت کی طرف سے جواب طلب کیا گیا۔ علامہ نے اپنی زیرکی و دانائی میں فرمایا میں نے تو لکھا تھا کہ "روکو' مت جانے دو" اس سے غریبوں کا بھی کام نکل گیا اور اپنے اوپر الزام بھی نہ آنے دیا۔

**سخن فہمی** عام علماء کی طرح علامہ شعر و سخن کے فن سے بے خبر نہ تھے۔ شعر گوئی کے مانند سخن فہمی میں بھی کمال حاصل تھا۔ وطن مالوف خیر آباد جہاں علماء و صلحاء کا منبع و مسکن چلا آ رہا تھا' وہیں لکھنؤ کے قرب اور اپنی زمین مردم خیز کی وجہ سے معدن شعراء بھی بنا ہوا تھا۔ علامہ کے دور میں حاجی تراب علی نامی۔ منشی قدرت حسین قدرت۔ مولوی مظفر حسین شوخی۔ منشی محمد جعفر زہری۔ منشی بہاری لال خاوری۔ منشی موہن لال گرامی۔ مولوی الٰہی بخش نازش۔ مولوی فضل عظیم عظیم و غیرہم گلستان شاعری کے مختلف رنگ و بو رکھنے والے شگفتہ پھول تھے اور خیر آباد کی یہی وہ علمی و ادبی فضا تھی جس نے آخری دور میں بھی ریاض مضطر' وسیم' کوثر' بسمل' نیر اور اختر جیسے صاحب دیوان و باکمال شعراء پیدا کیے' جنھوں نے لکھنؤی اسکول کی شان کو چار چاند لگائے۔

علامہ ریذیڈنٹ کے محکمے کے سر رشتہ دار ہو چکے تھے۔ ولی عہد سے دوستانہ مراسم تھے۔ قلعہ میں آمدورفت رہتی تھی۔ بڑے بڑے کہنہ مشق شاعر مولوی امام بخش صہبائی' علامہ عبداللہ خاں علوی' حکیم مومن خاں مومن' مفتی صدرالدین خاں آزردہ' مرزہ اسد اللہ خاں غالب' نواب ضیاء الدین خاں نیر' شاہ نصیرالدین خان

marfat.com

Marfat.com

نصیر، شیخ محمد ابراہیم ذوق، حکیم آغا خاں عیش، حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان، میر حسن تسکین، اور نہ جانے کتنے سخن داران باکمال کا جم گھٹا تھا۔ جب یہ لوگ ایک جگہ جمع ہوتے ہوں گے تو آسمان کو بھی زمین پر رشک آتا ہو گا۔

یہی وجہ تھی کہ مرزا غالب سے علامہ کے پرخلوص اور گہرے تعلقات تھے۔ علامہ نے مرزا کی اکثر غزلوں کو سنا اور دیوان کو دیکھا تو مرزا صاحب کو سمجھایا کہ یہ اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئیں گے۔ چنانچہ حالی نے آب حیات صفحہ ۱۵۲ پر تذکرہ کیا ہے کہ مولانا فضل حق کی تحریک سے مرزا نے اپنے اردو کلام میں سے جو اس وقت موجود تھا، دو ثلث کے قریب نکال ڈالا اور اس کے بعد اس روش پر چلنا بالکل چھوڑ دیا۔ مرزا غالب نے اسی سے متاثر ہو کر یہ رباعی کہی تھی:

مشکل ہے زبس کلام مرا اے دل
سن سن کے اسے سخن وران کامل
آسان کرنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل و گر نگویم مشکل

بقول مولانا حالی علامہ کی سخن فہمی کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ مرزا کے ایک فارسی قصیدے کی تشبیب کا یہ شعر ہے۔

ہم چناں درتتق غیب ثبوتے دارند
بوجودے کہ ندارند خارج اعیاں

مذکورہ بالا شعر سے متعلق مرزا غالب نے مولانا حالی سے تذکرہ کیا کہ میں نے ثبوتے کی جگہ "نمودے" لکھا تھا۔ مولوی فضل حق کو جب یہ شعر سنایا تو انھوں نے کہا کہ اعیان ثابتہ کے لیے نمود کا لفظ مناسب ہے اس کی جگہ ثبوت بنا دو۔ چنانچہ طبع ثانی میں بجائے نمود کے ثبوت بنا دیا ہے (یادگار غالب صفحہ۷۹) اہل علم جانتے ہیں کہ اس اصلاح نے فلسفیانہ اصلاح کے مطابق شعر کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔

یہی وہ علل و اسباب ہیں جنھوں نے مرزا غالب کو مسئلہ امکان نظیر اور امتناع نظیر پر قلم اٹھانے کے لیے مجبور کیا۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی اور مولوی فضل حق خیر

marfat.com
Marfat.com

آبادی کے مابین جہاں رفع یدین' آمین بالجہر جیسے مسائل پر اختلاف تھا وہیں سب سے اہم مسئلہ امکان و نظیر کا تھا۔

اس مسئلہ میں مولوی اسمٰعیل کی رائے یہ تھی کہ خاتم النبین کا مثل ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے اور حضرت علامہ ممتنع بالذات مانتے تھے۔ اس مسئلہ پر علامہ کی مستقل کتاب مناظرانہ انداز پر امتناع نظیر کے نام سے ۱۹۰۸ء میں موصوف کے تلیذ التلمیذ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف بہاری رحمتہ اللہ علیہ سابق صدر دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے زیر اہتمام شائع ہو چکی ہے اور حضرت علامہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا اصلی مسودہ کتب خانہ حبیب گنج میں موجود ہے۔ اس کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی نظیر کے ممتنع بالذات ہونے پر جو دلائل و براہین قائم کئے ہیں انھیں دیکھ کر بے ساختہ مرحبا و احسنت زبان پر آتا ہے۔ حضرت علامہ نے علمی و فنی حیثیت سے وہ گلکاریاں کی ہیں کہ صفحات کتاب تختہ چمنستان بن گئے ہیں۔ یہ تو پہلے گزر ہی چکا ہے کہ مرزا اسد اللہ خان غالب سے علامہ کے بڑے گہرے تعلقات تھے۔ علامہ کا رحجان طبع دیکھ کر اسی موضوع پر ایک مثنوی لکھ ڈالی جو کلیات غالب میں مثنویات کے سلسلے میں چھٹی مثنوی ہے۔ غالب کے انداز بیان کا یہ کچھ کم کمال نہیں کہ ایسے مشکل مسئلہ کو ایسی روانی اور خوبی سے سمجھا دیا۔ علامہ اور دوسرے اہل فضل و کمال کی صحبت نے غالب کو فی الواقع بنا دیا تھا۔

چنانچہ غالب لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| یک جہاں تا ہست یک خاتم بس ست | قدرت حق را نہ یک عالم بس ست |
| خواہد از ہر ذرہ آرد عالمے | ہر بود ہر عالمے را خاتمے |
| ہر کجا ہنگامۂ عالم بود | رحمۃ للعالمینے ہم بود |
| کثرت ابداع عالم خوب تر | یا بیک عالم دو خاتم خوب تر |
| در یکے عالم دو ما خاتم مجوئے | صد ہزاراں عالم و خاتم بگوئے |
| غالب ایں اندیشہ نپذیرم ہمی | خردہ ہم بر خویش می گیرم ہمی |
| اے کہ ختم المرسلینش خواندۂ | دانم از روئے یقینش خواندۂ |

marfat.com

Marfat.com

این الف لامے کہ استغراق راست | حکم ناطق معنی اطلاق راست
منشاء ایجاد ہر عالم یکے است | گرد و صد عالم بود خاتم یکے است
منفرد اندر کمال ذاتی است | لاجرم "مثلش" محال ذاتی است

زیں عقیدت برنگردم والسلام
نامہ را دری نور دم والسلام

غالب نے ان اشعار میں ابتدائی پانچ شعروں میں اپنی قابلیت سے ایک حل نکالنے کی کوشش کی جس میں دونوں کی بات رہ جاتی اور وہ کہ خاتم النبین اللہ تعالیٰ نے اس عالم کے لیے بنایا ہے اس میں محمد رسول اللہ ﷺ کی نظیر پیدا ہونا محال اور ممتنع بالذات ہے لیکن خدا دوسرا عالم بنا کر آدم سے عیسیٰ علیہ السلام تک اس عالم کے لیے پیغمبر پیدا کرے اور آخر میں محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبین بنا سکتا ہے۔ اس طرح امکان نظیر کی صورت نکل سکتی ہے۔ مگر پھر آخری چھ اشعار میں اس خیال کو رد کرتے ہوئے حضرت علامہ کی رائے سے اتفاق کرنا پڑا ہے اور پھر اسی رائے سے اپنی موافقت ظاہر کرتے ہوئے جس مدلل طریقہ پر اسے ثابت کیا ہے' یہ غالب ہی کا حصہ ہے۔(ثورۃ الہندیہ)

ناظرین نے اس مختصری علمی گفتگو کے بعد حضرت علامہ فضل حق کی جلالت علم کا اندازہ کرلیا ہوگا کہ وہ اپنے معاصرین میں کس درجہ ممتاز و بے نظیر تھے۔ سرسید احمد خان بانی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے موصوف کے والد ماجد فضل امام کے متعلق جن تاثرات کا اظہار آثار الصنادید میں کیا ہے وہ مولانا کے حالات میں پیچھے گزر چکا ہے۔ علامہ کے متعلق بھی سرسید احمد خاں کی رائے ملاحظہ کرتے چلیں:

"مستجمع کمالات صوری و معنوی' جامع فضائل ظاہری و باطنی' بناء بنا فضل و افضال بہار آرائے چمنستان کمال' حکمی اصابت رائے مسند نشین دیوان افکار رسائے' صاحب خلق محمدی' مورد سعادت ازلی و ابدی' حاکم و محاکم مناظرات' فرمانروائے کشور محاکمات' عکس آئینہ صافی ضمیری' ثالث اثنین بدیعی و حریری' المعی وقت و موزعی اوان' فرزدق عہد و

marfat.com
Marfat.com

لبید دوراں، مبطل باطل و محقق حق، مولانا محمد فضل حق"" یہ حضرت خلف الرشید ہیں جناب مستطاب مولانا فضل امام غفراللہ لہ، المنعام کے اور تحصیل علوم عقلیہ اور نقلیہ کی اپنے والد ماجد کی خدمت بابرکت میں کی ہے۔ زبان قلم نے ان کے کمالات پر نظر کر کے فخر خاندان لکھا اور فکر دقیق نے جب سرکار کو دریافت کیا فخر جہاں پایا۔

جمیع علوم و فنون میں یکتائے روزگار ہیں اور منطق و حکمت کی تو گویا انہیں کی فکر عالی نے بنا ڈالی ہے۔ علماء عصر بلکہ فضلاء دہر کو کیا طاقت ہے کہ اس گروہ اہل کمال کے حضور میں بساط مناظرانہ آراستہ کر سکیں۔ بارہا دیکھا گیا کہ جو لوگ آپ کو یگانۂ فن سمجھتے تھے جب ان کی زبان سے ایک حرف سنا دعوائے کمال کو فراموش کر کے نسبت شاگردی کو اپنا فخر سمجھے باایں ہمہ کمالات علم و ادب میں ایسا علم سرفرازی بلند کیا ہے کہ فصاحت کے واسطے ان کی عبارت شستہ مخفر عروج معارج ہے اور بلاغت کے واسطے ان کی طبع رسا دستاویز بلندی معارج ہے۔

سحبان کو ان کی فصاحت سے سرمایۂ خوش بیانی اور امراء القیس کو ان کے افکار بلند سے دست گاہ عروج، معانی، الفاظ پاکیزہ، ان کے رشک گوہر خوش آب اور معانی رنگین ان کے غیرت لعل ناب سرو، ان کی سطور عبارت کے آگے پابہ گل اور گل ان کی عبارت رنگین کے سامنے خجل"

حضرت علامہ کے متعلق مولوی رحمٰن علی لکھتے ہیں:

"در علوم منطق و حکمت و فلسفہ و ادب و کلام و اصول و شعر فائق الاقران و استحضارے فوق البیان داشت" (تذکرۂ علماء ہند)

حضرت علامہ کے متعلق منشی امیر احمد مینائی "انتخاب یادگار" میں رقمطراز ہیں:

"افضل الفضلاء، اکمل الکملاء، فضائل دستگاہ، فواضل پناہ جناب مولانا مولوی فضل حق صاحب فاروقی برد اللہ مضجعہ، فنون حکمیہ میں مرتبۂ اجتہاد بڑے ادیب، بڑے منطقی، نہایت ذہین، نہایت ذکی، طلیق و ذلیق، انتہا کے صاحب تدقیق و تحقیق"

marfat.com

Marfat.com

مفتی انعام اللہ خاں بہادر شہابی گوپاموی سر رشتہ دار سر ایڈورڈ کوبرک ریذیڈنٹ دہلی لکھتے ہیں:

"برادرم مولوی فضل حق از فحول علماء زماں و زیگانۂ دوراں است۔ خصوصا در علوم عقلیہ گوئے سبقت ربودہ و بوفور علم و دانش در اطراف عالم بغایت دریں وقت مشہور است" (خزینۃ الاولیاء)

ایک بار مولوی اکرام اللہ شہابی گوپاموی نے شمس العلماء حضرت مولانا عبدالحق خیر آبادی سے پوچھا۔ بھائی صاحب! دنیا میں حکیم کا اطلاق کن کن پر ہے؟ مولانا کہنے لگے بھیا! ساڑھے تین حکیم دنیا میں ہیں:

"ایک معلم اول ارسطو' دوسرے معلم ثانی فارابی' تیسرے والد ماجد مولانا فضل حق اور نصف بندہ" (ثورۃ الہندیہ)

وقت کے اکابر معاصرین کی شہادتوں کے بعد مرزا حیرت دہلوی اور علماء دیوبند و اراکین جمعیۃ العلماء ہند کی جرأت و جسارت پر حیرت ہوتی ہے جو مولوی اسمٰعیل دہلوی کے تذکرے کے ساتھ حضرت علامہ کا نام لینا بھی گوارا نہیں کرتے اور غور کیجئے تو حیرت کی کوئی بات نہیں۔ وہ علماء دیوبند جو آقائے دوجہاں ﷺ کے فضائل و مناقب برداشت نہیں کر سکتے۔ اگر وہ فضل حق کے کمالات کے منکر ہو گئے تو حیرت کیوں ہے؟ مردہ قوموں اور بد طینت گروہوں کا خاصا بھی یہی رہا ہے کہ اسلاف پر نکتہ چینی اور بہتان تراشی شعار بنایا گیا ہے۔ غضب کر دیا دیوبندی مکتبۂ فکر نے جس نے دعوئ اسلام کے باوجود پیغمبر اسلام ﷺ تک کو نہ چھوڑا کہیں ذرہ ناچیز سے کمتر اور کہیں چمار سے زیادہ ذلیل کہا۔ علماء دیوبند کے سرکردہ مولوی اسمٰعیل نے تو اسلام کے لیبل پر نئی توحید اور نئی رسالت کا خاکہ کھینچا جس میں روز بروز حضرات دیوبند رنگ بھرتے جا رہے ہیں۔ مثلاً علماء دیوبند کا یہ عقیدہ ہے کہ "خدا کا جھوٹ بولنا ممکن ہے یا یہ کہنا کہ علم غیب اللہ ہی کا خاصہ ہے۔ یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے جب چاہیں غیب معلوم کر لیں" معاذ اللہ گویا وہ جاہل ہے اور غیب سے نابلد ہے جب چاہتا ہے معلوم کر لیتا ہے۔ اسی توحید پر آج علماء دیوبند کو غرور ہے۔ ایسے ہی رسول کے

marfat.com
Marfat.com

بارے میں علماء دیوبند کا یہ کہنا کہ رسول مر کر مٹی میں مل گئے یا یہ کہنا کہ نماز میں گائے بیل کا خیال لانے سے نماز ہو جائے گی مگر رسول خدا کا خیال لانے سے نماز فاسد ہو جائے گی یا یہ کہنا کہ رسول ایسے ہی ہے جیسے گاؤں کا چودھری وغیرہ وغیرہ۔ ایسے دریدہ دہن و پراگندہ ذہن والے جنھیں تنقیص الوہیت و توہین نبوت میں کوئی اندیشہ نہیں۔ اگر وہ فضل حق اور امام احمد رضا کو گالیاں دیں تو کیا تعجب ہے؟ وہ رسول خدا کو گالیاں دیتے رہیں ہم ان پر راہ ہدایت پیش کرتے رہیں۔ یہ ہوتا آیا ہے اور ہوتا رہے گا۔

سبو اپنا اپنا ہے جام اپنا اپنا
کیے جاؤ میخوارو کام اپنا اپنا

# حضرت علامہ کی سیاسی زندگی

رگ و پے میں جب اترے زہر غم تو دیکھئے کیا ہے؟
ابھی تو تلخی کام جگر کی آزمائش ہے

حضرت علامہ کا دور مسلمانوں کے حق میں بڑا ہی پرفتن دور تھا۔ سات سو سال سے ہندوستان پر مسلمانوں کی حکمرانی تھی۔ تین سو سال سے سلاطین مغلیہ کا ڈنکا بج رہا تھا۔ لیکن ۱۷۵۷ء کی جنگ پلاسی کے بعد اسے گھن لگ چکا تھا۔ ۱۷۹۹ء میں جنگ میسور اور سلطان ٹیپو کی موت نے مسلمانوں کا حوصلہ پست کر دیا تھا۔ ۱۸۰۳ء میں فتح دہلی کے موقع پر لارڈ لیک کے معاہدہ سے اس کے خاتمہ کی نوبت آگئی تھی۔ رہی سہی شان و عزت ۱۸۰۶ میں اکبر شاہ ثانی کی جاتی رہی۔ علماء اور اولیاء اسلام اپنی روحانیت اور علم و عمل کے ذریعہ استحکام سلطنت میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ ہندوستان کی سیاست میں علماء اسلام کا ہمیشہ سب سے بڑا ہاتھ رہا ہے۔ آخر دور میں مجدد الف ثانی سے لے کر مجاہد جلیل علامہ فضل حق خیر آبادی اور دوسرے مجاہدین ملت اور سرفروشان امت پیش پیش رہے اور آج بھی ملک کا باخبر حلقہ دیکھ رہا ہے جبکہ اراکین جمیعۃ علماء ہند اسمبلی و پارلیمنٹ کی کرسیوں پر گورنمنٹ سے تنخواہ لے رہے ہیں۔ فضل حق کے علمی خاندان کا ایک کفن بردوش رہنما جس کا نام (مجاہد ملت)

marfat.com
Marfat.com

مولانا حبیب الرحمن ہے۔ وہ تحفظ ناموس رسول کی خاطر سلطان پورا اور غازی پور کی جیل میں رسی بٹ رہا ہے۔

یہی وہ علماء اہل سنت ہیں جن کا نام تاریخ ہند میں ہمیشہ سنہری حرفوں سے لکھا جائے گا

اک خونچکاں کفن میں ہزاروں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

جس وقت علامہ دہلی سے بد دل ہو کر جھجر' الور' ٹونک اور رام پور میں باعزت عہدہ سنبھالتے ہوئے ۱۸۴۸ء میں لکھنؤ میں حضور تحصیل کے مہتمم و صدر الصدور ہو گئے۔ بالا کوٹ کے حادثے نے قلب و دماغ پر بڑا اثر ڈالا تھا لکھنؤ پہنچنے کے بعد ہی ہنومان گڑھی اجودھیا کا حادثہ فاجعہ پیش آگیا۔ وہاں کے مہنتوں نے مسجد میں اذان دینا روک دیا تھا۔ کوئی بھولا بھٹکا مسافر اگر مسجد میں جا نکلتا تو مار پیٹ کر نکال دیا جاتا' غرضیکہ جبر و ظلم اپنے شباب پر تھا۔ ۱۳ ذیقعدہ ۱۲۷۱ھ کے مطابق جولائی ۱۸۵۵ء شاہ غلام حسین اور مولوی محمد صالح اعلاء کلمۃ اللہ کی خاطر جہاد پر آمادہ ہو کر ہنومان گڑھی پہنچے۔ بیراگیوں سے مقابلہ ہوا' قرآن شریف پرزہ پرزہ کر کے پاؤں سے مسلا گیا۔ جوتے پہن کر داخل مسجد ہو کر سنکھ بجائے گئے۔ دو سو ستر مسلمان شہید ہوئے۔ اس خونی حادثہ پر مولانا شاہ امیر علی رحمۃ اللہ علیہ ساکن امیٹھی سے نہ رہا گیا اور مسلمانوں کو آمادہ جہاد کیا جبکہ پانی سر سے اونچا ہو چکا۔ تب واجد علی شاہ والی لکھنؤ کو ہوش آیا۔ ان ہی دنوں حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی مرد میدان ہو کر جہاد میں شریک ہوئے لیکن حالات بد سے بد تر ہوتے گئے۔ رودولی جاتے ہوئے راہ میں ۲۶ صفر ۱۲۷۲ھ مطابق ۷ نومبر ۱۸۵۵ء بروز چہار شنبہ گوروں کی پلٹن نے گھیر کر مسلمانوں کو نماز ظہر کی باجماعت ادا کرتے ہوئے توپ کے گولوں سے شہید کر دیا جو بچ رہے تھے ان کا تعاقب راجہ شیر بہادر سنگھ کے آدمیوں نے دس بارہ کوس تک کر کے چھ سو آدمیوں کے سر اڑا دیے "سر میدان کفن بدوش دارم" (۱۲۷۲ھ) مادۂ تاریخ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

رسولی کے ایک مجذوب نے "وانه علی ذالک لشهید (۱۲۷۲ھ) سے
تاریخ نکالی ہے۔ اسلامی حکومت میں خاص اسلامی مسئلہ پر مسلمانوں کی اس بے دردی
سے خونریزی۔

آسماں را حق بود گر خوں ببارد بر زمیں

آسمان تھرا اٹھا' زمین کو زلزلہ آگیا' خدا کا قہر لارڈ ڈلہوزی کی شکل میں نمودار
ہوا۔ دو شنبہ ۴ فروری ۱۸۵۶ء کو جنرل اوٹرم ریذیڈنٹ کپتان ہیز اور جنرل ویلہ
گورنر کا عہد نامہ لے کر بادشاہ اودھ واجد علی شاہ کے پاس آیا اور معزولی کا حکم دیا۔
بادشاہ نے دستخط سے انکار کرتے ہوئے ہزار منت و سماجت کی' لندن تک کوشش کی
لیکن بے سود ثابت ہوئی۔ یہاں تک کہ کلکتہ لے جا کر مٹیا برج میں بند کر دیا۔ "لکھنؤ
خراب شد واویلا" تاریخ نکالی گئی۔ غرضیکہ اس طرح والیان اودھ کی مدت وزارت
پینتالیس (۴۵) سال تین ماہ چوبیس دن اور مدت بادشاہت اکتالیس سال رہی۔ اور
والیان اودھ اپنے پیچھے عیش پرستی کی ہزاروں داستانیں چھوڑ گئے۔

سلطنت اودھ کی بربادی میں سب سے بڑا ہاتھ نواب میر علی نقی کا تھا۔ امین
الدولہ کی معزولی کے بعد ۱۹ رجب ۱۲۶۳ھ مطابق ۹ جولائی ۱۸۴۷ء کو یہ وزیر اعظم
بنائے گئے۔ اسی کی اندرونی سازش کی بناء پر واجد علی شاہ کو یہ روز بد دیکھنا پڑا۔
جنگ پلاسی ۱۷۵۷ کے بعد میر جعفر نے شاہ عالم کے ساتھ بھی ڈرامہ کھیلا تھا اور
اس طرح صوبہ بنگال بھی ہاتھ سے نکل گیا۔ دکن میں میر صادق نے ۱۷۹۹ء میں شیر
میسور سلطان ٹیپو کو دغا دے کر ہندوستان کی غلامی کا دائمی پٹہ انگریزوں کو لکھ دیا۔

جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگ آدم ننگ دیں ننگ وطن

خدا جانے میر علی نقی کو ڈاکٹر اقبال اس موقع پر کیوں بھول گئے؟

علامہ فضل حق کا بچپن' جوانی اور کہولت دہلی میں گزرے' آخر میں لکھنؤ پہنچے۔
وہاں کی حالت دہلی سے بدتر پائی۔ آخر الذکر نے لٹیا ہی ڈبو دی تھی۔ مسجد ہنومان
گڑھی شہید ہو گئی۔ مجاہدین اسلام کفار کے ہاتھوں خاک و خون میں لتھڑے۔ انھیں

marfat.com
Marfat.com

شعر سن لیجیے۔

شہنشاہ جہاں داور دفا تش سینہ پر نم شد
سکندر اشک حسرت ریخت کا فلاطوں زعالم شد

یہی وہ قدر دانی و عزت افزائی تھی جس کے باعث حضرت علامہ فضل حق کے مورثان اعلیٰ شمس الدین اور بہاؤ الدین دونوں بھائیوں نے بھی ہندوستان کو رونق بخشی۔

**ولادت اور نسب** علامہ فضل حق خیر آبادی ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء میں اپنے آبائی وطن خیر البلاد خیر آباد میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد مولانا فضل امام خیر آبادی علماء عصر میں ممتاز اور علوم عقلیہ کے اعلیٰ درجہ پر سرفراز تھے۔ حضرت علامہ کے دادا حضرت مولانا ارشد ہرگام پور سے خیر آباد تشریف لا کر سکونت پذیر ہوئے تھے۔

**شجرۂ نسب** مولانا فضل حق' ابن مولانا فضل امام' ابن مولانا شیخ محمد ارشد' ابن حافظ محمد صالح' ابن ملا عبدالوحد' ابن عبدالماجد' ابن قاضی صدر الدین' ابن قاضی اسمٰعیل ہرگانوی' ابن قاضی بدایونی' ابن شیخ ارزانی' ابن شیخ منور' ابن شیخ نظیر الملک' ابن شیخ سالار شام' ابن شیخ وجیہہ الملک' ابن شیخ بہاؤالدین' ابن شیر الملک' شاہ ایرانی' ابن شاہ عطاء الملک' ابن ملک بادشاہ' ابن حاکم' ابن عادل' ابن تاردن' ابن جرجیس' ابن احمد نامدار' ابن محمد شہریار' ابن محمد عثمان' ابن دان' ابن ہمایوں' ابن قریش' ابن سلیمان' ابن عفان' ابن عبداللہ' ابن محمد' ابن عبداللہ' ابن امیرلمومنین خلیفہ المسلمین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔ اس طرح تینتیس واسطوں سے خلیفہ ثانی تک نسب گرامی پہنچتا ہے۔

علامہ کے مورث اعلیٰ شیر الملک ابن شاہ عطاء الملک ایرانی کے مورثان ایک قطعہ ملک ایران پر قابض و حکمران تھے۔ زوال ریاست پر دولت علم کمائی۔ شیر الملک کے دو صاحبزادے بہاؤالدین اور شمس الدین ذی علم بزرگ تھے۔ یہ دونوں بھائی ایران' ہندوستان وارد ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

مولانا شمس الدین نے مسند افتاء رہتک سنبھالی۔ حضرت شاہ ولی اللہ ابن شاہ عبدالرحیم محدث دہلوی انھیں کی اولاد سے تھے اور مولانا بہاؤالدین قبتہ الاسلام بدایوں کے مفتی ہوئے۔ ان کی اولاد میں شیخ ارزانی بدایونی نامور بزرگ اور اعلیٰ درجہ کے مفتی ہوئے۔

شیخ عماد الدین ابن شیخ ارزانی تحصیل علم کی خاطر قاضی ہرگام (ضلع سیتا پور اودھ) کی خدمت بابرکت میں پہنچے۔ قاضی صاحب نے تحقیق و شرافت و نجابت کے بعد اپنا داماد بنا لیا اور ان سے شیخ اسمٰعیل پیدا ہوئے جن کی شادی سعدی کاکوردی کی دختر سے ہوئی' ان سے قاضی صدرالدین پیدا ہوئے' قاضی صاحب کے دو صاحبزادے ہوئے' ایک صاحبزادے "ملا عبدالواعظ" جو اورنگ زیب عالمگیر رحمتہ اللہ علیہ کے اتالیق رہے اور فتاویٰ عالمگیر کے مؤلفین سے ہیں۔

اس کے علاوہ "ہدایہ" "مطول" اور "ملاجلال" پر حاشے لکھے۔ ان کی شخصیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ملا قطب الدین شہید سہالوی (والد استاذالکل ملا نظام الدین سہالوی فرنگی محل ان سے ملاقات کے لیے ہرگام پہنچے تھے "ملا محب اللہ بہاری صاحب سلم" آپ کے درس میں شریک ہونا چاہتے تھے۔ آپ کے پاس وقت نہ تھا اس لیے سہالی جا کر ملا قطب الدین شہید کے شاگرد ہوئے۔

دوسرے صاحبزادے "ملا عبدالماجد ابن ملا عبدالواجد" فاضل جلیل تھے "کافیہ کی مبسوط شرح" اور "حاشیہ اقلیدس" لکھا اور "تعلیقات متفرقہ ہدایہ" پر لکھی۔ بہادر شاہ اول کے زمانے میں آتشزدگی کی وجہ سے تمام کتب خانہ جل گیا۔ ہرگام میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔

علامہ فضل حق کے دادا شیخ محمد ارشد نے ہرگام کو خیرباد کہہ کر خیر آباد کو آباد کیا۔ موصوف کی دوسری بیوی سے علامہ کے والد ماجد مولانا فضل امام خیر آبادی تھے۔

marfat.com
Marfat.com

# مختصر حالات مولانا فضل امام خیر آبادی

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

علامہ فضل حق کی تاریخ تشنہ تکمیل رہ جائے گی اگر علامہ کے والد محترم مولانا خیر آبادی کے حالات زندگی نہ پیش کیے گئے اس لئے ضمناً مولانا کے مختصر درج کیے جاتے ہیں۔

مولانا فضل امام بڑے طباع اور ذہین تھے۔ مولانا سید عبدالماجد کمانی خیر آبادی کے ارشد تلامذہ سے تھے۔ علوم عقلیہ و نقلیہ انھیں سے حاصل کیا "میر زاہد رسالہ" اور "میر زاہد" ملا جلال پر حواشی لکھے۔ اس کے علاوہ اور بھی بیسیوں مفید اور معرکتہ الآراء کتابیں لکھی ہیں جن کا نام معلوم ہو سکا وہ درج کی جاتی ہیں۔

منطق میں مشہور تصنیف "مرقات" ہے جو تمام مدارس عربیہ میں داخل نصاب ہے حاشیہ افق المبین' تلخیص الشفاء نجتہ السر اور آمدنامہ تصنیف کیا۔ ان میں سے بعض کتابیں غیر مطبوعہ ہیں جن میں سے بعض مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور لاہرپور اور بعض عبیداللہ خاں رئیس ٹونک کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ علمی قابلیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ ایک جانب شاہ عبدالعزیز صاحب اور شاہ عبدالقادر صاحب کا ڈنکا منقولات میں بج رہا تھا۔ اور دوسری طرف اسی دہلی میں مولانا فضل امام کے معقولات کا سکہ چل رہا تھا۔ ہند اور بیرون ہند کے طلباء دونوں دریاؤں سے سیراب ہو رہے تھے۔ سرسید احمد خاں بانی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے آثار الصنادید میں مولانا فضل امام کا تذکرہ جس عقیدت مندی سے کیا ہے وہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ ابتداء ان صفات والقاب سے کی ہے۔

"اکمل افراد نوع السنی' مہبط انوار فیوض قدسی' سراب سرچشمہ عین الیقین' موسس اساس ملت و دین ماحی آثار جہل بادم بنائے اعتساف' محی مراسم علم بانی مبانی انصاف' قدوہ علماء فحول' حاوی معقو منقول' سند اکابر روزگار' مرجع اعالی و دانی ہر دیار' مزاجدان شخص کمال' جامع

marfat.com
Marfat.com

صفات جلال و جمال مورد فیض ازل و ابد' مطرح انظار سعادت سرمد' مصداق مفہوم تمام اجزاء واسطۃ العقد' سلسلہ حکمت اشراقی و مشائی زبدہ کرام اسوۂ عظام' متعمد ارانام' مولانا مخدومنا مولوی فضل امام ادخلہ اللہ المقام فی جنۃ النعیم بلطفہ العمیم"

مجھے حیرت ہے علماء دیوبند پر جو "شاہ ولی اللہ صاحب" کے حالات زندگی پر قلم اٹھاتے ہیں لیکن اپنے ان محسنین کو نہ صرف نظرانداز ہی کر دیتے ہیں بلکہ بعض اوقات انھیں مطعون و متہم بھی قرار دیتے ہیں۔ کاش علماء دیوبند حقیقت پسندی سے کام لیتے اور ٹھنڈے دل سے سوچتے کہ ان کے وہ محسنین جن کی کتابیں آج بھی دارالعلوم دیوبند میں داخل نصاب ہیں ان کے ساتھ ان کا کیا برتاؤ ہے۔ کیا مولانا فضل امام و علامہ فضل حق اسی سب و شتم کے مستحق ہیں جس گھناؤنے انداز میں علماء دیوبند انہیں یاد کرتے ہیں۔

برا ہو اس عصبیت و تنگ نظری کا جس نے اپنے و بیگانے کی بھی تمیز باقی نہ رکھی۔ سچ تو یہ ہے کہ علماء دیوبند گالی دینے میں اپنی فطرت و عادت سے مجبور ہیں جبکہ علماء دیوبند رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دینے میں نہیں چوکتے' تو مولانا فضل امام و علامہ فضل حق کس شمار و قطار میں ہیں۔

یہی ہیں وہ علماء دیوبند جنھوں نے اپنی کتابوں میں محبوب کردگار رسول کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر لکھا ہے۔ العیاذ باللہ من ذالک

چنانچہ مولوی محمد میاں دیوبندی مراد آبادی مولف علماء ہند کا شاندار ماضی نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کا تذکرہ کرتے ہوئے علامہ فضل حق خیر آبادی کے دامن علم و ادب پر کیچڑ اچھالنے کی سعی ناکام کی ہے۔

ہاں اگر "علمائے ہند کا شاندار ماضی" کے بجائے "اکابر جمعیۃ العلماء ہند کا شاندار ماضی" اس کتاب کے نام ہوتا تو اس نام کے پردے میں مولف کو بہت کچھ کہنے کا اختیار تھا لیکن جب کہ کتاب کا سرورق علماء ہند کے جلی قلم سے آراستہ ہو تو مولف کا کس قدر بخل ہے کہ دوسرے علماء ہند کو نہ صرف ناقابل اعتناء تصور کیا بلکہ

marfat.com
Marfat.com

شہرہ آفاق و نامور علماء اہلسنت کو ملعون و متہم قرار دیا۔ بات اپنے موضوع سے دور ہو گئی۔ مجھے ذیلی طور پر مولانا فضل امام رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں ایک اجمالی نقشہ پیش کرنا ہے۔

حضرت مولانا فضل امام علوم ظاہری کے ساتھ روحانیت میں بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ آپ کے والد شیخ محمد ارشد مولانا احمد ابن حاجی صفت اللہ محدث خیر آبادی سے بیعت تھے اپ کے ایک صاحبزادے عالم جوانی میں قضا کر گئے باقی باقتضا نو عمری احکام شرعیہ کے پابند نہ تھے اس لیے مولانا ارشد صاحب کو تشویش رہتی تھی اور ایک بار عالم اضطراب و بے چینی میں پیرو مرشد کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شیخ طریقت سے دعا کی درخواست کی اور مرشد کامل نے دعا فرمائی۔ چنانچہ شب میں سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی کہ سرکار کائنات ﷺ کچے باغ میں تشریف لائے اور چل کے درخت کے نیچے وضو فرمایا اور بعد نماز فرض پیرو مرید دونوں ایک دوسرے کو مبارکباد دینے روانہ ہوئے۔ راستے میں دونوں کی ملاقات ہوئی تو ایک دوسرے کو بشارت کا حال بتایا اور وہیں سے دونوں کچے باغ میں پہنچے تو دیکھا کہ مقام معہود پر وضو کا اثر یعنی پانی کی تری موجود تھی۔ ایک عرصے تک لوگ اس جگہ کی زیارت کرتے رہے۔

چنانچہ شیخ الاسلام حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب بریلوی رحمتہ اللہ علیہ مقتداء ملت تاجدار اہل سنت سیدی امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کو ۱۳۰۹ھ میں ساتھ لے کر بریلی شریف کے خیر آباد اس مقام کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے اور مولانا حسن بخش کے یہاں مہمان ہوئے تھے۔ افسوس نہ اب وہ مکان باقی رہا اور نہ ہی اس جگہ کا پتہ چل سکتا ہے۔

مولانا فضل امام کے ہزاروں تلامذہ میں مفتی صدر الدین اور علامہ فضل حق شہرۂ آفاق ہیں۔ مفتی صدر الدین صاحب دہلی میں ۱۲۰۴ھ مطابق ۱۷۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ تاریخ ولادت "چراغ" ہے باپ دادا کشمیری تھے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب' شاہ عبدالقادر صاحب اور فضل امام کے شاگرد رشید اور علامہ فضل حق کے ہم سبق

marfat.com

Marfat.com

تھے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں بغاوت کے الزام میں قید کر لیے گئے۔ جائداد ضبط کر لی گئی۔ ۲۴ ربیع الاول شریف ۱۲۵۸ھ مطابق ۱۸۶۸ء میں وفات پائی۔

"چراغ دو جہاں بود مادۂ تاریخ ہے۔ مرزا غالب بھی جو مفتی صدر الدین صاحب اور علامہ فضل حق کے جلیس و ہم نشین تھے۔ اسی سال راہی ملک عدم ہوئے۔ حضرت فضل امام خیر آبادی نے ۵ ذیقعدہ ۱۲۴۰ھ مطابق ۱۸۲۴ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

مرزا غالب نے حسب ذیل تاریخ وفات لکھی:

اے دریغا قدوۂ ارباب فضل
کرد سوئے جنت الماوی خرام

چوں ارادت از پے کسب شرف
جست سال فوت آں عالی مقام

چہرۂ ہستی خراشیدم نخست
تا بجائے تخرجہ گردد تمام

گفتم اندر سایۂ لطف نبی
باد آرامش گہہ فضل امام

۱۲۴۰ھ

# حضرت علامہ فضل حق

آچشم آرزو کی گہر باریاں تو دیکھ
لٹتے ہیں صبح و شام خزانے نئے نئے

علامہ کی تعلیم و تربیت مولانا فضل حق نے آنکھ کھولی تو گرد و پیش علم و فضل عمارت و ریاست کو جلوہ گر دیکھا۔ یہی وجہ تھی کہ علامہ صاحبزادے ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بعد مادی ریاست سے محروم ہو کر بھی مستغنی اور کو وقار رہے۔ ہندوستان

marfat.com

Marfat.com

کے مشہور مردم خیز قصبات میں خیر آباد کا نام بھی صدیوں سے رہا ہے۔ شاہی زمانہ کا کشوری کا پایہ تخت بھی رہ چکا ہے۔ بڑے بڑے علماء و مشائخ کے مزارات آج بھی زیارت گاہ خلائق ہیں جس وقت علامہ فضل حق خیر آباد سے دہلی پہنچے تو ایک سے بڑھ کر ایک باکمال نظر آئے۔ مفسرین' محدثین' فقہاء' فلاسفہ اولیاء' شعراء۔ جس طبقے پر نظر ڈالیے' تو سب ہی موجود تھے۔ آپ کے والد ماجد مولانا فضل امام مکان کے علاوہ ہاتھی اور پالکی پر بھی دربار آتے جاتے وقت ساتھ بٹھا کر درس دیتے تھے اور صغر سنی ہی میں معقولات میں اپنے جیسا یگانہ روزگار بنا لیا تھا اور منقولات کی تحصیل کے لیے شاہ عبدالقادر محدث رحمتہ اللہ علیہ اور شاہ عبدالعزیز محدث رحمتہ اللہ علیہ کی درس گاہ میں پہنچا دیا۔

**ذکاوت و ذہانت** چنانچہ حضرت علامہ نے ۱۲۲۵ھ / مطابق ۱۸۰۹ء تیرہ سال کی عمر میں تمام مروجہ علوم عقلیہ و نقلیہ کی تکمیل اور چار ماہ کچھ روز میں قرآن پاک حفظ کیا۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے جب رد شیعہ میں تحفہ اثنا عشری تحریر فرمائی' شیعان ہند کی طرح ایران میں بھی ہیجان پیدا ہوا۔ ایران سے میر باقر داماد صاحب افق المبین کے خاندان کا مجتہد فریقین کی کتابیں لے کر شاہ صاحب سے مناظرہ کے لیے دہلی پہنچا' خانقاہ میں داخل ہونے پر شاہ صاحب نے فرائض میزبانی ادا فرماتے ہوئے قیام کے لیے مناسب جگہ تجویز فرما دی۔ شام کو مولانا فضل حق حاضر ہوئے تو شاہ صاحب کو معروف مہمان نوازی دیکھ کر کیفیت معلوم کی اور بعد مغرب مجتہد صاحب کی خدمت میں پہنچے۔ مجتہد صاحب نے پوچھا' میاں صاحبزادے! کیا پڑھتے ہو؟ عرض کیا "اشارات" "شفاء" اور "افق المبین" وغیرہ دیکھتا ہوں۔ مجتہد صاحب کو بڑی حیرت ہوئی اور "افق المبین" کی کسی عبارت کا مطلب پوچھ لیا۔ علامہ فضل حق نے ایسی مدلل تقریر کی کہ متعدد اعتراضات صاحب افق المبین پر کر گئے۔ معزز مہمان نے اعتراضات کے جواب دہی کی کوشش کی تو ان کو جان چھڑانا اور بھی دوبھر ہو گئی۔ جب خوب عاجز کر لیا تو اپنے شبہات کے ایسے انداز میں جوابات دیے کہ تمام ہمراہی علماء بھی انگشت بدنداں ہو گئے۔ آخر میں یہ بھی اظہار کر دیا کہ میں شاہ صاحب کا ادنیٰ

marfat.com

Marfat.com

شاگرد ہوں اور اظہار معذرت کے بعد رخصت ہو گئے۔ علماء ایران نے اندازہ کرلیا کہ جب خانقاہ کے بچوں کے علم و فضل کا یہ عالم ہے تو شیخ خانقاہ کا کیا حال ہو گا۔ چنانچہ صبح کو جب خیریت طلبی کے لیے مہمان کے لیے شاہ صاحب نے آدمی بھیجا تو پتہ چلا کہ مجتہد صاحب آخری شب میں دہلی سے روانہ ہو چکے ہیں۔

**ایک لطیفہ** دہلی کے کسی پل پر کسی وجہ سے آمد و رفت ممنوع قرار دے گئی تھی۔ علامہ کے پاس کچھ لوگ آئے اور ایک بارات لے جانے کی بصد منت و سماجت چاہی۔ علامہ نے ایک دستخطی پرچے پر لکھ دیا "روکو مت جانے دو" محافظین نے پرچہ دیکھ کر بارات کو نکل جانے دیا۔ حکومت کی طرف سے جواب طلب کیا گیا۔ علامہ نے اپنی زیرکی و دانائی میں فرمایا میں نے تو لکھا تھا کہ "روکو' مت جانے دو" اس سے غریبوں کا بھی کام نکل گیا اور اپنے اوپر الزام بھی نہ آنے دیا۔

**سخن فہمی** عام علماء کی طرح علامہ شعر و سخن کے فن سے بے خبر نہ تھے۔ شعر گوئی کے مانند سخن فہمی میں بھی کمال حاصل تھا۔ وطن مالوف خیر آباد جہاں علماء و صلحاء کا منبع و مسکن چلا آ رہا تھا' وہیں لکھنؤ کے قرب اور اپنی زمین مردم خیز کی وجہ سے معدن شعراء بھی بنا ہوا تھا۔ علامہ کے دور میں حاجی تراب علی ناہی۔ منشی قدرت حسین قدرت۔ مولوی مظفر حسین شوخی۔ منشی محمد جعفر زمری۔ منشی بہاری لال خاوری۔ منشی موہن لال گرامی۔ مولوی الٰہی بخش نازش۔ مولوی فضل عظیم عظیم وغیرہم گلستان شاعری کے مختلف رنگ و بو رکھنے والے شگفتہ پھول تھے اور خیر آباد کی یہی وہ علمی و ادبی فضا تھی جس نے آخری دور میں بھی ریاض مضطر' وسیم' کوثر' بسمل' نیر اور اختر جیسے صاحب دیوان و باکمال شعراء پیدا کیے' جنھوں نے لکھنوی اسکول کی شان کو چار چاند لگائے۔

علامہ ریذیڈنٹ کے محکمے کے سررشتہ دار ہو چکے تھے۔ ولی عہد سے دوستانہ مراسم تھے۔ قلعہ میں آمد و رفت رہتی تھی۔ بڑے بڑے کہنہ مشق شاعر مولوی امام بخش صہبائی' علامہ عبداللہ خاں علوی' حکیم مومن خاں مومن' مفتی صدرالدین خاں آزردہ' مرزا اسد اللہ خاں غالب' نواب ضیاء الدین خاں نیر' شاہ نصیرالدین خان

marfat.com

Marfat.com

نصیر' شیخ محمد ابراہیم ذوق' حکیم آغا خاں عیش' حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان' میر حسن تسکین' اور نہ جانے کتنے سخن واران باکمال کا جم گھٹا تھا۔ جب یہ لوگ ایک جگہ جمع ہوتے ہوں گے تو آسمان کو بھی زمین پر رشک آتا ہو گا۔

یہی وجہ تھی کہ مرزا غالب سے علامہ کے پر خلوص اور گہرے تعلقات تھے۔ علامہ نے مرزا کی اکثر غزلوں کو سنا اور دیوان کو دیکھا تو مرزا صاحب کو سمجھایا کہ یہ اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئیں گے۔ چنانچہ حالی نے آب حیات صفحہ ۱۵۲ پر تذکرہ کیا ہے کہ مولانا فضل حق کی تحریک سے مرزا نے اپنے اردو کلام میں سے جو اس وقت موجود تھا' دو ثلث کے قریب نکال ڈالا اور اس کے بعد اس روش پر چلنا بالکل چھوڑ دیا۔ مرزا غالب نے اسی سے متاثر ہو کر یہ رباعی کہی تھی:

مشکل ہے زبس کلام مرا اے دل
سن سن کے اسے سخن وران کامل
آسان کرنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل و گر نگویم مشکل

بقول مولانا حالی علامہ کی سخن فہمی کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ مرزا کے ایک فارسی قصیدے کی تشبیب کا یہ شعر ہے۔

ہم چناں درتتق غیب ثبوتے دارند
بوجودے کہ ندارند خارج اعیاں

مذکورہ بالا شعر سے متعلق مرزا غالب نے مولانا حالی سے تذکرہ کیا کہ میں نے ثبوتے کی جگہ "نمودے" لکھا تھا۔ مولوی فضل حق کو جب یہ شعر سنایا تو انھوں نے کہا کہ اعیان ثابتہ کے لیے نمود کا لفظ مناسب ہے اس کی جگہ ثبوت بنا دو۔ چنانچہ طبع ثانی میں بجائے نمود کے ثبوت بنا دیا ہے (یادگار غالب صفحہ ۷۹) اہل علم جانتے ہیں کہ اس اصلاح نے فلسفیانہ اصلاح کے مطابق شعر کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔

یہی وہ علل و اسباب ہیں جنھوں نے مرزا غالب کو مسئلہ امکان نظیر اور امتناع نظیر پر قلم اٹھانے کے لیے مجبور کیا۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی اور مولوی فضل حق خیر

marfat.com

Marfat.com

آبادی کے مابین جہاں رفع یدین' آمین بالجہر جیسے مسائل پر اختلاف تھا وہیں سب سے اہم مسئلہ امکان و نظیر کا تھا۔

اس مسئلہ میں مولوی اسمٰعیل کی رائے یہ تھی کہ خاتم النبین کا مثل ممکن بالذات اور ممتنع بالغیر ہے اور حضرت علامہ ممتنع بالذات مانتے تھے۔ اس مسئلہ پر علامہ کی مستقل کتاب مناظرانہ انداز پر امتناع نظیر کے نام سے ۱۹۰۸ء میں موصوف کے تلمیذ التلمیذ حضرت مولانا سید سلیمان اشرف بہاری رحمتہ اللہ علیہ سابق صدر دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے زیر اہتمام شائع ہو چکی ہے اور حضرت علامہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا اصلی مسودہ کتب خانہ حبیب گنج میں موجود ہے۔ اس کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی نظیر کے ممتنع بالذات ہونے پر جو دلائل و براہین قائم کئے ہیں انھیں دیکھ کر بے ساختہ مرحبا و احسنت زبان پر آتا ہے۔ حضرت علامہ نے علمی و فنی حیثیت سے وہ گلکاریاں کی ہیں کہ صفحات کتاب تختہ چمنستان بن گئے ہیں۔ یہ تو پہلے گزر ہی چکا ہے کہ مرزا اسد اللہ خان غالب سے علامہ کے بڑے گہرے تعلقات تھے۔ علامہ کا رجحان طبع دیکھ کر اسی موضوع پر ایک مثنوی لکھ ڈالی جو کلیات غالب میں مثنویات کے سلسلے میں چھٹی مثنوی ہے۔ غالب کے انداز بیان کا یہ کچھ کم کمال نہیں کہ ایسے مشکل مسئلہ کو ایسی روانی اور خوبی سے سمجھا دیا۔ علامہ اور دوسرے اہل فضل و کمال کی صحبت نے غالب کو فی الواقع بنا دیا تھا۔

چنانچہ غالب لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| یک جہاں تا ہست یک خاتم بس ست | قدرت حق را نہ یک عالم بس ست |
| خواہد از ہر ذرہ آرد عالمے | ہر بود ہر عالمے را خاتمے |
| ہر کجا ہنگامۂ عالم بود | رحمتہ للعالمینے ہم بود |
| کثرت ابداع عالم خوب تر | یا بیک عالم دو خاتم خوب تر |
| در یکے عالم دو ماخاتم مجوئے | صد ہزاراں عالم و خاتم بگوئے |
| غالب ایں اندیشہ نپذیرم ہمی | خردہ ہم بر خویش می گیرم ہمی |
| اے کہ ختم المرسلینش خواندۂ | دانم از روئے یقینش خواندۂ |

marfat.com
Marfat.com

ایں الف لامے کہ استغراق راست | حکم ناطق معنی اطلاق راست
نشاء ایجاد ہر عالم یکے است | گر دو صد عالم بود خاتم یکے است
منفرد اندر کمال ذاتی است | لاجرم "مثلش" محال ذاتی است

زیں عقیدت برنگردم والسلام
نامہ را درمی نور دم والسلام

غالب نے ان اشعار میں ابتدائی پانچ شعروں میں اپنی قابلیت سے ایک حل نکالنے کی کوشش کی جس میں دونوں کی بات رہ جاتی اور وہ کہ خاتم النبین اللہ تعالیٰ نے اس عالم کے لیے بنایا ہے اس میں محمد رسول اللہ ﷺ کی نظیر پیدا ہونا محال اور ممتنع بالذات ہے لیکن خدا دوسرا عالم بنا کر آدم سے عیسیٰ علیہ السلام تک اس عالم کے لیے پیغمبر پیدا کرے اور آخر میں محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبین بنا سکتا ہے۔ اس طرح امکان نظیر کی صورت نکل سکتی ہے۔ مگر پھر آخری چھ اشعار میں اس خیال کو رد کرتے ہوئے حضرت علامہ کی رائے سے اتفاق کرنا پڑا ہے اور پھر اسی رائے سے اپنی موافقت ظاہر کرتے ہوئے جس مدلل طریقہ پر اسے ثابت کیا ہے' یہ غالب ہی کا حصہ ہے۔(ثورۃ الہندیہ)

ناظرین نے اس مختصر سی علمی گفتگو کے بعد حضرت علامہ فضل حق کی جلالت علم کا اندازہ کر لیا ہوگا کہ وہ اپنے معاصرین میں کس درجہ ممتاز و بے نظیر تھے۔ سرسید احمد خان بانی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے موصوف کے والد ماجد فضل امام کے متعلق جن تاثرات کا اظہار آثار الصنادید میں کیا ہے وہ مولانا کے حالات میں پیچھے گزر چکا ہے۔ علامہ کے متعلق بھی سرسید احمد خاں کی رائے ملاحظہ کرتے چلیں:

"مستجمع کمالات صوری و معنوی' جامع فضائل ظاہری و باطنی' بناء بنا فضل و افضال بہار آرائے چمنستان کمال' حسن اصابت رائے مسند نشین دیوان افکار رسائے' صاحب خلق محمدی' مور سعادت ازلی و ابدی' حاکم و محاکم مناظرات' فرمانروائے کشور محاکمات' عکس آئینہ صافی ضمیری' ثالث اثنین بدیعی و حریری' المعی وقت و موزعی اوان' فرزدق عہد و

marfat.com
Marfat.com

لبید دوراں، مبطل باطل و محقق حق، مولانا محمد فضل حق"، یہ حضرت خلف الرشید ہیں جناب مستطاب مولانا فضل امام غفراللہ لہ، المنعام کے اور تحصیل علوم عقلیہ اور نقلیہ کی اپنے والد ماجد کی خدمت بابرکت میں کی ہے۔ زبان قلم نے ان کے کمالات پر نظر کر کے فخر خاندان لکھا اور فکر دقیق نے جب سرکار کو دریافت کیا فخر جہاں پایا۔

جمیع علوم و فنون میں یکتائے روزگار ہیں اور منطق و حکمت کی تو گویا انہیں کی فکر عالی نے بنا ڈالی ہے۔ علماء عصر بل فضلاء دہر کو کیا طاقت ہے کہ اس گروہ اہل کمال کے حضور میں بساط مناظرانہ آراستہ کر سکیں۔ بارہا دیکھا گیا کہ جو لوگ آپ کو یگانۂ فن سمجھتے تھے جب ان کی زبان سے ایک حرف سنا دعوائے کمال کو فراموش کر کے نسبت شاگردی کو اپنا فخر سمجھے باایں ہمہ کمالات علم و ادب میں ایسا علم سرفرازی بلند کیا ہے کہ فصاحت کے واسطے ان کی عبارت شستہ محضر عروج معارج ہے اور بلاغت کے واسطے ان کی طبع رسا دستاویز بلندی معارج ہے۔

سحبان کو ان کی فصاحت سے سرمایۂ خوش بیانی اور امراء القیس کو ان کے افکار بلند سے دست گاہ عروج، معانی، الفاظ پاکیزہ، ان کے رشک گوہر خوش آب اور معانی رنگین ان کے غیرت لعل ناب سرو، ان کی سطور عبارت کے آگے پابہ گل اور گل ان کی عبارت رنگین کے سامنے خجل"

حضرت علامہ کے متعلق مولوی رحمٰن علی لکھتے ہیں:

"در علوم منطق و حکمت و فلسفہ و ادب و کلام و اصول و شعر فائق الاقران و استحضارے فوق البیان داشت" (تذکرۂ علماء ہند)

حضرت علامہ کے متعلق منشی امیر احمد مینائی "انتخاب یادگار" میں رقمطراز ہیں:

"افضل الفضلاء، اکمل الکملاء، فضائل دستگاہ، فواضل پناہ جناب مولانا مولوی فضل حق صاحب فاروقی برد اللہ مضجعہ، فنون حکمیہ میں مرتبۂ اجتہاد بڑے ادیب، بڑے منطقی، نہایت ذہین، نہایت ذکی، طلیق و ذلیق، انتہا کے صاحب تدقیق و تحقیق"

marfat.com

Marfat.com

مفتی انعام اللہ خاں بہادر شہابی گوپاموی سررشتہ دار سر ایڈورڈ کوبرک ریذیڈنٹ دہلی لکھتے ہیں:

"برادرم مولوی فضل حق از فحول علماء زماں و یگانئہ دوراں است۔ خصوصاً در علوم عقلیہ گوئے سبقت ربودہ و بوفور علم و دانش در اطراف عالم بغایت دریں وقت مشہور است" (خزینتہ الاولیاء)

ایک بار مولوی اکرام اللہ شہابی گوپاموی نے شمس العلماء حضرت مولانا عبدالحق خیرآبادی سے پوچھا۔ بھائی صاحب! دنیا میں حکیم کا اطلاق کن کن پر ہے؟ مولانا کہنے لگے بھیا! ساڑھے تین حکیم دنیا میں ہیں:

"ایک معلم اول ارسطو' دوسرے معلم ثانی فارابی' تیسرے والد ماجد مولانا فضل حق اور نصف بندہ" (ثورۃ الہندیہ)

وقت کے اکابر معاصرین کی شہادتوں کے بعد مرزا حیرت دہلوی اور علماء دیوبند و اراکین جمعیتہ العلماء ہند کی جرأت و جسارت پر حیرت ہوتی ہے جو مولوی اسمٰعیل دہلوی کے تذکرے کے ساتھ حضرت علامہ کا نام لینا بھی گوارا نہیں کرتے اور غور کیجئے تو حیرت کی کوئی بات نہیں۔ وہ علماء دیوبند جو آقائے دوجہاں ﷺ کے فضائل و مناقب برداشت نہیں کرسکتے۔ اگر وہ فضل حق کے کمالات کے منکر ہو گئے تو حیرت کیوں ہے؟ مردہ قوموں اور بدطینت گروہوں کا خاصا بھی یہی رہا ہے کہ اسلاف پر نکتہ چینی اور بہتان تراشی شعار بنایا گیا ہے۔ غضب کر دیا دیوبندی مکتبۂ فکر نے جس نے دعویٰ اسلام کے باوجود پیغمبر اسلام ﷺ تک کو نہ چھوڑا کہیں ذرہ ناچیز سے کمتر اور کہیں چمار سے زیادہ ذلیل کہا۔ علماء دیوبند کے سرکردہ مولوی اسمٰعیل نے تو اسلام کے لیبل پر نئی توحید اور نئی رسالت کا خاکہ کھینچا جس میں روز بروز حضرات دیوبند رنگ بھرتے جا رہے ہیں۔ مثلاً علماء دیوبند کا یہ عقیدہ ہے کہ "خدا کا جھوٹ بولنا ممکن ہے یا یہ کہنا کہ علم غیب اللہ ہی کا خاصہ ہے۔ یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے جب چاہیں غیب معلوم کر لیں" معاذاللہ گویا وہ جاہل ہے اور غیب سے نابلد ہے جب چاہتا ہے معلوم کر لیتا ہے۔ اسی توحید پر آج علماء دیوبند کو غرور ہے۔ ایسے ہی رسول کے

marfat.com

Marfat.com

بارے میں علماء دیو بند کا یہ کہنا کہ رسول مر کر مٹی میں مل گئے یا یہ کہنا کہ نماز میں گائے بیل کا خیال لانے سے نماز ہو جائے گی مگر رسول خدا کا خیال لانے سے نماز فاسد ہو جائے گی یا یہ کہنا کہ رسول ایسے ہی ہے جیسے گاؤں کا چودھری وغیرہ وغیرہ۔ ایسے دریدہ دہن و پراگندہ ذہن والے جنھیں تنقیص الوہیت و توہین نبوت میں کوئی اندیشہ نہیں۔ اگر وہ فضل حق اور امام احمد رضا کو گالیاں دیں تو کیا تعجب ہے؟ وہ رسول خدا کو گالیاں دیتے رہیں ہم ان پر راہ ہدایت پیش کرتے رہیں۔ یہ ہوتا آیا ہے اور ہوتا رہے گا۔

سبو اپنا اپنا ہے جام اپنا اپنا
کیے جاؤ میخوارو کام اپنا اپنا

# حضرت علامہ کی سیاسی زندگی

رگ و پے میں جب اترے زہر غم تو دیکھئے کیا ہے؟
ابھی تو تلخی کام جگر کی آزمائش ہے

حضرت علامہ کا دور مسلمانوں کے حق میں بڑا ہی پرفتن دور تھا۔ سات سو سال سے ہندوستان پر مسلمانوں کی حکمرانی تھی۔ تین سو سال سے سلاطین مغلیہ کا ڈنکا بج رہا تھا۔ لیکن ۱۷۵۷ء کی جنگ پلاسی کے بعد اسے گھن لگ چکا تھا۔ ۱۷۹۹ء میں جنگ میسور اور سلطان ٹیپو کی موت نے مسلمانوں کا حوصلہ پست کر دیا تھا۔ ۱۸۰۳ء میں فتح دہلی کے موقع پر لارڈ لیک کے معاہدہ سے اس کے خاتمہ کی نوبت آگئی تھی۔ رہی سہی شان و عزت ۱۸۰۶ میں اکبر شاہ ثانی کی جاتی رہی۔ علماء اور اولیاء اسلام اپنی روحانیت اور علم و عمل کے ذریعہ استحکام سلطنت میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ ہندوستان کی سیاست میں علماء اسلام کا ہمیشہ سب سے بڑا ہاتھ رہا ہے۔ آخر دور میں مجدد الف ثانی سے لے کر مجاہد جلیل علامہ فضل حق خیر آبادی اور دوسرے مجاہدین ملت اور سرفروشان امت پیش پیش رہے اور آج بھی ملک کا باخبر حلقہ دیکھ رہا ہے جبکہ اراکین جمعیۃ علماء ہند اسمبلی و پارلیمنٹ کی کرسیوں پر گورنمنٹ سے تنخواہ لے رہے ہیں۔ فضل حق کے علمی خاندان کا ایک کفن بردوش رہنما جس کا نام (مجاہد ملت)

marfat.com
Marfat.com

مولانا حبیب الرحمٰن ہے۔ وہ تحفظ ناموس رسول کی خاطر سلطان پورا اور غازی پور کی جیل میں رسی بٹ رہا ہے۔

یہی وہ علماء اہل سنت ہیں جن کا نام تاریخ ہند میں ہمیشہ سنہری حرفوں سے لکھا جائے گا

اک خونچکاں کفن میں ہزاروں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

جس وقت علامہ دہلی سے بد دل ہو کر جھجر' الور' ٹونک اور رام پور میں باعزت عہدہ سنبھالتے ہوئے ۱۸۴۸ء میں لکھنؤ میں حضور تحصیل کے مہتمم و صدر الصدور ہو گئے۔ بالاکوٹ کے حادثے نے قلب و دماغ پر بڑا اثر ڈالا تھا لکھنؤ پہنچنے کے بعد ہی ہنومان گڑھی اجودھیا کا حادثہ فاجعہ پیش آگیا۔ وہاں کے مہنتوں نے مسجد میں اذان دینا روک دیا تھا۔ کوئی بھولا بھٹکا مسافر اگر مسجد میں جا نکلتا تو مار پیٹ کر نکال دیا جاتا' غرضیکہ جبر و ظلم اپنے شباب پر تھا۔ ۱۳ ذیقعدہ ۱۲۷۱ھ کے مطابق جولائی ۱۸۵۵ء شاہ غلام حسین اور مولوی محمد صالح اعلاء کلمۃ اللہ کی خاطر جہاد پر آمادہ ہو کر ہنومان گڑھی پہنچے۔ بیراگیوں سے مقابلہ ہوا' قرآن شریف پرزہ پرزہ کر کے پاؤں سے مسلا گیا۔ جوتے پہن کر داخل مسجد ہو کر سنکھ بجائے گئے۔ دو سو ستر مسلمان شہید ہوئے۔ اس خونی حادثہ پر مولانا شاہ امیر علی رحمتہ اللہ علیہ ساکن امیٹھی سے نہ رہا گیا اور مسلمانوں کو آمادہ جہاد کیا جبکہ پانی سر سے اونچا ہو چکا۔ تب واجد علی شاہ والی لکھنؤ کو ہوش آیا۔ ان ہی دنوں حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی مرد میدان ہو کر جہاد میں شریک ہوئے لیکن حالات بد سے بد تر ہوتے گئے۔ رود ولی جاتے ہوئے راہ میں ۲۶ صفر ۱۲۷۲ھ مطابق ۷ نومبر ۱۸۵۵ء بروز چہار شنبہ گوروں کی پلٹن نے گھیر کر مسلمانوں کو نماز ظہر کی باجماعت ادا کرتے ہوئے توپ کے گولوں سے شہید کر دیا جو بچ رہے تھے ان کا تعاقب راجہ شیر بہادر سنگھ کے آدمیوں نے دس بارہ کوس تک کر کے چھ سو آدمیوں کے سر اڑا دیئے "سر میداں کفن بدوش دارم" (۱۲۷۲ھ) مادۂ تاریخ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

رسولی کے ایک مجذوب نے "وانه علی ذالک لشهید (۱۲۷۲ھ) سے
" تاریخ نکالی ہے۔ اسلامی حکومت میں خاص اسلامی مسئلہ پر مسلمانوں کی اس بے دردی
سے خونریزی۔

آسماں را حق بود گر خوں ببارد بر زمیں

آسمان تھرا اٹھا' زمین کو زلزلہ آگیا' خدا کا قہر لارڈ ڈلہوزی کی شکل میں نمودار ہوا۔ دو شنبہ ۴ فروری ۱۸۵۶ء کو جنرل اوٹرم ریذیڈنٹ کپتان ہیز اور جنرل ویلہ گورنر کا عہد نامہ لے کر بادشاہ اودھ واجد علی شاہ کے پاس آیا اور معزولی کا حکم دیا۔ بادشاہ نے دستخط سے انکار کرتے ہوئے ہزار منت و سماجت کی' لندن تک کوشش کی لیکن بے سود ثابت ہوئی۔ یہاں تک کہ کلکتہ لے جا کر مٹیا برج میں بند کر دیا۔ "لکھنؤ خراب شد واویلا" تاریخ نکالی گئی۔ غرضیکہ اس طرح والیان اودھ کی مدت وزارت پینتالیس (۴۵) سال تین ماہ چوبیس دن اور مدت بادشاہت اکتالیس سال رہی۔ اور والیان اودھ اپنے پیچھے عیش پرستی کی ہزاروں داستانیں چھوڑ گئے۔

سلطنت اودھ کی بربادی میں سب سے بڑا ہاتھ نواب میر علی نقی کا تھا۔ امین الدولہ کی معزولی کے بعد ۱۹ رجب ۱۲۶۳ھ مطابق ۹ جولائی ۱۸۴۷ء کو یہ وزیر اعظم بنائے گئے۔ اسی کی اندرونی سازش کی بناء پر واجد علی شاہ کو یہ روز بد دیکھنا پڑا۔

جنگ پلاسی ۱۷۵۷ کے بعد میر جعفر نے شاہ عالم کے ساتھ بھی ڈرامہ کھیلا تھا اور اس طرح صوبہ بنگال بھی ہاتھ سے نکل گیا۔ دکن میں میر صادق نے ۱۷۶۷ء میں شیر میسور سلطان ٹیپو کو دغا دے کر ہندوستان کی غلامی کا دائمی پٹہ انگریزوں کو لکھ دیا۔

جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگ آدم ننگ دیں ننگ وطن

خدا جانے میر علی نقی کو ڈاکٹر اقبال اس موقع پر کیوں بھول گئے؟

علامہ فضل حق کا بچپن' جوانی اور کہولت دہلی میں گزرے' آخر میں لکھنؤ پہنچے۔ وہاں کی حالت دہلی سے بدتر پائی۔ آخر اللہ کرنے لٹیا ہی ڈبو دی تھی۔ مسجد ہنومان گڑھی شہید ہو گئی۔ مجاہدین اسلام کفار کے ہاتھوں خاک و خون میں لتھڑے۔ انھیں

marfat.com
Marfat.com

سے ظاہر ہوا اور چونکہ خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ رکھتا تھا اس لیے اس نے اہل سنت و جماعت سے قتل و قتال کیا اور ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا۔ ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا۔ ان (اہلسنت) کے قتل و باعث ثواب و رحمت کا شمار کرتا رہا' اہل حرمین کو خصوصاً اور اہل حجاز کو عموماً اس نے تکالیف شاقہ پہنچائیں سلف و صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی و بے ادبی کے الفاظ استعمال کیے۔ بہت سے لوگوں کو بوجہ اس کے تکالیف شدیدہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا اور ہزاروں آدمی اس کی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ الحاصل وہ ایک ظالم و باغی' خونخوار' فاسق شخص تھا"

اب المہند مرتبہ مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی کی چند سطریں ملاحظہ فرمایئے لیکن حوالہ سے پیشتر یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ المہند کیا ہے؟ اگر میری جگہ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ سیدھے سادھے لفظوں میں صرف یہ کہتا کہ المہند اکابر علماء دیوبند کے دجل' مکر' فریب' افترا' عیاری' چالبازی کا مجموعہ ہے مگر میں تو محض اتنی سی بات پر قناعت کرتا ہوں کہ المہند ایک ایسی کتاب ہے جس سے علماء دیوبند کے بطلان کا پتا چلتا ہے۔

اگر المہند صحیح ہے تو حفظ الایمان کو کہیں دریا برد کر کے تھانوی صاحب کے مریدین کو مناظرہ سے بے خوف ہو کر آرام کی نیند سونا چاہیے۔ آخر مناظرہ کے ڈر سے کیوں نیند حرام کیے ہیں؟ اور تقویۃ الایمان کو چپکے سے دفن کر کے ہمیشہ کے لیے کتابوں کی فہرست سے اس کا نام خارج کر دیا جائے اور تحذیر الناس کے ٹائیٹل پر کسی قادیانی مولوی کا نام اور ایسے ہی فتاویٰ رشیدیہ کے سرورق پر۔ اگر کوئی نہ مل سکے تو مولانا حشمت علی خاں صاحب مرحوم کا نام دے کر اعلان کر دیجئے کہ یہ ہم لوگوں کی کتاب نہیں بلکہ قادیانیوں اور سنیوں کی ہے جس کو ہمارے نام سے شائع کر دیا گیا ہے جب آپ حضرات کی جرأت و جسارت المہند جیسی بے بنیاد کتاب کی اشاعت کر سکتی ہے تو ایسا کرنے میں کون آپ کی کلائی تھام سکے گا؟

marfat.com

Marfat.com

اور اگر حفظ الایمان' تحذیر الناس' براہین قاطعہ و تقویۃ الایمان پر آپ کا ایمان ہے تو کسی دن علی رؤس الاشہاد المہند کا جنازہ نکالیے اور مولانا خلیل احمد و مولانا محمود الحسن وغیرہ کی قبر کے پاس اس کو بھی دفن کر کے اعلان کر دیجئے کہ ہمارے بزرگوں نے المہند کی اشاعت کی تھی مگر اب اس کا بازار سرد پڑ گیا اس لیے اب ہم لوگ المہند کی جگہ الجنت کی اشاعت کریں گے جس میں المہند اور تقویۃ الایمان کا درمیانی مذہب ہو گا۔ (لایذ کرلایونث)

اور ایسے ہی ہر سو پچاس برس کے بعد ایک من گھڑت کتاب لکھتے رہیے۔ ہر سال اپ کی جماعت کے اکابر و اساطین سرکاری حج کے لیے حجاز جایا ہی کرتے ہیں۔ علماء حرمین سے دستخط حاصل کرتے رہیں جب دستخط کا ڈھیر اور پلندہ حاصل ہو جائے تو المیحہ پریس سے اس کی اشاعت کر دیا کیجئے۔

کہنا یہ ہے کہ علماء دیوبند کی بعض کفری عبارات کو علماء اہلسنت نے علماء حرمین کی خدمت میں پیش کیا تو علماء مکہ مکرمہ و علماء مدینہ منورہ نے ان عبارت کو دیکھ کر قانون شریعت کے مطابق علماء دیوبند کی تکفیر کی جس کی اشاعت "حسام الحرمین" کے نام سے کی گئی ہے۔ حسام الحرمین کی اشاعت پر دیوبند میں تہلکہ مچ گیا اور اس کے تکذیب کی ترکیبیں سوچی گئیں اور یہ طے پایا کہ اپنے فرضی عقائد کو سوالات کی شکل میں علماء حرمین کی خدمت میں پیش کرنا چاہیے۔ چنانچہ اپنے نہیں بلکہ اہلسنت کے عقائد کو سوال کی شکل میں مرتب کیا اور علماء حرمین کی خدمت میں پیش کر کے ان کے دستخط حاصل کیے یا علماء حرمین کے فرضی دستخط سے المہند کے نام سے اس کی اشاعت کر دی گئی۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ سچ پوچھئے تو علماء دیوبند نے المہند کی اشاعت سے اپنی جڑیں اور بنیادیں کھوکھلی کر دیں۔ اس کتاب کی اشاعت پر ان لوگوں نے خود اپنے ہاتھ پاؤں پر کلہاڑی ماری ہے۔ حسام الحرمین کی اشاعت پر انتہائی وحشت و بوکھلاہٹ میں یہ لوگ وہ کر گئے جس کو کوئی دیوبندی مولوی ہوش و حواس میں کبھی بھی گوارا نہیں کر سکتا اور سچ تو یہ ہے کہ المہند کی اشاعت سے دیوبندیوں نے اپنا کم اور سنیوں کا کام زیادہ انجام دیا ہے۔ اس خوف سے اپنے عقائد قلمبند نہ کر سکے کہ

marfat.com

Marfat.com

اس کا بھی وہی جواب ہو گا جو حسام الحرمین میں ہے لہذا اپنے عقائد کو توڑ مروڑ کر مرتب کیا جو اہلسنت کے عقائد میں یا ان سے قریب تر۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ کتاب کے آخری صفحات پر المہند اور تقویۃ الایمان اور حفظ الایمان کا ایک اجمالی نمونہ پیش کروں گا جس سے آپ اندازہ کر سکیں گے کہ المہند اور تقویۃ الایمان میں کسی ایک ہی کتاب کو صحیح کہا جا سکتا ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ بیک وقت دونوں کتابیں صحیح مانی جا سکیں دونوں کتابوں کو صحیح ماننا گویا آگ اور پانی کو ایک ہی جگہ جمع کرنا ہے۔ اب تک تو یہی معلوم ہے کہ "اجتماع نقیضین" محال ہے ہاں اگر دیو بند نے کسی نئے فلسفہ کی بنیاد ڈالی ہو جس میں اجتماع نقیضین کے محال نہ ہونے پر کوئی قابل تسلیم دلیل قائم کی گئی ہو تو اس کا پیش کرنا ان کے ذمہ ہے۔ **ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین**

بات بہت دور آ گئی۔ مضمون یہ چل رہا تھا کہ متعدد علماء دیو بند نے عبدالوہاب نجدی کی تعریف و توصیف کی اور بعض لوگوں نے اس کو ظالم' باغی' خونخوار وغیرہ کہا جیسا کہ مولوی حسین احمد ٹانڈوی کی کتاب شہاب ثاقب سے اس کا حوالہ پیش کیا گیا۔

اب المہند صفحہ ۱۳ کی عبارت ملاحظہ فرمائیے جس پر تمام اکابر علماء دیو بند کے دستخط ہیں۔

"ہمارے نزدیک ان کا (عبدالوہاب نجدی کا) وہی حکم ہے جو صاحب در مختار نے فرمایا ہے"

یعنی عبدالوہاب فاسق' خونخوار باغی تھا۔

اب دارالعلوم دیو بند کے سابق شیخ الحدیث جناب مولوی محمد انور صاحب کشمیری کی رائے ملاحظہ فرمائیے۔

مقدمہ فیض الباری

**امام محمد بن عبدالوھاب النجدی فانه کان رجلا بلیدا قلیل العلم فکان یتسارع الی الحکم بالکفر**

محمد بن عبدالوہاب نجدی ایک کم علم اور کم فہم انسان تھا اور اس کے لیے کفر کا حکم لگانے میں اسے کوئی باک نہیں تھا۔

marfat.com

Marfat.com

**آخری فیصلہ** اب ناظرین انصاف فرمائیں کہ ایک طرف مولانا رشید احمد گنگوہی' مولانا محمد عامر عثمانی' پروفیسر فیروز الدین روحی' مولانا مسعود عالم ندوی اور مولانا تھانوی کی جماعت ہے کہ یہ لوگ شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے مداح اور اپنے کو اس کا پیرو سمجھتے ہیں۔

یہ ضرور ہے کہ اس جماعت میں مولانا تھانوی کی حیثیت "تھالی کے بینگن" جیسی ہے۔ نیم دروں نیم بروں اشرف السوانح میں وہابی ہونے کا اقرار اور اس پر طرفہ تماشا یہ کہ المہند پر آنجناب کی تصدیق ہے۔ اس فلسفہ کو مولانا تھانوی کے خلفاء اور مریدین ہی زیادہ سمجھتے ہیں۔

ہم سے کچھ' غیروں سے کچھ اور درباں سے کچھ

اور دوسری جماعت میں مولانا کفایت اللہ' مولانا خلیل احمد امبیٹھوی' مولانا محمد انور کشمیری' مولانا محمود الحسن دیوبندی اور مولانا حسین احمد ٹانڈوی وغیرہ ہیں۔ شیخ عبدالوہاب نجدی کے بارے میں ان لوگوں کا وہی مسلک ہے جو علامہ شامی کا ہے یعنی عبدالوہاب نجدی ظالم' باغی' لٹیرا' خونخوار' فاسق اور کم علم تھا۔

انصاف تو ناظرین کے ہاتھ ہے کہ مولانا ٹانڈوی اور مولانا گنگوہی میں پیری مریدی کا رشتہ ہے مولانا ٹانڈوی مولانا گنگوہی کے چہیتے مریدوں میں ہیں مگر پیر کچھ کہتا ہے اور مرید کچھ۔

عجب کچھ پھیر میں ہے سینے والا جیب و داماں کا
جو یہ ٹانکا تو وہ ادھڑا جو وہ ادھڑا تو یہ ٹانکا

مولانا ٹانڈوی کی بات مانئے تو گنگوہی صاحب کا دامن ہاتھ سے جاتا رہا اور گنگوہی صاحب کی بات مانئے تو ٹانڈوی صاحب سے رشتہ منقطع۔

نہیں معلوم میکدۂ گنگوہ کے طالبان راہ ساقی میخانہ کی زلفوں کا پیچ و خم کس طرح سلجھاتے ہیں۔

یہ سوال جناب ٹانڈوی صاحب کی خدمت میں بھی پیش ہو چکا ہے کہ شیخ نجدی کے بارے میں گنگوہی صاحب کی کچھ رائے ہے اور آپ کی کچھ' تو جواب میں ٹانڈوی

marfat.com
Marfat.com

صاحب نے کیسا حسین گریز فرمایا ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

مکتوبات شیخ جلد دو صفحات ۲۹۷' ۲۹۸' ۲۹۹

"جو عبارت اس (شیخ نجدی) کی تحسین میں لکھی گئی ہے۔ وہ محض سنی سنائی باتوں پر مبنی ہے۔ حضرت گنگوہی قدس سرہ العزیز اس کتاب (شامی) پر بہت زیادہ اعتماد فرماتے تھے عموماً ان کے فتاویٰ اسی کتاب سے ماخوذ ہیں"

کیا کہنا ہے مولانا ٹانڈوی کا! پیرو مرشد ہمیشہ شامی ہی سے فتاوے دیتے رہے۔ ساری کتاب تو چھان ڈالی مگر یہ نظر نہ آیا کہ شیخ عبدالوہاب نجدی ظالم' فاسق' خونخوار تھا یا متبع سنت؟

حالانکہ گنگوہی صاحب کی نگاہ شامی کے ہر صفحہ و سطر پر تھی۔ ملاحظہ فرمایئے۔ ارواح ثلثہ صفحہ ۲۹۲ کی عبارت جو مولانا گنگوہی کی تعریف و توصیف سے بھرپور ہے۔

"خانصاحب نے فرمایا کہ حضرت گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ نے مولوی یحییٰ صاحب کاندھلوی سے فرمایا کہ فلاں مسئلہ شامی میں دیکھو' مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت! وہ مسئلہ شامی میں تو ہے نہیں۔ فرمایا یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ لاؤ شامی اٹھا لاؤ۔ شامی لائی گئی حضرت (یعنی مولانا رشید احمد گنگوہی) اس وقت آنکھوں سے معذور ہو چکے تھے۔ شامی کے دو ثلث دائیں جانب کر کے اور ایک ثلث بائیں جانب کر کے اندازے سے کتاب ایک دم کھولی اور فرمایا کہ بائیں طرف کے صفحہ پر نیچے کی جانب دیکھو۔ دیکھا تو مسئلہ اسی حصہ میں موجود تھا سب کو حیرت ہوئی (گنگوہی صاحب) نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمالیا ہے کہ میری زبان سے غلط نہیں نکلوائے گا"

کوا کھانے کے باوجود گنگوہی صاحب آنکھوں سے معذور ہو چکے تھے مگر بایں ہمہ شامی کے صفحات و سطریں ذہن میں محفوظ تھیں اور اسی پر بس نہیں بلکہ ان کے اللہ صاحب وعدہ فرما چکے تھے گنگوہی صاحب کی زبان سے غلط نہیں نکلوائیں گے

marfat.com

Marfat.com

حالانکہ خود گنگوہی صاحب کے دین و دھرم میں ان کے اللہ صاحب جھوٹ بول چکے ہیں اور ہر وقت جھوٹ بولنے کا امکان ہے' نہ جانے ان کے اللہ صاحب کی کیسی خدائی ہے خود تو جھوٹ بولیں گے مگر اپنے بندوں سے وعدہ کرلیں کہ تمہاری زبان سے جھوٹ نہ نکلے گا۔

اب فرمائیں مولانا نانوتوی کے متبعین بالخصوص مولانا عامر عثمانی کے اسعد سلمہ زید علمہ' کہ بات ان کے والد بزرگوار کی صحیح ہے یا ان کے پیر و مرشد مولانا گنگوہی کی۔

الٹی سمجھ کسی کو بھی ایسی خدا نہ دے
دے آدمی کو موت پر یہ بد ادا نہ دے

ممکن ہے ناظرین کو تشویش اور خلجان ہو کہ مولانا تھانوی اور مولانا گنگوہی جیسے ذمہ داران دیوبند کی کتابوں میں کیونکر اس قسم کا اختلال اور تضاد واقع ہو سکتا ہے اور ایسی غیر محتاط عبارات کس طرح نوک قلم پر آسکتی ہیں جبکہ ایک مبتدی و ناپختہ کار سے بھی ایسی غلطیاں شاذ و نادر ہی واقع ہوتی ہیں۔

ناظرین کے قلب و جگر کا چبھتا ہوا کانٹا دور کرنے کے لیے اپنے ضمیر و مذاق کے خلاف محض یقین دہانی کی خاطر چند واقعات نقل کرتا ہوں جس سے یہ اندازہ ہو سکے گا کہ علماء دیوبند اپنی تحریر، مجلسی گفتگو میں کس حد تک غیر محتاط واقع ہوئے ہیں۔ بات اگر سنی سنائی اور محض روایتی ہوتی تو میں ہرگز اس کو معرض تحریر میں نہ لاتا مگر واقعات شائع ہو چکے ہیں اس لیے میری حیثیت محض ناقل کی ہے جس پر دیوبندی مکتبۂ فکر کو ناک بھوں چڑھانے کے بجائے سنجیدگی سے کام لینا چاہیے۔

کوئی کوئی بڑا دلچسپ باب ہے اس میں
کہیں کہیں سے محبت کی داستان سن لو

تذکرۃ الرشید جلد دوم صفحہ ۲۴۵

"آپ (یعنی مولوی رشید احمد گنگوہی) ایک مرتبہ خواب بیان فرمانے لگے کہ مولوی محمد قاسم کو میں نے دیکھا کہ دلہن بنے ہوئے ہیں اور میرا نکاح

marfat.com

Marfat.com

ان کے ساتھ ہوا' پھر تعبیر فرمائی کہ آخر ان کے بچوں کی کفالت کرتا ہی ہوں۔

دوسرا خواب ملاحظہ فرمایئے۔ تذکرۃ الرشید حصہ دوم صفحہ ۲۸۹

"مولوی رشید احمد گنگوہی نے ایک بار ارشاد فرمایا' میں نے ایک بار خواب میں دیکھا تھا کہ مولوی محمد قاسم صاحب دلہن کی صورت میں ہیں اور میرا ان سے نکاح ہوا ہے۔ سو جس طرح زن و شوہر میں ایک دوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے اسی طرح مجھے ان سے اور انھیں مجھ سے فائدہ پہنچا ہے"

چند سطر بعد یہ توضیح اور ہے محمد صادق کاندھلوی نے کہا

"الرجال قوامون علی النساء یعنی مرد حاکم ہیں عورتوں پر آپ نے یعنی گنگوہی صاحب نے فرمایا آخر ان کے بچوں کی تربیت کرتا ہی ہوں"

یہ جواں سال امنگیں یہ اچھوتے ارماں
کس کی جھولی میں یہ انمول ستارے بھر دوں

"بلی کو خواب میں چھچھڑے ہی نظر آتے ہیں" کے مطابق مولانا گنگوہی کو بھی خواب میں مولانا قاسم ہی نظر آتے تھے۔ اس سے گنگوہی صاحب کے فلک پیما افکار و خیالات کا پتہ چلتا ہے۔ یہ تو خواب و خیال کی باتیں تھیں اب خانقاہ گنگوہ کی ایک محبت آمیز کہانی سنئے کہ بھری محفل میں وہاں کیا کیا شگوفے کھلتے تھے۔

یہی کچھ امیدیں یہی آرزوئیں
مری زندگی کے یہی ہیں سہارے

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۸۹

"حضرت والد ماجد مولانا حافظ محمد احمد صاحب و عم محترم مولانا حبیب الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا کہ ایک دفعہ گنگوہ کی خانقاہ میں مجمع تھا حضرت گنگوہی اور حضرت نانوتوی کے مرید و شاگرد سب جمع تھے اور یہ دونوں حضرات بھی وہیں مجمع میں تشریف فرما تھے کہ حضرت مولانا

marfat.com

Marfat.com

رشید احمد گنگوہی نے حضرت مولانا قاسم نانوتوی سے محبت آمیز لہجہ میں فرمایا یہاں ذرا لیٹ جاؤ۔ حضرت نانوتوی کچھ شرما سے گئے مگر حضرت گنگوہی نے پھر فرمایا تو بہت ادب کے ساتھ چت لیٹ گئے۔ حضرت بھی اسی چارپائی پر لیٹ گئے اور مولانا قاسم نانوتوی کی طرف کو کروٹ لے کر اپنا ہاتھ ان کے سینے پر رکھ دیا جیسے کوئی عاشق صادق اپنے قلب کو تسکین دیا کرتا ہے مولانا قاسم نانوتوی ہر چند فرماتے ہیں کہ میاں یہ کیا کر رہے ہو لوگ کیا کہیں گے۔ حضرت (گنگوہی) نے فرمایا کہ لوگ کہیں گے تو کہنے دو"

بنتی نہیں ہے صبر کو رخصت کیے بغیر
کام ان کی بے قرار نگاہوں سے پڑ گیا

میری نظر میں مندرجہ بالا عبارت محتاج تبصرہ نہیں ہے۔ ناظرین خود ہی خیال فرمائیں کہ دن دیہاڑے گنگوہ کی خانقاہ میں کیا کچھ ہوتا تھا۔ اپنے بزرگوں کے کرتوت و کردار پر قیاس کر کے جب ہی تو حضرات دیو بند خانقاہوں کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔ یہ غریب و یتیم العقل سمجھتے ہیں کہ ہر خانقاہ میں وہی کچھ ہوتا ہے جو تھانہ بھون یا گنگوہ کی خانقاہ میں ہوتا ہے۔

کار پاکاں راقیاس از خود مگیر
گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

بر سر راہ اشرف التنبیہ صفحہ ۴۰ کی بھی ایک عبارت ملاحظہ فرمالیجئے۔

"تھانوی صاحب رقمطراز ہیں۔ مولانا (یعنی قاسم نانوتوی) بچوں سے ہنستے بولتے بھی تھے اور جلال الدین صاحب صاحبزادہ مولانا محمد یعقوب سے جو اس وقت بالکل بچے تھے بڑی ہنسی کیا کرتے تھے کبھی ٹوپی اتارتے کبھی کمر بند کھول دیتے تھے۔

ندامت ہوئی حشر میں جن کے بدلے
جوانی کی دو چار نادانیاں ہیں

"تکفیری افسانے" "الشہاب الثاقب" "آئینہ صداقت" "فسادی ملا" کے

marfat.com
Marfat.com

مولفین وحامیین اپنے اکابر و اساطین کا معاشقہ دیکھ کر ٹھنڈے دل سے غور کریں اور جنھیں افسانہ نویسی ہی کا شوق ہے انھیں تکفیری افسانے کے بجائے اکابر دیوبند کے عشق و محبت کا افسانہ مرتب کرنا چاہیے جس میں ایک معنوی رابطہ بھی ہے۔ بھلا افسانے کا تکفیر کے ساتھ کیا جوڑ اور پیوند ہے؟ خانقاہ گنگوہ کے ایک عاشق صادق کی ایسی دل گداز و جاں نواز کہانی لکھئے جس کو پڑھ کر وامق و عذرا' شیریں و فرہاد' قیس و لیلیٰ کی داستان عشق و محبت کو دنیا بھول جائے۔ پھر تو کشور محبت میں آپ ہی آپ ہوں گے اور آپ کا چرچا ہو گا!

کتنے غضب کی بات ہے' خانقاہ گنگوہ میں ایک عاشق صادق کے ہاتھوں صبر و شکیب کا دامن چھوٹ گیا۔ آبگینہ دل ٹوٹ کر چور چور ہو گیا مگر تکفیری افسانے کے مولف کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ حالانکہ خلف صادق کو توبہ کرنا چاہیے تھا کہ گنگوہ اور دیوبند کی درد بھری کہانی کے نام کوئی افسانہ لکھ کر اپنے بزرگوں سے عشق و محبت کو زندگی جاوید بخش دیتے۔

خانقاہ گنگوہ کی بھری محفل میں مولانا قاسم شرما شرما کر کہتے تھے کہ میاں یہ کیا کہہ رہے ہو' مگر گنگوہی صاحب ہوسناکیوں کے ہاتھ مجبور ہو کر صبر و ضبط کو آخری سلام کر بیٹھے۔

جا اور کوئی ضبط کی دنیا تلاش کر
اے عشق ہم تو اب ترے قابل نہیں رہے

کیا تعجب ہے کہ مرزا غالب نے انھیں سب واقعات کے پیش نظر یہ شعر کہا ہو:۔

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی
اب آبروئے شیوۂ اہل نظر گئی

"دیوبندیوں کے یہاں لفظ میاں بھی عجیب و غریب حیثیت رکھتا ہے کہیں رشید میاں کہیں اللہ میاں! اللہ تعالیٰ کے لیے انھیں کوئی دوسرا لفظ ہی نہیں ملتا۔

اگر تکفیری افسانے کے مولف کو زحمت نہ ہو تو ان سے ایک بات دریافت کرنی

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ ہندو پاک کا وہ طبقہ جس کے زبان و قلم سے عشق رسول اور عظمت اولیاء کا اظہار ہوتا ہے انھیں بدعتی' مولودی اور قبرپجو! کہہ کر آپ لوگ میلاد' فاتحہ و عرس و قیام کے لیے قرآن و حدیث کی دلیلیں طلب کرتے ہیں۔ اب ذرا ایک عاشق صادق کی قیامت خیز داستان عشق و محبت کے پیش نظر یہ فرمایئے کہ جس طرح نانوتوی صاحب اور گنگوہی صاحب خانقاہ گنگوہ میں لپٹے تھے۔ اس طرح لپٹنے اور گفتگو کرنے کا حکم قرآن کی کس آیت' صحاح ستہ کی کس حدیث میں ہے۔ ایک عام مسلمان بھی جانتا ہے کہ سرکار رسالتماب ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ

الحیاء شعبة من الایمان حیا ایمان کا ایک شعبہ ہے۔

مگر اس بے حیائی پر قرآن و حدیث کا کوئی ٹکڑا پیش نہیں کیا جا سکتا جبکہ قرآن و حدیث کا مقصد شرم و حیا کی تلقین ہے نہ کہ بے حیائی کی۔ میلاد و فاتحہ پر برہان و دلیل طلب کرنے والوں کی غیرت ایمانی یہاں کیوں سو گئی ہے' یہی وہ مقام ہے جہاں پہنچ کر حضرات دیوبند کے اتباع سنت کی قلعی کھل جاتی ہے۔ اب معاملہ میلاد و فاتحہ کا نہیں ہے بلکہ اپنے مولویوں کے کرتوت و کردار کی باری ہے جن کی ولایت و عظمت کا خطبہ پڑھتے پڑھتے زبان گھس گئی ہے۔

کار شیطاں می کند نامش ولی
گر ولی این است لعنت بر ولی

مناسب ہو گا کہ اسی مقام پر مولانا تھانوی کے بلندی کردار و مکارم اخلاق و پختگی رائے کی ایک جھلک پیش کر دی جائے تاکہ۔

قیاس کن زگلستان من بہار میرا

کے مطابق آپ کو رائے قائم کرنے میں سہولت و آسانی ہو۔

سیف یمانی صفحہ ۲۳ و ۲۴ مرتبہ مولوی منظور صاحب نعمانی دیوبندی تھانوی صاحب اپنے ابتدائی دور میں کانپور میں تھے تو وہاں کے وجوہ اقامت بیان کرتے ہیں

"تیسرے میں نے دیکھا کہ وہاں (کانپور) بدون شرکت ان مجالس (میلاد شریف) کے کسی طرح قیام ممکن نہیں' ذرا انکار کرنے سے وہابی کہہ دیا'

marfat.com
Marfat.com

در پے تذلیل و توہین ہو گئے اور شرکت بھی اس نظر سے کہ ان لوگوں کو ہدایت ہو گی اور یوں خیال ہوتا ہے کہ اگر ایک گروہ کے ارتکاب سے دوسرے مسلمانوں کے فرائض و واجبات کی حفاظت ہو تو اللہ تعالیٰ سے امید تسامح ہے' بہرحال وہاں (کان پور میں) بدون شرکت "میلاد" قیام کرنا قریب محال دیکھا اور منظور تھا وہاں رہنا کیونکہ منفعت بھی ہے کہ مدرسہ سے تنخواہ ملتی ہے"

دنیوی منفعت اور تنخواہ کا ملنا یہ ہے ٹیپ کا بند! کسی نے کیا پتے کی بات کہی ہے۔

کیا جھوٹ کا شکوہ تو یہ جواب ملا
تقیہ ہم نے کیا تھا ہمیں ثواب ملا

تھانوی صاحب ان بزرگوں میں ہیں کہ تقیہ کر کے خوب خوب ثواب لوٹ چکے ہیں۔ اس عبارت کا خلاصہ اور نچوڑ یہ ہے کہ جہاں سے تنخواہ مل رہی ہو اور دنیوی منفعت ہو وہاں تقیہ کر کے میلا شریف میں شریک ہو جانا چاہیے اور جیسے جیسے ماحول پر قابو پاتے جایئے پھر انھیں محافل کو شرک و بدعت و کنہیا کا جنم کہیئے۔

چنانچہ آج تک دیو بندیوں کا یہی دستور ہے۔ جہاں دیکھیں گے سُنیوں کی اکثریت ہے وہاں بگلا بھگت بن کر میلاد میں شرکت کریں گے اور جب دس پانچ سادہ لوح ان کے دام تزویر میں آ جائیں گے تو شبرات کے حلوے اور قیام میلاد پر ناک بھوں چڑھا کر ان غریب سنیوں سے قرآن و حدیث کی دلیل طلب کریں گے۔ جہاں کے "سنی" مسائل آشنا اور تجربہ کار ہوتے ہیں وہ یہ کہہ کر برخوردار کا ٹکٹ کٹا دیتے ہیں کہ "ہماری بلی اور ہمیں سے میاؤں" ہمارا ہی کھاتے ہو اور ہم پر غراتے ہو' جاؤ کہیں اور کا راستہ لو جہاں میلاد و فاتحہ کا دستور نہ ہو مگر بعض مقامات ایسے بھی ہیں جہاں کے لوگ ان روباہ صفت مولویوں کے دجل و فریب میں آ گئے اور یہ کہہ کر ان سے رشتہ و ناطہ جوڑ لیا کہ یہ بھی تو مولانا صاحب ہیں حالانکہ وہ غریب بات کی تہہ تک نہ پہنچ سکے اور دھیرے دھیرے دیو بندیت ان کے سر پر مسلط ہو گئی۔

اس لیے سُنیوں کو چاہیے جہاں کہیں بھی ایسی صورت پیدا ہو جائے فتویٰ اور

marfat.com

Marfat.com

دلیل طلب کرنے سے پہلے ایسے دشمن رسول کو اپنے یہاں سے رخصت کردیں۔ پھر کسی سنی عالم سے مسائل کو سمجھتے رہیں۔ چنانچہ مولوی اشرف علی تھانوی نے کان پور میں ایسے ہی کیا کہ ابتداء بھیگی بلی بنے رہے اور جیسے جیسے رنگ چوکھا ہوتا گیا ویسے ویسے وہابیت کا پرچار کرتے گئے۔ افسوس ہے کہ سُنیوں کے سامنے ان کے مکر و فریب کی سیکڑوں مثالیں ہوتے ہوئے بھی اس کو بھول بیٹھے ہیں۔

یہ وہی تھانوی صاحب ہیں جن کے سفر میں ابر کا ہو جانا ضروری تھا۔ یہ کچھ تھانوی صاحب ہی کی کرامت نہیں بلکہ "تھانہ بھون" اور "نانوتہ" کی مٹی ہی میں کچھ ایسی تاثیر ہے!

"فرمایا کہ مولوی معین الدین صاحب حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے وہ حضرت مولانا کی ایک کرامت جو بعد وفات واقع ہوئی بیان فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ نانوتہ میں جاڑا بخار کی بہت کثرت ہوئی۔ سو جو شخص کہ قبر سے مٹی لے جا کر باندھ لیتا تو اسے آرام ہو جاتا۔ بس اس کثرت سے مٹی لے گئے کہ جب بھی مٹی ڈالو تب ہی ختم، کئی مرتبہ ڈال چکا، پریشان ہو کر ایک دفعہ میں نے مولانا کی قبر پر جا کر کہا کہ آپ کی تو کرامت اور ہوئی اور ہماری مصیبت ہو گئی۔ یاد رکھو اگر اب کوئی اچھا کام ہوا تو ہم مٹی نہ ڈالیں گے ایسے ہی پڑے رہیو، لوگ جوتا پہن کر تمہارے اوپر ایسے ہی چلیں گے۔ بس اسی دن سے آرام نہ ہوا، جیسے شہرت آرام کی ہوئی تھی ویسے ہی یہ شہرت ہو گئی کہ اب آرام نہیں ہوتا۔ پھر لوگوں نے مٹی لے جانا بند کر دیا"

مذکورہ بالا عبارت کا رخ اور تیور ملاحظہ فرمایئے کہ صاحب قبر سے عدم شفا کی درخواست اس بنیاد پر نہیں کی گئی کہ مخلوق کو شرک و بدعت میں مبتلا ہو گئی ہے بلکہ خاندان والے قبر پر مٹی ڈالتے ڈالتے تھک کر چور ہو گئے۔ یہ بات تو اجمیر و کلیر میں پہنچ کر شرک و بدعت ہو جاتی ہے۔ یہاں تو تھانہ بھون اور نانوتہ کے بزرگوں کی کرامت بیان کرنی مقصود ہے۔

marfat.com

Marfat.com

کوچہ جاناں سے خاک لائیں گے
اپنا کعبہ الگ بنائیں گے

یہ تو غریب نواز' پیران کلیر' خواجہ قطب اور محبوب الٰہی سے ہے نہ کہ نانوتہ کے بزرگوں سے! اور صرف مٹی میں ہی شفا نہ تھی بلکہ صاحب قبر خاندان والوں کی آواز سنتے اور ان کی باتیں بھی مان لیتے تھے۔ مگر اللہ کے پیارے محبوب خلاصہ کائنات سرکار ابد قرار روحی فداہ ﷺ پر اس بہتان تراشی و افترا پردازی پر شرم نہ آئی کہ

"میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" تقویۃ الایمان ص ۹۲

خیال فرمایئے کہ نانوتہ کے مردوں کی قبر سے شفا ہو' وہ آواز دینے والوں کی آواز سنیں مگر پیغمبر اسلام ﷺ "مر کر مٹی میں مل گئے" معاذ اللہ ثم معاذ اللہ' اور آج تک توفیق نہ ہوئی کہ علماء دیو بند اپنی ان ناپاک عبارات سے توبہ کر لیتے! بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے اس میں تو ان کے بزرگوں کے علم و قلم کی توہین ہے۔

رسول خدا ﷺ کی توہین ٹھنڈے دل گوارا ہے مگر ان کے بزرگوں کے قلم پر حرف نہ آئے۔

اگر تقویۃ الایمان ہی دیو بندی دھرم میں دین و ایمان ہے تو تقویۃ الایمان ہی کی روشنی میں انھیں اس عبارت کو خارج کر دینا چاہیے۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۶۴

"یہ بات محض بے جا ہے کہ ظاہر میں لفظ بے ادبی کا بولے اور اس سے کچھ اور معنی مراد لے"

تقویۃ الایمان کی مندرجہ بالا عبارت نے ان عبارات میں توجیہہ و تاویل کا دروازہ بند کر دیا جن کے ظاہر میں رسول خدا کی توہین و تنقیص ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرات دیو بند یہ کہہ کر اپنا دامن نہ بچا سکیں گے کہ اس عبارت میں "میں" معنی میں "سے" کے ہے "یعنی مر کر مٹی سے مل گئے" جیسا کہ بعض کٹھ حجت لوگ جواب دیا کرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

انصاف و ایمان کا تقاضا تو یہ تھا کہ آپ اپنی کتابوں سے ان گندہ وپھوہڑ عبارات کو خارج کر کے اپنی حق پرستی وللیت کا ثبوت دیتے مگر مشکل یہ آن پڑی ہے کہ جہاں ان عبارات کو آپ نے خارج کیا' فتاوی گنگوہی کے مطابق ایمان آپ سے کوسوں دور اور اسلام آخری سلام کر کے رخصت ہو جائے گا۔

ملاحظہ ہو فتاوی رشیدیہ جلد اول صفحہ ۱۱۵

"اور کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے۔ استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ اور احادیث سے ہیں۔ اس کا رکھنا اور پڑھنا عین اسلام ہے"

پوری تقویۃ الایمان عین اسلام ہے اگر اس کی ایک عبارت خارج کر دی گئی تو ایمان کا ایک حصہ رخصت ہو جائے گا۔ تف ہے ایسی کتاب پر اور لعنت ہے ایسی گندہ ذہنیت پر۔ گنگوہی صاحب فرماتے ہیں تقویۃ الایمان کے استدلال کتاب اللہ اور احادیث سے ہیں تو کوئی دیوبندی صاحب یہ بتلا دیں کہ مذکورہ بالا عبارت کس آیت یا کس حدیث کا ترجمہ ہے' یا محض قرآن و حدیث بولنے کا خبط سوار رہے۔

وہابیوں میں سرم کا کچھ بھی اثر نہیں
ہے اعتراض غیروں پر اپنی خبر نہیں'

پہلے اپنے گھر کی خبر لیجئے پھر کہیں میلاد و فاتحہ کرنے والوں پر آنکھیں لال پیلی کر کے اعتراض کی جرأت کیجئے۔

ابھی تو آپ حضرات نے محض نانوتہ کی ایک قبر کا مضحکہ خیز حال سنا ہے اب اسی ضمن میں دو ایک اور بھی فرضی و من گھڑت کرامات کا حال سنتے چلئے۔

ارواح ثلثہ ص ۲۰۱

"فرمایا کہ ایک صاحب کشف حضرت حافظ محمد ضامن تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ پڑھنے گئے' بعد فاتحہ کہنے لگے کہ بھائی یہ کوئی بزرگ ہیں بڑے دل لگی باز ہیں' فاتحہ پڑھنے لگا تو مجھ سے فرمانے لگے جاؤ فاتحہ کسی مردہ پر پڑھو یہاں زندہ پر فاتحہ پڑھنے آئے ہو' یہ کیا بات ہے' جب

marfat.com

Marfat.com

لوگوں نے بتلایا کہ یہ شہید ہیں"

نوٹ:۔ تھانہ بھون کے شہید کی قبر پر نیاز و فاتحہ درست ہے مگر سید سالار مسعود غازی رحمتہ اللہ علیہ کی قبر مبارک پر جانا شرک و بدعت' ہاں اگر روپیہ و نذرانہ ملے تو وہاں کی حاضری درست ہے جیسا کہ شاہ جہان۔ پوری حضرت سال بہ سال آستانہ بہرائچ پر حاضر ہوتے ہیں ایسے ہی زرخیز مقامات پر مولانا تھانوی کی پیروی کام دے جاتی ہے۔

ارواح ثلاثہ ص ۲۸۸ کی ایک اور عبارت ملاحظہ فرمائیں:

"خانصاحب نے یہ فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ نے خود مجھ سے فرمایا کہ جب میں ابتداء گنگوہ کی خانقاہ میں آکر مقیم ہوا ہوں کہ خانقاہ میں بول و براز نہ کرتا تھا بلکہ باہر جنگل جاتا تھا حتیٰ کہ لیٹنے پھن کر چلنے پھرنے کی ہمت نہ ہوتی تھی"

نوٹ:۔ اب کوئی دریافت کرے علماء دیوبند سے کہ گنگوہی صاحب کس آیت یا کس حدیث کی اتباع میں اس نوعیت کا احترام کرتے تھے آخر گنگوہ میں مساجد بھی ہوں گی اس میں استنجا خانہ بھی ہوگا۔ اس میں تو گنگوہی صاحب نے بول و براز کیا ہی ہوگا۔ تو کیا خانقاہ کا مرتبہ خانۂ خدا سے بھی بڑھ گیا؟

قربان جایئے اس الٹی کھوپڑی پر کہ خانقاہ گنگوہ کا استنجا خانہ تو مقام ادب و احترام ہے مگر اولیاء کرام کے مزارات لائق ادب و احترام نہیں۔

ابھی چند برس کی بات ہے کہ سلطان الہندی سید سرکار معین الدین اجمیری سنجری رحمتہ اللہ علیہ کے گنبد مبارک پر وہابی دیوبندی طلباء نے نجاست پھینکی تھی جس پر بھارت کے تمام ہی سنی مسلمانوں نے غم و غصے کا اظہار کیا تھا۔ بعض اخبار و رسائل میں بھی یہ خبر شائع ہوئی تھی۔ یہ پروردگار عالم کے قہر غضب اور اس کی پھٹکار نہیں تو اور کیا ہے کہ مزارارت اولیاء کی تعظیم و تکریم سے گریز کرنے والے سے استنجا خانہ کی تعظیم و توقیر کرائی گئی۔

---

ا۔ مولوی ابو الوفاء مولوی محمد قاسم

marfat.com

Marfat.com

یہ تو اپنی اپنی قسمت اور اپنا اپنا نصیبہ ہے کہ مزارات اولیاء کے سامنے کوئی باادب کھڑا ہے اور کوئی استنجاخانہ کے سامنے دست بستہ حاضر ہے۔ ناظرین یہ خیال نہ فرمائیں کہ بات ختم ہو گئی۔

یہ قصہ لطیف ابھی ناتمام ہے
جو کچھ بیاں ہوا ہے وہ آغاز باب تھا

ارواح ثلاثہ ۲۴۰ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے

"مولانا رفیع الدین صاحب فرماتے تھے کہ میں پچیس برس حضرت مولانا نانوتوی کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور کبھی بلا وضو نہیں گیا میں نے انسانیت سے بالا درجہ ان کا دیکھا وہ شخص ایک فرشتہ مقرب تھا جو انسانوں میں ظاہر کیا گیا"

نوٹ: مولانا نانوتوی ایک فرشتہ مقرب تھے جو انسانوں کی شکل میں ظاہر کیے گئے تھے دربار قاسم میں ادب و احترام کا یہ عالم کہ ان کا پرستار و پجاری پچیس برس مسلسل باوضو حاضر ہوتا رہا۔ گویا وہ بھی کوئی نماز تھی کہ بغیر وضو کے حاضری قبول نہ ہوتی۔

مناسب ہے کہ اسی مقام پر تقویۃ الایمان کی دو چار عبارتیں پیش کر دی جائیں جس سے دیو بندی مشن کے صحیح خدوخال سامنے آجائیں۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۶۸

"انسان آپس میں سب بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔

نوٹ: واضح رہے کہ اس عبارت میں بڑے بزرگ سے انبیاء و اولیاء سب ہی مراد ہیں۔

چنانچہ اس کے بعد لکھا ہے کہ جتنے اللہ کے بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندۂ عاجز اور ہمارے بھائی۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۷۱ رسول کریم کی تعریف کے بارے میں آنجناب لکھتے ہیں:

"جو بشر کی سی تعریف ہو سو ہی کرو۔ اس میں بھی اختصار ہی کرو"

marfat.com
Marfat.com

تقویۃ الایمان صفحہ ۴۷

جیسا کہ ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار سو ان معنوں میں ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے۔ (تقویۃ الایمان صفحہ ۱۶)

"ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے"

تقویۃ الایمان کی مندرجہ بالا عبارات پڑھ کر نہ صرف علماء اہلسنت نے اظہار بیزاری کیا بلکہ دیوبند کے فاضل مولانا محمد عامر عثمانی بھی چیخ اٹھے۔

ماہنامہ "تجلی" فروری مارچ ۱۹۵۷ء کے خاص نمبر صفحہ ۷۱ کی عبارت ملاحظہ فرمایئے

"میں نے دیکھا کہ شاہ اسماعیل شہید رحمتہ اللہ علیہ نے تقویۃ الایمان میں فصل اول فی الاجتناب عن الاشراک کے ذیل میں لکھا ہے "ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے" اس عبارت پر غور فرمایئے۔ میرے نزدیک (عامر عثمانی) یہ سو فیصدی صحیح ہے لیکن کیا اس کا صاف اور بدیہی مطلب یہ نہیں ہے کہ اولیاء و صحابہ تو ایک طرف رہے تمام انبیاء و رسل اور خاتم النبین ﷺ بھی اللہ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل ہیں۔ کیسا خطرناک انداز بیان ہے' کتنے لرزا دینے والے الفاظ ہیں اور یہ نہ سمجھئے کہ شاہ صاحب کے الفاظ کی یہ تعبیر کچھ میں اپنی طرف سے پیش کر رہا ہوں۔ نہیں یہ تعبیر تو اسی زمانے میں کی گئی اور تذکیرالاخوان اٹھا کر دیکھ لیجئے کہ بعض خطوط کتنے غصے کے آئے لیکن خود شاہ صاحب نے ان الفاظ کو درست و برحق ثابت کیا اور علماء موجود بھی ان الفاظ کو بے عیب و بے خلل ٹھہراتے ہیں"

نوٹ:۔اس عبارت کا حقیقی مفہوم تو جناب مولانا عامر عثمانی صاحب ہی سمجھ سکتے ہیں کہ تقویۃ الایمان کی عبارات لرزا دینے والی اور خطرناک ہونے کے باوجود ان کی نظر میں پچانوے فیصدی بھی نہیں بلکہ سو فیصدی صحیح ہے۔ لیکن یہ اعتراف تو انہیں کرنا ہی پڑا کہ اس کا انداز بیان خطرناک ہے' جس پر بہت سے لوگوں کے غم و غصے کے

marfat.com

Marfat.com

خطوط بھی آئے ہیں۔

اب یہیں پر الامداد کی ایک عبارت ملاحظہ فرمایئے اور میری ماسبق تحریر کہ مولانا تھانوی دیوبندیوں کے مادر زاد ولی تھے پھر تدریجاً مرتبہ نبوت پر پہنچے' یہاں تک کے اپنے مرید سے اپنی نبوت و رسالت کا کلمہ پڑھواتے تھے اس کی شہادت و گواہی حاصل کیجئے۔

رسالہ الامداد مجریہ ماہ صفر ۱۳۳۶ھ صفحہ ۳۵' ایک مرید کا خواب و بیداری میں اشرف علی کا کلمہ پڑھنا اور تھانوی صاحب کا جواب:

"ایک روز کا ذکر ہے کہ "حسن العزیز" دیکھ رہا تھا اور دوپہر کا وقت تھا کہ نیند نے غلبہ کیا اور سو جانے کا ارادہ کیا۔ رسالہ حسن العزیز کو ایک طرف رکھ دیا لیکن جب بندے نے دوسری طرف کروٹ بدلی تو دل میں خیال آیا کہ کتاب کو پشت ہو گئی اس لیے رسالہ حسن العزیز کو اٹھا کر سر کی جانب رکھ لیا اور سو گیا۔ کچھ عرصہ بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور (یعنی اشرف علی) کا نام لیتا ہوں۔ اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف پڑھنے میں' اس کو صحیح پڑھنا چاہیے۔ اس خیال سے دوبارہ پڑھتا ہوں۔ دل پر تو یہ کہ صحیح پڑھا جاوے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے (یعنی لا الہ الا اللہ اشرفعلی رسول اللہ) دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہو گئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہو گئی' زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ ایک چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں

marfat.com

Marfat.com

بدستور بے حسی تھی اور وہ اثر ناطاقتی بدستور تھا لیکن حالت خواب و بیداری میں حضور ہی کا خیال تھا لیکن حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جائے' اس واسطے پھر ایسی کوئی غلطی نہ ہو جائے بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لے کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ ﷺ پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہی کہتا ہوں **اللھم صل علی نبینا و مولانا اشرف علی** حالانکہ اب میں بیدار ہوں' خواب نہیں' لیکن بے اختیار ہوں' مجبور ہوں' زبان اپنے قابو میں نہیں' اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت رہی' خوب رویا اور بھی بہت سے وجوہات ہیں جو حضور کے ساتھ باعث محبت ہیں کہاں تک عرض کروں"

**جواب:** اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے"

تھانوی صاحب کی اس تعلیم و تلقین پر فاضل دیو بند مولانا سعید احمد اکبر آبادی سابق پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ مدیر "برہان" کی تنقید ملاحظہ فرمایئے۔

نہ من تنہا دریں میخانہ مستم
جنید و شبلی و عطار شد مست

برہان دہلی فروری ۱۹۵۲ء صفحہ ۱۰۷

"اپنے معاملات میں تاویل و توجیہہ اور اغماض و مسامحت کرنے کی مولانا (اشرف علی تھانوی) میں جو خو تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ ایک مرتبہ کسی مرید نے مولانا کو لکھا کہ میں نے رات خواب میں دیکھا کہ میں ہرچند کلمہ تشہد صحیح صحیح ادا کرنے کی کوشش کرتا ہوں لیکن ہر بار ہوتا یہ ہے کہ **لا الہ الا اللہ** کے بعد **اشرف علی رسول اللہ** منہ سے نکل جاتا ہے۔ ظاہر ہے اس کا صاف اور سیدھا جواب یہ تھا کہ یہ کلمہ کفر ہے' شیطان کا فریب اور نفس کا دھوکا

marfat.com
Marfat.com

ہے تم فوراً توبہ کرو اور استغفار پڑھو لیکن مولانا تھانوی صرف یہ فرما کر بات آئی گئی کر دیتے ہیں کہ تم کو مجھ سے غایت محبت ہے اور یہ سب اسی کا نتیجہ و ثمرہ ہے"۔

مت پوچھئے کہ داغ جگر میں کہاں کے ہیں
کچھ آپ کے دیئے ہیں اور کچھ آسماں کے ہیں

الامداد کی کفری عبارت پر فاضل دیوبند مولانا اکبر آبادی کی جرح و تنقید آپ نے ملاحظہ فرمائی اب لگے ہاتھ مکتوبات شیخ پر جناب نجم الدین صاحب اصلاحی کے حاشیہ کی چند سطریں ملاحظہ فرمایئے جس سے اندرون خانہ کی نوک جھونک کا پتا چلتا ہے۔

مکتوبات شیخ حصہ دوم ص ۳۶

"مرید کو زیبا نہیں کہ ایسے الفاظ لکھے یا زبان سے نکالے جو پیغمبروں کے لیے مخصوص ہیں۔ شیخ الاسلام مد ظلہ' ان بزرگوں میں نہیں ہیں کہ مرید کی ہر بات کی توجیہہ کر کے اور اس کو محبت کے دائرے کے اندر لا کر گستاخ بنائیں بلکہ سخت نکیر فرماتے ہیں"

اس تیر کے نشانے پر براہ راست الامداد کی عبارت ہے جس سے تھانہ بھون کے معتقدین مرغ بسمل کی طرح تڑپ رہے ہیں۔ گو اصلاحی صاحب نے الکنایتہ ابلغ من التصریح پر عمل کرتے ہوئے بات اشارے وکنائے میں کی لیکن بات اس قدر واضح ہو گئی ہے کہ اب انھیں مجال انکار نہیں۔ بقول شاعر

یوں ترچھی نگاہوں سے مجھے قتل بھی کرنا
پھر صاف مکرنا کہ میں اس سے بری ہوں

رسالہ الامداد کی کفری عبارت پر فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا یہ تبصرہ آپ کی نظر سے گزرا کہ "یہ کلمہ کفر ہے" مگر فاضل اکبر آبادی یہ نہ فرما سکے کہ "کلمہ کفر" پر راضی ہونا کیسا ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ ایک ادیب ہیں' مدرسہ عالیہ کے پرنسپل اور "برہان" کے مدیر ہیں۔ اس وقت وہ منصب افتاء پر فائز نہیں لہٰذا ایک مفتی اس قانون کے ماتحت کہ " الرضا بالکفر کفر سے راضی ہونا کفر ہے" کا

marfat.com
Marfat.com

فتویٰ دے سکتا ہے جو موصوف کے لے بھی قابل تسلیم ہو گا اور فتویٰ مفتی کا خانہ ساز نہ ہو گا بلکہ قانون شریعت کی روشنی میں ہو گا جس پر چراغ پا ہونے کے بجائے اپنی غلطیوں سے توبہ کر کے خدا ترسی کا ثبوت دینا چاہیے مگر اس کو کیا کہئے کہ انھیں عبارات پر آئے دن مناظرہ و مجادلہ کے لیے طبل جنگ بجتا رہتا ہے۔ ایک طرف تو جمعیتہ العلماء ہند اتحاد بین المسلمین کا باعث ہیں انھیں کو حرز جان بنائے ہوئے ہیں۔ گویا آسمان کی اتری ہوئی کوئی دستاویز ان کے ہاتھ آگئی ہے۔ فقہاء' محدثین اور مجتہدین کی کتابوں پر نقد و نظر کی گنجائش ہے مگر حفظ الایمان' تقویتہ الایمان اور فتاوی رشیدیہ' یہ سب کی سب منزل من السماء ہیں جس پر تنقید و تبصرہ کرنا گویا وحی الٰہی سے اعلان جنگ ہے۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ! اگر علماء دیو بند و اراکین جمیعتہ العلماء ہند کے دل میں اس کا صحیح احساس ہے کہ بھارت کی آزاد فضا میں قوم مسلم چین و سکون کی زندگی گزار سکے اور احساس کمتری کے اس ہوشربا دور میں اس کا متحدہ پلیٹ فارم اور مشترکہ نظریہ حیات ہو تو ممبر سازی و شاخوں کے قیام سے پہلے انھیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ اکابر دیو بند کے بعض ذمہ داروں سے بربناء بشریت جو غلطیاں سرزد ہو گئی ہیں اور آج تک وہی کتابیں اتحاد بین المسلمین کے مابین ایک ناقابل عبور خلیج بن کر حائل ہیں انھیں پاٹنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اگر جمیعتہ العلماء نے اس کے لیے کوئی قدم اٹھایا تو اس کی تاریخ کا ایک نیا باب ہو گا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ کام بظاہر بہت ہی حوصلہ شکن اور ہمت آزما ہے۔ اپنے و غیر دونوں سے جنگ کرنی پڑے گی مگر اس خدائے قدیر کی رحمتوں سے کیا بعید کہ وہ پردہ غیب سے کچھ ایسے اسباب فراہم کر دے کہ اس راہ کے نکیلے کانٹے نرم و نازک پھول بن جائیں اور مدتوں کی بچھڑی ہوئی قوم پھر شیر و شکر ہو کر اپنی کتاب زندگی کا کوئی نیا ورق الٹ سکے۔ یہ کس قدر حیرت انگیز و تعجب خیز معاملہ ہے کہ محض چند علماء کی خاطر کروڑوں مسلمانوں کا شرازہ منتشر ہے اور آج تک اتنی بڑی اکثریت جو صدیوں حکمران رہ چکی ہو وہ اپنا کوئی موقف نہ متعین کر سکی۔ کیا اس سے بھی بڑھ کر قوم مسلم کی بدنصیبی کا کوئی وقت آئے گا!

marfat.com

Marfat.com

پھر علماء دیو بند کی بعض کتابوں کی ایسی عبارتیں جس پر سبھی نکتہ سنج ہیں اگر ان سے رجوع کر لیا جائے تو اس میں شرم و حجاب کے کیا معنی؟ یا انھیں اپنے حق میں باعث ننگ و عار کیوں سمجھا جائے جبکہ شریعت مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کا یہ قانون محکم آفتاب سے زیادہ روشن ہے کہ التائب من الذنب کمن لاذنب له گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسے ہی ہے گویا اس سے گناہ ہی سرزد نہ ہوا۔ پھر یہ بھی کوئی دانشمندی ہے کہ بعض علماء دیو بند کی بعض عبارات کو بے غبار ثابت کرنے کے لیے کروڑوں مسلمانوں کو بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے اس پر طرفہ تماشا یہ کہ علم بردار اتحاد بن کر گلی کوچوں میں پھر رہے ہیں۔ اختلاف کی چھوٹی چھوٹی نالیوں کے پاٹنے سے پہلے ان بڑے بڑے دریاؤں کو پاٹیے جہاں سے اختلاف کی ان گنت' بے شمار ندیاں بہہ رہی ہیں اگر آپ لوگوں کے سینے میں قوم و ملت کا صحیح درد و احساس ہے تو بلا خوف لومتہ لائم اٹھئے اور وہ کر گزریئے جس سے ہندی مسلمانوں کی تاریخ ہمیشہ کے لیے آپ کی مرہون کرم ہو جائے اور اگر چند کتابوں کے ہیر پھیر میں الجھ کر اس دکھیا قوم کو مصلحت کوشی وقت شناسی کی تلقین کرتے رہے تو آپ کے حق میں قوم مسلم ہمیشہ یہ شعر دہراتی رہے گی۔

حق سے بہ عذر مصلحت وقت پہ جو کرے گریز
اس کو نہ پیشوا سمجھ اس پر نہ اعتماد کر

اگر قوم کا اعتماد حاصل کرنا ہے تو میلاد' فاتحہ' عرس و نیاز پر رزمگاہ مجادلہ طلب کرنے سے پہلے حفظ الایمان' تقویۃ الایمان جیسی کتابوں پر ٹھنڈے دل سے غور کریئے اور اہلسنت کے جائز و صحیح مطالبے کو تسلیم کر کے دنیا و دین کی متاع عزیز کو ترجیح دیجئے اور بھارت کے کروڑوں مسلمان جو محض میلاد و فاتحہ کے نام دست و گریباں ہیں ان کے سامنے قوم و ملت کا تعمیری پروگرام رکھ دیجئے۔ یہی وقت کا تقاضا اور وقت کی پکار ہے۔ کاش! آپ لوگوں کے دل میں یہ احساس بیدار ہوتا اور قوم کی خاطر آپ کوئی قربانی پیش کرسکتے۔

یا للعجب! یہ کیا دردناک سانحہ ہے کہ چند مولویوں کے علم و قلم کی لاج رکھنے

marfat.com
Marfat.com

کے لیے کروڑوں مسلمانوں کی قومی و ملی عزت و آبرو کا جنازہ بے گور و کفن پڑا ہے تہذیب و ادب کی بھرپور محفل میں مدتوں سے ہٹ دھرمی و کٹ حجتی کا ننگا ناچ ہو رہا ہے مگر آج تک یہ نہ ہو سکا کہ شرم و غیرت سے یہ گردنیں آستانہ نبوت پر جھک جائیں۔ گویا مولانا تھانوی' مولانا گنگوہی اور مولانا اسمٰعیل نے جو کچھ لکھ دیا وہ پتھر کی لکیر ہے۔ اے دوستو! تم بھی ٹھنڈے دل سے سوچو کہ کیا سچ مچ تمہارا ضمیر یہ گوارا کرتا ہے کہ رسول خدا "چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر ہیں اور محبوب خدا کا علم گائے بیل اور جانوروں جیسا ہے" خدارا تم اپنے اور قوم مسلم کے حال پر رحم کھاؤ اور قدرت کائنات کی اس گرفت سے ڈرو جو سب سے زیادہ سخت ہے اور اس کا عذاب دردناک ہے۔ کیا تم یہ نہیں سوچتے کہ آج کی دنیا میں اگر تمہارے چہیتے کو کوئی آنکھ دکھائے یا انگلی اٹھائے تو تم کٹ مرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہو' اسی لیے نا کہ وہ تمہارا محبوب ہے! پھر تم نے یہ کیوں نہ سوچا کہ جس کو تم چمار یا گاؤں کا چودھری کہہ رہے ہو وہ محبوب خدا ہے۔ کیا تم قہر الٰہی کو اپنے حق میں چیلنج نہیں دے رہے ہو؟ کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم تو اپنے محبوب کی حمایت میں کوہ آتش فشاں بن سکتے ہو اور غیرت خداوندی کو تمہاری دریدہ دہنی پر جنبش بھی نہ ہو سکے گی۔ اب بھی وقت ہے کہ تعصب و تنگ نظری سے الگ تھلگ ہو کر انصاف پسندی اور نیک نیتی سے ان کتابوں کا مطالعہ کرو اور چند علماء کے نشہ محبت میں سرشار ہونے کے بجائے اگر ممکن ہو تو بھی عشق رسول ﷺ کی عینک لگا کر ان کتابوں کو دیکھو' ہو سکتا ہے توفیق الٰہی تمہارا ساتھ دے اور تم اپنی ہڈیوں اور بوٹیوں کو عذاب جہنم سے محفوظ کر سکو ورنہ یہ تو ہوتا چلا آیا ہے اور ہوتا ہی رہے گا۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی

اور سرکار رسالت مآب ﷺ کی یہ پیش گوئی بھی پوری ہو کر رہے گی کہ میری امت میں تہتر فرقے ہوں گے۔ ایک ناجی ہو گا اور باقی سب جہنمی ہوں گے اور وہ فرقہ ناجی اہلسنت وجماعت کا ہے جیسا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے سوال پر حضور

marfat.com

Marfat.com

ﷺ نے ارشاد فرمایا ما انا علیہ و اصحابی

بات بہت دور آگئی۔ رسالہ الامداد کی عبارت پر فاضل اکبر آبادی کی تنقید اور مکتوبات شیخ پر مولانا نجم الدین صاحب اصلاحی کے حاشیہ کی چند سطریں پیش کر رہا تھا۔ اب اسی ضمن میں اشرف السوانح حصہ اول صفحہ ۸۴ کی ایک اور عبارت ملاحظہ فرمایئے اور مولانا تھانوی کے بارے میں اصولی و آئینی رائے قایم کیجئے

"گو حضرت والا (مولانا تھانوی) کو سفر سے طبعی اعراض رہتا لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت والا کو حجتہ اللہ فی الارض بنا کر دنیا میں بھیجا تھا جس کا خود حضرت والا کو بھی علم ضروری کے درجے میں احساس تھا"

نوٹ: اب ناظرین ہی انصاف کر سکتے ہیں کہ بھلا وہ شخص جو اپنے آپ کو اس روئے زمین پر اللہ کی حجت و دلیل سمجھتا ہو اور یہ احساس محض مریدین ہی کو نہ تھا بلکہ خود آں بدولت کو نہ صرف گمان و ظن کے مرتبہ میں تھا بلکہ علم ضروری کے مرتبے میں حاصل تھا کہ "یقیناً میں اللہ کی حجت و دلیل" ہو کر آیا ہوں تو ایسے شخص سے یہ توقع رکھنا کہ وہ اپنی غلطیوں سے رجوع کر لے گا۔ رجوع کرنے کے یہ معنے ہوں گے گویا اللہ کی حجت و دلیل جھوٹی ہو گی۔

یہی ہے نخوت و غرور' پندار و جہل مرکب کی وہ مسند جس پر تھانوی صاحب بیٹھ کر اپنے مرید سے **لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ** کا کلمہ پڑھواتے تھے۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

کے مطابق کہاں تو وہ شورئ شوری اور کہاں یہ بے نمکی۔ یا تو مولانا تھانوی کے اتباع سنت و پیروی اسلاف کی دھوم مچی تھی اور کہاں ہذیان و بو الفضولی کا یہ عالم کہ اَنَا رَسُوْلَ وَ اَنَا نَبِیُّ اللّٰہ کی دعوت دینے لگے اور

ایمان لانے والے ایمان لا رہے ہیں

کے مطابق آج تک مولانا تھانوی کا کلمہ پڑھ رہے ہیں۔ کاش شخصیت پرستی و

marfat.com
Marfat.com

کورانہ تقلید کے کوڑھی مریض کبھی یہ سوچ سکتے کہ سُنی و مسیلمہ کذاب کے پیرو کو متبع سنت کہنا کہاں تک درست ہے؟

برا ہو ایسی عصبیت کا اور غلوء محبت کا جو انسانوں کی آنکھ پر پٹی باندھ دے جس سے وہ حق و باطل کا امتیاز نہ کر سکے۔

اسی عنوان کی ایک دوسری کڑی ملاحظہ فرمایئے اور تھانوی صاحب کے بارے میں صحیح رائے قائم کیجئے۔

اشرف السوانح حصہ اول صفحہ ۱۶۱

"مولانا محمد یحییٰ صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ نے جو حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خادم خاص تھے ایک بار احقر سے فرمایا کہ میرا اب تک گمان تھا کہ اس صدی کے مجدد حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ العزیز تھے لیکن اب میرا خیال یہ ہے کہ ہمارے مولانا رحمۃ اللہ علیہ کا فیض تو خاص تھا اور زیادہ تر آپ سے علماء فیض یاب ہوئے لیکن اب میں دیکھ رہاں ہوں کہ مسلمانوں کو اس وقت عام نفع مولانا تھانوی سے بہت پہنچ رہا ہے اس لیے مجددیت کی شان ان میں زیادہ پائی جاتی ہے ممکن بلکہ مظنون ہے کہ حضرت (تھانوی) کا درجہ مجددیت سے بھی عالی ہو"

اب یہاں سے فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی ایک مبسوط و مفصل تنقید ملاحظہ کیجئے جو انہوں نے اشرف السوانح کے متعدد مضامین پر "برہان" ۱۹۵۲ء کی مختلف اشاعتوں میں کی ہے جس میں اکملیت' مجددیت' عدل بین الزوجین اور مولانا تھانوی کی دوسری شادی کا قصہ خصوصیت سے قابل دید ہے۔

برہان دہلی دسمبر ۵۲ء ص ۳۶۵

"مولانا (تھانوی) شریک تجدید ہیں مگر خود مستقل بالذات مجدد نہیں کیونکہ ایک مجدد میں جو اوصاف و کمالات موجود ہونے چاہیں اور جن کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے ان میں سے بعض اوصاف مولانا (تھانوی) میں نہیں ہیں"

marfat.com

Marfat.com

مولانا تھانوی کی مجددیت پر فاضل دیوبند کا دوسرا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے

برہان دہلی ستمبر ۵۲ء

"جناب مولف (یعنی عبدالباری مولف جامع المجددین) نے بار بار بڑی تحدی کے ساتھ لکھا ہے کہ حضرت مولانا تھانوی نور اللہ مرقدہ' عہد حاضر کے نہ صرف مجدد تھے بلکہ جامع' المجددین یعنی کامل مجدد تھے اور دین کا کوئی ایسا شعبہ نہیں جس کی تجدید حضرت تھانوی صاحب نے نہ کی ہو۔ ہم کو اس سے اختلاف ہے"

حسب ذیل تنقید و تبصرہ میں فاضل دیوبند نے ایک حقیقت کی نقاب کشائی کی ہے جس سے اپنے معاملات میں حضرات دیوبند کے افراط و غلو کا پتہ چلتا ہے اور بارگاہ نبوت میں علماء دیوبند کی جسارت و بے باکی کی نشان دہی کرتے ہوئے ایسے جذبہ ملعون پر نفرین و ملامت کی ہے۔

برہان دہلی اگست ۵۲ء ص ۱۱۲' ۱۱۳

"لیکن یہ کیسی عجیب بات ہے کہ ان تمام حقائق کے برخلاف آج ہمارے مکرم مولانا عبدالباری ندوی کا دعویٰ ہے کہ "عین دین وہی ہے جو حضرت مولانا تھانوی نے فرمایا "کیا اس کے علاوہ جو کچھ ہے گمراہی اور بے دینی ہے"

نوٹ: علماء دیوبند کی کتابوں کے مطالعہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ رفتار زمانہ کے ساتھ ان کا دین و اسلام بھی بدلتا رہتا ہے۔ مولانا گنگوہی نے اپنے زمانہ میں فرمایا کہ "تقویۃ الایمان کا رکھنا اور پڑھنا عین اسلام ہے" اور کچھ دنوں بعد مولانا عبدالباری نے فرمایا کہ "عین دین وہی ہے جو حضرت مولانا تھانوی نے فرمایا" یعنی بہشتی زیور' حفظ الایمان۔ اب دیکھیے آئندہ کس کا قول و فعل عین اسلام قرار پاتا ہے۔ بقول فاضل اکبر آبادی کہ اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ گمراہی و بے دینی ہے۔

مولانا عبدالباری نے بڑی رعایت سے کام لیا کہ مولانا تھانوی کے علاوہ سب کو گمراہ و بے دین سمجھا۔ اگر کہیں حکومت کی طرف سے کچھ اور اختیارات مل جاتے تو

marfat.com

Marfat.com

اپنے اور تھانوی صاحب کے علاوہ سب کو قابل گردن زنی ہی قرار دیتے۔

اس بے بسی میں ذوق بشر کا یہ حال ہے
کیا جانے کیا کرے جو خدا اختیار دے

جامع المجددین صفحہ ۱۵۱ کی مندرجہ ذیل تحریر پر فاضل اکبر آبادی کی منصفانہ رائے

"جس طرح انبیاء علیہم السلام اپنی امتوں کے لیے اس احسن عمل کا اکمل نمونہ ہوتے ہیں اسی طرح نبی الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام کے دین کے تھانوی مجدد کی زندگی تجدیدی درجہ میں امت محمدیہ کے لیے اسلام کی علمی تعلیمات کا ہر شعبہ میں کامل و جامع نمونہ تھی"

پھر اس کے بعد صفحہ ۱۷۵ پر حضرت تھانوی کی تجدیدی کرامت کے زیر عنوان فرماتے ہیں

"یہی اصلاح و تجدیدی جامعیت ہے جو ذالک الکتاب والے دین کے جامع المجددین کی سیکڑوں کتابوں کے ہزاروں صفحات پر اصلاحی و تجدیدی صورت میں پھیلی ہوئی ہے اور جس طرح ذالک الکتاب اس دین کے پیغمبر کا سب سے بڑا معجزہ یا سب سے بڑی برہان و آیت تھی اسی کے اتباع میں اس کی تجدیدی جامعیت کی سب سے بڑی کرامت ہے۔ آج جو بھی شخص دین اسلام کے چہرے کو پورے جمال و کمال کے ساتھ بالکل صاف و بے غبار جامع و کامل صورت میں از سرنو تجدید یافتہ اور تر و تازہ دیکھنا اور پانا چاہتا ہے وہ عصر حاضر کے جامع المجددین کی کتابی آیتوں کی طرف علا رجوع کر کے خود مشاہدہ کر سکتا ہے۔ عجیب بات ہے جس طرح ذالک الکتاب کا معجزہ رکھنے والے نے غیر متعلق معجزات کے مطالبہ کی نسبت یہ فرمایا کہ قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم الغیب ولا اقول لکم انی ملک ان اتبع الامایوحی الی اسی طرح نبی کامل کے متبع کامل کی کلام میں بھی کثرت سے جابجا کشف و تصرفات سے اپنی قطعا تبری

marfat.com
Marfat.com

فرمائی گئی ہے اور سارا زور بس وحی یا شریعت کے احکام واتباع پر ہے۔
نوٹ: جامع المجددین کی مندرجہ بالا عبارت پر اگر علماء اہل سنت کی طرف سے کچھ لکھا یا کہا جاتا تو مولانا عبدالباری اور تھانوی صاحب کے متبعین یہ کہہ کر شور و غوغا مچاتے کہ دیکھو ان لوگوں کا صرف یہی ایک کام رہ گیا ہے کہ ہم لوگوں کی کتابوں کی تغلیط و تخطیہ کرتے رہیں لیکن اب دیکھنا ہے کہ ندوی صاحب فاضل اکبر آبادی کے مقابل مورچہ بندی میں کتنے داؤ اور پینترے استعمال کرتے ہیں اور ہار و جیت کے اکھاڑے میں کتنی کروٹیں لیتے ہیں یا محض یہ کہہ کر خاموش ہو جائیں گے۔

خون دل' خون تمنا' خون شوق
آپ نے جو کچھ کیا اچھا کیا

یعنی میں تو تھانوی صاحب کو جامع المجددین ثابت کر دکھاتا مگر آپ نے میری آرزوں پر پانی پھیر دیا۔ اب فاضل اکبر آبادی کی تنقید ملاحظہ فرمایئے:

برہان دہلی اگست ۵۲ء

"آپ نے دیکھا بھلا اس جوش عقیدت کی کوئی انتہا بھی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے لئے قرآن پاک کا ارشاد ہے **ھو الذی بعث فی الامیین رسولا**۔ تو یہاں حضرت مولانا تھانوی کے لئے بھی جگہ جگہ مجدد و مبعوث کا خطاب ہے' وہاں **لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ** تو یہاں بھی **لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ** کا عکس۔ وہاں قرآن مجید آنحضرت کا معجزہ ہے تو یہاں بھی مولانا تھانوی کی کتابیں تجدیدی کرامت۔ وہاں **ذالک الکتاب** آیات بینات تو یہاں بھی مولانا تھانوی کی کتابوں کے مباحث "کتابی آیتیں" عقیدت وارادت کا کتنا ہی جوش اور زور ہو آخر یہ سوچنا چاہئے تھا کہ آفتاب بہرحال آفتاب ہے اور ایک ذرہ کیسا ہی چمکیلا و درخشاں ہو' بہرحال ذرہ ہے۔ اس بنا پر یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ ذرہ کے صفات کو آفتاب کے صفات پر منطبق کرنے کی کوشش کی جائے اور ذرا عنوان بدل کر یہ باور

marfat.com

Marfat.com

کرایا جائے کہ اب آفتاب غروب ہو گیا ہے تو ذروں ہی سے کسب ضیاء کرنا چاہئے۔"

نوٹ: کاش! اب بھی علماء دیوبند اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچے کہ اپنے علماء کی تعریف و توصیف اور آقائے دوجہاں ﷺ کی توہین و تنقیص میں ان کے افراط و تفریط کا کیا عالم ہے! جس پر نہ صرف علماء اہلسنت ہی بلکہ ان کی درسگاہ تربیت کا ایک فاضل بھی چیخ اٹھا۔ کلکتہ کے ایک سفر میں مجھے باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا کہ اس تنقید و تبصرہ پر بجائے غور و فکر کرنے کے تھانوی صاحب کے متبعین نے کئی سو خط مدیر "برہان" کے پاس بھیجے کہ اپنی تحریر واپس لے لو تم نے تو علم و ادب کی بھری محفل میں ہماری عزت و آبرو لوٹ لی۔ فاضل دیوبند ہونے کے ناطہ تمہیں کچھ تو ہماری جنبہ داری کرنی تھی۔ یہ سب کچھ ہوتا رہا مگر فاضل اکبر آبادی ڈاکٹر اقبال کے اس شعر سے اپنا دل بہلاتے رہے:

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

مدیر برہان کی مندرجہ ذیل تنقید مولوی عبد الباری ندوی کی اس عبارت پر ہے کہ مولانا تھانوی اپنے کو اکمل سمجھتے تھے۔ حضرت فرمایا کرتے تھے اپنے کو اکمل سمجھنا جائز ہے افضل سمجھنا جائز نہیں۔

صحیح فرمایا ندوی صاحب نے جس نے اپنے کو حجتہ اللہ فی الارض سمجھا ہو۔ اگر اس نے اپنے آپ کو اکمل جانا تو کیا غضب ڈھایا اگر وہ اکمل نہ ہوتا تو حجتہ اللہ فی الارض ہی کیوں ہوتا گویا منطقی اصول کے تحت شکل اول کے یہ دو ٹکڑے ہیں کہ مولانا تھانوی حجتہ اللہ فی الارض تھے اور حجتہ اللہ فی الارض کا اکمل ہونا ضروری ہے حد اوسط کو ساقط کرنے کے بعد نتیجہ صاف ظاہر ہے کہ مولانا تھانوی کا اکمل ہونا ضروری ہے۔

خواہ شکل اول کے دونوں ٹکڑے محتاج دلیل ہوں یا سر تا پا غلط مگر نتیجہ تو آپ کے ہاتھ آ ہی جائے گا۔

marfat.com

Marfat.com

آپ کی اس بقراطی پر فارابی' بوعلی سینا' علامہ فضل حق خیر آبادی بھی اپنی اپنی قبروں میں تحسین و مرحبا کہتے ہوں گے۔ ناظرین بھی خیال کرتے ہوں گے کہ میں نے کیسی خشک بحث چھیڑ دی۔ لیجئے بقول سودا میں نے اپنی گفتگو ختم کر دی۔

سودا خدا کے واسطے کر قصہ مختصر
اپنی تو نیند اڑ گئی تیرے فسانے میں

اب اکملیت کے زیر عنوان مدیر برہان کا تبصرہ ملاحظہ فرمائیے۔

برہان دہلی' مئی ۵۲' ص ۲۹۷۔

"حضرت تھانوی کو اکمل سمجھنے کا یہ اثر تو اس کتاب میں عام طور پر اور جگہ جگہ نمایاں ہے جیسا کہ ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ ان (تھانوی صاحب) کی اوصاف شماری میں اس درجہ غلو اور مبالغہ کیا گیا ہے کہ ان کو صحابہ و تابعین کیا معنی انبیاء سے بھی جا ملایا ہے اور دوسری جانب چونکہ کامل دین اور جامع دین وہی ہے جو مولانا تھانوی کے ارشادات اور قول و عمل سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس بنا پر کہ وہ عمل اور فعل جو کہ اس سے مختلف ہو۔ خواہ اصل اسلامی تعلیمات کے اعتبار سے کتنا ہی صحیح اور درست ہو اسے بھی مردود قرار دیا جائے۔ چنانچہ ہندوستان کی تمام اسلامی جماعتیں' تمام اسلامی ادارے' سب علمائے کرام و مشائخ مولف کی بارگاہ عدالت میں مجرم و خطاکار ہیں۔ ہم آگے چل کر جہاں مجددیت پر گفتگو کریں گے بتائیں گے کہ حضرت تھانوی ارباب عزیمت و دعوت میں سے نہیں تھے بلکہ حضرت شیخ محمد تھانوی اور دوسرے سیکڑوں اکابر و مشائخ و علماء کی طرح ارباب رخصت میں سے تھے لیکن مولف جامع المجددین کی جرات و جسارت کا یہ عالم ہے کہ محض مولانا تھانوی کا اکمل مان لینے کی بنا پر علماء عزیمت اور ارباب جہاد فی سبیل اللہ پر بھی برس پڑے ہیں اور ان میں بھی کیڑے نکالنے کی کوشش کی ہے۔

نوٹ: اس کے بعد فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی حضرات دیوبند کی بارگاہ نبوت و رسالت میں مطلق العنانی اور ان کی رسول دشمنی سے متاثر ہو کر "شرک فی

marfat.com
Marfat.com

الرسالہ" کے زیر عنوان رقمطراز ہیں جس کی حیثیت علماء دیوبند کے حق میں لمحہ فکریہ کی ہے اور علماء اہلسنت کے جائز مطالبے پر تائید و حمایت کی ہے۔ (برہان دہلی فروری ۵۲ء ص ۱۰۸)

"شرک فی الرسالہ۔ اس مقام پر ایک نہایت اہم اور ضروری نکتہ جسے اپنے مرشد کے ساتھ خالی عقیدت و ارادت رکھنے والے مرید اکثر بھول جاتے ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں کسی کو شریک ماننا شرک فی اللہ اور کفر ہے اسی طرح آنحضرت ﷺ کے اوصاف و کمالات نبوت میں کسی کو شریک جاننا شرک فی الرسالتہ اور عظیم ترین معصیت ہے۔"

کھا گئی تری نظر کا بنوج و گر ہر ایک
زخمی کچھ ایک بندہ درگاہ ہی نہیں

نوٹ: مدیر برہان کی اس اوصاف اور واضح تحریر کے بعد رسالہ الامداد میں لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ والی عبارت کو پھر ذہن میں تازہ کر لیجئے۔ اور اس میں مولانا تھانوی کی رضامندی کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں' چونکہ میں متبع سنت ہوں اور تمہیں مجھ سے غایت درجے کی محبت ہے۔ لہٰذا پڑھو اور خوب جی بھر کر پڑھو گویا کھلے بندوں مولانا تھانوی نے اپنی نبوت و رسالت کا اقرار کیا۔ اس کا نام "شرک فی الرسالتہ" نہیں بلکہ دعویٰ نبوت ہے۔ اب علماء اہلسنت سے نہ پوچھئے بلکہ فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی سے دریافت کیجئے کہ ایسے شخص کے لئے قانون شریعت کا کیا حکم ہے؟

اس بات کو تو تقریباً ہر مسلمان جانتا ہے کہ جس طرح کسی نبی کی نبوت کا انکار کفر ہے ایسے ہی غیر نبی کی نبوت کا اقرار بھی کفر ہے اور کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے۔ یہ شریعت کی ایک کھلی ہوئی روشن دلیل ہے نہ تو فلسفہ کا کوئی عقدہ لاینحل ہے اور نہ ہی منطق اینچ پیچ کی بھول بھلیاں جس میں بال کی کھال نکالی جائے یا بات کا بتنگڑ کیا جائے۔ اسی ضمن میں تھانہ بھون کے ایک دوسرے پیر پرست کی بڑ اور ہذیان ملاحظہ فرمایئے

marfat.com
Marfat.com

جو پیر پرستی کی بحرانی کیفیت میں علی العموم ایسے ہی آئیں بائیں شائیں ہانکا کرتا ہے۔

رسالہ الاحسان' جلد ۲' شمارہ ماہ محرم الحرام ۱۳۷۵ھ / ستمبر ۱۹۵۵ء صفحہ ۴

"دوسرے آپ (مولانا تھانوی) نے اپنے نائبین کی ایک جماعت چھوڑی کہ اہل زمانہ اپنے نئے نئے واقعات اور جدید حالات میں ان حضرات سے فیض یاب ہو سکیں نیز اس لئے کہ یہ حضرات طالبین کی ضروریات اور حالات کے مطابق راہ حق کی طرف ان کی رہنمائی فرماتے رہیں اور اس طرح آپ کے بعد بھی آپ کا فیض باقی رہے منجملہ انہیں حضرات کے مرشدی و مولائی محی السنہ والاخلاق ماحی البدعت والنفاق حضرت مولانا شاہ محمد وصی اللہ صاحب دامت برکاتہم واضنم بھی ہیں۔ آپ کی جامعیت اور کمال کے بارے میں اپنا خیال تو یہ ہے۔

آفاقہا گردیدہ ام مہرتاں ور زیدہ ام
بسیار خوباں دیدہ ام لیکن۔ توچیزے دیگری

یا

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

اسی کا نام ہے "شرک فی الرسالۃ"

نوٹ: یعنی جس طرح آدم سے مسیح علیہ السلام تک جتنے بھی انبیاء و رسل آئے وہ علیحدہ علیحدہ اوصاف و کمالات کے حامل تھے مگر رسول کائنات خاتم النبیین ﷺ میں وہ تمام فضائل و کمالات مجموعی حیثیت سے پائے جاتے تھے ایسے ہی معاذ اللہ ثم معاذ اللہ شاہ وصی اللہ صاحب خلیفہ مولانا تھانوی بھی انبیاء و رسل کے کمالات کے جامع ہیں۔

پنبہ کجا کجا نہم تن ہمہ داغ داغ شد

مدیر الاحسان نے اپنی اس ناپاک و ناروا عبارت میں دو دعوے کیے ہیں:

1۔ گویا شاہ وصی اللہ ایسے ہی جامع کمالات نبوت ہین جس طرح سرکار رسالت مآب ﷺ ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

"اس میں کائنات کے ساتھ ہمسری و برابری کا دعویٰ ہے۔"

2۔ حضرت یوسف' حضرت موسیٰ علیہم السلام میں جو کمالات انفرادی طور پر تھے وہ مجموعی طور پر شاہ وصی اللہ میں ہیں۔

"اس میں ان جلیل القدر انبیاء و رسل کی توہین ہے جو موجب کفر ہے۔"

آنکھیں اگر ہیں بند تو پھر دن بھی ہے رات
اس میں قصور کیا ہے بھلا آفتاب کا

اگر کوئی سرپھرا انبیاء و رسل کی عظمت و تقدیس کو نہ مانے تو اس میں ان کا کیا بگڑ جائے گا۔ البتہ اس خبط الحواس کو ایمان کے لالے پڑ جائیں گے اور سچ تو یہ ہے کہ اگر صاحب ایمان ہوتا تو ایسا لکھتا ہی کیوں؟

اور مجھے تو تعجب ہے جناب شاہ وصی اللہ صاحب پر' یہ سب دیکھ سن کر خاموش رہے اور کوئی توبہ نامہ تک نہ شائع کرایا گیا۔ اگر ایسے ہی شاہ صاحبان کو محی السنہ اور ماحی البدعت کا ٹائٹل دیا جائے گا تو وہ گمراہ و بدعتی کن کو کہا جائے گا؟ اپنے پجاری کی والہانہ عقیدت دیکھ کر شاہ صاحب بھی پھولے نہ سمائے ہوں گے اور دل ہی دل میں خیال کیا ہو گا اگر ایسے ہی دس پانچ اور مل گئے تب تو تعویز و گنڈے کی مارکیٹ گرم ہو جائے گی۔ انہیں شاہ صاحبان کو دیکھ کر ڈاکٹر اقبال نے کہا ہے:۔

یہی شیخ حرم ہے جو چرا کے بیچ کھاتا ہے
گلیم بوذر و دلق اویس و چادر زہرا

اب سے پہلے تو آپ نے مولانا گنگوہی اور مولانا نانوتوی کے معاشقہ کی سرگذشت ملاحظہ فرمائی ہے۔ اب مولانا تھانوی کی عبرت انگیز و نصیحت آموز شادی کا حال سنئے جو انہوں نے آخری عمر میں کسی کمسن لڑکی سے کی تھی جس شادی کو مولانا تھانوی نے تقرب الی اللہ اور حصول درجات کا ذریعہ قرار دیا ہے یعنی چلہ و مجاہدات سے جو باتیں انہیں حاصل نہ ہوئی تھیں بیگم صاحبہ کے آتے ہی وہ تمام مراتب انہیں حاصل ہو گئے۔ ایسی ہی فیض بخش و عزت مآب شادی پر فاضل دیوبند مولانا سعید احمد

marfat.com
Marfat.com

اکبر آبادی کا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے۔

برہان دہلی ۲۵۲ ص ۱۰۵ بحوالہ "جامع المجددین" ص ۴۲۶۔

محبت اثر کرتی ہے چپکے چپکے
محبت کی خاموش چنگاریاں ہیں

"مولانا تھانوی جیسا کہ خود فرماتے ہیں دوسرا نکاح محبت دلی کے اقتضا سے کرتے ہیں' لیکن شہرت و وجاہت خانگی چپقلش کی وجہ اور برادری میں چہ میگوئیوں کی وجہ سے اس واقعہ کے سبب مولانا تھانوی کو جو ضغطہ دماغی (Comlef) پیش آگیا ہے' اس کی وجہ سے اپنے فعل کی تاویل و توجیہہ میں عجیب عجیب باتیں کہتے ہیں حالانکہ سیدھی بات یہ تھی کہ میں نے عقد ثانی کیا اور یہ شرع میں ناجائز نہیں ہے۔ بس! بات ختم ہو جاتی لیکن مولانا تھانوی کبھی تو فرماتے ہیں کہ بے ساختہ ذہن میں آیا کہ بہت سے درجات موقوف ہیں۔ سقوط جاہ بدنامی پر جن سے تو اب تک محروم ہے' پس اس واقعہ (یعنی شادی) میں حکمت یہ ہے کہ تو بدنام ہوگا اور حق تعالیٰ درجات عطا فرمائیں گے کبھی مولانا تھانوی فرماتے ہیں ایک مصلحت یہ بھی ظاہر ہوئی کہ اس سے پہلے موت کی محبوبیت کی دولت نصیب نہ تھی الحمدللہ کہ اس واقعہ (شادی) سے یہ دولت بھی نصیب ہو گئی پھر ارشاد ہوتا ہے مجھ کو ثواب آخرت سے کم دلچسپی تھی' اب معلوم ہوا کہ یہ ایک قسم کی کمی اور استغنا تھی' الحمدللہ کہ اس کمی کا تدارک ہوگیا اس کے بعد مولانا تھانوی کا ارشاد ہے کہ حلم و تحمل کا ذوق نہ تھا۔ خدا تعالیٰ کا احسان ہے کہ یہ کام بھی (بعد شادی) پورا ہوگیا۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی مصلحتیں لکھی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ "مولانا تھانوی" نے نکاح ثانی کیا کیا۔ سلوک و معرفت اور طریقت و حقیقت کی صبر آزما منزلیں بیک جنبش قدم طے کر لی ہیں جو ملکات و فضائل و کمالات روحانی باطنی سالہا سال کے بعد مجاہدہ اور ریاضت شاقہ کے بعد بھی حاصل نہیں ہوتے وہ عقد ثانی کرتے ہی فوراً مولانا (تھانوی)

marfat.com
Marfat.com

کو حاصل ہو گئے۔" (برہان دہلی فروری ۵۲ء ص ۱۰۶)

"غور کیجئے فطرت انسانی کی یہ کتنی بڑی اخلاقی کمزوری ہے کہ ایک شخص کوئی کام محض لذت نفس اور حظ جسمانی کے لئے کرتا ہے لیکن اپنے عقیدت مندوں میں اپنا وقار رکھنے کے لئے اس کو کمالات و ملکات روحانی و باطنی کے حصول کا ذریعہ قرار دیتا ہے خیر یہ سب کچھ تو تھا ہی۔ اس سے بڑھ کر غضب یہ ہے کہ مولانا تھانوی حضرت زینب کے ساتھ آنحضرت ﷺ کے نکاح کا واقعہ بیان فرما کر اپنے فعل کو سنت اضطراری اتباع قرار دیتے ہیں اور دو واقعوں میں سات وجوہ مشابہت مماثلت کا پتہ دیتے ہیں حالانکہ یہ صاف ظاہر ہے کہ کہاں ایک پیغمبر جس کی ہر قوت وطاقت بدرجہ کمال اور غیر معمولی ہوتی ہے اور کہاں ایک وہ شخص جس کے لئے ایک بیوی بھی زاید از ضرورت ہو۔

جس طرح مولانا تھانوی کی عادت خورہ گیری اور ایک معمولی سی بات میں تشقیقات اور احتمالات کی بھرمار کر دینے کی تھی اس طرح اگر کوئی شخص نکتہ چینی پر آجائے تو مولانا تھانوی کی مذکورہ بالا مصلحتوں اور حکمتوں کو باآسانی مجروح کر سکتا ہے۔

1- بدنامی حاصل کرنا محمود نہیں مذموم ہے۔ حدیث میں ہے کہ تہمت کی جگہوں سے بچو۔

2- موت کی محبوبیت بے شک مستحسن ہے مگر لقائے رب کے لئے یا جہاد فی سبیل اللہ کی غرض سے اس کے برخلاف دنیا سے گھبرا کر موت طلب کرنا بزدلی اور نامرادی ہے جو اسلام میں مذموم و قبیح ہے۔

3- ثواب آخرت سے جتنی کم دلچسپی ہو اسی قدر اچھا ہے تاکہ عبادت بالکل بے غرض و بے لوث ہو۔

4- حلم و تحمل ہی محمود ہے جو طاقت و قوت کے ساتھ ہو' بیچارگی کے عالم میں غصہ پی جانا حلم نہیں کہلاتا۔

5- واقعہ نبوت میں اور اس واقعہ میں زمین و آسمان کا فرق ہے کیونکہ آنحضرت

marfat.com

Marfat.com

ﷺ کا نکاح آسمان پر ہوا اور یہ زمین پر آنحضرت ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت زید سے کیا تھا جو آپ کے عزیز قریب نہ تھے۔ مولانا (تھانوی) نے اپنی منکوحہ کا نکاح اپنے بھانجے سے کیا۔ حضرت زینب بیوہ نہیں ہوئی تھیں بلکہ حضرت زید کی مطلقہ تھیں (صفحہ ۱۰۷) مولانا کی بیوی مولانا کے ساتھ عقد سے قبل بیوہ ہو گئی تھیں آنحضرت ﷺ نے حضرت حفصہ کو طلاق رجعیہ دی تھی اور مولانا تھانوی نے خود اس بیوی کو طلاق رجعیہ دی جن کا یہ معاملہ تھا۔ پھر ایک شخص یہ بھی سوال کر سکتا ہے کہ مولانا تھانوی جس کو سنت اضطراری اتباع فرماتے ہیں۔ یہ آخر اعمال مندوبہ و مستحبہ کی کون سی قسم ہے اور کیا شریعت میں اس کی کوئی اہمیت ہے۔

نوٹ: ؎ بات سیدھی کوئی صاحب کی نظر نہیں آتی
آپ کی پوشاک کو کپڑا بھی آڑا چاہیئے

ناظرین نے ملاحظہ فرمالیا کہ "شادی" کے ایک واقعہ پر مولانا تھانوی نے کتنے پینترے بدلے اور کیسے کیسے بل کھائے۔ مریدین و معتقدین پر رنگ جمانے اور زہد و تقدس کا رعب گانٹھنے کے لئے کتنے شوشے پیدا کیے مگر فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی نے سارا بھرم کھول دیا۔

ناظرین خود بھی خیال فرمائیں کہ مولانا تھانوی فرماتے ہیں کہ شادی سے پہلے مجھے موت محبوب و پسندیدہ نہ تھی مگر بعد شادی میرے قلب و جگر میں موت کی محبوبیت سما گئی۔ کیوں نہ ہو جب شادی ہی کے لئے زندہ تھے تو موت سے کیونکر پیار ہو سکتا تھا۔ موت سے پیار تو بعد شادی ہونا ہی چاہئے تھا۔

جب تک ملے نہ تھے تو جدائی کا تھا ملال
اب یہ ملال ہے کہ تمنا نکل گئی

کتنے پتے کی بات کہی ہے فاضل اکبر آبادی نے "موت کی محبوبیت" بیشک مستحسن ہے مگر لقائے رب کے لئے یا جہاد فی سبیل اللہ کی غرض سے اس کے برخلاف دنیا سے گھبرا کر موت طلب کرنا بزدلی و نامرادی ہے جو اسلام میں مذموم و قبیح ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مدیر برہان کے مندرجہ بالا ٹکڑوں سے مولانا تھانوی اور ان کی بیگم صاحبہ کی نااتفاقی و خانہ جنگی و باہمی چپقلش کا پتہ چلتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا تھانوی کی زندگی دوبھر ہو گئی تھی۔ اب موت کی دہائی دینے کے سوا چارہ کار ہی کیا تھا۔ بقول مرزا غالب:

قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

جب تک مولانا تھانوی نے شادی نہ کی تھی اس وقت تو چپکے چپکے یہ شعر گنگناتے رہے:

دم نزع چلی آؤ خدا را
میں اپنی موت کو بھی ٹال دوں گا

کیا تعجب کہ تسبیح کے دانوں پر بھی یہی شعر رہا ہو مگر شادی ہوتے ہی پتہ چل گیا کہ ایسی زندگی سے موت بہتر ہے۔ دماغ بدل گیا۔ طبیعت بدل گئی شادی کا سارا نشہ ہرن ہو گیا۔ "یا حسرتا واحسرتاہ" کے نالہ شب گیر نے راز افشا کر دیا۔ اب تو مولانا تھانوی یہ فرمانے لگے:

کس طرح فریاد کرتے ہیں بتا دو قاعدہ
اے اسیران چمن میں نو گرفتاروں میں ہوں

ایسے ہی مولانا تھانوی فرماتے ہیں کہ شادی سے پہلے مجھے حلم و تحمل محمود و پسندیدہ نہ تھا لیکن بعد شادی مزاج میں تحمل و بردباری کی صلاحیت پیدا ہو گئی۔ فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی نے بات بہت ہی صاف و عریاں کہہ دی کہ "حلم و تحمل وہی محمود ہے جو طاقت کے ساتھ ہو' بے چارگی کے عالم میں غصہ پی جانا حلم نہیں کہلاتا" یعنی جب تک مریدوں اور شاگردوں سے سابقہ رہا۔ اس وقت تو مولانا تھانوی پر حلم و تحمل کی پرچھائیں نہ پڑ سکیں۔ وہ کبھی خیال میں بھی نہ لا سکے کہ تحمل و بردباری کس چڑیا کا نام ہے! سب کو بات بات پر ڈانٹتے ڈپٹتے رہے۔ چنانچہ خود آلہ آباد کے ایک صاحب تھانہ بھون کی خانقاہ گئے۔ دوران قیام میں ایک دن کسی بات پر

marfat.com

Marfat.com

آنجناب نے مولانا تھانوی کو ٹوک دیا۔ بس اتنی سی بات پر تھانوی صاحب کے قہرو جلال کا کوہ آتش فشاں پھٹ پڑا اور فرمایا کہ ابھی اس کم بخت کو میری خانقاہ سے باہر کر دو۔ یہ مجھ سے سیکھنے آیا ہے یا میری اصلاح کرنے آیا ہے؟ متوسلین کے ساتھ تو تھانوی صاحب کی ڈانٹ ڈپٹ کا یہ عالم تھا مگر شادی کے ہوتے ہی جب نیا سابقہ گلے پڑ گیا تو بھیگی بلی بن کر حلم و تحمل کی راہ اختیار کرلی۔ یہ تو فرمانہ سکے کہ اس بارگاہ عالی میں دم مارنے کی مجال نہیں یہاں تک "تک تک دیدم دم نہ کشیدم" پر عمل کرنا پڑتا ہے' جو کچھ بھی زبان فیض ترجمان سے نکل جائے آمنت کہنے کے سوا مجال انکار نہیں۔ اسی کو اکبر الہ آبادی نے اپنے انداز میں اس طرح کہا ہے:

اکبر کبھی ڈرے نہیں دشمن کی فوج سے
لیکن اگر ڈرے ہیں تو بیوی کی فوج سے

چنانچہ خود فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی مولانا تھانوی کی بدخلقی کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

"آنحضرت ﷺ کا خلق مبارک یہ تھا کہ خود بھوکے رہتے اور مہمان کی خاطر تواضع کرتے تھے' اس کا کام خود اپنے ہاتھ سے کرتے تھے لیکن ہمارے مولانا تھانوی کا یہ حال ہے کہ "مہمانی بند" اور اگر کسی مہمان نے ازراہ مروت کھانے میں اپنے ساتھ کسی کو شریک کرلیا ہے تو بس اس کی شامت ہی آگئی ہے۔ رات کے وقت دیوان خانہ میں اگر ٹھہر گیا ہے تو شکنجہ میں کس دیا گیا ہے۔"

چنانچہ فاضل دیوبند ایک مقام پر خود اپنی آپ بیتی کا تذکرہ یوں کرتے ہیں۔

(برہان دسمبر ۱۹۵۲ء' ص ۳۶۶)

"مولانا (تھانوی) کی تشدد پسندی اور درشت مزاجی کی جو روایات سننے میں آتی رہتی تھیں ان کا اثر یہ ہوا کہ قیام دیوبند کے زمانہ میں بارہا جی چاہنے کے باوجود مولانا کی خدمت میں حاضری کی جرات کبھی نہیں ہوئی۔ جامع المجددین میں اسی طرح کے واقعات نظر سے گزرے تو یہ اثر اور قوی ہوگیا۔"

marfat.com

Marfat.com

مولانا تھانوی کی سنگ دلی و درشت مزاجی کا واقعہ سن کر مجھے محترمی عالی جناب حکیم سید قمرالاسلام صاحب دہلوی مقیم حال بمبئی کے مطب کی ایک ادبی نشست یاد آگئی جس میں مولانا ابوالوفا صاحب فصیحی' مولانا عبدالقیوم علی گڑھی' مولانا زاہدالقادری مفتی آستانہ' حکیم نجم الہدیٰ صاحب گیاوی بھی شریک تھے اور مجلس کا ہر شخص اپنے پسندیدہ اشعار سنا رہا تھا۔ قمر میاں کا ایک شعر آپ کی ضیافت طبع کے لئے حاضر ہے:۔

میں سرتاپا صعوبت کش مگر اک دل ہی نازک ہے
وہ سر سے پاؤں تک نازک مگر اک دل ہی پتھر ہے

نوٹ: تھانہ بھون کے خانہ ساز مجدد کی بدخلقی و درشت مزاجی و تشدد پسندی کا حال فاضل دیوبند کی زبانی آپ نے سن لیا جس سے تھانوی ڈھول کے پول کا صحیح اندازہ ہو گیا ہو گا اور یہ بات بھی سمجھ میں آگئی ہو گی کہ مریدین نے تھانوی صاحب کو اچھالنے میں کیسے کیسے غلط پروپیگنڈوں کو آلہ کار بنایا ہے۔

اب جامع المجددین کی حسب ذیل عبارت پر فاضل اکبر آبادی کا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے۔

1۔ "تھانوی صاحب سے متعلق مولوی عبدالباری صاحب ندوی تحریر فرماتے ہیں کہ علم و عمل میں حدود کی رعایت اس درجہ تھی کہ لوازم بشریت کے ساتھ اس سے زاید کا تصور دشوار ہے۔

2۔ اس عدل کے اہتمام کی انتہا یہ تھی کہ ایک "بیوی" کی باری میں دوسری بیوی کا خیال لانا بھی تھانوی صاحب خلاف عدل خیال فرماتے کہ جس کی باری ہے اس کی طرف توجہ میں کمی ہو گی جو حق تلفی ہے۔"

برہان دہلی مارچ ۵۲ء از صفحہ ۱۶۷ تا ۱۷۶

"حضرت تھانوی صاحب اپنی دو بیگمات کے درمیان جو عدل قائم رکھتے تھے وہ ایک امر واقع ہے اور کوئی شبہ نہیں کہ اپنے بعض فضائل و خصائص کی طرح وہ اس میں بھی بہت ممتاز تھے لیکن جناب مولف نے

marfat.com
Marfat.com

اس کو جس آب و تاب کے ساتھ بیان کیا ہے اسے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ فلسفہ کا ایک استاذ سابق تو درکنار کوئی معمولی درجہ کی سمجھ رکھنے والا بھی ایسی بات نہیں کہہ سکتا ہے۔ اس کے بعد مولانا تھانوی کا ایک واقعہ لکھ کر دوسروں پر چھینٹے اڑانے اور کچھ کے لگانے کی جو خو مولف نے پیدا کرلی ہے اس کے مطابق فرماتے ہیں 'بھلا یہاں تک ذہن بھی کس کا جا سکتا ہے۔ سوائے اس کے جو اپنے قلب کی ہر جنبش کی نگرانی کرتا اور ہمہ وقت اپنے کو اللہ تعالیٰ کے حضور میں پاتا اور اس کو حاضروناظر جانتا ہو۔" غور کیجئے جناب مولف نے حضرت تھانوی کے انتہائی عدل بین الزوجین کی جو کیفیت بیان کی ہے وہ عقلی و منطقی اور نفسیاتی طور پر کس قدر غلط اور بے معنی ہے۔ اور ساتھ ہی اس سے کس طرح آنحضرت ﷺ کی تنقیص ہوتی ہے۔ عقلی اور نفسیاتی طور پر اس کے غلط ہونے کی وجہ یہ ہے کہ انسانی خیال پر کبھی روک ٹوک نہیں لگائی جاسکتی' اس پر ہرگز پہرہ نہیں بٹھایا جاسکتا۔ یعنی آپ کسی خیال کی نسبت لاکھ عہد کریں کہ اسے اپنے دل یا دماغ میں گھسنے ہی نہ دیں گے آپ اس میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔"

(چند سطر بعد)

عربی کا ایک شاعر کہتا ہے:

ذکرتک والخطی یخطر بیننا
وقد نہلت منا المثقفۃ السمر

(ترجمہ) "پیاری میں نے تجھ کو اس وقت بھی یاد کیا جب کہ گندمی رنگ کے تیز دھارے والے خطی نیزے (میدان جنگ میں) ہمارے خون سے اپنی پیاس بجھا رہے تھے اور کھٹا کھٹ چل رہے تھے۔"

اس خیال کے آنے میں نہ میلوں اور کوسوں کی مسافت حائل ہوتی ہے اور نہ زندان و محن کی آہنی اور اونچی دیواریں۔

marfat.com
Marfat.com

خيال لام السلسبيل و دونها
مسيرة شهر البريد المذبذب

(ترجمہ) "میری محبوبہ ام سلسبیل کا خیال میرے پاس آتا ہے حالانکہ میرے اور اس کے درمیان ایک تیز رفتار قاصد کی ایک مہینہ کی مسافت ہے۔ ایک دوسرا شاعر کہتا ہے:

عجبت لمسراها واني تخلصت
الي وباب السجن دوني مغلق

(ترجمہ) "میری محبوبہ کا خیال معلوم نہیں کس طرح میرے پاس چلا آیا جب کہ قید خانہ کا دروازہ میرے اوپر بند تھا۔"

اس بناء پر مولف کا یہ دعویٰ کہ حضرت تھانوی ایک بیوی کی باری میں دوسری بیوی کا خیال لانا بھی خلاف عدل سمجھتے تھے سرتاپا غلط اور بے بنیاد ہے جیسا کہ ہم نے ابھی اشارہ کیا۔ جناب مولف کے خیال میں غالباً حضرت مولانا تھانوی کے فضل و کمال کا اعتراف اس وقت ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ ایک نہایت معصومانہ انداز میں دوسرے حضرات پر فقرے نہ کسے جائیں اور ان پر طنز و تعریض نہ کی جائے لیکن نہایت افسوس اور بڑی شرم کی بات ہے کہ موقع پر وہ **حبک الشي يعمي ويصم** (بسا اوقات کسی شئے کی محبت انسان کو اندھا و بہرا بنا دیتی ہے) کے مطابق اس حد تک آگے بڑھ گئے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی تنقیص کر بیٹھے ہیں۔ تاریخ و سیر اور احادیث کی کتابوں میں صاف طور پر مذکور ہے کہ حضرت سرور کونین ﷺ کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے اتنی محبت تھی کہ آپ دوسری بیویوں کی باری کے دنوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ذکر سوز و گداز کے ساتھ اس طرح فرمایا کرتے تھے کہ ازواج مطہرات کو بعض اوقات ناگوار تک ہو جاتی تھی۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد آپ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت تھی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی اسے جانتی تھیں لیکن اس کے باوجود فرماتی ہیں کہ میں نے

marfat.com
Marfat.com

خدیجہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا لیکن مجھ کو جس قدر ان پر رشک آتا تھا کسی اور پر نہیں آتا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ رسول اللہ ﷺ ہمیشہ ان کا ذکر کیا کرتے تھے' ایک مرتبہ میں نے اس پر اپنی آزردگی کا اظہار کیا تو آپ نے فرمایا کہ خدا نے مجھ کو ان کی محبت دی ہے۔ (صحیح مسلم فضائل خدیجہ رضی اللہ عنہا)

غور کیجئے مولانا تھانوی کے نزدیک تو دوسری بیوی کا خیال لانا خلاف عدل ہے لیکن یہاں آنحضرت ﷺ صرف خیال ہی نہیں لاتے بلکہ ذکر بھی فرماتے ہیں اور ذکر بھی ایک دو دفعہ نہیں بھول چوک سے نہیں بلکہ ہمیشہ عمداً و قصداً۔

(چند سطر بعد)

اسی طرح آں حضرت ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بہت محبت تھی۔ تاریخ و سیر کی کتابوں میں کثرت سے واقعات مذکور ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ اس محبت کا اظہار مختلف طریقوں سے کرتے تھے۔ حد یہ ہے کہ مرض اور وفات میں آپ کسی دوسری بیوی کے گھر میں مقیم تھے کہ دریافت فرمایا کل میں کس کے گھر میں رہوں گا۔ ازواج مطہرات منشائے مبارک سمجھ گئیں۔ سب نے کہا آپ جہاں چاہیں قیام فرمائیں۔ وقت آگیا تھا کہ یہ خاکدان عالم آفتاب نبوت کے جسد عنصری سے محروم ہو جائے اس لیے ضعف اس درجہ ہو گیا تھا کہ خود چل نہیں سکتے تھے حضرت علی اور حضرت عباس دونوں بازو تھام کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں لائے اور بالآخر یہاں ایک ہفتہ قیام فرمانے کے بعد رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔ غور کرو کتنا نازک مقام ہے۔ سید کونین ﷺ کے اس دنیا سے رحلت کا وقت آگیا ہے ایسے موقع پر ہر رفیقہ حیات کی طبعی طور پر خواہش ہو سکتی تھی کہ آپ کی وفات انہیں کے حجرہ میں ہو تاکہ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر زیادہ سے زیادہ کسب سعادت کا شرف حاصل ہو' اور پھر دوسری بیویوں کا دن بھی ہے لیکن آں حضرت ﷺ کے دل میں

marfat.com
Marfat.com

حضرت عائشہ کے ساتھ غیر معمولی محبت کی وجہ سے اس وقت جو آرزو ہے آپ اس کو پوشیدہ نہیں رکھتے لیکن غایت خلق و کرم کے باعث زبان اشارہ سے اس کا اظہار فرماتے ہیں۔

(چند سطر بعد)

غور کرو ان سب واقعات سے کیا ثابت ہوتا ہے۔ یہی نا کہ دل میں خیال کا لانا کجا آں حضرت ﷺ ایک بیوی کی باری میں دوسری حرم محترم کا ذکر تک کرتے تھے اور ان کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار بھی فرماتے تھے۔

آں حضرت ﷺ کو معلوم تھا کہ اس سے دوسری بیویوں کو "اذا احد اھما سخطت الاخری" کے مطابق طبعی طور پر ناگوار ہوتی ہے لیکن عدل انھیں چیزوں میں ہو سکتا ہے جو انسان کے خود اپنے اختیار میں ہو اور محبت چونکہ غیر اختیاری چیز ہے۔

جو لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بجھے

اس لئے اس بنا پر اس میں عدل کا سوال بھی پیدا نہیں ہوتا تاہم کمال عبدیت کا تقاضا یہ تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ ازواج مطہرات میں عدل فرماتے تھے اور ساتھ ہی دعا کرتے تھے:

**اللهم هذه قسمتي فيما املك فلا تلمني فيما تملك ولا املك۔**

اے اللہ! یہ میری تقسیم ان چیزوں میں ہے جن کا میں مالک ہوں پس تو مجھ کو ملامت نہ کر ان چیزوں میں جن کا تو مالک ہے۔

اب اس کے مقابل مولوی عبدالباری صاحب مولف جامع المجددین کا بیان پڑھئے کہ مولانا تھانوی ایک بیوی کی باری میں دوسری بیویوں کا خیال لانا خلاف عدل سمجھتے تھے اور بتایئے کہ العیاذ باللہ کیا اس جملہ کا حاصل یہ نہیں ہے کہ اس معاملہ میں مولانا تھانوی کا مقام آنحضرت ﷺ سے بھی اونچا ہے کہ جو کام آپ (یعنی سرور کونین) نہ کر سکے وہ مولانا تھانوی نے کر کے دکھا دیا۔ پھر مولانا عبدالباری ندوی نے مذکورہ بالا جملہ کے بعد جو یہ لکھا ہے کہ:

marfat.com

Marfat.com

"بھلا یہاں تک ذہن بھی کس کا جا سکتا ہے" تو اس کی زد کس پر پڑتی ہے۔" برہان' دہلی مئی ۱۹۵۲ء ص ۲۹۶۔

ممکن ہے بعض قارئین کو یہ خیال ہو کہ ایک ذرا سا فقرہ اور اس پر یہ طویل گفتگو "چھوٹی سی بات تھی جسے افسانہ کر دیا" لیکن اصل یہ ہے کہ تمام گمراہیوں کا سرچشمہ اپنے کو اکمل سمجھنا ہی ہے اس سے پہلے شخصیت پرستی پیدا ہوتی ہے اور یہ آگے چل کر اوتار یا دیوتا یا الوہیت کے عقیدے کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔"

برہان' دہلی فروری ۱۹۵۲ء ص ۱۱۰

"یہ عقیدت مفرطہ اچھے اچھے علماء کو بھی بسا اوقات کس طرح افراط و تفریط میں مبتلا کر کے بارگاہ رسالت میں بالواسطہ گستاخی کا سبب بنتی ہے۔" برہان دہلی' مارچ ۱۹۵۲ء صفحہ ۱۷۶

"ایک بلند پایہ بزرگ کو صرف اس کے اس مرتبہ و مقام تک محدود رکھنے کا جذبہ ہو اس کے برخلاف اگر پہلے سے مان لیا گیا ہے کہ اس بزرگ کو جامع المجد دین ہی ثابت کرنا ہے تو پھر ظاہر ہے کہ جو بھی بے اعتدالی ہو اور اس بے اعتدالی کی زد میں اکابر مشائخ و علماء کا کیا ذکر پیغمبر اور پیغمبر کے ساتھی بھی آجائیں تو ذرا مستبعد نہیں۔

اے کاش! لائق مصنف کو معلوم ہوتا کہ کم بخت شیطان کی راہ مارنے کے طریقے ایک نہیں ہزاروں میں ہیں یہ بدی کے راستے پر لگا کر انسان کو خسر الدنیا و الآخرہ کا مصداق بناتا ہے اور کبھی نیکی میں غلو پیدا کر کے اس راہ سے بے راہ کر دیتا ہے۔"

نوٹ: اگر علماء اہلسنت کی طرف سے یہ آواز اٹھائی جاتی کہ مولف جامع المجد دین مولوی عبد الباری ندوی نے توہین رسالت کر کے اپنی دنیا و آخرت برباد کی تو اب تک ایک قیامت برپا ہو گئی ہوتی۔ تھانہ بھون سے نجد تک کہرام مچ گیا ہوتا مگر فاضل اکبر آبادی کی تنقید و تبصرہ پر ساری دیوبندیت دم بخود ہو کر سسک رہی ہے۔ تھانہ بھون کا ہر پجاری سرگریاں ہے مگر توفیق توبہ نصیب نہیں ہو رہی ہے۔ جب پیرو

marfat.com
Marfat.com

مرشدی بغیر توبہ چل بسے تو ان غریب پجاریوں کو توبہ کی پونجی کہاں سے ہاتھ آئے؟ اسی کو کہتے ہیں خدائی مار۔ کہنے والے نے سچ کہا ہے کہ اللہ کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں ہے۔ اب تک تو حضرات دیوبند یہ کہہ کر راہ فرار اختیار کرتے تھے کہ ہماری کتابوں سے علماء بریلی و علماء بدایوں کو للہی بغض ہو گیا ہے! اب فرمائیں کہ مولانا سعید احمد اکبر آبادی کے لئے کیا فتویٰ ہے۔

ناظرین نے اچھی طرح محسوس کر لیا ہو گا کہ جامع المجددین میں جا بجا سرور کونین ﷺ کی تنقیص و توہین کی گئی ہے اور مولانا تھانوی کو مرتبہ نبوت سے بھی بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہی ہے دیوبندی مشن کا مطمع نظر اور مقصود کہ سرکار دو عالم ﷺ کو اپنے جیسا بشر' ذرہ ناچیز سے کمتر' چمار سے زیادہ ذلیل' گاؤں کا چودھری' بڑا بھیا' مر کر مٹی میں ملنے والا' حشر میں اپنے انجام سے بے خبر' کی تبلیغ کرو اور جب مولانا کی باری آئے تو سرمنڈا کے' پائجامہ چڑھا کے' گلے پھاڑ پھاڑ کر' خوب اچک اچک کر یہ کہنا وہ اکمل تھے' حجتہ اللہ فی الارض تھے' مجدد اعظم تھے' ان کے پاؤں کو دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے اور کیا کہنا ہے ہمارے مجدد اعظم کا کہ انہوں نے عدل بین الزوجین کے معاملہ میں وہ کر دکھایا جس کو رسول خدا بھی نہ کر سکے۔ یہی وجہ ہے کہ اب ہم دیوبندی محمد ﷺ کی بجائے اشرف علی رسول اللہ کا کلمہ پڑھنے لگے ہیں۔

اب ہم دیوبندیوں کو محمد رسول اللہ ﷺ کی ضرورت نہیں ہے جو خود اپنی بیٹی کے کام نہ آسکیں گے اور انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ قیامت میں ان کے ساتھ کیا معاملہ ہو گا۔ اب ہم لوگوں کے لئے تو حضرت تھانوی بہت کافی ہیں۔ ان کا پاؤں نہ مل سکے گا تو ان کی قبری دھو کر پی لیا کریں گے جو ہماری نجات کا باعث ہو گا۔

کاش! اب بھی حضرات دیوبند سوچتے کہ اس پیر پرستی اور مریدوں کی بیجا نیاز مندی نے مولانا تھانوی کا دماغ اتنا اونچا کر دیا تھا کہ **لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ** پڑھواتے اور اس پر اپنی رضامندی کی مہر ثبت کرتے اور دیوبندی مکتبہ فکر کا یہ عالم کہ آج تک وہ الامداد کی اس عبارت کو جزو ایمان بنائے ہے اور

marfat.com
Marfat.com

سیف یمانی میں مولانا منظور نعمانی نے اس عبارت کو توجیہ و تاویل پر وہ گل کھلائے ہیں کہ انہیں بھی دیکھ کر اب شرم آتی ہوگی مگر یہ نہ ہو سکا کہ تقویۃ الایمان ہی کی روشنی میں یہ کہہ دیتے کہ چونکہ اس کا ظاہر ٹھیک نہیں لہٰذا اس کو خارج کر کے توبہ کرنی چاہیے۔

خدا جانے کیا ہو گیا ہے علماء دیوبند کو کہ توبہ کا نام سنتے ہی انہیں بخار آجاتا ہے۔ کوئی کریلا اور گلاب جامن سے چڑتا ہے مگر حضرات دیوبند توبہ سے چڑتے ہیں۔

مولانا تھانوی نے اپنی دوسری شادی کے بعد ایک مجددانہ عارفانہ خطبہ ارشاد فرمایا تھا جس پر فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے اور اندازہ کیجئے کہ کس بحرانی کیفیت میں جناب تھانوی صاحب نے یہ خطبہ دیا تھا۔ ابتدائے عشق میں مولانا (تھانوی) مولانا محمد علی جوہر کے اس شعر پر عمل پیرا تھے:

عشق ہی باعث تکوین جہاں ہے غافل
تونے سمجھا ہے اک شغل ہے بیکاری کا

اور بعد عشق کیا حالت ہوئی اس کو خطبہ میں ملاحظہ فرمایئے۔

برہان' مارچ ۵۲ء زیر عنوان "تعدد ازواج اور شوہر کا دستور العمل"

"اور سنیے حضرت مولانا تھانوی نے غالباً عقد ثانی کے بعد اپنے ذاتی تجربات سے متاثر ہو کر تعدد ازواج کے مسئلہ پر ایک خطبہ ارشاد فرمایا ہے جس میں تعدد ازواج کو ہر روایتی صراط مستقیم کی طرح بال سے باریک اور تلوار سے تیز تر بتایا گیا ہے اور یہاں تک فرمایا ہے "من نکر دم شما حذر بکنید" پھر آگے چل کر اس میں جو قباحتیں' دشواریاں اور صعوبتیں ہیں ان کا تذکرہ کرنے کے بعد تعدد میں پڑنا یا تو دنیا برباد و تلخ کرتا ہے اور یا آخرت و دین کو تباہ کرتا ہے۔ اس سلسلہ میں ہماری گزارش ہے کہ بے شبہ ہوس رانی اور لذت نفس کے لئے خواہ مخواہ تعدد ازدواج کی راہ اختیار کرنا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پسندیدہ نہیں ہے لیکن یہ چیز اس درجہ قبیح اور لائق اجتناب بھی نہیں ہے جتنی کہ مولانا تھانوی کے بیان سے ظاہر ہوتی ہے۔"

marfat.com
Marfat.com

نوٹ: ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

ابتدائے عشق تو یہ عالم تھا کہ یہی "شادی" تقرب الی اللہ کا ذریعہ بنی تھی۔ چلہ' مجاہدہ' ریاضت' عبادت' مشقت سے جو مراتب و درجات تھانوی صاحب کو نہ حاصل ہو سکے تھے وہ بیک جنبش قدم بیگم صاحب کے آتے ہی حاصل ہو گئے یا تو سرتاپا وہ فرشتہ رحمت ہی بن کر آئی تھیں یا پھر زحمت ہی زحمت ثابت ہوئیں۔

چہ کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

کاش یہ فلسفہ پہلے ہی مولانا تھانوی سوچ لیے ہوتے مگر اس کو کیا کہئے کہ پیچھے سے سوچنے کی عادت تھی۔ افسوس تھانوی صاحب کو شادی خانہ بربادی کا احساس اس وقت ہوا جب کہ دنیا و آخرت دونوں برباد ہو گئیں۔ بقول جگر:

ٹوٹ پڑتا ہے دفعتاً جو عشق
بیشتر دیر پا نہیں ہوتا

کس قدر حیرت کی بات ہے کہ تھانوی صاحب اگر دوسری بیوی سے نباہ نہ کر سکے تو یہ کیوں سمجھ بیٹھے کہ ساری دنیا انہیں کی طرح ہے' کچھ نہ سہی تو کم از کم نص قرآنی کا لحاظ کرتے کہ قرآن مجید نے مسلمانوں کو بیک وقت چار بیویوں کی اجازت دی ہے تو کیا معاذ اللہ قرآن مجید بھی مسلمانوں کو دنیا و آخرت کے برباد کرنے کی تلقین کر رہا ہے۔ آخر صحابہ کرام اور بہت سے اولیائے عظام نے کئی کئی شادیاں کیں تو کیا العیاذ من ذالک ان سب لوگوں نے بقول تھانوی اپنی دنیا و آخرت برباد کی۔ آج بھی بہت سے کھاتے پیتے صحت مند و توانا لوگ کئی کئی شادیاں کرتے ہیں ان میں عدل بھی باقی رکھتے ہیں معمولات دینی و دنیوی میں کوئی فرق نہیں آتا مگر مولانا تھانوی ہیں کہ سب کو ایک ہی ڈنڈے سے ہانک رہے ہیں۔ ان کی نظر میں "سب دھان بائیس پنسیری ہے۔" کہاں تو تھانوی صاحب شادی سے پہلے اور شادی کے وقت اتنا تلن تھے کہ خواہ بدنامی یا رسوائی ہو مگر شادی ہو کر رہے گی اور اس پر طرفہ تماشا یہ کہ خواہش نفس و لذت جسمانی کو اتباع سنت کا اضطراری جذبہ قرار دیا گیا مگر یہ کیا کہتا بیگم

marfat.com
Marfat.com

صاحب کا! پہنچتے ہی انہوں نے مولانا تھانوی کے نام نہاد تصوف و طریقت کا حلیہ ٹائٹ کر دیا اور وہ درگت بنائی کہ ایڑی کا پسینہ چوٹی اور چوٹی کا پسینہ ایڑی پر آگیا ہے۔

اب بیچارے اتنے گھبرائے کہ قرآن و سنت سبھی بھول بیٹھے اور عالم بدحواسی میں فرمانے لگے کہ جس کو اپنی دنیا و آخرت برباد کرنی ہو وہ دوسری شادی کرلے۔

مولانا تھانوی کا یہ حال پڑھ کر غالب کا ایک شعر یاد آگیا:

عشق نے غالب نکما کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

اب مولانا تھانوی کے مجددانہ خطبہ پر فاضل دیوبند سعید احمد اکبر آبادی کے پند و نصائح ملاحظہ فرمائیں۔ برہان' مارچ ۵۲ء' ص ۱۷۴۔

"مناسب یہ تھا کہ حضرت مولانا تھانوی اس مسئلہ پر گفتگو کرتے وقت ذرا وسعت نظر سے کام لیتے اور شخصی نفع و ضرر کے علاوہ قومی مفاد و اغضاء اور اجتماعی مصالح و حکم کو بھی پیش نظر رکھتے۔ خیر یہ مسئلہ تو اپنی جگہ الگ نظر و بحث کا محتاج ہے۔ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ تعدد ازدواج کی قباحتوں کو بیان فرمانے کے بعد مولانا (تھانوی) نے ان لوگوں کے لئے جو اس میں مبتلا ہی ہو جائیں ایک دستور العمل بھی لکھا ہے جس میں آپ نے شوہر کو بارہ ہدایات دی ہیں۔ ان میں سے تین ہدایتیں نمبر ۷'۸'۹ حسب ذیل ہیں۔

1۔ ایک کے ساتھ محبت کا اظہار دوسری کے سامنے نہ کرے۔

2۔ ایک کی تعریف دوسری سے نہ کرے۔

اب مولانا تھانوی کی ان ہدایات کو ملاحظہ فرمایئے اور ساتھ ہی ساتھ آنحضرت ﷺ کی سیرت مقدسہ کے جو بعض واقعات اوپر بیان کئے گئے ہیں ان پر نگاہ ڈالئے تو معلوم ہوگا کہ:

1۔ ایک کے ساتھ محبت کا اظہار دوسرے کے سامنے کرتے تھے۔

2۔ ایک کی تعریف دوسرے سے کرتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

3۔ اور ایک کا تذکرہ بھی دوسرے سے کرتے تھے۔

اب فرمائیے آپ کس کو حق اور قابل اتباع قرار دیں گے؟ ہمارے فاضل مولف (مولانا عبدالباری ندوی) کا مولانا تھانوی کی مذکورہ بالا ہدایات کے متعلق ارشاد علی الاطلاق ہے کہ نسخوں کے مجرب و تیر بہدف ہونے میں شبہ نہیں ہر جز حکیمانہ و عارفانہ ہے۔ اگر مولف کا یہ دعوی صحیح ہے تو وہ بتائیں کہ آنحضرت ﷺ کی نسبت ان کا ارشاد کیا ہوگا؟

تناقض کے پیچھے تعارض کا شور
تعارض کی دم میں تناقض کی ڈور

فاضل اکبر آبادی ایک ہی تعارض و تناقض میں حیران و ششدر ہیں' حالانکہ علماء دیوبند کی عبارات میں تناقض و تعارض کی حیثیت "سلسلہ غیر متناہی" بمعنی "لا تقف الی احد" کی ہوتی جا رہی ہے جو تسلسل منطقیوں کی نظر میں محال تھا' وہ اب ممکن الوقوع ہوتا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ وہابیوں اور دیوبندیوں کی نظر میں مولانا اسمٰعیل' مولانا گنگوہی' مولانا تھانوی کی حیثیت معتبر نائی کی ہے۔ جیسے کہ ایک واقعہ مشہور ہے۔

کسی شہر میں کوئی حجام پہنچا
ملاقات بجان سے کر کے بولا

کہ بی بی تمہاری ہوئیں آج بیوہ
میاں تم کو اس غم میں ماتم ہے زیبا
سنا جب انہوں نے بہت روئے پیٹے
کہ افسوس بیوی ہوئی میری بیوہ
تو احباب نے آکر ان کو بتایا
کہ بیوہ ہوئی کیسے تم تو ہو زندہ
لگے کہنے قاصد بھی تو معتبر ہے
پھر اس کو میں کس طرح سمجھوں کا جھوٹا

بالکل یہی حال علماء دیوبند کا ہے۔ مولانا سعید احمد اکبر آبادی لاکھ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے یہ فرمایا ہے اور اس کے خلاف مولانا تھانوی نے یہ فرمایا۔ لہذا کس پر عمل کیا جائے؟ تو جواب ایک ہوگا اور صرف ایک کہ "ہم مولانا تھانوی پر اعتبار کر چکے ہیں" معتبر نائی کی بات جھٹلائی نہیں جاتی۔ کیا آج کی دنیا میں اس سے بھی

marfat.com
Marfat.com

بڑھ کر شخصیت پرستی کی کوئی جیتی جاگتی مثال مل سکتی ہے کہ خود دیوبند کا ایک فاضل کہہ رہا ہے کہ مولانا تھانوی کی یہ ہدایات مصلح اعظم سرور کونین ﷺ کی سیرت مقدسہ کے خلاف ہیں' اس کے باوجود حضرات دیوبند خواب خرگوش میں پڑے سانس ڈکار تک نہیں لیتے۔ گویا یہ گوارا ہے کہ رسول کائنات سے رشتہ اور ناطہ ٹوٹ جائے' مگر حکیم الامت مولانا تھانوی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے۔ اب جس کی عقل ماری گئی ہے وہ علماء دیوبند کی ہاں میں ہاں ملاتا رہے اور ان کی جی حضوری ہی کو حاصل زندگی سمجھے لیکن خدا نے جس کو تھوڑی بہت عقل دی ہے وہ سوچ سکتا ہے کہ علماء دیوبند کی نظر میں رسول کائنات ﷺ کی کیا حیثیت ہے اور ان کے خانہ ساز مجدد اعظم مولانا تھانوی کی کیا حیثیت ہے؟

اب اسی عنوان کی دوسری کڑی پر فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے۔

برہان ۱۹۵۲ء ص ۱۱۶ خلیفہ منصور یا ہارون الرشید کا ایک واقعہ بیان کرنے کے بعد مدیر برہان تحریر فرماتے ہیں:

"یہاں اس واقعہ کے نقل کرنے کا مقصد صرف یہ دکھانا ہے کہ حضرت مالک بن انس ایسا امام عالی مقام اپنے ہی اجتہادات و استنباطات کو ہر ایک کے لئے لازمی قرار نہیں دیتا لیکن ہمارے فاضل مولف (مولانا عبدالباری ندوی) کا ارشاد ہے کہ حضرت تھانوی مجدد نہیں جامع المجدد دین تھے اور ان کو پانا اور ان کا دامن تھامنا دین کے اصل و پاک سرچشمہ تک پہنچنے اور عمل کی دینی و دنیوی برکات و ثمرات حاصل کرنے کے لئے ضروری ولابدی ہے۔"

نوٹ: امام اعظمؒ نے ارشاد فرمایا کہ قرآن و حدیث کی روشنی میں یہ میری اپنی رائے ہے اور جس پر مجھے قدرت تھی۔ اس میں یہ بہترین رائے ہے اگر کوئی اس سے عمدہ رائے لائے تو وہ اولیٰ بالصواب ہے۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ جب تم میرے کلام کو حدیث کے مخالف پاؤ تو میرے کلام کو دیوار پر پھینک دو۔ امام احمد بن حنبلؒ

marfat.com
Marfat.com

نے اسی سے ملتی جلتی بات ارشاد فرمائی۔ امام یوسف و امام محمد فرماتے ہیں کہ ہمارے قول سے فتویٰ دینا اس وقت تک درست نہیں تاوقتیکہ مفتی یہ نہ جان لے کہ یہ بات ہم نے کہاں سے کہی۔

ائمہ مجتہدین کے حزم و احتیاط کا یہ عالم تھا' مگر تھانوی کے پجاری مولانا عبدالباری ندوی ارشاد فرماتے ہیں کہ "مولانا تھانوی" کو پانا اور ان کا دامن تھامنا اصل وپاک سرچشمہ تک پہنچنے اور عمل کی دینی و دنیوی برکات و ثمرات حاصل کرنے کے لئے ضروری ولابدی ہے۔"

رسول کریم ﷺ' امام ابو حنیفہ' امام یوسف' امام محمد وغیرہم کا دامن ہاتھ میں آئے یا نہ آئے مگر مولانا تھانوی کا دامن ہاتھ آنا ضروری ولابدی ہے۔ اے کاش! علماء دیوبند کی چکنی چپڑی باتوں پر سردھننے والے کبھی یہ بھی سوچ سکتے کہ۔

نگاہ لطف کی اک اک ادا نے لوٹ لیا
وفا کے بھیس میں ایک بیوفا نے لوٹ لیا

جامع المجددین کی ایک اور عبارت پر فاضل اکبر آبادی کا آخری تبصرہ ملاحظہ کر لیجئے تو پھر حفظ الایمان کی عبارت پر علماء دیوبند کی قلابازیاں ملاحظہ فرمایئے۔

برہان' فروری ۱۹۵۲ء ص ۱۱۲ و ۱۱۳۔

"حضرت تھانوی علیہ الرحمتہ کا سب سے نمایاں اور بڑا کمال راقم احقر (مولوی عبدالباری ندوی) کی نظر میں یہ تھا کہ علم و عمل کی حدود میں رعایت اس درجہ تھی کہ حضرات انبیاء کا ذکر نہیں ورنہ لوازم بشریت کے ساتھ سے زاید کا تصور دشوار ہے اور اس میں یقیناً اس نعمت کو دخل تھا کہ اللہ تعالیٰ نے بسطہ فی العلم کے ساتھ بسطہ فی العمل کا بھی وافر حصہ عطا فرمایا تھا۔ جسمانی خلقت ظاہری و باطنی حواس کی صحت اور نتیجہ اعتدال مزاج کی لطافت میں بھی مجدد امت کی ذات نبی امت ﷺ کی پر تو تھی۔"

برہان' دہلی فروری ۵۲ء ص ۱۱۴

marfat.com

Marfat.com

"حضرات انبیاء کا تو ذکر ہی نہیں ورنہ لوازم بشریت کے ساتھ اس سے زاید کا تصور دشوار ہے۔ اس عبارت کا مطلب بجز اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ تابعین و تبع تابعین اور ائمہ عظام و صدیقین و شہداء تو کیا مولانا تھانوی کا مقام صحابہ سے بھی اونچا تھا کیونکہ صحابی سب ایک ہی مرتبے کے نہیں تھے ان میں آپس میں بھی فرق مراتب تھا اور لوازم بشریت کے ساتھ اس سے زاید کا تصور ہی نہ ہوتا۔ یہ سب سے اونچا مرتبہ ہے۔ اس بناء پر مولانا تھانوی فرداً فرداً ہر ایک صحابی سے اونچے نہ سہی بعض صحابہ سے دوسرے صحابہ کے مقابلے میں مفضول تھے۔ ان سے لامحالہ تھانوی صاحب اونچے ہو ہی گئے۔"

کاش! اب بھی اہل نظر سوچتے کہ دارالعلوم دیوبند' تبلیغی جماعت اور جمعیۃ العلماء ہند کے نام پر مسلمانوں کا دین و ایمان کس بری طرح غارت کیا جا رہا ہے اور ایک "سنی" کو مٹانے کے لئے کتنے حربے استعمال کئے جا رہے ہیں؟

کرم کوشیاں ہیں ستم کاریاں ہیں
بس اک دل کی خاطر یہ تیاریاں ہیں

دوستو! دیوبندیت اور اہلسنت یہ دو مکتبۂ فکر ہیں۔ توحید و رسالت پر گفتگو کرتے ہوئے علمائے دیوبند کا یہ کہنا ہے کہ رسول خدا ﷺ ہمارے جیسے بشر' ذرہ ناچیز سے کمتر اور چمار سے زیادہ ذلیل تھے۔ معاذ اللہ۔ اور علمائے اہلسنت کا یہ کہنا ہے:۔

اللہ کا محبوب بھی کم پایہ نہیں ہے
واں جسم نہیں ہے تو یاں سایہ نہیں ہے

مقدمے کی پوری روداد تم نے سن لی اب فیصلہ تمہارے ہاتھ ہے یہاں جبر و اکراہ کا سوال نہیں ہے یہ تو دین و ایمان کا سودا ہے۔ جہنم کے بھڑکتے ہوئے شعلے اور جنت کے حسین و دیدہ زیب محل دونوں پس پردہ ہیں۔ خواہ رسول ﷺ کا دامن تھام کر جنت کا داخلہ لو یا ان سے کترا کر اور انہیں گالیاں دے کر جہنم کی آگ میں اپنا ٹھکانہ بناؤ۔ یاد رکھو:

marfat.com
Marfat.com

گندم از گندم بروید جو ز جو
از مکافات عمل غافل مشو

گیہوں بونے والا گیہوں کاٹتا ہے اور جو کی کھیتی کرنے والا جو کاٹتا ہے۔ اس لیے تمہیں بھی اپنے عمل سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔ رسول خدا ﷺ کو گالیاں دے کر تم جنت نہیں لے سکتے۔ دشمن رسول اور باغی مصطفیٰ کے لئے تو جنت کی خوشبو بھی نہیں آئے گی جنت تو ان کی اور ان کے غلاموں کی ہے۔ امام احمد رضا فاضل بریلوی نے کتنی پیاری بات فرمائی ہے:۔

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

گفتگو یہ ہو رہی تھی کہ مولوی کاندھلوی نے کہا کہ پہلے تو میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی کو اس صدی کا مجدد سمجھتا تھا لیکن اب میں حضرت مولانا تھانوی کو نہ صرف مجدد بلکہ مظنون کہ حضرت (تھانوی) کا درجہ مجددیت سے عالی ہو۔

مولوی یحیٰ کاندھلوی نے تو بات اشارے کنائے میں کہی تھی مگر مولف جامع المجددین مولوی عبدالباری ندوی نے صاف صاف کھلے بندوں کہہ دیا کہ مولانا تھانوی کا مرتبہ صحابہ اور رسول خدا سے بھی بلند و بالا تھا جس کی تفصیل فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کے تبصرہ میں گزر چکی ہے۔

اب حفظ الایمان جیسی رسوائے زمانہ کتاب کی ایک دلخراش 'کفر آمیز و غارت گر ایمان عبارت پر علمائے دیوبند کی علمی بے مائیگی' باہمی دھینگا مشتی' تھکا فضیحتی ملاحظہ کیجئے۔ بقول کسی شاعر:

جیسا موسم ہو مطابق اس کے میں دیوانہ ہوں
مارچ میں بلبل ہوں جولائی میں پروانہ ہوں

یہی حال اس عبارت پر حضرات دیوبند کا ہے کہ انہیں کسی کروٹ چین نہیں اصل عبارت یہ ہے۔

حفظ الایمان' مولوی اشرف علی تھانوی ص ۷

marfat.com
Marfat.com

"پھر یہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع بہائم کے لئے حاصل ہے۔"

دل کے پھپھولے جل اٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

حفظ الایمان کی یہی وہ عبارت ہے جس پر ملک کے طول و عرض میں مناظرہ و مجادلہ ہوتا رہتا ہے علماء عرب و عجم نے اس گندہ اور کفری عبارت سے نہ صرف اظہار بیزاری کیا بلکہ اس کے قائل کو کافر و مرتد قرار دیا اور اس سے رجوع کرنے و توبہ کرنے کی تلقین کی گئی۔ چونکہ اس عبارت میں آقاء دوجہاں ﷺ کی کھلی توہین ہے جو علماء اہلسنت و علماء دیوبند کے درمیان متفقہ طور پر موجب کفر ہے۔ علامہ قاضی عیاض رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے شفاء شریف میں یہاں تک تحریر فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص رسالت مآب ﷺ کی نعل مبارک کو تحقیراً "نعیل" یعنی حضور کی جوتی کو جوتڑیا کہہ دے تو ایسا شخص کافر اور واجب القتل ہے۔ چونکہ اس شخص نے آقائے دو جہاں کی اس نعل مبارک کی تنقیص کی جو پائے نبوت سے مس ہو چکی ہے اور قدم ناز نبوت سے اسے اک گونہ نسبت حاصل ہے۔

ان سب کے باوجود شاتم رسول' بارگاہ نبوت کے گستاخ و بے ادب مولانا تھانوی کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ محض یہ خیال کرتے ہوئے کہ بات مشتہر ہو چکی ہے۔ مسجد و مدرسہ' دارالافتاء و خانقاہ' خواص و عوام غرضیکہ کوچہ و بازار تک یہ بات پہنچ گئی ہے لہٰذا اب توبہ کرنے میں سبکی و رسوائی ہوگی۔ دنیا کافر کہے یا مرتد' مسلمان لڑیں یا مریں' مناظرہ ہو یا مجادلہ' عظمت اسلام باقی رہے یا لٹ جائے' عرب و عجم میں غم و غصے کا اظہار ہو یا نفرین و ملامت' یہ سب کچھ گوارا ہے مگر نوک قلم پر آئی ہوئی بات واپس نہ لی جائے گی۔

مری مایۂ نازو شہرہ آفاق عبارت پر قوم مسلم مجھ سے کائی کی طرح چھٹ جائے تو

marfat.com
Marfat.com

مجھے کیا غم! سلامت رہیں انگریز بہادر اور ان کی راجدھانی کہ چھ سو روپے ماہانہ "ان داتا" کی طرف سے گزراقات کے لئے مل ہی جاتے ہیں۔ اور مرا بھائی مظفر علی سی آئی ڈی کے بڑے عہدے پر فائز ہے جب چاہوں گا اس عبارت پر معترضین کے خلاف رپٹ دلوا کر ایک ایک کو چن کر ڈیڑھ لاکھ کے مکان میں بند کرادوں گا۔

"سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا ہے"

یہ ظاہر ہے کہ مسلمان اتنی رقم نہ دے سکتا تھا جو انگریز بہادر کے خزانے سے مل رہی تھی۔ انگریز اپنے حربے میں کامیاب اور تھانوی صاحب سنہری سکوں کی جھنکار پر والاوشیدا تھے۔ یہی تھی انگریز کی ڈپلومیسی چال جس کے طفیل ہوتے وہ صدیوں سے زاید بھارت کی سرزمین پر مسیحی پرچم لہراتا رہا۔ انگریز خود تو سات سمندر پار کر گیا مگر حفظ الایمان' تقویۃ الایمان' بہشتی زیور' براہین قاطعہ' الشہاب الثاقب' تحذیر الناس' صراط مستقیم' فتاویٰ رشدیہ جیسی شرانگیز کتابیں مناظرہ کے لئے چھوڑ گیا جس سے ہندی مسلمانوں کا چین اور سکھ جاتا رہا۔ یہ ایک ایسی دردانگیز اور دکھ بھری کہانی ہے جس کو لکھتے ہوئے قلم کا جگر شق ہوا جاتا ہے۔

قیامت خیز ہے افسانہ پردرد و غم میرا
نہ کھلواؤ زباں میرے نہ اٹھواؤ قلم میرا

مختصر یہ ہے کہ اس عبارت پر بھارت کی زمین انگارہ اگل رہی تھی اور آسمان آگ برسا رہا تھا۔ بات کچھ ہلکی پھلکی نہ تھی ناموس رسالت کا سوال تھا جس پر بیدار مغز زندہ دل مسلمان سر دھڑ کی بازی لگا دیتا ہے۔ نہ جانے کتنے جوان ہتھیلی پر سر لئے اور کاندھے پر کفن ڈالے میدان عشق و محبت میں یہ کہتے ہوئے کود پڑے:

سر فروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے

مسلمان ہزار گنہگار و سیہ کار سہی مگر اس کے سینے میں ایمان بھرا دل اور اس کی رگوں میں عشق رسول ﷺ کا گرم گرم خون ہے۔ وہ اپنی ہتک عزت و آبرو پر صبر بھی کر سکتا ہے مگر آمنہ کے لعل محبوب کردگار سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی عزت و

marfat.com
Marfat.com

عظمت پر خون کا آخری قطرہ قربان کر دینے میں اپنی سعادت و نجات سمجھتا ہے۔

ملک کی بھرپور آبادی میں کہرام مچا تھا کہ حفظ الایمان کی عبارت واپس لے لو۔ علماء اہلسنت کا چین و سکون جاتا نہ جانے کتنے مسلمانوں نے اپنے اوپر دانہ پانی حرام کر لیا کہ ایسی زندگی سے بہتر ہے جان کی بازی لگا دینا جس میں جیتے جی سرکار دو عالم ﷺ کی توہین و تنقیص کا روح فرسا منظر دیکھنا پڑے۔ بوڑھے' جوان' مرد' عورتیں سبھی حفظ الایمان کی عبارت پر خون کے آنسو رو رہے تھے۔

الٰہی! کیوں نہیں اٹھتی قیامت ماجرا کیا ہے

مگر مولانا تھانوی اور ان کے مقلدین خم ٹھوک ٹھوک کر دعوت مناظرہ دیتے رہے حالانکہ علماء اہلسنت یہ جانتے تھے۔

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے
یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

لیکن اہلسنت کا ہوشمند و مستقبل آشنا طبقہ یہ نہ چاہتا تھا کہ آپس میں مناظرہ و مباحثہ کی نوبت آئے ورنہ مسلمانوں میں پھوٹ پڑ جائے گی جس سے ان کے دامن اتحاد و اتفاق کی دھجیاں تار تار ہو جائیں گی۔ علماء اہلسنت پوری اعتدال پسندی و سنجیدگی سے تھانوی صاحب اور ان کے حامیین کو سمجھاتے رہے کہ **الانسان مرکب من الخطاء والنسیان**۔ انسان کوئی فرشتہ نہیں اس کی تو خمیر میں خطاء و نسیان ہے۔ اگر آپ سے لغزش و خطا ہو گئی تو کیا تعجب؟ دنیا کی عظیم ترین ہستیوں کے زبان و قلم نے ٹھوکر کھائی ہے۔ پھر آپ جیسے لوگوں کا ٹھوکر کھانا تو امر یقینی ہے۔ لہٰذا یہ مقام ضد اور ہٹ دھرمی کا نہیں ہے بلکہ کفر و ایمان کا سوال ہے۔ سوچئے اور ہزار بار سوچئے کہ یہ کچھ وحی الٰہی نہیں جس میں ترمیم و تنسیخ کی گنجائش نہ ہو۔ یہ تو آپ ہی کی عبارت ہے جس کے رد و بدل میں آپ کو سو فیصدی حق حاصل ہے۔ مگر افسوس کہ اس معقول اور واضح مطالبہ پر مولانا تھانوی نے کوئی توجہ نہ کی۔ شاید انہیں اس اندیشے نے اپنی غلط روش پر اڑے رہنے پر مجبور کیا ہو کہ عبارت واپس لینے پر کہیں حلقہ معتقدین میں کمی نہ ہو جائے اور میری لٹتی ہوئی آبرو دیکھ کر انگریز

marfat.com
Marfat.com

بہادر بھی مجھ سے آنکھیں پھیر کر گھر سے باہر نہ کر دیں اور اس شعر کا مصداق بننا پڑے:۔

سنا کرتے تھے آدم کا نکلنا خلد سے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

صحیح ہے! جنت ہاتھ آئے نہ آئے مگر پیرس اور لندن کا باغیچہ تو مل جائے!
افسوس کہ حیات مستعار و زندگی ناپائیدار کے عیش عارضی کی خاطر نہ جانے انسان کیا سے کیا کر گزرتا ہے۔

وہ عشرت موت ہے یا رب جو نظر پر ڈال دے پردے
وہ دولت قہر ہے جو دل کو تجھ سے بے خبر کر دے

اے پروردگار عالم! اب اس سے بڑھ کر قیامت کی اور کیا نشانی ہو گی کہ تیری خدائی میں ایسے بھی سرکش اور باغی ہیں جو تیرا کھاتے ہیں اور تیرے ہی محبوب کو گالیاں دیتے ہیں!

اے کائنات کے پالنہار! اب بات گھر سے باہر آچکی ہے۔ آج انسانوں کی کھلی آبادی میں تیرے محبوب کے علم پاک کو جانور' پاگل مجنون کے علم جیسا کہا جا رہا ہے۔ شیطان اور ملک الموت کے علم کو نص قرآنی سے ثابت کیا جاتا ہے مگر آمنہ رضی اللہ عنہا کے دلارے صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب ماننے والوں کو مشرک کہا جاتا ہے۔

اے خالق ارض و سما! یہ کیسا اندھیر ہے کہ نماز میں گائے بیل کا خیال لانے سے تو نماز ہو جائے مگر تیرے پیارے محبوب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال لانے سے فاسد ہو جائے۔

اے کائنات کے مالک و مختار! یہ وقت تیرے محبوب کے جاں نثاروں پر کتنا کٹھن اور ان کی عقیدت و محبت کا کیسا سنگین امتحان ہے کہ ہم جیتے جی تیرے محبوب کی بارگاہ بیکس پناہ میں گالیوں کی بوچھاڑ دیکھ رہے ہیں۔ آج نہ جانے کتنی ایسی رسوائے زمانہ کتابیں ہیں جس میں تیرے محبوب کی عظمت و تقدیس پر حملہ ہے اور اسلامی لیبل پر کتنے اسٹیج ہیں جس پر دن دہاڑے ناموس رسالت کی بے حرمتی پر

marfat.com
Marfat.com

شعلہ بار تقریریں ہیں۔

اے رب قدیر! ہم تیرے امتحان کے قابل نہیں اپنی عجز و ناتوانی کا احساس رکھتے ہوئے ہم تیری بارگاہ عدالت میں عہدو پیمان کرتے ہیں کہ ہم عمر کے آخری لمحہ تک تیرے اور تیرے رسول کے دشمنوں پر نفرین و ملامت کرتے رہیں گے اور ان کی ہر گستاخ و بے ادب تحریر و تقریر کا دندان شکن جواب دیتے رہیں گے تو ہمیں اس راہ میں استقلال و استحکام عطا فرما اور ہمارے سینے کو اپنی اور اپنے رسول ﷺ کی محبت کا گنجینہ بنا دے۔

اے علیم و خبیر! تو دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔ تو جانتا ہے کہ ہمارا یہ اختلاف زر و زمین کی بنیاد پر نہیں' جائیداد و دولت کے پیش نظر نہیں! محض تیرے محبوب کی بارگاہ میں وفاداری کا سوال ہے جو تیرا اور تیرے رسول کا ہے وہ ہمارے گلے کا ہار ہے اور جو تیرے مصطفیٰ کا باغی ہے اس سے ہمیں کوئی رشتہ و تعلق نہیں۔ ہمارا تو مسلک یہ ہے:

چھٹ جائے اگر دولت کونین تو کیا غم
چھوٹے نہ مگر ہاتھ سے دامان محمد (ﷺ)

بات کہاں سے کہاں پہنچی۔ عرض یہ کر رہا تھا کہ حفظ الایمان کی گندی عبارت پر ہندی مسلمان تڑپ رہا تھا اور علمائے دیو بند ماتھا ٹیکے تاویل و توجیہ کی راہیں تلاش کر رہے تھے۔ آخر تھانہ بھون' گنگوہ' دیو بند' سہارن پور کے اکابر و اصاغر دار لندوہ میں جمع ہوئے۔ یہ وہی دار الندوہ ہے جس کا صدر علی الاطلاق شیخ نجدی ہے۔ چنانچہ جب شیخ ہی کی صدارت میں حفظ الایمان کی عبارت پر ایک مجلس مشاورت منعقد ہوئی مولانا تھانوی بہت ہی مضمحل اور نڈھال تھے۔ کسی نے اشارے کی زبان میں دریافت کیا آخر یہ مردنی کیسی؟ تو تھانوی صاحب یہ کہہ کر خاموش ہو گئے:

دیکھ لو روئے رنگ ناکامی
یہ نہ پوچھو کہ بیکسی کیا ہے

اس جواب پر حاضرین مجلس کو بڑا ترس آیا اور انتہائی ردو قدح کے بعد یہ بات

marfat.com
Marfat.com

طے کر لی گئی کہ عبارت واپس لینے میں بڑی رسوائی و بدنامی ہو گی ہم لوگ کہیں منہ دکھانے کے قابل نہ رہ جائیں گے اپنے و غیر سبھی ہماری علمی بے مائگی پر آواز کسیں گے اور طرح طرح کے فقرے چست کریں گے۔ گویا ہمارے علم و فضل کا جنازہ نکل جائے گا۔ لہٰذا سلامتی اسی میں ہے کہ رسول خدا ﷺ کا دامن چھوڑ کر بقراط و سقراط کے دامن میں پناہ لو۔ زبان و لغت ہمارا ساتھ دے نہ دے اپنی من گھڑت دلیلیں لے کر میدان میں پھاٹ پڑو۔

کچھ تو لگے گی دیر سوال و جواب میں

یہ سنتے ہی تھانہ بھون کے مجدد اعظم جناب تھانوی صاحب کے سوکھے ہونٹوں پر مسکراہٹ کھیل گئی "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" آگے بڑھ کر اپنے چیلے چاپڑ اور ذریت کی پیٹھ پر شاباش کا ہاتھ رکھا اور یہ کہتے ہوئے کہ مجھے آج کے دن تم جیسے سپوتوں سے یہی امید تھی "کھلکھلا کر ہنس پڑے۔"

بات ختم ہوتے دیکھ کر شیخ نجدی نے اجازت چاہی کہ اب جلسے کی کاروائی ختم ہونی چاہئے مگر ایک طرف سے آواز آئی کہ ابھی ایجنڈے کی ایک دفعہ باقی رہ گئی ہے۔ یعنی ان لوگوں کو نامزد کر دیا جائے جو اس عبارت پر قرآن و حدیث کی دلیل سننے کے علاوہ عوام الناس کی "دلیلیں" بجائے سننے کے کھانے کو تیار ہوں۔

ایجنڈے کی معقولیت پر سب کی گردن جھک گئی اور یکایک مجلس پر سناٹا چھا گیا اور آنکھوں آنکھوں میں گفتگو شروع ہو گئی۔

پیغام لیا ہے کبھی پیغام دیا ہے
نظروں سے محبت میں بڑا کام لیا ہے

چنانچہ ارکان مجلس نے اشاروں ہی اشاروں میں کچھ لوگوں کا انتخاب کر لیا اور اعلان کرتے ہوئے کہ مولوی مرتضیٰ حسن دربھنگی' مولوی حسین احمد ٹانڈوی' مولوی عبدالشکور' مولوی منظور احمد سنبھلی کو اس اہم کام کے لیے تجویز کیا گیا۔ جلسے کی کاروائی ختم کر دی گئی۔ یہ سنتے ہی اربعہ عناصر اپنے بزرگوں کی خدمت میں یہ کہتے ہوئے آداب بجالائے۔

marfat.com

Marfat.com

قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند

حفظ الایمان کی آنے والی گفتگو پر یہ ایک تمہیدی نظریہ تھا۔ اب دار الندوہ کی مجوزہ اسکیم کے پیش نظران چاروں حضرات کی قلابازی اور مبلغ علم ملاحظہ فرمایئے لیکن دیو بندی سورماؤں کو اکھاڑے میں دیکھنے سے پہلے تھانوی صاحب کے مریدین و متوسلین کا ایک خط پڑھ لیجئے جس سے آپ کو اندازہ ہو سکے کہ حفظ الایمان کی اس ایمان سوز عبارت پر نہ صرف علماء اہلسنت ہی کو اعتراض تھا بلکہ تھانوی صاحب کے مخلص مریدین سے نہ رہا گیا تو خط بھیج کر یہ درخواست و التجا کی کہ حکیم الامت سے بصد منت و سماجت عرضداشت ہے کہ حفظ الایمان کی عبارت خارج کر دی جائے یا ایسی مناسب ترمیم ہو جائے جس سے رسول کریم علیہ الصلوہ والتسلیم کی توہین و تنقیص کا شائبہ تک نہ رہ جائے۔ اب اس خط کی اصل عبارت ملاحظہ فرمایئے۔

دیکھ اس قوم کی تذلیل نہ ہونے پائے
اپنے ایوان میں جس قوم کی آواز ہے تو

تغیر العنوان فی بعض عبارات حفظ الایمان صفحہ ۱۸ مصنفہ مولانا اشرف علی تھانوی ۱۷ صفر ۱۳۴۲ھ کو ایک خط حیدر آباد دکن سے جس کے کاتب کا عنوان عامہ مخلصین حیدر آباد دکن تھا اور ذریعہ جواب منگانے کا ایک معین مولوی صاحب تھے آیا اس خط میں حفظ الایمان کی ایک مشہور عبارت کے متعلق "جس پر مہربانوں کا اعتراض مشہور ہے" دی تھی اس کی ترمیم کر دی جائے اور مقتضیات ترمیم کا اجتماع اور موانع ترمیم کا ارتفاع ان الفاظ میں ظاہر کیا تھا۔

۱۔ ایسے الفاظ جن میں مماثلت علمیت غیبیہ محمدیہ کو علوم مجانین و بہائم سے تشبیہ دی گئی ہے جو بادی النظر میں سخت سوئے ادبی کو مشعر ہے کیوں ایسی عبارت سے رجوع نہ کر لیا جائے۔

۲۔ جس میں مخلصین و حامیین جناب والا کو حق بجانب جواب دہی میں سخت دشواری ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

۳۔ وہ عبارت تو آسمانی اور الہامی عبارت نہیں کہ جس کی مصدرہ صورت اور ہیئات عبارت کا علیٰ حالہٖ و بالفاظہٖ باقی رکھنا ضروری ہو۔

۴۔ یہ سب جانتے ہیں کہ جناب والا کسی دباؤ سے متاثر ہونے والے نہیں اور نہ کسی سے کوئی طمع جاہ ومال جناب کو مطلوب ہے بجز اس کے عام طور پر جناب والا کی بے نفسی کا اعتراف اور حکیم الامت کی شان سے جو توقع تھی وہ پوری ہو سکے۔

اور اس مشورہ کے ساتھ یہ سوال بھی تھے کہ

۱۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم غیبیہ جزیہ محمدیہ زید و عمرو غیرہ کی مماثل ہیں یا نہیں؟

۲۔ اور جو شخص اس مماثلت کا قائل ہو اس کا کیا حکم ہے؟

۳۔ اور غیبیہ جزیہ محمدیہ کمالات نبوت میں داخل ہیں یا نہیں؟ انتھیٰ مکتوب۔

نہ ہو جائے کوئی خاطر کبیدہ
بڑا نازک تعلق ہے دلوں کا

مندرجہ بالا شعر کے پیش نظر حیدر آباد کے حامیین و مخلصین نے کیا عاجزانہ و نیازمندانہ عریضہ حاضر کیا مگر تھانوی صاحب ہیں کہ "مرغے کی ایک ٹانگ" کے مطابق ہم تو جو کچھ لکھ چکے وہ پتھر کی لکیر ہے آسمانی و الہامی کتابوں میں تنسخ ہو نا رہے مگر حکیم الامت کی شان مجددیت کے خلاف ہے کہ وہ اپنی کسی عبارت کو خط تنسخ سے مجروح کر دیں۔

ہے مریدوں کو تو حق بات گوارا لیکن
شیخ و ملا کو بری لگتی ہے درویش کی بات

ناظرین نے حیدر آباد کے خط سے یہ اندازہ کر لیا ہو گا کہ خود مولانا تھانوی کے حامیین کو حسب ذیل باتوں کا اعتراف ہے

(۱) اس عبارت میں علوم غیبیہ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجانین و بہائم سے مماثلت دی گئی ہے۔

(۲) اس عبارت میں بڑی بے ادبی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

(۳) اس عبارت پر معترضین کو ہم تقلیمین و حامیین کوئی حق بجانب جواب نہیں دے پاتے "یہ اور بات ہے کہ دھاندلی کرتے ہیں"

(۴) جبکہ یہ کوئی آسمانی و الہامی عبارت نہیں تو اس کو علیٰ حالہ باقی رکھنا کچھ ضروری نہیں۔

(۵) لہٰذا مناسب یہی ہے کہ اس عبارت سے رجوع کر لیا جائے۔

سنانے چلے ہیں انہیں قصہ غم
بہت دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر

حالات کی نزاکت سے متاثر ہو کر پریشان حال مریدین نے مندرجہ بالا پانچ دفعات پر مشتمل عریضہ مولانا تھانوی کی خدمت میں حاضر کیا۔ ان غریبوں کا خیال تھا کہ "تھانہ بھون" "آنند بھون" کا ہم قافیہ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ ہم لوگوں کو بھی سکھ و آنند کی بھیک مل جائے۔ تھانوی صاحب نے ان کی ساری آرزوؤں پر پانی پھیر دیا۔ تھانوی صاحب کے اندھے معتقدین شکستہ خاطر ہونے کے باوجود یہ کہتے رہے۔

یہ آستان یار ہے صحن حرم نہیں
جب رکھ دیا ہے سر تو اٹھانا نہ چاہیے

گویا بزبان حال وہ یہ کہہ رہے تھے کہ ہمیں جنت نہ چاہیے، مولانا تھانوی کا دامن چاہیے خواہ جہنم ہی میں جائیں۔

لیکن جن کی ایمانی فراست نے بھانپ لیا ان پر حق واضح ہو گیا کہ گوبر و غلیظ پر عطر و کیوڑے کا چھڑکاؤ کارگر نہیں ہو سکتا لہٰذا وہ یہ کہہ کر الگ ہو گئے

صداقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے
خوشبو آ نہیں سکتی کبھی کاغذ کے پھولوں سے

اس گروہ کا کہنا تھا کہ ہمیں رسول کریم کے دامن میں پناہ لے کر جنت میں جانا ہے مولانا تھانوی کی بیجا حمایت میں ہمیں جہنم میں جھلسنا منظور نہیں اور ان میں ایک تیسرا طبقہ معتدل و صلح کل حضرات کا پیدا ہو گیا جو یہ کہہ کر اپنے منہ "میاں مٹھو" بنتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

تم ایسوں سے فقط صاحب سلامت دور کی اچھی
نہ تم سے دوستی اچھی نہ تم سے دشمنی اچھی

ان کا کہنا ہے کہ ہم لوگ بہت ہی معتدل و نازک مزاج ہیں نہ تو جہنم کی تپش برداشت کر سکتے ہیں اور نہ ہی روز روز کی ٹھنڈی ہوا راس آسکتی ہے۔ لہذا ہمیں تو جنت اور جہنم کا درمیانی حصہ "اعراف چاہیے تاکہ دونوں سے راہ و رسم رہ سکے کبھی جنت کی دہلیز پر کبھی جہنم کی ڈیوڑھی پر۔

لَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰی هٰٓؤُلَآ نہ اِلَّا الَّذِیْنَ نہ اِلَّا الَّذِیْنَ

گویا یہ "اعرافی" لوگ ہیں۔

گفتگو یہ ہو رہی تھی کہ دار لندوہ نے حفظ الایمان کی عبارت پر مناظرہ کے لیے مولوی مرتضیٰ حسن، مولوی حسین احمد، مولوی عبدالشکور اور مولوی منظور کا انتخاب کیا۔ اب آپ ان چیدہ چیدہ حضرات کی وہ تاویل و توجیہہ ملاحظہ کیجئے جس پر مولانا تھانوی عمر بھر خاموش رہے جو ان کی رضامندی کی دلیل ہے اب تھانوی صاحب کے وفاداروں کی شاطرانہ چالیں دیکھیے اور حق وفاداری کی داد دیجئے۔

شاید اسی کا نام ہے مجبوری وفا
تم جھوٹ کہہ رہے ہو مجھے اعتبار ہے

توضیح البیان فی حفظ الایمان مولف مرتضیٰ حسن چاندی پوری ثم دربھنگی صفحہ ۸ مطبع قاسمی دیوبند باہتمام مولوی طیب

"واضح ہو کہ ایسا کا لفظ فقط مانند اور مثل کے معنی میں مستعمل نہیں ہوتا بلکہ اس کے معنی اس قدر اور اتنے کے بھی آتے ہیں جو اس جگہ متعین ہیں"

یعنی حفظ الایمان والی عبارت میں لفظ "ایسا" اتنا اور اس قدر کے معنی میں ہے مانند یا مثل کے معنی میں نہیں ہے۔

توضیح البیان صفحہ ۱۷

"عبارت متنازعہ فیہا میں لفظ ایسا بمعنی اس قدر اور اتنا ہے، پھر تشبیہ

marfat.com
Marfat.com

کیسی"

یعنی حفظ الایمان کی عبارت میں لفظ ایسا معنی میں اتنا اور اس قدر کے ہے تشبیہ کے معنی میں نہیں ہے۔ اب سنئے صدر دیوبند مولوی حسین احمد ٹانڈوی کی:۔

سمجھتے تھے رہے گی جنگ محدود گل و بلبل
مگر تخریب نظم گلستاں تک بات جا پہنچی

الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب صفحہ ۱۱ مولوی حسین احمد ٹانڈوی مطبع قاسمی دیوبند

"حضرت مولانا "تھانوی" عبارت میں لفظ ایسا فرما رہے ہیں' لفظ اتنا تو نہیں فرما رہے ہیں' اگر لفظ اتنا ہوتا تو اس وقت البتہ یہ احتمال ہوتا کہ معاذ اللہ حضور علیہ السلام کے علم کو اور چیزوں کے برابر کر دیا"

یعنی اس عبارت میں لفظ "ایسا" تشبیہ کے لیے ہے۔ اگر اتنا اس قدر ہوتا تو البتہ قباحت لازم آتی ہے۔ یہ تاویل مولوی مرتضیٰ کی تاویل کے بالکل برعکس ہے۔

آگے مولوی حسین احمد تحریر فرماتے ہیں

"اس سے بھی قطع نظر کرلیں تو لفظ ایسا تو کلمہ تشبیہ کا ہے"

مولانا ٹانڈوی کی یہ عبارت جس نے لفظ "ایسا" پر کلمۂ تشبیہ کی آخری مہر لگا دی۔

**خلاصۂ کلام** مولوی مرتضیٰ حسن در بھنگی کا کہنا ہے کہ لفظ "ایسا" تشبیہ کے لیے نہیں ہے بلکہ معنی میں "اتنا" یا "اس قدر" کے ہے۔ البتہ اگر تشبیہ کے معنی میں ہوتا تو توہین نبوت ہوتی ہے جو موجب کفر ہے۔ اور مولوی ٹانڈوی کا کہنا یہ ہے کہ لفظ "ایسا" تشبیہ کے لیے ہے۔ اگر معنی میں "اتنا" یا "اس قدر" کی ہوتا تو توہین رسالت ہوتی ہے جس سے کفر لازم آتا۔

**نتیجہ کلام** اس کا حاصل یہ ہے کہ مولوی مرتضیٰ کی تاویل کی بناء پر مولوی حسین احمد پر کفر لازم آتا ہے اور مولوی حسین احمد کی تاویل و توجیہ کے پیش نظر مولوی مرتضیٰ کافر ہوتے ہیں اور آج کے دیوبندی ان دونوں حضرات کو اپنا مقتداء و پیشوا

marfat.com
Marfat.com

جانتے ہوئے دونوں کے پیرو ہیں لہٰذا دونوں کا کفر تمام دیو بندیوں نے اپنے حق میں قبول کیا اور قبول کفر کا نتیجہ ظاہر ہے۔

منظور ہے گزارش احوال واقعی
اپنا بیان حسن طبیعت نہیں مجھے

**اظہار حقیقت** بات اپنی طرف سے کچھ نہیں کہی گئی بلکہ حفظ الایمان کی گندہ عبارت پر مولوی مرتضیٰ اور مولوی حسین احمد کی توجیہہ و تاویل کا جو نتیجہ تھا وہ ظاہر کر دیا گیا۔ کس قدر شرم کی بات ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کو کافر بناتے رہے مگر یہ توفیق نہ ہوئی کہ اس عبارت کو خارج کر کے کوئی واضح اور صاف عبارت درج کر دیتے جو بالکل بے غبار ہوتی۔ سچ کہا ہے جگر نے

اللہ جسے توفیق نہ دے انسان کے بس کا کام نہیں
فیضان محبت عام تو ہے عرفان محبت عام نہیں

ابھی مولوی مرتضیٰ اور مولوی حسین احمد میں یہ بحث چل رہی تھی کہ اکھاڑے کے تیسرے پہلوان منظور سنبھلی لنگوٹ باندھ کر "ھَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ" کہتے ہوئے مولوی مرتضیٰ کی ہمنوائی میں میدان جنگ میں اتر پڑے۔

بھاگو گے پھینک کے تیغیں لڑائی سے
گو مرد ہو تو اب نہ سرکنا لڑائی سے

اب سنیئے مولوی منظور سنبھلی کی "فتح بریلوی کا دلکش نظارہ" صفحہ ۳۲

"حفظ الایمان کی اس عبارت میں بھی "ایسا" تشبیہ کے لئے نہیں ہے بلکہ وہ یہاں بدون تشبیہ کے "اتنا" کے معنی میں ہے حفظ الایمان کی اس عبارت میں بھی جیسے کہ میں بدلائل قاہرہ ثابت کر چکا ہوں وہ (یعنی لفظ ایسا) بغیر تشبیہ کے "اتنا" کے معنی میں ہے"

صفحہ ۴۷ کی تیسری عبارت

"ایسا تشبیہ کے علاوہ دوسرے معنوں میں بھی مستعمل ہوتا ہے اور حفظ الایمان کی عبارت میں وہ بلا تشبیہ کے اتنا کے معنی میں مستعمل ہے"

marfat.com

Marfat.com

صفحہ ۳۴ کی چوتھی عبارت

"حفظ الایمان کی اس عبارت میں بھی "ایسا" تشبیہ کے لئے نہیں ہے۔"

گویا مولوی منظور و مولوی مرتضیٰ اس بات پر متفق ہیں کہ لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے نہیں ہے بلکہ معنی میں "اتنا" یا "اس قدر" کے ہے۔ چنانچہ صفحہ ۳۵ پر رقم طراز ہیں:

"اگر بالفرض اس عبارت کا وہ مطلب ہوا جو مولوی سردار احمد صاحب بیان کر رہے ہیں جب تو ہمارے نزدیک بھی موجب کفر ہے۔"

اب سے تقریباً پچیس برس پہلے مولوی منظور صاحب و سلطان المناظرین امام المدرسین حضرت مولانا سردار احمد صاحب قبلہ کے درمیان حفظ الایمان کی اسی عبارت پر ایک مناظرہ بریلی شریف میں منعقد ہوا جس کی صدارت سیدی و مرشدی استاذ محترم مجاہد ملت حضرت مولانا الحاج محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ بانی دارالعلوم جامعہ حبیبیہ الٰہ آباد نے فرمائی تھی۔ مولانا سردار احمد صاحب قبلہ کا یہ فرمانا تھا کہ لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے ہے اور مولوی منظور صاحب کا کہنا تھا کہ لفظ "ایسا" معنی میں "اتنا" یا "اس قدر" ہے' اسی کا تذکرہ کرتے ہوئے مولوی منظور صاحب نے یہ کہا کہ اگر اس عبارت کا وہ مطلب ہوا جو مولوی سردار احمد صاحب بیان کر رہے ہیں جب تو ہمارے نزدیک بھی موجب کفر ہے۔

اب سے پہلے یہ بات گزر چکی ہے کہ مولوی حسین احمد صاحب کا یہ کہنا ہے کہ لفظ "ایسا" محض تشبیہ کے لئے ہے۔ اب ناظرین ہی فیصلہ فرمائیں کہ مولوی منظور صاحب کے اس اقرار کے بعد مولوی حسین احمد صاحب پر شریعت اسلامی کا کیا حکم ہے۔

ناظرین ذرا وسعت نظر سے کام لے کر یہ خیال فرمائیں کہ دیوبندی چہار دیواری میں کس بری طرح تکفیر بازی کا بازار گرم ہے۔ یہ تو حضرات دیوبند کا ایک پسندیدہ و محبوب ترین مشغلہ ہے کہ جب ذرا سی فرصت ملی تکفیر کی مشین گن کو

marfat.com

Marfat.com

چالو کر دیا اور پھر "آؤ دیکھا نہ تاؤ" زد پر جو بھی آ گیا ٹھوکتے گئے۔ جس طرح بچھو ڈنگ مارنے میں اپنی فطرت سے مجبور ہے ایسے ہی علماء دیوبند مسلمانوں کو کافر، مشرک اور بدعتی بنانے میں اپنی فطرت و جبلت سے مجبور ہیں ان کی مثال تو ایسی ہے جیسے "سپیرا" جس کے کاندھے پر دو پٹاریاں ہوتی ہیں ایک میں "شرک کا اجگر" اور دوسری میں "بدعت کی ناگن" اور جس طرح سپیرا خود تو اجگر و ناگن سے مانوس و بے خوف ہوتا ہے۔ کبھی اس کو گلے کا ہار بناتا ہے اور کبھی وہی ناگن اس کی کلائیوں میں چوڑی کی طرح لپٹ جاتی ہے مگر دیکھنے والوں کا رونگٹا رونگٹا کھڑا ہو جاتا ہے۔ ایسے ہی علماء دیوبند کے لئے ان کا خود ساختہ شرک و بدعت اوڑھنا بچھونا ہے مگر غریب مسلمانوں کے جھٹکنے میں یہ شعبدہ بازی کہ اجمیر گئے تو شرک اور محفل میلاد کیا تو بدعتی! جیسا مولوی قاسم صاحب نانوتوی کلیر شریف جاتے وقت رڑکی ہی سے پیدل ہو جاتے تھے اور شاہجہانپوری حضرات[1] بہرائچ شریف کے عرس میں حاضر ہوتے ہیں اور گاندھی جی کے ساتھ مولوی حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ہند نے خواجہ قطب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی درگاہ شریف میں قوالی سنی۔ ان کے لئے یہ سب جائز ہے مگر مسلمانوں سے یہ بازی گری کہ:

اندھیر نگری چوپٹ راجا
ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا

کے مطابق دیوبند کی مارکیٹ میں شرک و بدعت کی قیمت ٹکے سیر بھی نہ رہ گئی۔

یہ سب انگریز بہادر کی کرشمہ سازی ہے بقول مولانا سید عبدالحق صاحب قادری کے کہ:

"بھس میں آگ لگا کر جمالو دور کھڑی ہیں۔"

اپنا تو نشیمن جل رہا ہے اور انگریز بہادر سات سمندر پار سے تالی بجا رہے ہیں مگر آج تک علماء دیوبند کو ہوش نہ آیا۔

ابھی مولوی منظور صاحب، مولوی مرتضیٰ صاحب اور مولوی حسین احمد صاحب

---

[1] گنگا رام، جمنا داس

marfat.com
Marfat.com

کے درمیان جنگ ہو رہی تھی کہ اکھاڑے کے چوتھے پہلوان مولوی عبدالشکور لکھنوی یہ کہتے ہوئے سامنے آئے:

ایسے محل پہ دوستو رخنہ گری ہے خود کشی
تم بھی اسی جہاز میں ہم بھی اسی جہاز میں

بات ایسی کہنی چاہئے کہ "سانپ مرجائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے" یہ کیا تماشا ہے کہ ایک شخص کا اسلام ثابت کرنے کے لئے سب کی بنیادیں کھوکھلی کیے دیتے ہو بھلا بتاؤ تو سہی ان تاویلات و توجیہات کی بناء پر ہم میں کون مسلمان رہ گیا! اگر "ایسا" تشبیہ کے معنی میں لیا جائے تو مولوی مرتضیٰ اور مولوی منظور سے رشتہ حیات ٹوٹ جائے اور اگر "اتنا" یا "اس قدر" کے معنی میں لیا جائے تو مولوی حسین احمد کافر ہوئے جاتے ہیں۔ لہٰذا میری رائے مانو اور توجیہ و تاویل کے چکر میں نہ پڑو۔ یہ ایسی مخدوش اور الجھی ہوئی عبارت ہے کہ جس قدر تاویل کے ہیر پھیر میں الجھو گے اسی قدر اعتراضات کے دلدل میں پھنستے جاؤ گے۔ یہ ممکن نہیں کہ کانٹے قبائے گل پہن کر گلے کا ہار بن جائیں! سوچو تو سہی کیا یہ ہو سکتا ہے کہ آسمان کے بکھرے ہوئے تاروں کی انجمن میں تاریکی شب پر سپیدہ سحر کا دھوکا ہو۔

شب دیجور تاروں سے سنورتی ہے عبث شیدا
بری صورت کسی کو کب بھلی معلوم ہوتی ہے

یہی حال اس بے جان عبارت کا ہے جو توجیہہ و تاویل کے حسین دوپٹے میں دیدہ زیب نہیں بن سکتی۔ تاویل کی حسین چلمن مرجھائے ہوئے چہرے کا روکھا پھیکا پن نہ چھپا سکے گی۔ یہ وہ خزاں رسیدہ چمن ہے جس پر تاویلات کی موسلادھار بارش بھی بہار نہ لاسکے گی۔ لہٰذا دیوانہ نہ بنو' بدحواس ہونے سے کام نہیں بنتا۔ عقل و خرد سے کام لو۔

لکھنوی صاحب نے اپنی پوری لکھنویت سے کام لیتے ہوئے میدان جنگ کے تھکے ماندے سپاہیوں کو مخاطب کیا اور ان کی ساحرانہ طرز خطابت پر سب کے سب جنگجو سپاہی ہمہ تن سوال بن کر کھڑے ہوگئے اور بیک زبان ہو کر سب نے کہا کہ

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوتا ہے خدا نے ہم لوگوں کے حق میں فرشتہ رحمت بنا کر بھیجا ہے للہ اب دیر نہ کیجئے۔ بتایئے! ہاں جلد بتایئے' وہ فرار کی کونسی راہ ہے جس سے ہمیں چھٹکارا مل سکے۔ یہ سنتے ہی خارجی صاحب ارشاد فرماتے ہیں:

نصرت آسمانی صفحہ ۲۷

"کہ جس صفت کو ہم مانتے ہیں اس کو رذیل چیز سے تشبیہ دینا۔ یقیناً توہین ہے اور رسول خدا ﷺ کی ذات والا میں صفت علم غیب نہیں مانتے اور جو مانے اس کو منع کرتے ہیں۔ لہٰذا علم غیب کی کسی شئی کو رذیل چیز میں بیان کرنا ہرگز توہین نہیں ہو سکتی۔"

دیکھا آپ نے کہ گرو گھنٹال کتنی دور کی کوڑی لائے "رہے بانس نہ باجے بانسری" سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے لئے علم غیب ہی کا انکار کر دیا جائے۔ تشبیہ یا اتنا اس قدر کا سوال تو اس وقت ہوتا ہے جب کہ رسول خدا کے لئے علم غیب مانا جائے' ہم خود بھی نہیں مانتے ہیں اور ماننے والوں کو منع کرتے ہیں کہ خبردار! خبردار! رسول خدا کے لئے علم غیب نہ ماننا ورنہ حفظ الایمان کی عبارت کا ہم جواب نہ دے سکیں گے۔" یہ بات مولوی عبدالشکور صاحب نے مونگیر کے مناظرہ میں کہی تھی۔

لکھنوی صاحب بات تو کہہ گئے مگر اندرون خانہ سے واقف نہ تھے اس لئے ان کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا۔ چنانچہ بات ختم ہونے کے بجائے اور بڑھ گئی۔ "گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے" کے مطابق دربھنگی صاحب علم غیب رسول ﷺ کے ثبوت میں کتابیں لے کھڑے ہو گئے۔"

چھڑا تھا بزم میں کل تذکرہ مژگان و ابرو کا
بڑھی کچھ اس قدر تیغ و سناں تک بات جا پہنچی

چنانچہ عبدالشکور صاحب پر مولوی مرتضیٰ حسن دربھنگی کا پہلا وار ملاحظہ فرمایئے۔ توضیح البیان علی حفظ الایمان ص ۱۳۔

"بیان بالا سے یہ ثابت ہو گیا کہ سرکار دو عالم ﷺ کو جو علم غیب حاصل ہے۔

marfat.com
Marfat.com

نہ اس میں گفتگو ہے اور نہ یہاں ہو سکتی ہے۔

اس عبارت میں علم غیب رسول کا اقرار ہے۔

اب صفحہ ۴ کی عبارت سنئے:

"حفظ الایمان میں اس امر کو تسلیم کیا گیا ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ کو علم غیب باعطا الٰہی حاصل ہے۔"

ایسے ہی الشہاب الثاقب صفحہ ۱۱۴ پر مولانا ٹانڈوی رقم طراز ہیں:

"غرضیکہ لفظ عالم الغیب کے معنی میں مولانا (تھانوی) نے دو شقیں فرمائی ہیں اور ایک شق کو سب میں موجود مانتے ہیں۔ یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ جو علم غیب رسول اللہ ﷺ کو حاصل تھا وہ سب میں موجود ہے بلکہ اس معنی کو سب میں موجود مانتے ہیں۔"

اسی طرح روداد مناظرہ بریلی کے صفحہ ۸۰ پر مولوی منظور صاحب سنبھلی نے اقرار کیا:

"تمام کائنات حتیٰ کہ نباتات و جمادات کو بھی مطلقاً بعض غیوب کا علم حاصل ہے اور یہی حفظ الایمان کی عبارت کا پہلا اہم جزو ہے۔"

اور صفحہ ۸۹ پر آں جناب فرماتے ہیں:

"حفظ الایمان کی عبارت میں توہین کا شائبہ بھی نہیں اور اس میں زید و عمر اور صبیان و مجانین اور حیوانات و بہائم کے لئے مطلق غیب کا علم تسلیم کیا گیا ہے نہ کہ وہ علم جو واقع میں سرور کائنات ﷺ کو حاصل ہے۔"

**نتیجہ:** اب اکھاڑے کے تین پہلوان مولوی مرتضیٰ، مولوی حسین احمد اور مولوی منظور ایک طرف ہو گئے اور لکھنوی صاحب تنہا پڑ گئے۔ اس طرح لکھنوی صاحب کی حسرت و آرزو پر اوس پڑ گئی اور اپنا سا منہ لے کر رہ گئے۔ گویا وہ تینوں حضرات اس امر کے قائل ہوئے کہ رسول خدا ﷺ کو غیب تھا اور لکھنوی صاحب کو اس سے انکار رہا۔ لہٰذا تھانہ بھون کی فوج کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ نفس علم غیب کے ہونے اور

marfat.com
Marfat.com

نہ ہونے کے اختلاف پر لکھنوی صاحب ایک طرف اور ملیٹری کے تین فوجی افسر ایک طرف' اور لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے ہے یا اتنا و اس قدر کے معنی میں ہے۔ اس اختلاف کی بنیاد پر ٹانڈوی صاحب اکیلے ہیں اور مولوی مرتضٰی و مولوی منظور ایک طرف۔

ابھی آپس میں یہ اختلاف چل ہی رہا تھا کہ دربھنگی صاحب نے سنبھلی صاحب سے فرمایا:

کاش! مولوی حسین احمد سلمہ ہم دونوں کی بات مان لیے ہوتے کہ "ایسا" تشبیہ کے لئے نہیں ہے بلکہ معنی میں اتنا یا اس قدر کے ہے تو ہم لوگ اس بھونچال سے نکل کر ساحل سے ہمکنار ہو گئے ہوتے تو برا ہو ٹانڈوی سلمہ کا کہ اردو محاورات تک سے بے خبر و ناآشنا ہیں انہیں اتنا بھی شعور نہ ہو سکا کہ زبان اردو میں لفظ "ایسا" کے کیا معنی ہیں۔ غضب خدا کا ٹانڈوی نے اپنی الشہاب الثاقب صفحہ ۱۱ پر لکھ دیا کہ حفظ الایمان میں لفظ "ایسا" تو کلمہ تشبیہ کا ہے۔ کاش! ٹانڈوی سلمہ میری کتاب توضیح البیان صفحہ ۱۳ کی یہ عبارت دیکھ لئے ہوتے:

> "عبارت حفظ الایمان میں "ایسا" کو تشبیہ کے لئے لینا غلط ہے۔ اس لئے کہ اس صورت میں عبارت حفظ الایمان میں ایک اور کلام محذوف ماننا پڑے گا بلکہ تشبیہ کی صورت میں عبارت حفظ الایمان کا مطلب ہی خبط ہو جائے گا۔"

اسی لئے صفحہ ۱۴ پر بادل کی گھن گرج سے زیادہ بلند آہنگ ہو کر میں نے یہ لکھ دیا ہے کہ:

> "جس کی عقل سلیم میں اب بھی مطلب نہ آئے اور پھر بھی یہ کہے کہ نہیں اس عبارت میں سرور عالم ﷺ کو صریح گالی ہے یا کم سے کم یہ عبارت تنقیص شان والا کو موہم ہے تو چاہئے کہ وہ اپنی خوش قسمتی پر روئے۔ کلام کا قصور نہیں اس کی عقل کی خوبی ہے۔"

یعنی جو شخص یہ کہے کہ اس عبارت میں لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے ہے اس کو

marfat.com
Marfat.com

اپنی عقل سلیم پر ماتم کرنا چاہئے۔ یہ عبارت کا قصور نہیں بلکہ اس کا ذہنی فتور ہے اس لئے صدر دیو بند مولوی حسین احمد کو اپنی خوش فہمی پر رونا چاہئے۔ اختتام گفتگو پر مولانا دربھنگی نے مولانا سنبھلی سے فرمایا بھلا بتاؤ تو سہی کہ کس قدر قانونی موشگافی اور ذہنی کاوش کے بعد حفظ الایمان کی الجھی ہوئی عبارت کا ہم لوگوں نے ایک حل تلاش کیا تھا مگر عزیزی حسین احمد نے لڑکپن سے کام لیتے ہوئے ایک نئی شق پیدا کر کے ہماری الجھنوں میں مزید اضافہ کر دیا۔

سلجھ جاتی ہے اک الجھن تو مشکل اور بڑھتی ہے
کسی صورت محبت کی پریشانی نہیں جاتی

ابھی مولوی مرتضیٰ صاحب یہ فرما ہی رہے تھے کہ اپنی مسند صدارت پر مولوی حسین احمد صاحب نے فرمایا: "ناس ہو مولانا مرتضیٰ اور مولوی منظور کا کہ میں نے مولانا تھانوی کے بچت اور فرار کی ایک راہ نکالی تھی کہ لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے ہے' معنی میں اتنا یا اس قدر کے نہیں ہے مگر وہ دونوں "دربھنگی و سنبھلی" خم ٹھوک کر میرے پاس آگئے کہ تم غلط کہتے ہو لفظ "ایسا" تشبیہ کے لئے نہیں بلکہ معنی میں اتنا یا اس قدر کے ہے اے کاش! وہ دونوں میری بات تسلیم کر لیتے تو حفظ الایمان کی عبارت اعتراضات کے دلدل سے نکل کر بالکل بے غبار و روشن ہو جاتی۔ دیکھو تو سہی کہاں تو ہم دوسروں سے لڑنے گئے تھے مگر آپس ہی میں لڑ کر ایک دوسرے کا پیراہن چاک کر بیٹھے اعتراضات کا ختم ہونا تو درکنار نہ جانے اعتراضات کے کتنے شاخسانے پھوٹ پڑے اور سوالات کے نئے نئے پہلو پیدا ہو گئے۔"

ابھی صدر دیو بند یہ فرما ہی رہے تھے کہ کسی طالب علم نے دبی زبان سے حیدر آباد کے مخلصین و حامیین کے خط کا ذکر کرتے ہوئے عرض کیا کہ جب اس عبارت میں اتنے الجھاوے ہیں تو اس خط کے پیش نظر آپ لوگ اس سے رجوع کیوں نہیں کر لیتے؟

یہ سنتے ہی صدر دیو بند کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ شرم و خجالت سے گردن جھک گئی مگر یہ کہتے ہوئے بات آئی گئی کر دی کہ "میاں! اب تو تیر ترکش سے نکل چکا ہے اور

marfat.com
Marfat.com

بات طشت از بام ہو چکی ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ بات کسی غیر کی نہیں بلکہ اپنے ہی استاد بھائی کی ہے لہٰذا اب تو قیامت تک ان کو نباہنا پڑے گا اور کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ ہم اور مولانا تھانوی اپنی کمزوریوں اور خامیوں سے بے خبر ہیں ایسا نہیں ہے۔

یہ راز و نیاز محبت ہیں ناصح
نہ میں بے خبر ہوں نہ وہ بے خبر ہیں

ہم دونوں حفظ الایمان کی عبارت کے سقم اور خرابی پر اچھی طرح مطلع ہیں۔

ادھر مولانا ٹانڈوی اپنے طلباء میں بیٹھ کر ماتم کر رہے تھے کہ اسی درمیان میں اکھاڑے کے چوتھے کھلاڑی مولوی عبدالشکور صاحب نے لکھنؤ پاٹانالہ کی ایک نشست میں ارشاد فرمایا: ذرا دیکھو تو اپنوں کا بھولا پن۔

کیا اس لئے تقدیر نے چنوائے تھے تنکے
بن جائے نشیمن تو کوئی آگ لگا دے۔

حفظ الایمان کی عبارت پر مدتوں سر پٹخنے و دیدہ ریزی کرنے کے بعد میں نے جواب کی ایک عمدہ شکل پیدا کی تھی جس میں اتنا' اس قدر اور تشبیہ کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔ صاف صاف کہہ دیتے کہ رسول اللہ ﷺ کو علم غیب تھا ہی نہیں۔ مگر پوچھئے ان تینوں (مولوی مرتضیٰ' مولوی حسین احمد' مولوی منظور) کی بقراطی کا عالم کہ سعادت مندی و توانائی سے تسلیم کر لینے کے بجائے ہمارے سامنے سینہ تان کر کھڑے ہو گئے کہ تم غلط اور جھوٹ کہتے ہو۔ اور اس پر بچگانہ و طفلانہ حماقت یہ کی کہ اپنی ہی کتابیں الٹ الٹ کر مجھے دکھانے لگے کہ مولانا تھانوی علم غیب رسول ﷺ کے قائل تھے۔ خیال تو فرمایئے کہ مجھ سے مناظرہ کرنے کا وقت تھا! غیر ہی کیا کم تھے مناظر کے لیے "آج کل تو ان ہی سے ناطقہ تنگ ہے" اور کم از کم یہ لوگ اتنا تو سوچتے کہ جھوٹ سچ سے نہیں ثابت کیا جاتا' جھوٹ کو جھوٹ ہی سے ثابت کرنا پڑتا ہے۔

اے کاش! وہ تینوں میری بات مان لیتے تو سارا جھگڑا ختم تھا مگر ان لوگوں نے آپس کی جنگ سے دوسروں کے ہاتھ ایک آہنی تلوار دے دی جو صبح قیامت تک ہماری گردن پر کھٹاکھٹ چلتی رہے گی اور نہ جانے ہماری آنے والی نسل ہمارے

marfat.com
Marfat.com

متعلق کیا رائے قائم کریگی!

ہائے افسوس کی غیروں کے ہاتھ تو اپنا آشیانہ یوں ہی بھسم ہو رہا تھا مگر اپنے بھی ساتھ نہ دے سکے۔

آگ دی صیاد نے جب آشیانے کو مرے
جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے

حالانکہ جو بات میں نے کہی تھی کچھ اپنی طرف سے نہیں کہی تھی۔ مولانا رشید احمد گنگوہی بھی کچھ ایسا ہی فرما چکے ہیں۔

ابھی ہے اختلاف جام و مینا راز کی حد تک
نہ جانے کیا ہو گر پیر مغاں تک بات جا پہنچی

اب سنیئے پیر مغاں جناب مولوی رشید احمد گنگوہی کی کہ جن سے اللہ تعالی نے واعدہ کر لیا تھا کہ جھوٹ ان کی زبان سے نہ نکلوائے گا "خواہ وہ خود بولتا رہے"

فتاوی رشیدیہ جلد سوم صفحہ ۳

"علم غیب خاصہ حق تعالی کا ہے اس لفظ کو کسی تاویل سے دوسرے پر اطلاق کرنا ایہام شرک سے خالی نہیں۔

فتاوی رشیدیہ جلد دوم صفحہ ۱۰

"یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کو علم غیب تھا صریح شرک ہے"

اب اس سے پہلے یہ بات ہو چکی ہے کہ مولانا تھانوی' مولانا مرتضی حسن' مولانا ٹانڈوی اور مولانا منظور سنبھلی یہ سب کے سب اس بات کے قائل ہیں کہ بہ عطائے الہی رسول خدا کو علم غیب حاصل تھا۔

ابھی تک تو مولانا تھانوی کے اسلام کی خیر منائی جا رہی تھی اور انھیں مسلمان ثابت کرنے کے لیے ریت کی دیوار اٹھائی جا رہی تھی مگر اسی درمیان میں خانقاہ گنگوہ سے ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم دونوں کے دھماکے کی وحشت ناک آواز آئی علم غیب خاصہ حق تعالی ہے۔ یہاں تک کسی تاویل سے بھی اس کا اطلاق دوسروں پر درست نہیں اس لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے علم غیب ماننا صریح شرک ہے ایٹمی آواز سنتے

marfat.com
Marfat.com

ہی تھانوی سورماؤں کے پاؤں تلے سے زمین کھسک گئی۔ اوسان خطا کر بیٹھے اور عالم بدحواسی میں ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ چہروں پر ہوائیاں اڑنے لگیں، بغلیں جھانکنے لگے، منہ اتر گیا، طبیعت نڈھال ہو گئی، اداس ہو کر آپس میں کہنے لگے، اگر بریلی، بدایوں، مارہرہ اور خیر آباد وغیرہ کی آواز ہوتی تو ہم قوم سے یہ کہہ کر اپنا پیچھا چھڑا لیتے کہ ان لوگوں سے ہماری پرانی جنگ ہے۔ جب سے ہماری کفری عبارتوں پر ان لوگوں نے ہمیں کافر کہا اس دن سے ہم انھیں بدعتی کہتے ہیں، اگرچہ اب سے پہلے ہم بھی انھیں بدعات کے مرتکب تھے اور ان مراسم کو بدعت حسنہ سمجھ کر کرتے تھے اور یہ "سنی" تو اولیاء اللہ کی قبروں پر محض نیاز و فاتحہ کے لیے جاتے ہیں لیکن جب ہمیں ان بدعات میں غلو تھا تو نیاز و فاتحہ تو ایک طرف "نانوتہ" کے بزرگوں کی قبر کی مٹی تک اکھاڑ لاتے تھے۔ یہ تھا ہماری قبر پرستی کا عالم، اور یہ "سنی" تو اجمیر و کلیر میں جوتا پہن کر چلتے ہیں، مگر ہمارے پیر مغاں گنگوہی صاحب تو آستانہ گنگوہ کے پاخانے کا احترام کرتے تھے اور یہ سنی تو اپنے پیروں اور بزرگوں کی محض دست بوسی و قدم بوسی کرتے ہیں لیکن ہماری عقیدت کیشی کا یہ عالم تھا کہ مولانا تھانوی کے پاؤں دھو کر پینے کو نجات اخروی سمجھتے تھے۔

تذکرۃ الرشید حصہ اول صفحہ ۱۱۳

"مولوی عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی نے کہا واللہ العظیم مولانا تھانوی کے پیر دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے"

لیکن ان سنیوں کی جلن اور ان سے بغض و عناد کی بناء پر ان تمام چیزوں کو ہم بدعت سیئہ کہتے ہیں، اب قبر سے مٹی لانا تو درکنار خواجہ اجمیر کے گنبد پر نجاست پھینکتے ہیں اور اولیاء کرام کی قبر پر جانے والوں کو بدعتی اور قبر پجو کہتے ہیں۔

ہاں! اگر سنی حضرات ہمیں کافر کہنا چھوڑ دیں تو ہم انھیں بدعتی کہنا چھوڑ دیں جس طرح اب سے پہلے عرس، میلاد، قیام میں حصہ لیتے اور اس کو وجہ سعادت جانتے تھے پھر ان تمام مراسم میں حصہ گیر ہو جائیں اور یہ تو ہمارے باپ دادا سے ہوتا چلا آیا ہے۔ چنانچہ ہمارے روحانی لکڑ دادا حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی تو ہر سال

marfat.com

Marfat.com

محفل میلاد منعقد کرتے اور کھڑے ہو کر صلوٰۃ سلام پڑھتے اور اس میں لذت محسوس کرتے جیسا کہ ہفت مسئلہ میں درج ہے مگر اس کو کیا کیجئے۔

نچا مارا ہے یکسر کیا عرب اور کیا عجم سب کو
خدا غارت کرے اس اختلاف دین و مذہب کو

جب سے ہم لوگ اس اختلاف میں الجھے شبرات کا حلوہ' عید کی سیوئیں' محرم کا کھچڑا' گیارھویں کا پلاؤ' میلاد کی شیرینی سب ہم پر حرام ہو گئی حالانکہ شبرات کے ایک دن آگے پیچھے سے حلوہ کھاتے۔ سال کے مختلف حصوں میں سیوئیں کھاتے ہیں۔ محرم کے علاوہ کھچڑا اور کھچڑی بھی کھاتے ہیں۔ حلوائی کی دکان پر رس گلا اور گلاب جامن دونوں کھاتے ہیں مگر ان تاریخوں میں اب کھاتے ہوئے شرم آتی ہے۔ چونکہ اب ہم سُنیوں کی ضد میں اس کو بدعت کہہ چکے ہیں۔ بانہہ پکڑنے کی لاج ہے' ورنہ ہم بھی جانتے ہیں کہ یہ نہ تو بدعت ہے اور نہ حرام' البتہ یہ ضرور ہے کہ چند پیسوں کی بچت ضرور ہو جاتی ہے مگر خدا غارت کرے "فلمی دنیا" کو کہ نیاز و فاتحہ کو شرک و بدعت کہہ کر جو پیسہ بچا لیتے ہیں وہ سینما کی نذر ہو جاتا ہے۔ اس سے اچھا تو یہی تھا کہ اپنے ماں باپ کی فاتحہ ہی دلاتے۔ خدا جانے کیا ہو گیا ہے ہمارے علماء دیوبند کو شرک و بدعت پر تو خوب خوب تقریریں کرتے ہیں مگر کبھی سینما کے خلاف نہیں بولتے۔ معلوم نہیں ان لوگوں کی طرف سے انھیں کتنی رقم مل گئی ہے۔

ابھی انگریزی اخبار دی میسج (THE MASSAGE) کے لیے مبئی میں ایک لاکھ سے زائد کا چندہ ہوا تھا جس میں فلم ایکٹروں نے بھی کافی حصہ لیا تھا۔ ہو سکتا ہے انھیں سب وجوہ نے زبانوں پر تالے لگا دیے ہوں۔ بہر حال کچھ بھی ہو نیاز و فاتحہ سے تو روپے کی بچت ہو جاتی ہے مگر سینما لوٹ لیتا ہے۔

اس مقام پر مجھے مولانا برہم چاری رحمتہ اللہ علیہ کی ایک بات یاد آئی۔ ایک دفعہ موصوف کو وہابیوں اور دیوبندیوں نے اپنے جلسے میں مدعو کیا اور وہاں کے جلسے کے ساتھ ایک نشست مشاعرے کی بھی تھی جس کی طرح یہ تھی۔

میلاد و فاتحہ کا بھی کرنا حرام ہے

marfat.com
Marfat.com

اراکین جلسہ نے مولانا کو بھی شرکت مشاعرہ پر مجبور کیا' چنانچہ آپ نے اس پر گرہ لگائی جو سننے سے تعلق رکھتی ہے۔

کنجوس مکھی چوس وہابی کے مال پر
میلاد و فاتحہ کا بھی کرنا حرام ہے

بات بہت دور آگئی۔ گفتگو یہ تھی کہ مولانا تھانوی' مولانا مرتضیٰ حسن دربھنگی' مولانا نانڈوی اور مولانا منظور سنبھلی ان لوگوں نے علم غیب رسول کا اقرار کیا لکھنوی صاحب نے جنگ کی جذباتی روش میں گنگوہی صاحب کے دامن میں پناہ لیتے ہوئے یہ ظاہر کردیا کہ رسول خدا کے لے علم غیب ماننا صریح شرک ہے اور جب اس پر بھی یاران طریقت مطمئن نہ ہو سکے تو لکھنوی صاحب نے امام الطائفہ مولوی اسماعیل دہلوی کی تقویۃ الایمان پڑھ کرسنانی شروع کردی جو آخری سپر اور ڈھال تھی۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۲۳

"غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو' جب چاہے کر لیجئے۔ یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے"

گویا دیوبندیوں کا خدا کوئی جاہل و ناتراش ہے اسے علوم غیبیہ حاصل نہیں بلکہ اس میں قوت ہے کہ جب ضرورت آن پڑے تو خزانۂ غیب کھول کر سب ضرورت معلوم کرے اور پھر اس کو مقفل کر کے کنجی اپنے قبضہ میں لے کر اپنی پرانی کرسی پر بیٹھ جائے جو اس کے بیٹھنے سے چرچر بولتی ہے۔ یہ ہے دیوبندی مکتبہ فکر میں توحید کا تصور! العیاذ اللہ من ذالک۔

ایسے ہی تقویۃ الایمان صفحہ ۱۰ پر امام الوہابیہ والدیانہ رقم طراز ہیں

"پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کی اپنی ذات سے ہے یا خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے"

گنگوہی صاحب اور دہلوی صاحب کے نادر شاہی حکم نے تھانوی صاحب کی رہی سہی عزت کو بھی خاک میں ملا دیا اور یہ سنتے ہی میدان جنگ کے شہسواروں میں پھوٹ پڑ گئی بالآخر حفظ الایمان کی عبارت اعتراضات کے جس نشانے پر تھی وہیں کی

marfat.com

Marfat.com

وہیں رہ گئی بلکہ تھانہ بھون کے نو آزمودہ ناتجربہ کار سپاہیوں نے اپنے تفوق و برتری کے اظہار میں سوالات و جوابات کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ قائم کر دیا اور ان کی پوری جدوجہد "کوہ کندن و کاہ بر آوردن" کی حیثیت بھی نہ پیدا کر سکی اور باہمی پنجہ آزمائی اور تکفیربازی کے یہ تھکے ماندے سپاہی اپنا اپنا مورچہ چھوڑ کر تھانہ بھون کا رخ کر گئے۔

واضح رہے کہ دارالندوہ کی مجوزہ اسکیم فیل ہو چکی ہے اور بات ختم ہونے کے بجائے باہمی افتراق و انتشار کا باعث بن گئی اور دوسروں سے نبرد آزما ہونا تو درکنار آپس کی جنگ میں ایک ایک کی ہڈیاں چٹخ گئیں۔ کافرگری کا بازار کچھ اس طرح گرم ہوا کہ جیب و گریباں کی دھجیاں سلامت نہ رہ سکیں۔ چنانچہ اشتہارات اور کتابوں کا بقچہ سر پر لیے افتاں و خیزاں ہانپتے کانپتے "ان داتا" کی بارگاہ میں حاضری کے لیے روانہ ہوئے۔

تھانہ بھون پہنچتے ہی مولانا تھانوی نے اپنے جنگجو شکست خورہ سپاہیوں کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ "گرگ باراں دیدہ" کے پیش نظر تھانوی صاحب نے ہر ایک کو اپنے سینے سے لگایا اور ہر ایک سے فاتحانہ مسکراہٹ کے ساتھ ارشاد فرمایا کہ میری جیت کے لیے تو یہی کیا کم ہے کہ اس میدان میں اکیلا نہ رہ گیا۔ یہ بات اور ہے کہ مواخذہ کی لسٹ میں سرفہرست میں نام ہو گا اور حسب ترتیب اسی فہرست میں تم سب کا نام ہو گا۔

اور حفظ ایمان کی عبارت پر اب تک جو گولہ باری کی تھی اس کے نشانے پر تنہا میری کھوپڑی تھی۔ دیکھو میرے سر پر ایک بال نہ رہ گیا۔ خدا کا شکر ہے کہ تم لوگوں نے حفظ الایمان کی تائید کر کے مجھے اکیلا نہ چھوڑا اور آئندہ کے لیے بھی تم سے یہی توقع ہے کہ تزلزل اور تذبذب کی خاردار جھاڑیوں میں نہ الجھو گے بلکہ ہر جگہ میری تائید حمایت میں پیش پیش نظر آؤ گے۔ یاد رکھو آج تم نے میرا ساتھ دیا ہے کل قیامت میں شاتمان رسول کے لیے بارگاہ خداوندی سے جو جگہ متعین کی جائے گی۔ اس میں اس وقت تک نہ جاؤں گا تاوقتیکہ تم سب کو وہاں پر پارسل نہ کرا دوں۔

marfat.com

Marfat.com

تھانوی صاحب کی مندرجہ بالا سیاسی گفتگو سے سپاہیوں کی جان میں جان آئی ورنہ ان غریبوں کا اس اندیشے سے خون خشک ہو رہا تھا کہ کہیں خانقاہ کے شکنجے کس دیئے گئے تو خدا ہی حافظ۔

اب مجلس برخاست ہونے والی تھی مولوی عبدالشکور صاحب لکھنوی نے اشارے کی زبان میں دریافت کیا کہ عالیجاہ! ہم سنیوں کے مقابل تو اس سے گری کے ایسے ایسے داؤ دکھلائیں گے کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا۔ اور جب اپنی ہار دیکھیں گے تو سلامت رہے ہمارا "تھانہ بھون" کہ حکومت کے جتنے تھانے ہیں وہ سب اسی ہیڈکوارٹر کی برانچ ہیں۔ ہم عالیجاہ کے ارشادات فرمودات کے بموجب "یارسول اللہ کا نعرہ بلند نہیں کرسکتے ورنہ شرک ہمارا گلا گھونٹ دے گا۔ البتہ جب اپنی شکست کا یقین کامل ہوجائے گا تو "پولیس المدد" کا نعرہ لگاتے ہوئے "تھانوں" میں پہنچ جائیں گے اور نقص امن' بلوہ اور فساد کے نام پر مناظرہ کی روک تھام کر کے ساری کارروائی ختم کرادیں گے مگر "عالیجاہ" یہ تو فرمائیں کہ پھوٹ آپس میں پڑگئی ہے اور اس کا کیا علاج ہے؟

تھانوی صاحب یہ سنتے ہی اپنی اس مسند پر بیٹھ گئے جس کے اوپر ایک کتبہ آویزاں تھا اور بہ خط جلی یہ تحریر تھا: نشست گاہ جامع المجددین' حجۃ اللہ فی الارض' اکمل الناس اور برادر سی آئی ڈی وغیرہ وغیرہ۔ اور انتہائی تمکنت و نخوت سے فرمایا کہ پہلے تم لوگ اپنے اختلافات بیان کرو تب میں اپنی رائے دے سکتا ہوں۔ یہ سنتے ہی لکھنوی صاحب نے عرض کیا:

"عالیجاہ" میرا کہنا یہ تھا کہ مولانا تھانوی صاحب علم غیب رسول کے قائل نہیں۔"

نہ پوچھئے بس اتنی سی بات پر مولانا مرتضیٰ' مولانا ٹانڈوی' مولوی منظور یہ سب کے سب بری طرح مجھ پر برس پڑے' حالانکہ میں نے اپنے دعوے کی دلیل میں فتاویٰ رشیدیہ اور تقویۃ الایمان سے بھی حوالہ پیش کیا مگر ان لوگوں نے گویا نہ ماننے کی قسم کھالی ہے۔ اب عالیجاہ ارشاد فرمائیں کہ اس بارے میں کیا حکم ناطق ہے جس

marfat.com
Marfat.com

سے سکون قلب حاصل ہو؟۔

تھانوی صاحب: دیکھو تم نے تو ایسی بات چھیڑ دی کہ کہنے والی بات بھی کہنی پڑ گئی۔

چھپا رکھا تھا جس کو مدتوں سے دل میں اے انور
ہزار افسوس وہ شرح وبیاں تک بات جا پہنچی

کیا تمہیں معلوم ہے کہ مولانا رشید احمد گنگوہی وہی ہیں جن کے حسب ونسب پہ مولانا اسمٰعیل دہلوی نے بڑا سنگین حملہ کیا ہے۔

چنانچہ تقویۃ الایمان صفحہ ۵ و ۶ کی عبارت سنو:

"کوئی نام رکھتا ہے علی بخش' پیر بخش' غلام محی الدین۔ یہ سب جھوٹے مسلمان بیچ شرک میں گرفتار ہیں۔"

پھر تقویۃ الایمان صفحہ ۶۴ پر ہے:

"کوئی نام رکھتا ہے نبی بخش' ستیلا بخش' گنگا بخش' سو یہ آدمی مردود ہو جاتے ہیں۔"

بقول مولانا گنگوہی جس تقویۃ الایمان کا پڑھنا اور رکھنا عین اسلام ہے اور اس کے تمام دلائل کتاب اللہ اور احادیث سے ماخوذ ہیں۔ جب ایسی کتاب کا قانون تم نے سن لیا تو اب مولانا رشید احمد گنگوہی کا پدری نسب نامہ سنو۔

رشید احمد گنگوہی کا پدری نسب نامہ سنو۔

تذکرۃ الرشید صفحہ ۱۳

"رشید احمد ابن ہدایت احمد بن پیر بخش بن غلام حسن بن غلام علی۔"

اور مادری نسب نامہ دیکھو:

"رشید احمد بن کریم النساء بنت فرید بخش بن قادر بخش محمد صالح بن غلام محمد۔"

اب تم لوگ خود ہی فیصلہ کرو کہ پیر بخش کا پوتا اور فرید بخش کا نواسہ تقویۃ الایمان کی روشنی میں کیا ہوا۔ بات چونکہ اپنے گھر کی ہے ورنہ میں خود ہی صراحۃً کہہ دیتا۔ لیکن تم لوگوں کی عقل ودانش پر بھروسہ ہے کہ میرا مقصد گفتگو سمجھ لیا ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

اور زحمت تو یہ آن پڑی ہے کہ تقویۃ الایمان کو عین اسلام کہہ کر مولانا گنگوہی نے خود ہی اپنے پاؤں پر کلہاڑی ماری ہے ورنہ ممکن تھا کہ ہم جواب کی کوئی شکل پیدا کرتے اور ہاں کیا تم لوگوں نے بہشتی زیور نہیں دیکھا۔ میں نے بھی تو یہی لکھا ہے جو تقویۃ الایمان میں مولانا اسمٰعیل نے تحریر فرمایا ہے" معلوم ہوتا ہے کہ تم لوگ کتابوں کا مطالعہ نہیں کرتے" اسی لیے میری آخری نصیحت ہے کہ حوالہ میں مولانا گنگوہی کا نام پیش کرتے وقت بڑی احتیاط سے کام لینا۔ اگر یہ باتیں چھپ نہ گئی ہوتیں تو ہم انھیں ہضم کر لیتے مگر اب تو ان کی اشاعت ہو چکی ہے' اپنے اور غیر سبھی مطلع ہیں۔ اس لیے اب یہ عبارتیں ہمارے حق میں ایسے ہی ہیں جیسے "سانپ کے منہ میں چھچھوندر" جو نہ اگلتے بنے نہ نگلتے بنے۔

ابھی سلسلہ کلام جاری تھا کہ لکھنوی صاحب پھر بول اٹھے:

"عالیجاہ! ہم نے مانا کے گنگوہی صاحب ایسے تھے یا ویسے تھے مگر حضرت مولانا اسمٰعیل صاحب بھی فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ کے لیے غیب ماننا صریح شرک ہے کم از کم ان کی بات تو تسلیم کی جاسکتی ہے۔"

تھانوی صاحب نے کہا "پاگل نہ بنو' ہوش و خرد سے کام لو اور اپنی کتابوں کا مطالعہ کرو۔ کیا تمھیں یہ نہیں معلوم کہ مولانا گنگوہی پر تو صرف ہماری اور مولانا اسمٰعیل کی تلوار چلی ہے مگر مولانا اسمٰعیل کو تمام ہی علما' دیوبند نے جاہل' ملحد' زندیق' دین سے بے بہرہ اور نہ جانے کیا کیا لکھا ہے۔"

یہ سنتے ہی پورے مجمع پر سناٹا چھا گیا اور تھانوی صاحب نے ماتھے کا پسینہ پونچھتے ہوئے فرمایا کہ تمھیں میری باتوں پر اعتبار و بھروسہ نہ ہو تو حوالہ سنو۔

ایضاح الحق مرتبہ مولوی اسمٰعیل دہلوی صفحہ ۳۵و۳۶

"ترجمہ او تعالیٰ از زمان و مکان وجہت و اثبات رویت بلاجہت و محاورات الخ ہمہ از قبیل بدعات حقیقہ است اگر صاحب آں اعتقادات مذکورہ از جنس عقائد دینیہ شارد۔"

سوال: مولوی اسمٰعیل کی مذکورہ بالا عبارت پر استفسار کیا گیا۔ یعنی کیا ارشاد ہے علماء

marfat.com

Marfat.com

دین کا اس شخص کے بارے میں' جو کہے کہ اللہ تعالیٰ کو زمان و مکان سے پاک اور اس کا دیدار بے جہت حق جاننا بدعت ہے اور قول کیسا ہے بینوا و توجروا۔

الجواب: یہ شخص عقائد اہلسنت سے جاہل بے بہرہ اور وہ مقولہ کفر ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ رشید احمد گنگوہی

نوٹ: یعنی مولانا رشید احمد گنگوہی نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کو جاہل اور بے بہرہ اور ان کے قول کو کفر قرار دیا۔

اب اس جواب پر دوسرے اکابر علماء دیوبند کی تصدیق و دستخط ملاحظہ کیجیے۔

لاؤ تو قتل نامہ ذرا میں بھی دیکھ لوں
کس کس کی مہر ہے سر محضر لگی ہوئی

الجواب صحیح: اشرف علی عفی عنہ

"حق تعالیٰ کو زمان و مکان سے منزہ ماننا عقیدہ اہل ایمان ہے' اس کا انکار الحاد و زندقہ ہے اور دیدار حق تعالیٰ آخرت میں بے کیف و بے جہت ہوگا مخالف اس عقیدہ کا بددین و ملحد ہے۔"

کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ "نشان مہر" مفتی مدرسہ دیوبند

الجواب صحیح بندہ محمود حسن عفی عنہ مدرس اول دیوبند

"وہ ہرگز اہلسنت سے نہیں"۔

حررہ المسکین عبدالحق

الجواب صحیح محمود حسن مدرس دوم مدرسہ شاہی' مراد آباد

"ایسے عقیدے کو بدعت کہنے والا دین سے ناواقف ہے"۔

(ابو الوفاء ثناء اللہ)

خود آپ اپنی آگ میں جلنے کا لطف ہے
اہل تپش کو آتش سینا نہ چاہیے

تھانوی صاحب: اب تم لوگوں نے دیکھ لیا کہ مولوی اسمٰعیل کے جاہل' زندیق'

marfat.com
Marfat.com

ملحد وغیرہ ہونے پر تمام ہی علماء دیوبند کا اتفاق ہے لہٰذا حوالہ میں مولانا اسمٰعیل کا نام پیش کرتے ہوئے بڑی احتیاط برتنا۔ اس غریب کو اپنوں ہی نے آگ کی دہکتی ہوئی بھٹی میں جھونک کر خاکستر کردیا۔ یہی سوچ کر تو اغیار نے شاہ صاحب کی طرف خصوصی توجہ نہیں کی کہ وہ آپ اپنی موت مررہے ہیں۔

**لکھنوی صاحب:** عالیجاہ! کیا یہ بات آپ لوگوں کو معلوم نہ تھی کہ یہ عبارت مولانا اسمٰعیل کی ہے' آخر یہ کیسا ظلم ہے ان کے ساتھ!

**تھانوی صاحب:** تم نے بھی ایک ہی کہی معلوم ہوتا تو ایسا فتویٰ ہی کیوں دیتے "ارے یہ فتوی ہے یا کوئی کند چھری سے انھیں ذبح کرنا ہے"۔ میں نے تو مولانا گنگوہی کے فتویٰ پر اعتماد کرتے ہوئے تصدیق کردی تھی' مجھے کیا معلوم تھا کہ مولانا گنگوہی مولانا اسمٰعیل کی کتابوں سے اس قدر بے خبر ہوں گے۔ چنانچہ انھوں نے بھی بعد میں اظہار افسوس کیا۔ دیکھو فتاوی رشیدیہ حصہ دوم ص ۱۸۰:

"ایضاح الحق بندہ کو دیا نہیں کیا مضمون اور کس کی تالیف ہے۔"

**نوٹ:** قتل کے بعد اب پشیمانی سے کیا فائدہ!

وہ آئے ہیں پشیماں لاش پر اب
تجھے اے زندگی لاؤں کہاں سے

ناظرین نے علماء دیوبند کے فتاویٰ کی حقیقت دیکھ لی کہ فتویٰ لاعلمی میں دیا گیا ہے اگر یہ بات معلوم ہوتی کہ یہ مولانا اسمٰعیل کی عبارت ہے تو زندیق و ملحد و جاہل لکھتے ہوئے ہاتھ کانپ جاتا اور قلم ٹوٹ جاتا اور اگر آپ کو میری رائے سے اتفاق نہ ہو تو "ہاتھ کنگن کو آرسی کیا" ہے۔ آج ہی اس عبارت پر علماء دیوبند سے استفسار کیجئے اور دیکھیے کہ اس عبارت پر جاہل و ملحد کہنے کے بجائے اسکی کتنی حسین تاویل کرتے ہیں جیسا کہ ابھی مولوی مہدی حسن مفتی دیوبند نے مولانا قاسم نانوتوی کی ایک عبارت پر لاعلمی کے ماتحت کفر کا فتویٰ دیا ہے اور جماعت اسلامی والوں نے اچھلنا شروع کیا مگر۔ جب یہ بات علم میں آئی کہ یہ عبارت کسی اور کی نہیں بلکہ خود بانی دارالعلوم دیوبند کی ہے تو "ہاتھ کے طوطے اڑ گئے" اور طرح طرح کی تاویلات سے

marfat.com

Marfat.com

اس عبارت پر ملمع سازی کرنے لگے جس کی تفصیل میں اگلے صفحات میں پیش کروں گا۔

مختصر یہ کہ ابھی تھانوی صاحب دہلوی صاحب پر علماء دیو بند کے اس فتوے کا حوالہ دے رہے تھے جس میں انھیں زندیق' جاہل اور ملحد وغیرہ کا فتویٰ دیا گیا ہے کہ اسی درمیان میں مولانا منظور سنبھلی بول اٹھے۔

سنبھلی صاحب: عالی جاہ! ہم نے تو یہ بھی سنا ہے کہ شاہ اسمٰعیل نے اپنی لغزشوں سے توبہ کرلی تھی۔

تھانوی صاحب: برخوردار! ابھی تم طفل مکتب ہو۔ کیا تم نے فتاوی رشیدیہ نہیں دیکھی یہ اہل بدعت کا افتراء ہے اور کم از کم یہ تو خیال رکھتے کہ ہم لوگ اپنی لغزشوں اور غلطیوں سے رجوع نہیں کرتے۔ اگر ہم میں اتنا ہی احساس کمتری ہوتا یا ہم اس قدر بزدل و کمزور ہوتے تو اب تک حفظ الایمان کی عبارت واپس لے لیتے۔ غالباً تم شیخ نجدی کی تاریخ بھول گئے' دیکھو وہ راندۂ درگاہ کردیا گیا مگر منہ کی نکلی ہوئی بات واپس نہ لی۔ اپنے اسلاف واکابر کی تاریخ ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے' ذرا سوچو تو سہی ہر چند حکم خداوندی ہوا مگر اس علم بردار توحید کی غیرت نے گوارا نہ کیا کہ یہ سرنیاز کہیں اور جھک جائے اور برابر وہ یہی کہتا رہا کہ مجھے تجھ سے کام نہ کہ آدم اور نور محمد سے (صلی اللہ علیہ وسلم)۔

نہ غرض کسی سے نہ واسطہ مجھے کام اپنے ہی کام سے
ترے ذکر سے ترے فکر سے تیری یاد سے تیرے نام سے

ہمیں ننگ اسلاف نہیں بلکہ فخر اسلام بننا چاہیے جب تک ہمارے سامنے ایک سچے پکے کٹر موحد کی پرانی تاریخ موجود ہے تو ہم علماء موحدین کو اسی کو مشعل راہ بنانا چاہیے۔ چنانچہ میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ مولانا اسمٰعیل نے توبہ نہیں کی بلکہ یہ ان پر افترا ہے۔

دیکھو فتاویٰ رشیدیہ حصہ اول صفحہ ۶۲

"اور توبہ کرنا ان کا (مولوی اسمٰعیل دہلوی کا) بعض مسائل سے افتراء

marfat.com
Marfat.com

اہل بدعت ہے۔"

ابھی گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ مولانا ٹانڈوی نے عرض کیا۔

مولانا ٹانڈوی: عالیجاہ! آپ نے لکھنوی کو تو مطمئن کر دیا لیکن ہمارے اور دربھنگی صاحب اور سنبھلی صاحب کے درمیان جو اختلاف پڑ گیا ہے اس کا کیا حال ہے؟

تھانوی صاحب: وہ کیسا اختلاف ہے؟

ٹانڈوی صاحب: میرا کہنا یہ ہے کہ حفظ الایمان کی عبارت میں لفظ "ایسا" تشبیہ کے لیے ہے اور دربھنگی صاحب و سنبھلی صاحب کا کہنا یہ ہے کہ لفظ "ایسا" اتنا یا اس قدر کے معنی میں ہے۔

یہ سن کر تھانوی صاحب ذرا سنبھل کر بیٹھ گئے اور زبان حال سے کسی پنڈت جی کی ایک دلچسپ کہانی سنائی۔ فرمایا کہ:

ایک پنڈت جی سے کسی نے اپنی حاملہ بیوی کے لیے دریافت کیا کہ گرو جی! ہماری بیوی کو لڑکا ہو گا یا لڑکی؟

پنڈت جی نے زائچہ وپترا دیکھ کر استادی داؤ استعمال کرتے ہوئے جواب دیا:

"بیٹا نہ بیٹی"۔

سائل کے رخصت ہونے کے بعد پنڈت جی کے چیلے نے دریافت کیا کہ گرو جی! آپ نے ایسا کیوں فرمایا؟ ہو سکتا ہے کہ ایشور کی دیا ہو جائے اور بھگوان اپنے کرپا سے اس کی کوکھ بھر دیں۔

یہ سن کر پنڈت جی نے فرمایا: بیٹا! جائے استاد خالی است' اس کو تم کیا جانو' ابھی کچھ دنوں اور میرے چرنوں میں رہ کر دیا حاصل کرو تب کہیں یہ بھید تمہاری گیان میں آسکیں گے۔ اچھا تم مجھ سے قریب آؤ میں تمہیں بتاؤں۔ دیکھو اگر بیٹی ہو گئی تو اس کو اس طرح پڑھا لکھا جائے گا:

بیٹی...... نہ بیٹا۔

یعنی "نہ بیٹا سے متعلق ہو گا۔

اور اگر بیٹا ہوا تو اس کو اس طرح لکھا پڑھا جائے گا:

marfat.com

Marfat.com

بیٹی نہ...... بیٹا۔

یعنی "نہ" بیٹی سے متعلق ہو جائے گا۔

اور اگر کچھ نہ ہوا تو بات واضح ہے بیٹی نہ بیٹا۔

یہ واقعہ سنا کر تھانوی صاحب نے فرمایا: اس لیے مناسب یہ ہے کہ حفظ الایمان کی عبارت میں لفظ "ایسا" گول کر جاؤ جس مناظرہ میں تشبیہ کے معنے لینے سے چھٹکارا مل جائے وہاں تشبیہ کے معنی لے لینا اور جس مناظرہ میں اتنا یا اس اس قدر کے معنی میں جان بچ جائے وہاں اتنا کے معنی لے لینا اور جہاں کسی بھی معنی کے لینے میں رہائی نہ مل سکے تو کبھی تشبیہ کے معنی لینا اور کبھی اتنا کے معنی میں۔ اور جب اس سے بھی نجات نہ ملے تو "یا پولیس المدد" کا سہارا تو کافی ہے۔ آخر تھانہ بھون کا ہیڈ کوارٹر کس دن کام آئے گا! لہٰذا میں تم تینوں کی تشریح و توضیح سے متعلق ہوں۔ اب بات آگے نہ بڑھاؤ جو کچھ ہو گیا یہی کیا کم ہے۔

ساقی کا احترام بھی لازم ہے اے صبا
ہر ہر قدم پہ لغزش بے جا نہ کیجئے

یہ کہہ کر تھانوی صاحب نے اس افسانے کو یونہی ناتمام وادھورا چھوڑ دیا جس پر رہتی دنیا تک حاشیہ آرائی ہوتی رہے گی۔ یہ سن کر تھانہ بھون کے تھکے ماندے سورما و بہادر اپنے گھر کو لوٹے۔ ابھی کچھ دور چلے تھے کہ سنبھلی صاحب نے "بگل" بجا دیا جس پر سب کے کان کھڑے ہو گئے اور سنبھلی صاحب نے بڑی متانت سے عرض کیا: "حضور والا! ابھی تک اس گفتگو کا یہ گوشہ میری سمجھ میں نہ آسکا کہ ہم اس بات کے قائل ہیں کہ لفظ "ایسا" تو کلمہ تشبیہ ہے اور اس عبارت میں بھی تشبیہ ہی کے لیے متعین ہے۔ اگر اتنا یا اس قدر کے معنی میں لیا جائے تو نانوتوی صاحب کی نظر میں اہانت رسول ہوتی ہے۔ جو موجب کفر ہے لہٰذا ہماری تاویل کی بنا پر مولانا نانوتوی پر کفر عائد ہوتا ہے اور مولانا نانوتوی کی بنیاد پر ہم دونوں کافر ہوئے جاتے ہیں اس لیے اگر امام احمد رضا فاضل بریلوی اور ان کے دوسرے ہم خیال و ہم عقیدہ علماء اہل سنت ہم لوگوں کی تکفیر کرتے ہیں تو وہ لوگ اپنے فتوے میں حق بجانب

marfat.com

Marfat.com

ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ ان لوگوں نے اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کی ناحق ہم آئے دن ان سے الجھتے رہتے ہیں۔"

یہ سن کر مولانا مرتضی حسن در بھنگی نے ارشاد فرمایا:۔

ساحل کو دیکھ دیکھ کے یوں مطمئن نہ ہو
کتنے سفینے ڈوبے ہیں ساحل کے پاس بھی

در بھنگی صاحب: کیا تمہیں معلوم نہیں اب سے پہلے میں اپنی کتاب اشد العذاب میں اس بحث کی وضاحت کر چکا ہوں۔ معلوم ہوتا ہے تمہارا مطالعہ بہت کمزور ہے۔

دیکھو اشد العذاب صفحہ ۱۲

"اگر خاں صاحب (یعنی امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک بعض علما دیو بند واقعی ایسے ہی تھے جیسے کہ انھوں نے سمجھا تو خاں صاحب (امام احمد رضا) پر ان علما دیو بند کی تکفیر فرض تھی اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو وہ خود کافر ہو جاتے' جیسے علماء دیو بند نے جب مرزا صاحب (غلام احمد قادیانی) کے عقائد کفریہ معلوم کر لیے اور وہ قطعا ثابت ہو گئے تو اب علماء اسلام پر مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر و مرتد کہنا فرض ہو گیا اگر وہ مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر نہ کہیں تو وہ خود کافر ہو جائیں گے۔ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے"۔

نوٹ: ع

مجرم ان کو سمجھتا تھا قصور اپنا نکل آیا

حق تو یہ ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کا منہ بولتا معجزہ ہے جس پر تمام ہی علماء دیو بند سرگرداں و حیران ہیں' مولانا مرتضی حسن دیو بندی کی مندرجہ بالا عبارت سے آج کے جھگڑالو کٹ حجت دیو بندیوں کو سبق لینا چاہیے

(1) مثلاً "آج کے ان پڑھ و نادان دیو بندی بڑے بھولے بھالے بن کر یہ کہتے ہیں کہ کافر کو بھی کافر نہ کہنا چاہیے"۔ مگر ان کے پیشوا مولوی مرتضی حسن صاحب فرماتے ہیں "جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے"۔

(2) ایسے ہی بعض ناخواندہ و بعض پڑھے لکھے دیو بندی یہ کہتے ہیں کہ مولانا تھانوی کا

marfat.com
Marfat.com

معاملہ ان کے ساتھ۔ مگر مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی فرماتے ہیں کہ علماء دیوبند پر صرف مرزا غلام احمد کی تکفیر فرض نہ تھی بلکہ ان کے متبعین مرزائیوں کی تکفیر بھی فرض تھی۔ چنانچہ علمائے دیوبند نے مرزا صاحب اور مرزائیوں دونوں کو کافر و مرتد کہا۔ ایسے ہی تھانوی صاحب اور تھانوی صاحب کے متبعین دونوں کا ایک ہی حکم ہوگا۔

(3) ایسے ہی بعض دیوبندی بڑے سیدھے سادھے بن کر یہ کہتے ہیں کہ دیکھو امام احمد رضا فاضل بریلوی کی کتنی زیادتی ہے کہ انھوں نے بعض اکابر علماء دیوبند کو کافر کہہ دیا مگر مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی فرماتے ہیں کہ اگر مولانا احمد رضا خان صاحب علماء دیوبند کی کفریات پر مطلع ہونے کے بعد حضرات دیوبند کی تکفیر نہ کرتے تو وہ خود کافر ہو جاتے جیسا کہ علماء دیوبند مرزا صاحب کے کفر پر مطلع ہونے کے بعد اگر ان کی تکفیر نہ کرتے تو وہ خود کافر ہو جاتے۔ لہٰذا یہ معاملہ ایسے ہی ہے جیسا کہ علماء دیوبند نے مرزا صاحب اور مرزائیوں کی تکفیر کی۔

آپ دیکھیں تو سہی ربط محبت کیا ہے
اپنا افسانہ ملا کر مرے افسانے میں

کاش! آج کے دیوبندی علماء اپنے مقتداو پیشوا جناب مرتضیٰ حسن دربھنگی سابق مدرس و ناظم شعبہ تبلیغ دیوبند جیسی شخصیت کے مندرجہ بالا اصولوں پر غور و فکر کرتے اور آستینیں چڑھا کر لڑنے کے بجائے نیک نیتی سے اپنے ایمان وعاقبت کی خیر مناتے ہیں جس میں ان کی بھی فلاح تھی اور کروڑوں مسلمان ان کے شروفساد سے محفوظ ہو جاتے۔

مختصر یہ کہ مولانا مرتضیٰ حسن دربھنگی کی گفتگو سن کر مولوی منظور صاحب یہ کہہ کر خاموش ہو گئے کہ ہماری مثال تو ایسی ہی ہے کہ "دوسروں کی آنکھ میں تنکا دیکھنے والے کو اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا"۔ ہم اب تک تو یہ سمجھتے تھے کہ علماء اہلسنت نے ہمارے ساتھ بڑی زیادتی برتی ہے مگر حقیقت آشکارا ہو گئی کہ اپنے کیے کی سزا بھگت رہے ہیں جس کا کوئی علاج نہیں، مگر حضور والا یہ تو فرمائیں کہ جب ہماری

marfat.com
Marfat.com

پوزیشن اتنی کمزور ہے تو ہم کس بل بوتے پر علماء اہلسنت سے مناظرہ کریں گے۔

ہر منزل پہنچ کر پست ہمت ہوتی جاتی ہے

دربھنگی صاحب نے فرمایا بات تو سچ کہتے ہو مگر دیکھو اپنی جماعت میں ناک اونچی کرکے چلنا ہے اور امام المناظرین' سلطان المناظرین وغیرہ کا خطاب لینا ہے تو ہمت کرکے دو ایک مناظرے کرلینا اپنی روداد کی اشاعت تو اپنے ہاتھ رہے گی جس طرح چاہنا نمک مرچ لگا کر اس کی اشاعت کرنا' سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ' اپنی ہار کو فتح مبین اور دوسروں کی جیت کو شکست فاش لکھتے ہوئے کون تمہاری کلائی تھام لے گا۔ خوب خوب ڈینگیں مارنا۔ اور ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ مناظرہ سے پہلے ہی روداد چھپا لینا' دوسرے حلقوں میں مناظرہ سے پہلے ہی تقسیم کرا دینا اور جس جگہ مناظرہ ہو وہاں بعد مناظرہ اس کو تقسیم کرانا۔

چنانچہ جمشید پور کے مناظرہ میں جو فاضل گرامی مولانا ارشد صاحب مفتی جمشید پور اور مولوی عبداللطیف اعظمی استاد مولوی منظور احمد نعمانی سے اسی حفظ الایمان کی عبارت پر ہوا اس کی فتح مبین کا پوسٹر مناظرہ سے دو روز پیشتر کٹک اور مونا تھ بھنجن میں تقسیم ہو چکا۔ مناظرہ سے پہلے اپنی جیت کا پوسٹر شائع کرتے وقت ایسے سفید جھوٹ پر نہ تو انھیں قرآن یاد آیا ہوگا اور نہ ہی حدیث۔ ان سے تو محض میلاد وقیام اور عرس وفاتحہ کے ثبوت میں کام لیا جاتا ہے' حالانکہ جس مناظرہ کی فتح مبین کا اشتہار شائع کیا گیا اس میں انھیں ایسی منہ کی کھانی پڑی کہ آج تک مولوی عبداللطیف کو یاد ہوگا۔ فاضل گرامی مولانا ارشد قادری کے صرف ایک سوال پر مولوی عبداللطیف بوکھلا کر "کھسیانی بلی کھمبا نوچے' کے مطابق آئیں بائیں شائیں ہانکنے لگے۔ پھر تو ایسی بے پر کی اڑائی جس پر تمام دیوبندیوں کی گردن شرم وندامت سے جھک گئی۔ اسی عبارت میں بریلی شریف کا مناظرہ مولوی منظور صاحب اور مولانا سردار احمد صاحب کے درمیان ہوا تھا جس میں بوکھلا کہ مولوی منظور نے کہا:

"رسول اللہ تو بھوکے مرا کرتے تھے۔[1] معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔

---

[1] نصرت خداداد ۱۳۴۵ھ ص ۱۴

marfat.com
Marfat.com

اسی جملہ پر استاد محترم مولانا محمد حبیب صاحب قبلہ نے مولوی منظور کو گرجتی ہوئی آواز میں پھٹکارا تھا کہ منظور! مناظرے کا مقصد یہ ہے کہ توہین نبوت سے تمہاری زبان روکی جائے اور افسوس کہ استخفاف نبوت تمہاری فطرت ثانیہ بن چکی ہے ایسے گلہیر ہو کہ بغیر گالی گلوج کے تم اپنی گفتگو پر قابو یافتہ نہیں اگر تمہاری زبان میں کیڑے رینگ رہے ہیں جس سے تمہیں بغیر گالی ویسے چین نہیں تو سرکار دو عالم ﷺ کو نہیں۔ بلکہ حبیب الرحمن کو گالیاں دے لو۔

یاد رہے یہ حبیب الرحمٰن اسی مرد مجاہد کا نام ہے جو ناموس رسالت کی خاطر غازی پور و سلطانپور جیل کی مشقتیں جھیل کر ابھی پندرہ مہینے کے بعد ضمانت پر رہا ہوا ہے جس کا نام سنتے ہی اصغر گونڈوی کا یہ شعر یاد آجاتا ہے:۔

یہاں تو عمر گزری ہے اسی موج و تلاطم میں
وہ کوئی اور ہوں گے سیر ساحل دیکھنے والے

جہاں تک میری قوت حافظہ رفاقت کر رہی ہے حفظ الایمان کی اسی عبارت پر مولوی منظور سنبھلی اور شیر بیشہ اہل سنت مولانا حشمت علی خاں رحمتہ اللہ علیہ کے درمیان اودری ضلع اعظم گڑھ میں مناظرہ ہوا تھا اس مناظرہ میں مولوی منظور احمد صاحب کی بدحواسی کا کیا عالم تھا اس کی شہادت میں شیر کا نام ہی کافی ہے جن کے تعارف میں اکثر و بیشتر میں اس شعر سے کام لیتا ہوں۔

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

ابھی ۹، ۱۰، ۱۱ نومبر ۱۹۵۸ء کو فخر ملت مولانا سید مظفر حسین صاحب کچھوچھوی کے زیر اہتمام ایک مناظرہ سرزمین احمد آباد میں ہونے والا تھا۔ مولانا کی تقریر پر بعض وہابیوں اور دیو بندیوں نے چھیڑ چھاڑ کی تھی لہٰذا مجاہد ملت مولانا محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ صدر آل انڈیا تبلیغ سیرت کے اس اصول پر عمل کرتے ہوئے کہ "چھیڑو مت چھیڑا جائے تو چھوڑو مت" مولانا سید مظفر حسین صاحب نے دیو بندیوں کی اچھی طرح خبر لی۔ اس مناظرہ کے لیے شیر بیشہ اہلسنت مولانا حشمت علی خاں صاحب قبلہ

marfat.com
Marfat.com

مفتی کانپور' حضرت مولانا رفاقت حسین صاحب' مفتی سنبھل حضرت مولانا اجمل شاہ صاحب' سحبان الہند مولانا ابوالوفاء صاحب فصیحی' فاتح جمشید حضرت مولانا ارشد صاحب مولانا قادری' فاضل بہاری حضرت محمد اسحاق صاحب خطیب جامع مسجد پورسد' عالم جلیل حضرت اشفاق حسین صاحب نعیمی مفتی جودھ پور' علمبردار اہل سنت حضرت مولانا حاجی علی محمد ناظم رضائے مصطفیٰ گجرات' دفتر انچارج تبلیغ سیرت مولانا نثار احمد صاحب مبارکپوری' فاضل گرامی مولانا محمد مشاہد رضا خاں صاحب پیلی بھیتی' راقم الحروف مشتاق احمد نظامی یہ سب کے سب پہنچ گئے تھے۔ مناظرے کی تاریخ وہی تھی جن دنوں ہندوؤں کی دیوالی پڑ رہی تھی' اسی مناسبت سے خطیب عصر حضرت مولانا ابوالوفا صاحب فصیحی نے برجستہ ایک شعر کہا جس میں شیر بیشہ اہلسنت کا تعارف بھی ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ شعر روداد مناظرہ احمد آباد کا خلاصہ اور نچوڑ بھی ہے شعر سنیے اور غائبانہ طور پر فصیحی صاحب کو داد دیجئے۔

اللہ رے کس شیر سے اب پڑ گیا پالا
ہندو کی دیوالی ہے وہابی کا دیوالہ

ابھی چند برس ہوئے حفظ الایمان کی اسی عبارت پر "کواتھ" ضلع آرہ (بہار) میں ایک مناظرہ ہوا تھا جس میں اہلسنت کی طرف سے مولانا ابوالوفا صاحب فصیحی اور دیوبندیوں کی طرف سے مولوی عتیق الرحمٰن صاحب مناظر تھے اہل سنت کے اسٹیج پر فصیحی صاحب کے علاوہ سلطان المناظرین حضرت مولانا رفاقت حسین صاحب قبلہ شمس العلما' حضرت مولانا محمد نظام الدین صاحب مدرس اول مدرسہ عالیہ رامپور' فاتح جمشید پور حضرت مولانا ارشد صاحب قادری اور راقم الحروف مشتاق احمد نظامی تھا اور دیوبندی اسٹیج پر مولوی عتیق الرحمان صاحب کے علاوہ تقریباً دو درجن مولوی ایں قدر اور آں قدر موجود تھے' اس مناظرہ میں دیوبندیوں کی بدحواسی کی یہ کیفیت تھی کہ ان کا مناظر کتاب کو اپنی پشت کے نچلے حصے پر لے کر کھڑا ہوا۔ اہل اہلسنت کے مناظرے نہ رہا گیا تو فصیحی صاحب نے اٹھ کر یہ فرمایا کہ مولانا کتاب کو مقام غلیظ سے ہٹا لیجئے اس میں کتاب کی توہین ہے۔ یہ سنتے ہی دیوبندی مناظر نے کہا: مولانا! چونکہ

marfat.com
Marfat.com

اس میں مولانا احمد رضا خاں صاحب کا نام ہے اس لیے اس کو ہمیں سے لگائے ہوئے ہوں۔

ناظرین! اس سے دیو بندیوں کی علمی شرافت گندہ ذہنیت کا اندازہ کریں کہ وہ کس قدر گستاخ و بے ادب واقع ہوئے ہیں' ہر چند اہلسنت کی طرف سے تہذیب و شرافت' ادب واحترام کی تلقین کی جائے مگر وہ اپنی کج بحثی پر مجبور ہیں "ملا آں باشد کہ چپ نہ شود" کے مطابق کچھ نہ کچھ بڑبڑاتا ہی رہے گا۔

تقریباً ۱۹۵۱ء کی بات ہے برادر گرامی حضرت مولانا محمد سلیم صاحب خطیب جامع مسجد و مہتمم جامعہ عربیہ سلطان پورہ کی دعوت پر ایک جلسہ میں گیا تھا ان دنوں مولوی عبدالباری دیو بندی کی دعوت پر مولوی یونس خالدی لکھنوی بھی سلطان پور پر براجمان تھے۔ چنانچہ مولوی یونس خالدی نے مجھے چیلنج مناظرہ دیا اور تقریباً تین دن تک تحریری مناظرہ کا سلسلہ جاری رہا۔ ایک بار مولوی یونس صاحب نے مجھ سے دریافت کیا کہ "آپ بحیثیت مسلم گفتگو کریں گے یا بحیثیت غیر مسلم؟

چنانچہ ان کے اس جملے پر میں نے حسب ذیل چند سوالات کیے:

(۱) اسلام و ایمان کا فرق؟

(۲) ایمان کے بسیط و مرکب ہونے میں محدثین کے اختلافات کی وضاحت اور قول راجح کی تعین؟

(۳) نحوی اصول سے غیر کے وجوہ اعراب؟

(۴) منطقی بنیاد پر حیثیت کے جملہ اقسام مع امثلہ؟

(۵) الف: اسلام و ایمان میں دو مفہوم کلی ہیں یا جزئی؟

ب: اگر جزئی ہیں تو نسبت اربعہ (تساوی' تباین' عام خاص مطلق' عام خاص من وجہ) میں کون سی نسبت ہے؟

ج: اور اگر دو مفہوم جزئی ہیں تو جزئی حقیقی ہیں یا اضافی؟

د: اور جزئی حقیقی و اضافی کا مقسم کیا ہے؟

غرضیکہ اس جملے کے ہر ہر ٹکڑے پر میں نے سوالات قائم کیے اور آخر میں یہ

marfat.com
Marfat.com

بھی لکھ دیا کہ جواب دے کر دو سو روپے کا نقد انعام لیجئے۔ یہ دیکھتے ہی لکھنوی صاحب کے منہ میں پانی آگیا یہاں تک کہ ۹ جون عبداللہ گنج کا میدان مناظرے کے لیے متعین ہوگیا۔ اہلسنت کے اسٹیج پر میرے علاوہ شمس العلماء حضرت مولانا محمد نظام الدین قبلہ و فخر ملت حضرت مولانا سید مظفر حسین صاحب کچھوچھوی 'عالم جلیل حضرت مولانا محمد سلیم صاحب خطیب سلطان پور اور بلبل ہند جناب اجمل صاحب سلطانپوری موجود تھے۔

اس مناظرے میں مولوی یونس صاحب خالدی کا حال بالکل ایسے ہی تھا کہ السلام علیکم۔ جواب: "چیگن توڑ رہا ہوں"۔ میں دریافت کرتا تھا کہ اسلام و دین میں کون سی نسبت ہے؟ تو آنجناب بھی تو یہ فرماتے کہ "نسبت" کی تعریف صغریٰ و کبریٰ میں موجود ہے حالانکہ اس جواب کو سوال سے کوئی تعلق نہیں۔ اور جب زیادہ وحشت ہوتی تو بحرانی کیفیت میں فرماتے ہیں "نظامی صاحب! میں آپ کو جانتا ہوں کہ آپ جمعیۃ العلماء کے کٹر دشمن ہیں"

چند ہی نشست کے بعد وکلاء اور دوسرے پڑھے لکھے حضرات یہ کہہ کر جانے لگے کہ دیوبندیوں نے کس جاہل کو بلوایا ہے جو اپنے مخاطب کی گفتگو بھی نہیں سمجھ پاتا اور لوہر دکن کے حاجی محمد حنیف صاحب وغیرہ یہ کہہ کر مخاطب ہوتے کہ خالدی صاحب! کیا یہ دو سو روپیہ آپ کو کاٹ رہا ہے جواب دے کر روپیہ کیوں نہیں لیتے؟ غرضیکہ خالدی صاحب اتنی دیر تک کچھ نہ کچھ ہانکتے رہے۔ جب تک یہ توقع تھی کہ ابھی فیض آباد کی ٹرین سے مولوی عبدالشکور صاحب یا کوئی اور آجائے گا مگر جب یہ معلوم ہوا کہ ٹرین آگئی اور کوئی نہیں آیا تو خالدی صاحب کا سانس پھولنے لگا اور زبان میں لکنت آگئی بازو پکڑ کر بدقت تمام لوگوں نے انھیں اٹھالیا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ لقوہ و فالج پڑگیا ہو۔ اپنے مناظر کا یہ حال دیکھ کر وکیل معشوق علی جو وہابیوں کے سرغنہ تھے دوڑتے ہوئے "تھانہ" پہنچے اور عزت و آبرو کی دہائی دیتے ہوئے نقص امن کے سہارے "فورس" لے کر پہنچ گئے اور مناظرہ کی کاروائی درہم برہم کرادی۔ مولانا تھانوی نے حفظ الایمان کی عبارت پر یہی آخری حربہ بتلایا تھا جس کو آج تک علماء دیو

marfat.com

Marfat.com

بند استعمال کر رہے تھے۔

نہ پوچھئے مولانا تھانوی کا حال' جنہیں رسول کریم کی توہین اور اپنے فضل و کمال کے اظہار میں انتہائی غلو تھا۔ اب چند حوالے اور ملاحظہ فرمائیے تو دوسرے عنوان پر گفتگو کی جائے گی۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے تو اپنی کتاب "صراط مستقیم" میں اپنی یاوہ گوئی کے مطابق یہ لکھ مارا کہ نماز میں آنحضور ﷺ کا خیال لانا گائے بیل کے خیال لانے سے بدرجہا بدتر ہے۔ معاذاللہ یعنی گائے بیل کے خیال میں ڈوب جانے سے تو نماز ہو جائے گی مگر رسول اللہ کے خیال لاتے ہی نماز فاسد ہو جائے گی۔ یہ ہے دیو بندی دھرم میں نماز کی حقیقت۔ مگر اب سنیے تھانوی صاحب کی۔

ملفوظات اشرف العلوم بابت ماہ رمضان ۱۳۵۵ھ صفحہ ۸۴ نمبر ۲۹۸

"کسی نے خط میں لکھا کہ اگر آپ "تھانوی صاحب" کی صورت کا تصور کر لوں تو نماز میں جی لگتا ہے' فرمایا جائز ہے۔ دو شرط سے' ایک یہ کہ اعتقاد میں مجھے حاضر ناظر نہ سمجھے' دوسری شرط یہ ہے کہ اس کی اطلاع کسی کو نہ دے۔ یہ تصور خطرات کے علاج کے درجہ میں ہے کیونکہ یہ بھی توجہ الی اللہ ہونے کا ایک ذریعہ ہے اس سے توجہ اور یکسوئی الی اللہ ہو گی۔ پس مقصود کا مقدمہ ہے خود مقصود نہیں"

غضب خدا کا! یہ اندھیرا تو دیکھئے کہ محبوب کردگار ﷺ کا خیال لانے سے نماز جاتی رہے مگر تھانوی کی صورت کا تصور' مقدمہ' عبادت اور توجہ الی اللہ کا ذریعہ قرار پائے کیوں نہ ہو۔

"خدا سر دے تو سودا دے کسی کی زلف پیچاں کا"

مولانا تھانوی صاحب کے درجات اس وقت تک پایۂ تکمیل کو نہ پہنچے تاوقتیکہ بیگم صاحب نہ آگئیں مولانا تھانوی کی نماز میں بیگم صاحبہ کا تصور تقرب الی اللہ کا ذریعہ تھا اور مریدین کی نماز میں تھانوی صاحب کا تصور۔ البتہ یہ بات محل غور ہے کہ بیگم صاحبہ کی نماز میں کس کا تصور توجہ الی اللہ کا ذریعہ تھا۔

marfat.com

Marfat.com

صراط مستقیم کی عبارت کا تذکرہ کرتے ہوئے مجھے اپنے محب مخلص عندلیب گلشن رسالت جناب راز صاحب الہ آبادی کا ایک شعر یاد آگیا

وہ سجدہ تو سجدہ ہوا ہی نہیں
کہ سر جھک گیا دل جھکا ہی نہیں

ایک بار جناب راز صاحب اپنے ایک ادبی دوست جناب امید صاحب ڈیباری کو میرے پاس بغرض ملاقات لائے۔ دفتر پاسبان میں کچھ دیر شعر و سخن کی مجلس گرم رہی۔ جناب امید صاحب وقت کے ایک کامیاب شاعر ہیں' انھوں نے بھی اپنا کلام پیش فرمایا جس کا ایک شعر موقع و محل کے مناسب حاضر ہے۔

دانائے ناکامئ زاہد کہ جبیں پر اس کی
داغ سجدہ تو بنا داغ محبت نہ بنا

حضرات دیوبند کا یہی حال ہے کہ پیشانی توے کی کالکھ سے زیادہ کالی ہو جائے مگر دلوں پر نور نبوت کی جھلک نہ پڑ سکے' بقول احسان اللہ جناب ہیکل صاحب بلرامپوری کہ سو دیوبندیوں کے دل کی سیاہی پیشانی پر ابھر آئی ہے

تھانوی صاحب کی رسول دشمنی سے بھرپور ایک اور عبارت ملاحظہ کیجئے اور ان کی گندہ ذہنیت پر ماتم کیجئے۔

رسالہ الامداد۔ ماہ صفر ۱۳۳۵ھ

"ایک ذاکر صالح مکشوف ہوا کہ احقر (اشرف علی تھانوی) کے گھر حضرت عائشہ آنے والی ہیں' انھوں نے مجھ سے کہا میرا (اشرف علی کا) ذہن معا اسی طرف منتقل ہوا کہ کمسن عورت ہاتھ آئے گی کہ اس مناسبت سے کہ حضور ﷺ نے حضرت عائشہ سے نکاح کیا تو حضور کا سن شریف پچاس سے زائد تھا اور حضرت عائشہ بہت کم عمر تھیں۔ وہی قصہ یہاں ہے"

نوٹ:۔ ہر نقش محبت میں الٹا نظر آتا ہے
مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتی ہے

یہی حال ہے تھانوی صاحب کا' کجا ام المومنین سیدہ طیبہ طاہرہ حضرت عائشہ

marfat.com

Marfat.com

صدیقہ رضی اللہ عنہا، جن کی دینی فراست اور تفقہ فی الدین پر اجل صحابہ و خلفاء راشدین کو اعتماد و بھروسہ تھا' جن کی شان عفت پر آیات کا نزول ہوا۔ صحابہ کے پر پیچ مسائل کی گرہوں کو جن کے ناخن تدبیر نے کھول دیا ہو' جس نے بلاواسطہ درسگاہ نبوت سے فیض حاصل کیا ہو' جس کے مقدس و پاکیزہ حجرے میں بارہا جبرئیل امین وحی لے کر حاضر ہوئے ہیں۔ ہاں وہی سیدہ عائشہ جن کے لیے قرآن مجید کا ارشاد محکم ہے کہ

النبی اولی بالمومنین من انفسھم و ازواجہ امھاتھم

اور کہاں مولانا تھانوی کی بیگم جن کے آتے ہی مولانا تھانوی کی دنیا و آخرت دونوں برباد ہو گئیں۔ کہاں محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حرم محترم اور کہاں مولانا تھانوی کی بیگم۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

وہ سیدہ عائشہ جن کا تذکرہ قرآن مجید میں' جن کا ذکر جمیل احادیث رسول میں' جن کے محاسن اخلاق تاریخ اسلام میں' غرضیکہ جن کا تذکرہ خانہ کعبہ و مسجد نبوی میں' مسجد و خانقاہ میں' جن کا تذکرہ صدیقین' صالحین' شہداء' ائمہ مجتہدین' اکابر محدثین' علماء و اولیاء کی زبانوں پر غرضیکہ وہ عائشہ جن کا تذکرہ فرش پر' عرش پر' ملائکہ کہ بزم قدس میں حتیٰ کہ بارگاہ الوہیت میں۔

افسوس ہے کہ تھانوی صاحب کی ناپاک و نجس ذہنیت پر "چھوٹا منہ اور بڑی بات" اپنی خباثت باطنی کی بناء پر فرماتے ہیں "وہی قصہ یہاں بھی ہے جیسا کہ محبوب کردگار اور سیدہ عائشہ کی شادی کا تھا" معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔ اور آنجناب کی بازاری بول تو ملاحظہ فرمایئے کہ "میں سمجھ گیا کوئی کمسن عورت ہاتھ آئے گی۔ اس جملہ میں "ہاتھ آئے گی" کا ٹکڑا خصوصیت سے قابل توجہ ہے۔ اہل ادب و زبان اچھی طرح واقف ہیں کہ اس کا موقع استعمال کیا ہے۔ اور "کم سن عورت ہاتھ آئے گی' کا جملہ مولانا تھانوی کے لذت نفسانی و جذبہ شہوانی پر کس حد تک غماز ہے۔ مریدین تو یہ سمجھ چکے تھے کہ حضرت پیر و مرشد اب ضعیف و ناتواں ہو چکے ہیں مگر پیر صاحب بڑھاپے

marfat.com

Marfat.com

میں بھی عشق بازی کر بیٹھے۔

جانبازوں کے سینے میں ابھی اور بھی دل ہیں
پھر دیکھیے اک بار محبت کی نظر سے

اس پر غضب یہ ڈھایا کہ اسی شادی کو تقرب الی اللہ کا ذریعہ قرار دیا "ایک تو کریلا اور وہ بھی نیم چڑھا"

کچھ عجب اتفاق ہے' اکابر علماء دیوبند کے جتنے بھی فضائل و مناقب ہیں وہ سب خواب ہی کے راستے میں آتے ہیں' جب وحشت بڑھتی ہے تو کسی نہ کسی من گھڑت خواب سے اپنے مولویوں اور مدرسے کی فضیلت بیان کرتے ہیں۔ ایک خواب ملاحظہ ہو۔

براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ صفحہ ۲۶

"ایک صالح' فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی آپ تو عربی ہیں؟

فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آگئی۔ سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا"

نوٹ: جناب امیر نے تو یہ فرمایا تھا کہ۔

حضرت کا علم علم لدنی تھا اے امیر
حضرت وہیں سے آئے تھے لکھے پڑھے ہوئے

اس شعر میں مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا بلکہ اس میں حدیث کا مفہوم ہے جیسا کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا:

**علمنی ربی فاحسن تادیبی** میرے رب نے میری بہترین تعلیم و تربیت فرمائی

تو حضور ﷺ کا فرمانا ہے مگر علماء دیوبند کا یہ کہنا ہے کہ اس تعلیم میں کچھ کمی تھی جس کی تکمیل مدرسہ دیوبند میں ہوئی۔ مثلاً سرکار دو عالم اردو نہ جانتے تھے مگر

marfat.com
Marfat.com

اس وقت آئی جب ہم "علماء دیوبند" سے سیکھا...... دیکھئے یہ ہے استاد بننے کا جذبۂ ملعون تو' کبھی بڑے بھائی کا رشتہ جوڑا اور کبھی استادی و شاگردی کا۔ اور خود آں جناب کی اردو کا یہ عالم ہے کہ "آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی"۔ اتنی خبر نہیں کہ کلام مذکر ہے یا مؤنث۔ مگر استاد بننے کا جذبۂ شیطنت اکسا رہا تھا کہ لکھ مارو خواہ داغ کی روح اپنی قبر میں تڑپتی ہی کیوں نہ رہے۔ حضرت داغ نے اسی دیوبندی اور کی تعریف میں کہا تھا

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

داغ نہ سہی تو کوئی جانشین داغ ناخدائے سخن حضرت نوح ناروی سے دریافت کرے کہ اس دیوبندی اردو نے آپ کی شاعرانہ فطرت اور نازک طبیعت پر کیا ستم ڈھایا؟ غالبا ابھی تک یہ دیوبندی اردو شعرائے لکھنؤ کی نظر سے نہیں گزری ورنہ اب تک ایجی ٹیشن ہو گیا ہوتا۔ اور جناب حافظ شفیق الرحمٰن مرحوم کا حلقہ ادب بھی اس سے شناسا نہیں ورنہ اب تک ان کے لطائف و ظرافت کی فہرست میں اس کو جگہ مل گئی ہوتی۔

اے کاش! علماء دیوبند کبھی مقام نبوت کی عظمت و برتری کا صحیح اندازہ کر کے اپنی گندہ و توہین آمیز عبارات پر سنجیدگی سے غور کرتے اور سوچتے کہ کیا یہ شایان شان نبوت ہے' اللہ کا نبی مدرسہ دیوبند میں آکر اردو حاصل کرے حالانکہ یہ وہی نبی محترم ہے کہ جو کبھی بالواسطہ جبرائیل امین اور کبھی بلاواسطہ جبرئیل اپنے رب قدیر سے ہم کلام ہوتا ہے۔ شفیق صاحب نے کتنی پیاری بات کہی۔

وہ سو جائیں تو معراج منامی
وہ جاگیں تو خدا سے ہمکلامی

مدرسہ دیوبند کی تعریف کے لیے اور بھی بہت سے قصص و واقعات مل جاتے مگر اس کو کیا کہئے کہ تنقیص نبوت ہی سے حضرات دیوبند کے ذوق و تالیف کی تشنگی بجھتی ہے حالانکہ اگر یہ لوگ غور و فکر سے کام لیتے تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی کہ سرکار دو

marfat.com
Marfat.com

عالم ﷺ کا اردو زبان میں گفتگو کرنا علماء دیو بند کی زبان عربی سے جہل و لاعلمی کی دلیل ہے۔ چونکہ آقائے دو عالم جانتے تھے کہ یہ نام نہاد عربی مدرسہ ہے مگر یہاں کے لوگ عربی سمجھتے نہیں اس لیے اردو میں گفتگو فرمائی۔

جناب تھانوی صاحب کے جذبہ خود ستائی کی دوسری چند مثالیں جلد دوم میں ملاحظہ فرمایئے گا اب تھانہ بھون سے چل کر اجودھیا پہنچئے اور ایک کھدر پوش کی زندگی کا جائزہ لیجئے۔

## "شیخ الاسلام نمبر" کا سرسری جائزہ

یہ کانگرسی ملا میں تم کو بتاؤں کیا ہیں
گاندھی کی پالیسی کے عربی میں ترجمہ ہیں

(اکبر الٰہ آبادی)

جناب مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی جمیعتہ العلماء اور دارالعلوم دیو بند کے صدر تھے جن کی سب سے پہلی تالیف "الشہاب ثاقب علی المشرق الکاذب" ہے جن کو دیکھ کر ٹانڈوی صاحب کی آوارگی قلم کا پتا چلتا ہے۔ مفتی سنبھل حضرت مولانا اجمل شاہ صاحب قبلہ نے "رد شہاب ثاقب" میں چھ سو چالیس گالیوں کی فہرست مرتب کی ہے جو جناب ٹانڈوی صاحب نے سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کی شان گرامی میں استعمال کی ہیں۔ جن میں سے دس پانچ کا تذکرہ اس لیے کیا جاتا ہے کہ جناب ماہرالقادری صاحب مدیر فاران' جناب روحی صاحب مولف آئینہ صداقت' تکفیری افسانے' مولف اور جناب اسعد صاحب اپنے گریبان میں منہ ڈال کر اپنے شیخ کی مشیخیت ملاحظہ فرمائیں۔

مجدد التکفیر' دھوکا باز' فریبی' مکار' مجدد التضلیل' دجال بریلوی' افتراء پرداز' دروغ گو' بہتان تراش' دجال ناپاک' مجدد المفترین' شیطنت کا جال پھیلانے والا' روافض کے چھوٹے بھائی' اہل ہوا و بدع' ابلیس لعین کا شاگرد و عبدالدنیار والد راہم' گمراہ بے دین' کج فہم' بے عقل' بے علم' بے شعور' یاللعجب!!

marfat.com
Marfat.com

ایک سو بیس صفحے کی "شہاب ثاقب" میں چھ سو چالیس گالیاں۔ اب اسی سے اہل نظر ٹانڈوی صاحب کی سنجیدگی یا ان کی ہذیان گوئی کا دعویٰ کر سکتے ہیں حالانکہ سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی وہ ہے جن کو علمائے عرب و عجم نے نہ جانے کتنے عظیم المرتبت و رفیع الدرجات القابات و خطابات سے یاد کیا ہے جن میں سے دو چار کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

عالم جلیل' علامہ کامل' استاذ ماہر' دقائق کا خزانہ' روشن ستارہ' نادر روزگار' وحید عصر' یگانۂ وقت' صدی کا مجدد' صاحب عدل' عالم باعمل' مرکز دائرۂ علوم' کریم النفس' اکابر علماء کی آنکھوں کی ٹھنڈک' صاحب تصانیف مشہورہ و رسائل کثیرہ' مستجاب و سنن واجبات و فرائض پر محافظ' قلم کا بادشاہ' زبان کا دھنی' عاشق رسول' عرفان و معرفت والا' ولی کامل' عارف باللہ' قطب وقت' منبع علم' شریعت و طریقت کا سنگم وغیرہ وغیرہ۔ وہ اپنے فضائل و محاسن میں اتنے بلند ہیں کہ ان کے تلوے تک اپنے سر کی رسائی نہیں۔ امام محترم ہی کے ایک شعر پر اس عنوان کو ختم کیے دیتا ہوں۔

ملک سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آگئے ہو سکے بٹھا دیے ہیں

اس میں شبہ ہی کیا ہے؟ جس عنوان پر قلم اٹھایا علم و فن کے دریا بہا دیے' سیف قلم کی روانی کا یہ عالم کہ چن چن کے ایک ایک کا سر قلم کیا۔ کوئی سوچے تو سہی ایک طرف وہابیہ' دیابنہ کی ٹڈی دل فوج پکڑ تھی اور دوسری جانب ایک نحیف و ناتواں جو پیکر علم و ادب تھا بیک وقت فتاوی رشیدیہ' تقویۃ الایمان' حفظ الایمان' براہین قاطعہ جیسے مصنفین کا ناطقہ بند کر دیا جس سے ان کے چہروں پر اوس پڑ گئی اور کتابوں کا بازار سرد پڑ گیا۔ یہ وہی امام احمد رضا ہیں جب ان کا پرچم اقبال لہرایا تو مشرق و مغرب' شمال و جنوب کے اکابر و اعاظم نے خراج عقیدت پیش کیا آج بھی جس کا جی چاہے فتاوی افریقہ' حسام الحرمین' فتاویٰ رضویہ جیسی بلند پایہ کتابوں کو دیکھ کر اپنا اطمینان حاصل کر لے ہم انھیں کے الفاظ میں آج بھی انھیں اس طرح یاد

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں۔

کیوں رضا آج گلی سونی ہے
اٹھ گیا مرے دھوم مچانے والے

افسوس کا مقام ہے کہ وقت کی ایسی ممتاز شخصیت سے متعلق مولانا ٹانڈوی کے ایسے گندہ خیالات ہیں حالانکہ یہ وہی ٹانڈوی ہیں جن کے بارے میں ڈاکٹر اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا کہنا ہے۔

عجم ہنوز نہ داند رموز دیں ورنہ
ز دیو بند حسین احمد ایں چہ بو العجبی ست

اور مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی کی رائے یہ ہے

مسئلہ قومیت صفحہ ۶۳

"میں صاف کہتا ہوں کہ ان (مولوی حسین احمد) کے نزدیک کونسلوں اور اسمبلیوں کی شرکت کو ایک دن حرام اور دوسرے دن حلال کر دینا ایک کھیل بن گیا ہے اس لیے کہ ان کی تحلیل و تحریم حقیقت نفس الامری کے ادراک پر تو مبنی نہیں محض گاندھی جی کی جنبش لب کے ساتھ ان کا فتویٰ گردش کرتا ہے"

لگے ہاتھ دار العلوم دیو بند کے مفتی کا ایک فتویٰ ملاحظہ کر لیجئے جو مولوی قاسم نانوتوی سے متعلق ہے۔

"تجلی" فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۱۵

"اب ہم آپ کو یہ بتا دیں کہ ماہنامہ "دار العلوم" کے قلم کاروں کو اگر جنید و غزالی یا امام ابو حنیفہ کی بھی کسی عبارت کے متعلق غلطی سے یہ یقین ہو جائے کہ مولانا مودودی کی ہے تو اس کے مفہور اور تعبیرات کو وہ الحاد و زندقہ اور خروج و اعتزال کی حدوں سے ملانے کی سعی کریں گے اور خوش ہوں گے کہ قوم کی بڑی خدمت انجام دی ہے"

اب ذرا اس فتویٰ پر خیال فرمایئے جو مولانا محمد قاسم کی ایک عبارت کو مولانا مودودی کی تحریر سمجھ کر دو سال بعد مفتیان دار العلوم دیو بند نے دیا اور اس کی

marfat.com
Marfat.com

پوری تفصیل نہ صرف "تجلی" اپریل ۵۶ء میں چھپی بلکہ "دعوت" دہلی اور بہت سے اخباروں میں چھپی اور مہتمم دارالعلوم کو ماننا پڑا کہ ہاں یہ فتویٰ ہمارے ہی مفتیوں نے دیا ہے۔ ذرا ایک بار پھر اس فتوے کے الفاظ مقدسہ ملاحظہ فرما لیے جائیں۔

"ایسے عقیدے والا کافر ہے (یعنی مولانا قاسم نانوتوی) جب تک تجدید ایمان اور تجدید نکاح نہ کرلے اس سے قطع تعلق کریں"۔

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

اہلسنت کے مقابل کہاں تو یہ ڈھونگ رچایا جاتا ہے کہ کافر کو بھی کافر نہ کہو شاید مسلمان ہو جائے اور مشغلہ کافر سازی کا یہ عالم کہ بانی دارالعلوم دیوبند مولوی قاسم نانوتوی تک کو نہ چھوڑا' آخر انھیں کافر بنا ہی دیا۔ اب تحذیر الناس پر ہی رونا کیا۔

میں اس عارفانہ تجاہل کے صدقے
ہر ایک دل کو چھیدا مرا دل سمجھ کر

مولانا ٹانڈوی سے متعلق مولانا ابو محمد امام الدین رام نگری کی رائے۔

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۵۵

"آج کل کی سیاست کا سنگ بنیاد پروپیگنڈہ ہے' ایک زمانے سے موجودہ سیاست کے ساتھ حضرت مولانا مدنی کی وابستگی نے ان کے مزاج و مذاق کو بھی پروپیگنڈے کے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۶۳

"معاذاللہ کتنے فتنہ انگریز تو ہمات ہیں کیا کسی ذمہ دار شخص کے قلم سے اتنے غیر ذمہ دارانہ اور خلاف حقیقت الفاظ نکل سکتے ہیں۔ اس شر انگیزی اور افترا بازی کا نتیجہ ہے کہ حضرت مولانا مدنی اور اکابر دیوبند کے معتقدین متبعین جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والوں کو مسجد کی امامت اور مدرسوں کی مدرسی سے علیحدہ کردیتے ہیں"

مولانا ٹانڈوی جن کو ان کے متوسلین بھی شرانگیز و فتنہ ساز سمجھتے ہوں' اگر انھوں نے سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی کو چھ سو گالیاں دیں تو کیا مقام تعجب!

مولانا رام نگری کی نظر میں مولانا ٹانڈوی کم ظرف تھے۔

marfat.com
Marfat.com

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۶۴

"لیکن مولانا مدنی نے مولانا مودودی کے اس حسن ظن کو تلبیس قرار دیا ہے جس کی نسبت اس کے سوا اور کیا عرض کیا جائے کہ ظرف ظرف کی بات ہے"

مولانا مودودی نے اپنے ظرف سے کام لیا اور مولانا مدنی نے اپنے ظرف سے۔

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۶۷

"مجھے بڑے رنج و افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حضرت مولانا مدنی نے کسی مسئلے اور کسی معاملے میں بھی حقیقت پسندی اور ذمہ داری سے کام نہیں لیا ہے"

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۶۹

مولانا ٹانڈوی سے متعلق ایک شعر سنیئے۔

گورنمنٹ کی خیر یارو مناؤ
انا الحق کہو اور پھانسی نہ کھاؤ

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۶۹

"مولانا مودودی کا زیر بحث جواب ہو یا ہمارا یہ جائزہ' دونوں کا مقصد حضرت مولانا مدنی کے بہتان و افتراء کی تردید ہے۔ ہم میں سے کسی کا مشغلہ بھی کافر سازی نہیں ہے' اس قسم کی مہم تو حضرت مولانا مدنی نے ہی چلا رکھی ہے"

اختتام گفتگو سے پہلے مناسب جانتا ہوں کہ "الشہاب الثاقب[1]" سے متعلق انہی کے گھر کا نظریہ پیش کر دیا جائے بلکہ مولانا ٹانڈوی کے ایک تلمیذ رشید کی رائے جو دیو بند ہی کے فاضل ہیں اور ٹانڈوی صاحب کے مزاج آشنا ہیں۔

رد شہاب[2] ثاقب پر نقد و نظر کرتے ہوئے جناب عامر صاحب عثمانی کا نظریہ۔

تجلی فروری مارچ ۵۹ء

---

[1] مولانا ٹانڈوی کی کتاب ہے۔ [2] مفتی سنبھلی مولانا اجمل شاہ کی کتاب جو شہاب ثاقب کے رد میں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

"مصنف نے شروع میں "الشہاب ثاقب میں سے ۲۴۰ ایسے الفاظ کی فہرست دے دی ہے جو ان کے لفظوں میں موٹی موٹی گالیاں ہیں۔ واقعی مولانا مدنی نے اس کتاب میں جس طرح کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں انھیں موٹی موٹی گالیاں نہ سہی تو مہذب گالیاں کہنا ضرور حق بجانب ہے"

عامر صاحب! اب کون آپ کو سمجھائے۔ مولانا مودودی اور جماعت اسلامی سے متعلق مولانا ٹانڈوی کے نرم و نازک جملے آپ نہ برداشت کر سکے۔ "تجلی" کے صفحات کے صفحات سیاہ کر ڈالے۔ استاد شاگرد کا رشتہ و ناطہ ہونے کے باوجود انھیں آپ نے بیچ چوراہے کے ننگا کھڑا کر دیا اور سیدنا امام احمد رضا کے بارے میں ۲۴۰ ایسے پھوہڑ اور ناروا کلمات جن کے کہنے سے لکھنؤ کے مسخرے بھی شرمائیں وہ آپ کی نظر میں مہذب گالیاں ہیں' اس کے سوا اور کیا کہا جائے۔

نشان برگ گل تک بھی نہ چھوڑ اس باغ میں گلچیں
تری قسمت سے رزم آرائیاں ہیں باغبانوں میں

ہاں جناب عامر صاحب! ایک بات تو ارشاد فرمایئے کہ "رد شہاب ثاقب" پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ نے حضرت علامہ مولانا اجمل شاہ صاحب پر طعن و تشنیع کی ہے کہ "الشہاب الثاقب" کو مولانا ٹانڈوی کی معرکتہ الآراء کتاب کہنا درست نہیں ہے۔ چنانچہ آپ کے الفاظ یہ ہیں۔

تجلی فروری مارچ ۵۹ء صفحہ ۷۶

"کتاب کی لوح پر حضرت مولانا حسین احمد رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب "شہاب ثاقب" کو دیو بندیوں کی معرکتہ الآراء کتاب لکھا گیا ہے۔ یہ مصنف کی خوش فہمی ہے کور اور کج فہم عقیدت مندوں کے سوا کوئی بھی سنجیدہ دیو بندی یہ غلط فہمی نہیں رکھتا"

اب آپ ہی سے دریافت کرتا ہے کہ مولوی حبیب الرحمن صاحب اعظمی' شیخ الحدیث استاذ مولوی منظور صاحب نعمانی یہ کور اور کج فہم دیو بندی ہیں یا کوئی سنجیدہ دیو بندی ہیں' انہوں نے "شہاب ثاقب" کو مولانا ٹانڈوی کا یہ فاضلانہ رسالہ کہا ہے

marfat.com
Marfat.com

حوالہ ملاحظہ کیجئے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۲۲

"اسی دور کی یادگار آپ کا فاضلانہ رسالہ "الشہاب الثاقب" ہے جس میں بریلوی فتنہ کی آپ نے بیخ کنی کی ہے"

اب آپ اور مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی آپس میں سمجھوتہ کرلیں کہ آپ دونوں میں کون کج فہم اور کون سنجیدہ ہے اور اتنا ہی نہیں خود اپنے شیخ الزمین و الآسمان کی "شہاب الثاقب" سے متعلق رائے ملاحظہ کیجئے اور عبارت کے تیور سے سمجھنے کی کوشش کیجئے کہ یہ انداز بیان کسی معرکتہ الآراء کتاب کے لیے ہو سکتا ہے یا کسی گھٹیا کتاب کے لیے۔ یہ بات اور ہے کہ وہ ہماری نظر میں گھٹیا درجے اور تھرڈ کلاس کی بھی نہیں ہے مگر آپ کی دنیا میں وہ معرکتہ الآراء ہے' اس لیے رد شہاب ثاقب کے مصنف مولانا اجمل شاہ صاحب کو آپ طعنہ دیتے ہیں حق بجانب نہیں ہیں۔

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۲۹۷' ۲۹۸' ۲۹۹

"بیشک کتاب "الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب" میری ہی پہلی تصنیف ہے جو کہ مولوی احمد رضا خاں بریلوی کے "حسام الحرمین" کے خلاف لکھی گئی ہے"

یہ بحث جملہ معترضہ کے طور پر آگئی۔ مقصود نگارش یہ ہے کہ "الشہاب الثاقب" کا انداز تحریر واقعی غیر محمود و لائق اجتناب ہے بلکہ ہم وہابیوں کے اور بھی بزرگوں سے کہیں کہیں ازراہ بشریت الفاظ و انداز کی ایسی لغزشیں ہو گئیں کہ انھیں قابل اصلاح کہنا چاہیے"۔

جادو وہ ہے جو سر چڑھ کر بولے

کیسی حرماں نصیبی ہے کہ احساس خطا و اصلاح کے باوجود اصلاح کی طرف کوئی قدم نہیں اٹھتا بلکہ اس طرف توجہ دلانے سے چیلنج مناظرہ دیا جاتا ہے

marfat.com

Marfat.com

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں

اب الشہاب الثاقب اور مولانا ٹانڈوی سے متعلق عامر صاحب کی آخری رائے ملاحظہ کیجئے۔

تجلی فروری مارچ ۵۹ء صفحہ ۴۸' کالم ۲

"ہم مولانا مدنی کے محسن و مقلدین چاہیں تو اس کتاب سے خاصی عبرت پکڑ سکتے ہیں۔ مولانا موصوف نے "الشہاب الثاقب" میں محمد عبدالوہاب نجدی کے ساتھ انصاف نہیں کیا تھا (چند سطر بعد) اور بعض عقائد کے بارے میں علمی اختلاف کی بجائے تبرا بازی اور سب و شتم کا راستہ اختیار کیا تھا۔ گویا حبت دین اور حمایت حق کے جذبہ میں غیر معمولی حد تک مشتعل ہو جانا اور علمی ثقاہت کو جذباتی ہیجان کی تاخت سے نہ بچانا ان (مولانا ٹانڈوی) کا دیرینہ وصف رہا ہے"

یہ ہے شہاب ثاقب اور مولانا ٹانڈوی سے متعلق فاضل دیوبند کی رائے۔ اگرچہ اور بات ہے کہ مولانا ٹانڈوی نے سیدنا امام احمد رضا کو جو کچھ کہا ہے وہ عامر صاحب کی نگاہ میں مہذب گالی ہے اور جب ٹانڈوی صاحب نے عامر صاحب کے چہیتے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی طرف رخ کیا تو ٹانڈوی صاحب تکبیر اور تبرا باز ہو گئے۔ جناب عامر صاحب کے اس مخلصانہ فیصلے پر اس کے سوا اور کیا کہا جائے۔

تیر پہ تیر چلاؤ تمہیں ڈر کس کا ہے
سینہ کس کا ہے مری جان جگر کس کا ہے

**تصویر کا دوسرا رخ** چونکہ شہاب ثاقب کا تذکرہ آگیا تھا اس لیے ذیلی اور ضمنی طور پر چند اشارے کر دیے گئے ورنہ اس کی تفصیلی بحث جلد دوم میں آئے گی۔ اب مولانا ٹانڈوی کے جاں نثاروں کی پیر پرستی اور غلوئے محبت میں بے پر کی اڑان ملاحظہ کیجئے اور اندازہ کیجئے کہ ہر وہ چیز جو اجمیر و کلیر میں شرک و بدعت ہے وہ مولانا ٹانڈوی کی بارگاہ میں عین اسلام و اتباع سلف و صالحین کی آئینہ دار ہے۔

marfat.com
Marfat.com

لطف جاناں دھیرے دھیرے آفت جاں ہو گیا
ابر رحمت اس طرح برسا کہ طوفاں ہو گیا

اس وقت میرے پیش نظر جناب قاری فخرالدین صاحب گیاوی کی "نذر عقیدت" نامی کتاب ہے جس کے تعارف میں مولانا سید مناظر احسن گیلانی کی ایک سطر ملاحظہ فرمائیں تاکہ اطمینان قلب حاصل رہے۔

نذر عقیدت صفحہ ۳

"آج آپ ہی کے ہاتھوں میں روح القدس کی تائید یافتہ شاعری کا ایک نمونہ پیش ہو رہا ہے"

اسی کتاب کا وہ شعر جو سرورق لایا گیا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

وہ مدینہ والے میرے دل کے مالک بن گئے
اک نبی اللہ کا اور اک ولی اللہ کا

اب تک تو پوری ملت اسلامیہ یہی جانتی اور سمجھتی رہی کہ "مدینہ والے" سے اشارہ مدنی تاجدار آقا دو جہاں ﷺ کی طرف ہوتا ہے' لیکن اب اس میں بھی بٹوارہ ہو گیا کہ اس سے مراد سرکار دو عالم ﷺ ہیں یا کھدر پوش اجودھیا باشی مولانا ٹانڈوی ہیں؟

توحید پرستی کے نشہ میں بے لگام شرابی کی طرح یہ کہہ گئے کہ "جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" اور پیر پرستی کا یہ عالم کہ مولانا ٹانڈوی دل کے مالک بن بیٹھے اور یہ الٹی منطق سمجھ میں نہ آئی کہ حضرت بلال جیسے عاشق رسول کو "حبشی" اور حضرت سلمان کو "فارسی" اور حضرت صہیب کو "رومی" کہا جائے لیکن اجودھیا باشی کو مدنی کہا جائے۔

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

نذر عقیدت صفحہ ۵ کی چند سطریں ملاحظہ فرمائیں:

"یہ (یعنی مولانا ٹانڈوی) انسان ہے یا کوئی فرشتہ؟ نہیں نہیں میرا ضدی

marfat.com
Marfat.com

قلب اس کو بھی تسلیم کرنے پر آمادہ نہ ہوا کہ وہ انوار قدسیہ کا سرچشمہ فرشتہ ہو سکتا ہے"۔

(چند سطر بعد)

"تو پھر آخر وہ کیا ہے؟ کیا وہ انسان ہی ہے؟ اگر ہے تو ہو گا لیکن ہاں ہاں وہ ان انسانوں جیسا انسان تو نہیں ہے (اور یقیناً نہیں ہے) جنہیں عام طور پر آنکھیں دیکھتیں' کان ان کی بات سنتے اور دل ان کی صحبتوں سے تاثرات کے حصے حاصل کرتے رہتے ہیں"۔

(چند سطر بعد)

"زیادتی تفکر نے تحیر کو فراوانی بخشی اور بالآخر کسی فیصلہ کی حد تک پہنچے ہوئے قلب مضطر' عقیدت و محبت کی زنجیروں میں جکڑ گیا۔"

اب فیصلہ ناظرین کے ہاتھ ہے کہ جناب ٹانڈوی صاحب کے بارے میں گیاوی صاحب کوئی فیصلہ نہ کر سکے لیکن دار العلوم دیوبند کے شیخ الحدیث سے لے کر چپراسی تک کا یہ آخری فیصلہ ہے کہ سید عالم محبوب کردگار ﷺ ہمارے جیسے ایک بشر تھے' یا ایک معمولی بشر تھے یا محض بشر تھے۔ وغیرہ وغیرہ۔ دیوبندی مکتبہ فکر کا ایک بے شعور بچہ جس کو پائجامہ باندھنے کی تمیز نہیں وہ برخوردار بھی یہ کہتے پھرتے ہیں کہ رسول اللہ تو ہمارے جیسے بشر تھے یا زیادہ سے زیادہ ایسے ہی جیسے "گاؤں کا چودھری" معاذاللہ ثم معاذاللہ۔ یہ ہے حضرات دیوبند کی ایک ناپاک ذہنیت۔ مگر مجھے اجازت دیں جناب گیاوی صاحب کو جب ان کے پیرو مرشد مولانا ٹانڈوی خداوبنی نہ تھے۔ انسان اور فرشتہ بھی نہیں تھے تو آخر تھے کیا؟ جن' دیو' بھوت' وغیرہ وغیرہ۔ اس وقت عالم حیرانی میں کوئی فیصلہ نہ کر سکے تو اب بہ درستگی ہوش و حواس کوئی فیصلہ صادر فرمائیں۔

نذر عقیدت صفحہ ۲۹۔

میری بگڑی بنادے کر دے میرا کام اے ساقی
قیامت تک نہ بھولوں گا میں تیرا نام اے ساقی

marfat.com
Marfat.com

اس شعر میں مولانا نانوتوی سے بگڑی بنانے اور حاجت روائی کی درخواست ہے' البتہ درود تاج پڑھنا شرک ہے چونکہ اس میں رسول خدا سے حاجت روائی کی التجا ہے۔

نذر عقیدت صفحہ ۲

"میں بارہا بعض جسمانی امراض میں مبتلا ہوا اور شافی مطلق کے اس پیارے بندے (نانوتوی) کی صرف زیارت کر کے شفاء کی دولت سے مالا مال ہوا"۔

نذر عقیدت صفحہ ۲

حسب ذیل عبارت میں اقرار توسل کے ساتھ پیر پرستی کا تیور ملاحظہ کیجئے۔
میں نے جس دعا میں بھی اس مظہر انوار خداوندی کا توسل کیا وہ دعا فرش سے چل کر یقیناً عرش تک پہنچی اور خلعت قبولیت کا اکتساب کر کے رہی تمہیں اس سے کیا! میں نے دیکھا اور بہت کچھ دیکھا۔ تمہیں نظر نہ آیا تو چھوڑو! اللہ مجھے نہ چھیڑو!۔

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

نذر عقیدت صفحہ ۱۱

"تیرے (یعنی نانوتوی کے) قدموں سے لپٹ کر اپنی کامیابی کی سفارش کرانا چاہوں گا تیرے پیچھے پیچھے شافع محشر قاسم جام کوثر تک پہنچنے کی تمنا کروں گا"

(چند سطر بعد)

"تیری ادنیٰ سی توجہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ میری نجات کے لیے کافی ہو کر رہے گی"

دیوبندی دھرم میں تو رسول خدا ﷺ اپنی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے کام نہ آئیں گے بلکہ خود حضور ﷺ کو اپنا حال نہیں معلوم کہ ان کے ساتھ قیامت میں کیا معاملہ ہو گا مگر نانوتوی کی ادنیٰ سی توجہ گیلانی صاحب کی نجات کے لیے کافی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

نذر عقیدت صفحہ ۱۵۔

خدا تک میں رسائی چاہتا ہوں
وسیلہ ہے میرا وہ شیخ اعظم

نذر عقیدت صفحہ ۱۸۔

شفیع الوری تک پہنچ جاؤں گا میں
پکڑ لوں گا جب حشر میں تیرا داماں

نذر عقیدت صفحہ ۱۹۔

علی رضی اللہ عنہ سے ملی تجھ کو مشکل کشائی
نہ کیوں مشکلیں پھر ہماری ہوں آساں

جب پیر کو مشکل کشا کہنے کو جی چاہا تو مولائے کائنات کی مشکل کشائی کا اقرار کیا۔

نذر عقیدت صفحہ ۲۳۔

تمہارے مرتبہ تک ہے تو کیا بے جا توقع ہے
کہ تاج و تخت لایا ہے ہمارا یوسف ثانی

اس میں سیدنا یوسف علیہ السلام سے موازنہ و مقابلہ ہے۔

نذر عقیدت صفحہ ۲۷۔

ہے یاد حق کا یہ باب اول کہ یاد محبوب حق ہو دل میں
وسیلہ اپنا نہ ہو جو کوئی تو خاک یاد خدا کریں گے
کریں گے اخذ فیوض اس سے وہ پاس ہو یا نہ ہو ہمارے
ہم اس کا نقشہ جما کے دل میں اب اس سے الفت کیا کریں گے

فیوض و برکات کے لینے میں قرب و بعد کا کوئی سوال نہیں۔

نذر عقیدت کے مندرجہ بالا چند اشعار سے ناظرین یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ اپنے بزرگوں کے توسل میں حضرات دیوبند کو کس حد تک غلو ہے!

اب یہیں پر چند لمحے کے لیے مدیر فاران جناب ماہر القادری صاحب کی توجہ چاہتا ہوں ابھی کہ آنجناب نے فاران کا توحید نمبر شائع کیا ہے جس میں وہ شرک و بدعت اور وسیلہ کا رد کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

فاران توحید نمبر صفحہ ۱۰

"انتہا یہ ہے کہ کسی قرآنی دعا میں "بہ حق فلاں" اور "بجاہ فلاں" یا یہ کہ یا اللہ! تو فلاں نبی کے وسیلہ سے ہماری دعا قبول فرما تک نہیں ملتا"

جناب عامر صاحب! آپ کو علمائے موحدین (علمائے دیو بند) کے فضائل میں قصیدہ خوانی اور گل افشانی سے پہلے لازم تھا کہ بالاستیعاب نہ سہی تو جستہ جستہ ہی ان کے عقائد کا مطالعہ فرما لیتے۔ اگر آپ کو قرآن میں "بہ حق فلاں" "بجاہ فلاں" نہ مل سکا تو اپنے شیخ الاسلام کا شجرہ ہی اٹھا کر دیکھ لیتے۔

بنے ہم سنگدل مجبور ہو کر اس ستمگر سے
جواب آخر ہمیں دینا پڑا پتھر کا پتھر سے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۷، ۱۹۵۵ء

"اللّٰھم بجاہ قطب العالم سیدنا و مرشدنا مولانا سید حسین احمد مدنی و بجاہ رشید احمد گنگوہی و بجاہ حاجی امداد اللہ الخ" یہاں تک کہ اتالیسویں نمبر میں بجاہ امیرالمومنین باب مدینۃ العلم سیدنا علی ابن ابی طالب اور چالیسویں مرتبہ میں بجاہ سید الانبیاء والمرسلین سیدنا و مولانا محمد ﷺ اب آپ فرمائیں یہ بجاہ فلاں وہی تھا جو آپ کو آیات قرآنی میں نہ مل سکا یا یہ کچھ اور ہے؟ تعجب ہے کہ قرآن کی کسی آیت میں نبی اور رسول کے توسل کا کوئی اشارہ تک آپ نہ پا سکے اور آپ ہی کے گھر میں قطب عالم و شیخ عالم کا وسیلہ ڈھونڈا جا رہا ہے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۰ کا ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمایئے۔

"مولانا قاسم نانوتوی کا شجرہ باعث برکت ہوتا ہے' وہ شجرہ جو حضرت نانوتوی نے فارسی میں نظم فرمایا ہے خاص اثر رکھتا ہے"

ماہر صاحب! آپ ان پرانے کھلاڑیوں کے ابھی نئے ساتھی ہیں آپ کو خود بھی اندرون خانہ کی خبر نہیں' آپ ہم اہلسنت کو تو بدعتی اور قبر پجو کہتے ہیں۔ فرمایئے مولانا قاسم نانوتوی کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

ملاحظہ فرمایئے سوانح قاسمی جلد دوم صفحہ ۳۰ مرتبہ سید مناظر احسن گیلانی

marfat.com

Marfat.com

"اپنے بزرگوں سے میں نے سنا ہے کہ کلیر شریف تشریف اؔ لے جاتے تو رڑکی سے پیدل ننگے پاؤں ہو لیتے اور شب کو روضہ میں داخل ہو کر کواڑ بند کر دیتے تھے اور تمام رات حضرت صابر صاحب کے مزار پر تنہائی میں گزارتے"

فرمائیے یہ بھی قبر پرستی اور بدعت ہے یا اس کے سوا کچھ اور ہے۔

متاع دین و دانش لٹ گئی اللہ والوں کی
یہ کس کافر ادا کا غمزۂ خونریز ہے ساقی

اب شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۸۱ کی چند سطریں ملاحظہ فرمائیں

"زائرین و معتقدین دور دراز مقامات سے آکر مسجد کے کونہ کونہ میں بھرے رہتے ہیں ظہر کی نماز کے بعد حضرت (ٹانڈوی) کا یہ معمول ہوتا کہ مصلیٰ کے ارد گرد رکھے ہوئے پانی کی بوتلوں اور شیشوں پر دم کرتے بعد ازاں لوگوں کی درخواستیں پڑھ کر ان کی حاجتیں دعا و تعویذ وغیرہ سے متعلق پوری کرتے"

ماہر صاحب! قرآن کی کسی آیت میں اس کا بھی ثبوت ہے یا نہیں؟ یا کم از کم معمولات نبوت یا خلفائے راشدین ہی کی زندگی سے اس کی کوئی مثال آپ دے سکتے ہیں یا نہیں؟ کبھی آپ نے غور فرمایا کہ جو دعا تعویذ دیو بند کی چہار دیواری میں شرک و بدعت ہے وہ سلہٹ پہنچ کر کیسے معمولات میں داخل ہو گئی؟ کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔ چونکہ فاران توحید نمبر میں آپ نے علماء دیو بند کی تائید و حمایت کا ایک پارٹ ادا کیا ہے۔ ہر فروعی مسئلہ کو آپ قرآن و سنت ہی کی زنجیر میں جکڑنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ میلاد 'فاتحہ 'عرس وغیرہ جیسے مسائل کے جواز میں آپ نے ہر جگہ قرآن و سنت ہی کا مطالبہ کیا ہے تو اسی مطالبے کا حق ہمیں بھی پہنچتا ہے۔ اب اسی ضمن میں دو چار روایتیں آپ اور بھی ملاحظہ فرمائیں۔

"فرمایا "مولانا ٹانڈوی نے "چیچک کے لیے سورہ رحمٰن نیلے دھاگے پر

---

اؔ یعنی مولانا قاسم نانوتوی۔

marfat.com
Marfat.com

اس طرح پڑھے کہ ہر " فبای الاء ربکما تکذبٰن " پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیا کرے اور بطور حفظ ما تقدم بچوں کے گلے میں ڈال لے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی"

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۰ کالم نمبر ا

"فرمایا نظر بد کے لیے سات مرچیں لے کر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے مریض کے سر کے گرد پھرا کر آگ میں ڈال دے"

ماہر صاحب! کبھی ان کے حوالہ جات کی بھی فکر آپ کو ہوئی ہے؟ نعرۂ رسالت کی ایجاد پر تو آپ چراغ پا ہیں اور نہ جانے کتنی جلی کٹی سنائی' آخر یہاں پہنچ کر کیوں آپ کے منہ میں دہی جم گیا ہے؟ آخر رڑکی سے ننگے پاؤں پیدل جانا' رات بھر دروازہ بند کر کے آستانہ کے اندر رہنا' اللھم بجاہ قطب عالم مولانا رشید احمد گنگوہی کا پڑھنا' سلٹ پنج کر بوتلوں اور شیشوں پر دم کرنا' چیچک کے لیے نیلے دھاگے کا گنڈہ بنانا' نظر بد کے لئے سات دم کی ہوئی مرچوں کو آگ میں ڈالنا' یہ کس قرآن کی کس آیت کا ترجمہ ہے؟ یا قرآن صرف میلاد و قیام' عرس و فاتحہ کے لیے نازل ہوا ہے آپ کے انصاف و دیانت سے میرا مطالبہ ہے کہ کسی مشن کے بنیادی و کلیدی ضابطے سے منہ موڑ کر بعض عوام کی سلبیات کو جھنڈا بنا کر نگر نگر پھرنا اور ان کی آڑ میں علماء و مشائخ کو طعنہ دینا کہاں تک درست ہے؟ علماء اہل سنت کا مطالبہ دیوبندی عوام سے نہیں ہے بلکہ ان کے سرخیل جماعت اور امیر کارواں سے ہے جن کی لغزش پر آپ بھی شکوہ سنج ہیں' ہو سکتا ہے آپ بھول بیٹھے ہوں مگر ہمیں تو یاد ہے لیجئے آپ ہی کی چیز آپ کے سامنے پیش کیے دیتا ہوں۔

بک گیا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

فاران توحید نمبر صفحہ ۱۹

"ہاں یہ ضرور ہے کہ بعض موحدین علماء (علماء دیوبند) سے لفظوں میں بے احتیاطی ضرور ہو گئی ہے' بات قرینہ اور خوب صورتی کے ساتھ محتاط

marfat.com

Marfat.com

انداز میں کہنی چاہیے تھی"

(چند سطر بعد)

"مگر ساتھ ہی اس کا بھی ہمیں اعتراف ہے کہ لفظوں کی بے احتیاطی اور بد سلیقگی کے سبب خود ان کے مشن کو اس سے نقصان پہنچا ہے۔ مخالفین نے اس لفظی اونچ نیچ اور اظہار بیان کی بے اعتدالی کو نمک مرچ لگا کر عوام مسلمانوں کے سامنے پیش کیا اور ان کا یہ حربہ کامیاب رہا۔ تختہ گل پر جو کیچڑ کے چھینٹے پڑ گئے تھے۔ فریق مخالف نے انھیں اتنا نمایاں کیا کہ جیسے یہ پھولوں کا تختہ نہیں بلکہ سارے کا سارا گھورا اور تمام کا تمام مزبلہ ہے"

اپنے اداریے کی دوسری عبارت ملاحظہ فرمایئے

"اہل بدعت نے ان وہابیوں اور دیوبندیوں کی کتابوں کے بعض غیر محتاط جملوں اور غیر معتدل عبارتوں کا اس زور شور سے پروپیگنڈہ کیا ہے کہ اس تصویر کے تمام روشن اور تابناک پہلو عوام کی نگاہوں سے اوجھل ہو گئے ہیں"۔

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے
لائے اس بت کو التجا کر کے

مناسب ہو گا کہ یہیں پر اپنے رفیق قلم جناب عامر عثمانی کی بھی رائے ملاحظہ فرما لیں۔

"تجلی" فروری مارچ ۵۹ء صفحہ ۸۴

آں جناب "ردشہاب ثاقب" پر تبصرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

"الشہاب الثاقب کا انداز تحریر واقعی غیر محمود اور لائق اجتناب ہے بلکہ ہم وہابیوں کے اور بھی بزرگوں سے کہیں کہیں ازراہ بشریت الفاظ و انداز کی ایسی لغزشیں ہو گئی ہیں کہ انھیں قابل اصلاح کہنا چاہیے"

جناب ماہر صاحب! آپ کی نگاہ میں علماء دیوبند غیر محتاط' بے قرینہ' غیر معتدل اور بد سلیقہ ہیں اور جناب عامر صاحب کی نظر میں مولانا ٹانڈوی کا انداز غیر محمود' لائق

marfat.com
Marfat.com

اجتناب بلکہ تبرا بازی اور سب و شتم مولانا ٹانڈوی کا دیرینہ وصف ہے' ایسے ہی عامر صاحب کا کہنا ہے کہ ہم وہابیوں کے بزرگوں سے ایسی لغزشیں ہوئی ہیں جو قابل اصلاح ہیں۔

تقویۃ الایمان کی ایک عبارت سے متعلق جناب عامر صاحب کا کہنا ہے "کیسا خطرناک انداز بیان ہے کتنے لرزا دینے والے الفاظ ہیں"

تجلی فروری مارچ ۵۸ء صفحہ ٦٧

فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی رائے حسب ذیل ہے۔

"اور بتایئے کہ العیاذ باللہ اس جملے کا حاصل یہ نہیں ہے کہ اس معاملہ میں مولانا تھانوی کا مقام آنحضرت ﷺ سے بھی اونچا ہے جو کام آنحضرت ﷺ نہ کرسکے وہ مولانا تھانوی نے کر کے دکھایا۔"

برہان مارچ ۵۲ء صفحہ ١٧٠

"نہایت افسوس اور بڑے شرم کی بات ہے کہ وہ موقع پر حبک الشئی یعمی ویصم کے مطابق اس حد تک آگے بڑھ گئے ہیں کہ آنحضرت ﷺ پر تنقیص کر بیٹھے ہیں"

اسی قسم کی چند در چند مثالیں پچھلے صفحات میں گزر چکی ہیں' مولانا ٹانڈوی سے متعلق مولانا رام نگری کی رائے گزر چکی۔ یعنی مولانا ٹانڈوی فتنہ پرور' شرانگیز' کم ظرف' غیر ذمہ دار' مفتری' بہتان تراش' کافر ساز اور بھی نہ جانے کیا کیا تھے!

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی رائے ہے کہ مولانا حسین احمد کے فتاویٰ قرآن و سنت کی روشنی میں نہیں ہوتے بلکہ گاندھی جی کی جنبش لب پر گردش کرتے ہیں۔ یہ ایک بڑی لمبی داستان ہے میں کہاں تک آپ کو سناؤں اور کب تک آپ سنیں گے۔ یہ چند مثالیں دے کر آپ کا انصاف چاہتا ہوں کہ آپ دوسروں کو چھوڑ دیجئے خود جو آپ کی نگاہ میں غیر محتاط' بد سلیقہ و بے قرینہ ہے وہ آپ کے گلے کا ہار کیوں ہے؟ کبھی آپ نے یہ سوچنے کی زحمت گوارا فرمائی ہے کہ آپ کی یہ رائے اور پھر علماء دیوبند سے آپ کا گانٹھ سانٹھ دیکھ کر دنیا آپ کے بارے میں کیا رائے قائم

marfat.com

Marfat.com

کرے گی؟ اور ماہر صاحب! سچ سچ فرمائیے جو آپ کے حضور بے قرینہ بد سلیقہ ہو گیا اس سے بھی آپ کا یارانہ ہو سکتا ہے؟ اگر نہیں تو ان لوگوں سے کیونکہ رسم و راہ جو بارگاہ رسالت میں بد سلیقہ و بے قرینہ ہیں۔ کبھی ٹھنڈے دل سے سوچئے کیا آپ کی رائے اور آپ کا طرز عمل دیکھ کر آپ کے دل کا چور گرفت میں نہیں آتا؟ آخر یہ کیا اندھیر ہے کہ اگر کسی کا قلم آپ یا آپ کی جماعت سے متعلق بہک جائے تو آپ آگ بگولہ ہو جائیں۔ سنجیدگی و متانت کے پیراہن میں آگ لگا کر لنگوٹ باندھے "ھل من مبارز" پکار اٹھیں۔ کیا صرف اس لیے کہ اس نے آپ یا آپ کی جماعت کو نشانہ بنایا' جس کی زندہ مثال میں مولانا امین احسن اصلاحی' مولانا منظور نعمانی وغیرہ کا نام لیا جا سکتا ہے کتنا دلخراش و ایمان سوز مقام ہے کہ اپنے و اپنی جماعت سے متعلق آپ کسی کی بد سلیقگی کو برداشت نہ کر سکیں لیکن سید عالم ﷺ کی بارگاہ کا مجرم و خطاکار یک لخت معاف کر دیا جائے۔

جب سر محشر وہ پوچھیں کے بلا کے سامنے
کیا جواب جرم دو گے خدا کے سامنے

جناب ماہر صاحب! یہ بڑی نازک بارگاہ ہے یہاں تو ہر قدم پھونک کر اٹھانا پڑتا ہے سچ کہا کہنے والے نے۔

"باخدا دیوانہ باش و بامحمد ہوشیار"

اگر آپ اپنی جماعت اور اپنے متعلق کسی کا تیز و تند لب و لہجہ برداشت نہیں کر سکتے تو ٹھنڈے دل سے سوچئے کہ بارگاہ رسالت میں خطا شعاروں کا جرم کیونکر نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

یہ ایمان و عقیدے کا مسئلہ ہے' اس لیے اس کو رسم و رواج اور باہمی رواداری کے ترازو میں تولنے کے بجائے ایمان و عقیدے کی کسوٹی پر پرکھنے کی کوشش کیجئے۔ اپنے ہی معتقدات کے پیش نظر مجھے معذور سمجھ کر میری جسارت کو معاف فرمائیے گا اگر دل کے کسی گوشے میں ایمان کا کوئی حصہ باقی رہ گیا ہو تو اپنا معاملہ اسی کی عدالت میں پیش کر دیجئے اور فیصلے کے بعد اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کیجئے۔ اگر

marfat.com
Marfat.com

بار خاطر نہ ہو عارف باللہ مولانا آسی علیہ الرحمتہ کا ایک شعر سن لیجئے جو آداب نبوت سے متعلق ہے۔

اے پائے نظر ہوش میں آ کوئے نبی ہے
آنکھوں سے بھی چلنا تو یہاں بے ادبی ہے

ماہر صاحب! یہ وہی حضرت آسی علیہ الرحمتہ ہیں جن کے ایک شعر پر آپ نے توحید نمبر میں اور جناب نذیر احمد صاحب رحمانی نے "رد عقائد بدعیہ" میں بڑی لے دے مچائی ہے۔ رحمانی صاحب نے تو اصل شعر ہی میں کتر بیونت کر کے وہ ستم ڈھایا ہے جو انہی جیسے صاحب قلم کو زیب دیتا ہے۔ کیوں نہ ہو رحمانی صاحب غیر مقلد ٹھہرے اگر اصل شعر پیش کر دیتے تو تقلید کا الزام سر پر آجاتا ہے لیکن آئیے میں آپ کو آپ کے ایک نئے خدا کا پتہ دیتا ہوں۔ اگر آئندہ کبھی شرک نمبر کی اشاعت کا موقع ملے تو اپنے کھدر پوش خدا کو بھی اسی میں شمار کر لیجئے گا۔ حوالہ دیکھیے اور سر دھنئے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۵۹

"تم نے کبھی خدا کو بھی اپنے گلی کوچوں میں چلتے پھرتے دیکھا ہی؟ کبھی خدا کو بھی اس کے عرش کی عظمت و جلال کے نیچے فانی انسانوں سے فروتنی کرتے دیکھا ہے؟ تم کبھی تصور بھی کر سکے کہ رب العالمین اپنی کبریائیوں پر پردہ ڈال کر تمہارے گھروں میں بھی آکر رہے گا"

ماہر صاحب! اب آئندہ احتیاط سے کام لیجئے گا جس کو آپ نے شیخ الاسلام مولانا حسین احمد سمجھ رکھا ہے۔ معاذ اللہ وہی اللہ تعالیٰ ہے جو اپنی کبریائی پر پردہ ڈال کر اتر آیا ہے۔ آئندہ جب شرک نمبر میں آپ اپنے معبودوں کی فہرست مرتب کیجئے گا تو اس میں کھدر پوش خدا کو بھی شامل کر لیجئے گا۔ میرے اپنے خیال میں اس حوالہ کو دیکھتے ہی آپ کے بغض و عناد کا نشہ ہرن ہو جائیگا۔

ماشاء اللہ آپ تو شاعر بھی ہیں۔ حضرت آسی علیہ الرحمتہ کے شعر میں آپ نے محض معنی حقیقی ہی سے کام لے کر گفتگو کی ہے۔ مجاز، تشبیہ، استعارہ، عموم مجاز وغیرہ

marfat.com

Marfat.com

کو اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیا۔ آپ کے انصاف و دیانت سے یہی توقع ہے کہ شیخ الاسلام نمبر کی مندرجہ بالا عبارت میں بھی آپ محض معنی حقیقی سے کام لے کر اپنی دیانت کا ثبوت دیں گے۔ آپ نے تو خود ہی اپنے حق میں تاویل و توجیہہ کے سارے دروازے بند کر لیے ہیں!

ماہر صاحب! ذرا ایک بات فرمائیے کیا آپ لوگوں کا خدا بھی کانگرسی ہے جس نے اپنی کبریائی پر کھدر کا پردہ ڈال لیا۔ اور یہ تو فرمائے کہ منکر نکیر بھی کانگرسی ہیں کہ آپ کے شیخ الاسلام اس میت کی نماز جنازہ نہ پڑھاتے جس کا کفن کھدر کا نہ ہوتا تاکہ کھدر میں دیکھ کر منکر نکیر بھی اپنی جماعت کا ممبر سمجھیں۔ العیاذ باللہ من ذلک

حوالہ ملاحظہ کیجئے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۲۵

"اگلے دن اپنے اسکول کے ساتھیوں میں یہ خوشخبری سنی کہ مولانا (ٹانڈوی) نے ایک جنازے کی نماز کے وقت سخت ناراضگی کا اظہار کیا کیونکہ کفن کھدر کا نہیں تھا"

فرمائیے قرآن کی کس آیت یا سرکار دو عالم ﷺ کی کس حدیث میں ہے کہ میت کا کفن کھدر ہی کا ہونا چاہئے۔ اسی کا نام ہے **احداث فی الدین** ۔ اپنے اداریہ میں ہر چند سطر بعد آپ نے اہل سنت کو بدعتی فرمایا۔ اب کہئے یہ آپ کے شیخ الاسلام کی بدعت کیسی رہی؟

زاہد تنگ نظر نے مجھے کافر جانا
اور کافر یہ سمجھتا ہے مسلمان ہوں میں

قارئین نے حوالہ جات کے چند اشاروں سے علمائے دیوبند کی دھاندلی کا صحیح اندازہ کر لیا ہو گا کہ ایک بات کو کہیں جائز کہنا اور کہیں ناجائز و بدعت' کہیں حلال کہیں حرام کہنا یہ ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ اسی ضمن میں چند حوالہ جات اور بھی ملاحظہ فرمائیں۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۷

marfat.com

Marfat.com

"اور اکثر یہ بھی فرمایا کرتے تھے (یعنی مولانا نانوتوی) کہ ہمیں جو کچھ ملا اسی سلسلہ چشتیہ سے ملا' جس کا کھائے اسی کا گائے"

واہ رے دیدہ دلیری! انھیں جملوں کو ہم کہہ کر مشرک ہو جائیں اور آنجناب کہہ کر شیخ الارض و الآسمان بن جائیں۔

مکتوبات شیخ جلد دوم نمبر ۱۰۳ صفحہ ۲۷۲

"چودھری صاحب مرحوم نے حضرت مدنی کی مستعمل لاٹھی کی فرمائش کی تھی۔ لاٹھی سے اسی طرف اشارہ ہے بزرگوں کے تبرکات پر سلف صالحین کا عملدرآمد ہے"

نانوتوی صاحب کی مستعمل لاٹھی کو تبرکات میں شمار کرنے کے لیے سلف صالحین کا عملدرآمد ثبوت کے لیے کافی ہے لیکن عرس کے قیام کے لیے کتاب و سنت ہی سے ثبوت ملنا چاہیے۔

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۰۸

"حضرت (نانوتوی) کی خواہش کے موافق اس تولیہ کی جس میں حضرت نے آخری حج بیت اللہ کا احرام باندھا تھا کفن کی قمیص بنائی گئی اور اس قمیص میں ان تبرکات کو جو حضرت کو جان سے زیادہ عزیز تھے قلب کی جانب پیوست کر کے کفنا دیا گیا"

اجمیر و کلیر' کچھوچھہ' بہرائچ' مارہرہ' کالپی' پھلواری' بہار' بدایوں' بریلی' کے آستانہ جات میں بزرگوں کے تبرکات کی زیارت شرک و بدعت قرار پائے' غوث پاک کی عبا' محبوب الٰہی کی کلاہ' سیدہ خاتون جنت کی چادر' سرکار دو عالم ﷺ کے موئے مبارک سے چڑنے والے نانوتوی کی لاٹھی کلیجے سے لگائے بیٹھے ہیں یہ اپنا اپنا نصیب اور اپنی اپنی تقدیر ہے۔

کسی کی قسمت میں لاٹھی ہے اور کسی کے نصیبے میں کلاہ۔ کوئی ماہر صاحب سے یہ بھی دریافت کرے کہ تبرکات کو کفنانے کے لیے قرآن کی کس آیت سے سند جواز

marfat.com

Marfat.com

حاصل کیا گیا ہے؟ پھر تبرکات کو قبر میں طاقچہ بنا کر رکھنا چاہیے یا میت کے سینہ پر! حضرت شیخ گلے سڑے ہوں گے تو تبرکات کا کیا حشر ہوا ہو گا۔

اب جناب قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کی قبر پرستی ملاحظہ کیجئے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۴ کالم نمبر ۲

"جو مقبولیت زندگی میں تھی وہی موت کے بعد بھی رہی اور باقی ہے۔ مزار ہر وقت زیارت گاہ بنا رہتا ہے' حتی کہ رات کو ایک بجے بھی جانے والے گئے تو مزار پر لوگوں کو پایا' اسی محبوبیت کا نتیجہ ہے"

گلہ جفائے وفا نما جو حرم کو اہل حرم سے ہے
کسی بتکدے میں بیاں کروں تو کہے صنم بھی ہری ہری

جناب قاری محمد طیب صاحب اسی دارالعلوم کے مہتمم ہیں جہاں مزارات کے ڈھانے کا درس دیا جاتا ہے مگر حضرت شیخ کے مزار پر ایک ایک بجے رات تک میلہ دیکھ کر باچھیں کھل گئیں اور یہی میلہ حضرت ٹانڈوی کی مقبولیت اور محبوبیت کی دلیل بن گیا۔ اجمیر و کلیر اور دوسرے آستانہ جات پر تو تالے لگانے کی اسکیم ہے وہاں دھول اڑتے دیکھ کر کلیجہ ٹھنڈا ہو گیا مگر حضرت ٹانڈوی کے یہاں میلہ لگا کر تسکین قلب کا سامان فراہم کیا جاتا ہے۔ اگر قاری صاحب کو زحمت نہ ہو تو ایک حوالہ اور ملاحظہ فرمائیں۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۲۹ کالم نمبر ۴ از جناب منیر احمد صاحب تھانوی:

"دوسرے دن حضرت ؎ نے دن کا اکثر حصہ میرے ساتھ بسر کیا اور سہ پہر حضرت مولانا قاسم نانوتوی کی قبر پر لے گئے' قبر کے اردگرد اس وقت ایک دو بکریاں چر رہی تھیں"

اب قاری صاحب ہی فرمائیں کہ اگر حضرت شیخ کی قبر کا میلہ دلیل محبوبیت اور نشان قبولیت ہے تو مولوی قاسم نانوتوی کی قبر کے اردگرد بکریوں کا چرنا کس بات کی

---

ا۔ یعنی مولانا ٹانڈوی۔

marfat.com

Marfat.com

علامت و نشانی ہے؟ اور بکریوں ہی پر کیا موقوف گھوڑے گدھے ہر ایک جانور روندتے ہوں گے اسی مصلحت کے پیش نظر عمائد اہلسنت نے علماء' صلحاء' شہداء' اور اولیاء کی قبروں پر گنبد وغیرہ بنا کر انھیں محفوظ کر کے ان کی عزت و حرمت کو برقرار رکھا ہے۔

ناظرین کے ذہن و فکر سے یہ بات اوجھل نہیں ہونی چاہیے کہ اس وقت میں ان شواھد کو پیش کر رہا ہوں کہ اجمیر و کلیر' بدایوں اور بریلی کے جو مراسم علماء دیوبند کی نظر میں شرک و بدعت ہیں' وہی مراسم ان کی چہار دیواریوں میں نہ صرف مباح و مستحسن بلکہ باعث فخر و مباہات ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک اور جیتی جاگتی مثال ملاحظہ کیجئے اور کبھی دیوبندی علماء سے سابقہ پڑے تو خود انھیں کے آئینے میں ان کی تصویر دکھلا دیجئے۔

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۳۳۶ (بقیہ حاشیہ مکتوب نمبر ۱۳۶)

"یہ خیال اس وقت سے پیدا ہوا جب سے مودودیت جو گنگوہ میں صورت فتنہ اختیار کیے ہوئے ہے کچھ تبادلہ خیالات اور کچھ ان کے اخبارات کا مطالعہ تردیداً کیا گیا یہ لوگ (جماعت اسلامی والے) صحابہ تک کو متجاوز کہتے ہیں۔ چنانچہ حضرت علی و ابن عمرو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کو احیاء تبلیغ دین میں متجاوز عن اعتدال کے الفاظ اختیار کئے ہیں۔ نیز خود مسلک اعتدال میں فرماتے ہیں کہ میں نے اشخاص ماضی و حال کے بلا واسطہ دین کو کتاب و سنت سے سمجھا ہے نیز حضرت حاجی (امداد اللہ) علیہ الرحمتہ و مجدد الف ثانی علیہ الرحمتہ کے متعلق لکھتے ہیں کہ ان حضرات نے ابتداء زندگی میں تو اچھا کام کیا مگر آخر عمر میں ایسی مسموم غذا مسلمانوں کو دے گئے ہیں کہ آج تک مسلمان اس زہر سے محفوظ نہیں ہیں اور بھی تنقیدات تصوف پر بہت کی ہیں۔ بعض اہل گنگوہ و دیگر بعض حضرات ابو سعید علیہ الرحمتہ کے مزار پر جانے سے روکتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک سنیاسی ہے جو پتھروں میں پڑا ہے اور یہ مشہور مقولہ ہے مودودیوں کا کہ دیوبند اور مظاہر العلوم میں قربانی کے مینڈھے

marfat.com

Marfat.com

تیار کیے جاتے ہیں اس وقت عرض کرنے کا مقصد ہے کہ آیا ہم کھل کر ان لوگوں (مودودیوں) کو جواب دیں کیونکہ خاص کر گنگوہ سے واسطہ ہے۔

یہ ایک بہت ہی معنی خیز سوال ہے جو مولانا ٹانڈوی سے کیا گیا تھا۔ جناب شیخ کا جواب ملاحظہ فرمانے سے پہلے سوال کا تیور ملاحظہ کیجئے۔ گنگوہ کے مودودی حضرات حضرت ابو سعید علیہ الرحمتہ کے مزار پر جانے سے روکتے ہیں۔ اب چونکہ معاملہ گنگوہ کا ہے لہٰذا ہم مودودیوں کا مقابلہ کریں یا خاموش رہیں؟

اب معاملہ اجمیر و کلیر کا نہیں ہے بلکہ اپنی خانقاہ گنگوہ کا ہے۔ دنیا کی ہر خانقاہ سنسان و ویران ہو جائے مگر تھانہ بھون اور گنگوہ کی خانقاہ پر آنچ نہ آئے یہاں چہل پہل رہے۔ ایک ایک بجے رات تک میلہ لگے خوب دھوم دھڑاکا رہے۔ چادر گاگر عود و عنبر یہ سب گنگوہ تھانہ بھون کے باہر شرک و بدعت ہیں۔ ان آستانہ جات پر پہنچ کر شرک و بدعت اور غیر اللہ کی پرستش کے فتاوے نذر آتش ہو جاتے ہیں۔

اب حضرت شیخ الزمین والآسمان کا جواب سنیے۔

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۳۵۱

"جماعت اسلامی کے مولویوں کے مبلغ و علم و تحقیق کی بے بسی علم و خرد کی کمی کا اس سے زبردست کوئی ثبوت نہیں ہو سکتا کہ ان ناوانوں کو ابھی تک کوئی ثبوت نہیں ہو سکتا کہ ان ناوانوں کو ابھی تک تعظیم و احترام اور بت پرستی میں کوئی فرق نظر نہیں آتا ہے حالانکہ تعظیم اور عبادت دو الگ الگ چیزیں ہیں' غیر اللہ کی تعظیم کلیتہ ممنوع نہیں البتہ غیر اللہ کی عبادت شرک جلی ہے"۔

کاش کوئی حضرت ناصح سے اتنا پوچھ لے
کون ہے وہ خود جو دیوانوں کو سمجھانے چلے

جماعت اسلامی کے بغض و عناد میں جناب ٹانڈوی ان کی کہہ گئے۔

یہ بھی خوب رہی علماء اہلسنت کو قبر پجو اور بدعتی کہتے کہتے جناب ٹانڈوی کی زبان گھس گئی۔ ہر چند علماء اہلسنت نے سمجھایا کہ جناب والا عبادت و تعظیم میں بعد

marfat.com

Marfat.com

المشرقین ہے۔ ہم اہلسنت اولیا اللہ کے مزارات پر قبر کی پرستش و عبادت کے لیے نہیں جاتے بلکہ ادباً و تعظیماً اکتساب فیوض و برکات کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔ ہم صاحب قبر کو خدا یا خدا کا ہمسر نہیں جانتے' انھیں اللہ کا برگزیدہ بندہ اور محبوب الٰہی سمجھ کر حاضر ہوتے ہیں۔ مگر جناب نانوتوی اور ان کے رفقاء و متبعین ایک نہ سنتے۔ جی نہیں آپ لوگ تو قبر پوجتے ہیں۔ لیکن جب گنگوہ کی جماعت اسلامی نے ناطقہ بند کر دیا تو جناب نانوتوی نے علماء اہلسنت ہی کے دامن میں پناہ لی اور مودودیوں کو وہی جواب دیا جو علماء اہلسنت کی طرف سے انھیں جواب ملتا تھا۔

اللہ رے خود ساختہ قانون کا نیرنگ
جو بات کہیں فخر وہی بات کہیں ننگ

جو بات گنگوہ کی خانقاہ میں بہ شکل ادب و احترام باعث فخر و سعادت ہے بعینہ وہی بات اجمیر و بہرائچ میں باعث ننگ ہے (اپنے ننگ ا۔ اسلاف ہونے کی لاج رکھ لی۔ ننگ اسلاف سے اور کیا توقع ہو سکتی ہے) اور محض جواب ہی پر بس نہیں بلکہ اپنے دیرینہ وصف یعنی جھگڑالو ہونے کی وجہ سے مودودیوں کے مبلغ علم و تحقیق کی بے بسی اور علم و خرد کی بے مائگی پر بھی چوٹ کس گئے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان غریبوں سے کبھی کی کوئی رسم و راہ نہیں

نہ رسم مہر سے واقف نہ آئین وفا جانے
بتا اے بے مروت رہنے والا تو کہاں کا ہے

اب تو جناب شیخ کے متبعین کو عقل و خرد سے کام لینا چاہیے' دوسروں کو بدعتی اور قبر پجو کہہ کر اپنے شیخ کے عقیدے و عمل کا مذاق نہ اڑائیں ورنہ آسمان کا تھوکا ....... ہو کر رہے گا۔

اسی ضمن میں ایک دوسرا حوالہ ملاحظہ کیجئے جو اسی سوال سے متعلق ہے۔

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۳۵۳

---

ا۔ مولانا نانوتوی اپنی دستخط میں اپنے کو ننگ اسلاف لکھا کرتے تھے۔ اس کی تفصیل بحث جلد دوم میں ملاحظہ کیجئے۔

marfat.com

Marfat.com

"پس خلاصہ بحث یہ ہے کہ جو لوگ رسول خدا کے سوا پر تنقید روا رکھتے ہیں اور ان کی اتباع کو ذہنی غلامی بنانے اور ان کو معیار حق بنانے کی نفی کرتے ہیں بلکہ خدا کے سوا احترام اور تعظیم کو بت پرستی کہتے ہیں۔ ایسے لوگ سخت گمراہی میں مبتلا ہیں اللہ تعالیٰ ان کو توبہ کی توفیق بخشے اور بے ادبی سے بچائے"

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی۔ یہ ہے اولیاء اللہ کی مار اپنی بارگاہ کے سر پھرے سے بھی کہلوا ہی کے چھوڑا کہ "غیر اللہ کی تعظیم اور آستانہ اولیاء کے زائرین کو بت پرست کہنے والا سخت گمراہی میں مبتلا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو توفیق بخشے اور بے ادبی سے بچائے"

اب اس کو تو جناب عامر کے مولوی اسعد سلمہ جنھیں حضرت شیخ کے بجائے ان کے خلفاء نے شیخ کی طرف سے خلافت دے دی ہے۔ وہی بہتر بتا سکتے ہیں کہ خود جناب شیخ کو بھی توبہ کی توفیق ہوئی تھی یا نہیں! مگر کم از کم شیخ کے متبعین کو تو اپنے خیالات فاسدہ و عقیدۂ باطلہ سے توبہ کرنے کے بجائے کسی ولی کے آستانہ پر توبہ کر لی جائے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

اسی مقام پر ایک اور روایت ملاحظہ کیجئے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۴۴ کالم ۴ از جناب مولوی نجم الدین صاحب اصلاحی۔

بت کافر ادا پردے سے باہر آنیوالا ہے

"اور بعض اہل اللہ کی زندگی میں ہم کو حسینی تابش اور مدنی جھلک بھی نظر آئی اور ہم نے اس ذات مجسم الصفات کو اللہ کی دین سمجھ کر اس کے آستانہ کی خاک کو اپنے لیے کونین کی بہا اور دنیا و مافیہا کا خلاصہ سمجھا اور اس راہ میں کھونا ہی اگر پانا ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم اس کے دربار، گھر بار سے محروم نہیں رہے"۔

جسے چاہیں اسے حق مانتے ہیں
جسے چاہیں خطا گردانتے ہیں

marfat.com

Marfat.com

مسلم اونٹ اور ہاتھی نگل کر
وہ بیٹھے مچھروں کو چھانتے ہیں

بغداد مقدس اور اجمیر معلی کی خاک پر پاؤں تک نہ پڑے ورنہ شرک و بدعت قہر بھاٹ پڑے گا لیکن آستانہ ٹانڈوی کی خاک دولت کونین اور خلاصۂ کائنات ہے۔

تمہاری زلف میں پہنچی تو حسن کہلائی
وہ تیرگی جو مرے نامۂ سیاہ میں ہے

یہ بوکھلاہٹ اور بدحواسی نہیں تو اور کیا ہے؟ جب انسان کی عقل کا دیوالیہ ہوتا ہے تو کچھ ایسے ہی ہانکا کرتا ہے آخر کب تک انصاف و دیانت کا خون ہوتا رہے گا۔

ہٹ چھوڑیئے بس اب سر انصاف آیئے
انکار ہی رہے گا میری جان کب تلک

**آخری گزارش** ناظرین کو اچھی طرح یاد ہوگا کہ میں نے "پیش لفظ" میں اس امر کا اظہار کر دیا ہے کہ "خون کے آنسو" کے تمام حوالہ جات علماء دیوبند کی کتابوں سے دیئے جائینگے چنانچہ اسی اہتمام سے میں نے اس کی ترتیب دی ہے۔ اب جلد اول کو ختم کرتے ہوئے یہ گزارش ہے کہ ہرچند کوشش کرنے کے بعد پورے مضامین کو ایک جلد میں نہ پیش کر سکا جس کی وجہ اپنی عدیم الفرصتی کے علاوہ بروقت کاتب کا نہ ملنا بھی ہے۔ "جلد دوم" بالکل تیار ہے اس کی اشاعت میں محض اتنی تاخیر ہوگی کہ جلد اول سے متعلق احباب و ناظرین کی رائیں حاصل کر لی جائیں تاکہ جلد دوم میں اس کا لحاظ رکھا جائے۔

جلد اول سے متعلق ہمیں آپ لوگوں کی رائے کا انتظار رہے گا۔ "خون کے آنسو" کا یہ حصہ اگلے حصہ کے لیے تمہید و دیباچہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد دوم کو بھی دیکھ کر آپ پکار اٹھیں گے کہ عقائد باطلہ کے پرخچے اڑ گئے اور دیوبندیت نے خود اپنے ہاتھوں اپنی قبر بنائی ہے۔

---

۔ تجلی فروری مارچ ۵۹ء صفحہ ۸۰ جن مریدین نے ان (شیخ) کی طرف سے ان کے صاحبزادے کو خلافت تک تفویض فرما دی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

یہ قصہ لطیف ابھی ناتمام ہے
جو کچھ بیاں ہوا ہے وہ آغاز باب تھا

اور اہل تحقیق پکار اٹھیں گے

مشاطہ را بگو کہ در اسباب حسن "دوست"
چیزے فزوں کند کہ تماشا بما رسد

پروردگار عالم کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے وسیلے اور سرکار غوثیت مآب و غریب نواز ﷺ کے صدقے عقائد باطلہ سے محفوظ رکھے اور ایمان پر خاتمہ فرمائے۔ امین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم

# ایک ضروری عرضداشت

کچھ نہ پوچھئے آج کے دور ابتلا و آزمائش میں علماء اہلسنت کتنی کٹھنائیوں اور دشواریوں سے گزر رہے ہیں' آسمان کے نیچے اور خدا کے بچھائے ہوئے اس فرش پر یہی وہ علماء اہلسنت ہیں جن کی راہ میں قدم قدم پر کانٹے بچھائے گئے ہیں' مگر یہ مردان خدا وقت کا ہر غم جھیلتے ہوئے آگے ہی بڑھے' انھیں اپنے سے زیادہ اپنی قوم کا احساس ہے اور عیش دنیا سے زیادہ عاقبت کی باز پرس کا خیال ہے۔

(۱) آج دیو بند کی چہار دیواری سے ہمارے خلاف یہ آواز اٹھائی جاتی ہے کہ ہم قبر پجوے اور بدعتی ہیں۔ اپنے طریق کار کے مطابق اپنی فطرت سے کچھ کہنے کے بجائے انھیں کے گھر کا ایک سوال و جواب حاضر کیا جاتا ہے۔

تجلی دیو بند' مئی ۶۱ء صفحہ ۱۹

سوال------ از عبدالوحید' ضلع بہرائچ

الحمد للہ ناچیز نے جب سے ہوش سنبھالا علماء دیو بند کا معتقد رہا ہے۔ شرک و بدعت' میلاد و اعراس کے متعلق جو نظریہ علماء دیو بند کا ہے ناچیز بھی اس سے بالکل متفق ہے۔ یہ سمجھ کر یہی نظریہ اسلام ہے کچھ عرصہ سے مولانا ابو الوفاء صاحب

marfat.com
Marfat.com

شاہجہانپوری اور محمد قاسم صاحب ناظم جمعیتہ العلماء یوپی وعظ کے سلسلہ سے عرس کے موقع پر درگاہ سید سالار مسعود غازی پر تشریف لاتے ہیں اور درگاہ میں جو عام لنگر جاری ہوتا ہے اس میں سے کھاتے ہیں اور ایک سو روپیہ نذرانہ وصول کرتے ہیں' رقم جو نذرانے کے طور پر لیتے ہیں اور جس سے لنگر پکتا ہے' وہ سب چڑھاوے کی آمدنی ہوتی ہے جس کو ہم درست نہیں سمجھتے ہیں۔ امسال عرس کے موقع پر تو کمال ہی ہو گیا وہ یہ کہ مزار پر مولانا محمد قاسم صاحب خود چڑھاوا چڑھوا رہے تھے۔ مولانا کا یہ رویہ دیکھ کر بہت سے لوگ جو مزارات پر چڑھاوا چڑھانے اور چڑھی ہوئی چیزوں کو اپنے استعمال میں لانے کو برا سمجھنے لگے تھے اب تذبذب میں پڑ گئے ہیں۔ کہتے ہیں جب ایک دیو بندی عالم مزار پر چڑھاوا چڑھواتا ہے' اور چڑھی ہوئی رقم میں سے نذرانہ لیتا ہے تو ہمیں چڑھاوا چڑھانے اور چڑھی ہوئی چیزوں کے استعمال کرنے میں کیا حرج ہے۔ یہ بھی واضح ہو کہ مزار پر چڑھی ہوئی چادر بھی مذکورہ بالا مولوی صاحبان برابر لے جاتے ہیں۔

الجواب------ تجلی دیو بند مئی ۶۱ء صفحہ ۱۹ کالم ۲

مولانا ابوالوفاء اور مولانا محمد قاسم صاحبان واقعۃ دیو بندی مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں یا نہیں؟ اس میں ہمیں شک ہے لیکن واقعۃ اگر ان کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ دیو بندی مسلک کے آدمی ہیں اور دوسرے لوگ بھی انھیں دیو بندی مسلک ہی کا ترجمان سمجھتے ہیں تو اچھی طرح سن لیجیے کہ دیو بندیت کسی نسلی یا وطنی خصوصیت کا نام نہیں جو ایک بار چپکنے کے بعد مرتے دم تک چھٹنے ہی کا نام نہ لے' قبوری بدعتوں کی حوصلہ افزائی' عرسوں میں شرکت اور نذر و نیاز کے مذموم جھمیلوں سے تعلق خاطر کا گھناؤنا نظارہ دیکھنے کے بعد ہر عاقل و بالغ بلا تامل کہہ سکتا ہے کہ اگر یہ لوگ پہلے دیو بندی تھے تو اب نہیں رہے۔ دیو بند جس طرز فکر کا نام ہے اس میں ان بدعات کی کوئی گنجائش نہیں' کوئی شخص دیو بندیت کا دعویدار ہوتے ہوئے بھی اس طرز فکر کا عملی مظاہر کرتا ہے تو دو ہی باتیں ہو سکتی ہیں یا تو وہ صریحاً دھوکا دے رہا ہے یا وہ ابن الوقت ہے کہ گنگا گئے تو گنگا رام اور جمنا گئے تو جمنا داس!

marfat.com

Marfat.com

نوٹ۔ اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

یہ گنگا رام[1] اور جمنا داس[2] وہی ہیں جو دیوبندی مکتبۂ فکر کے ترجمان کہلائے جاتے ہیں مگر ناظرین نے سوال و جواب پڑھ کر ان حضرات کے کیریکٹر و کردار کا اندازہ کر لیا ہو گا کہ جس خانقاہ میں یہ گھسنے نہ پائیں تو وہاں کے جملہ مراسم پر شرک و بدعت کی چھاپ لگائیں اور جہاں سے سو روپیہ نذرانہ اور پگڑی کے لیے مزار کی چادر مل جائے وہاں کے مجاور بن بیٹھیں۔ کہیں تو یہ نعرہ ہے کہ قبر اکھاڑو' مزار ڈھاؤ' اور کہیں یہ طرفہ تماشا کہ چادر چڑھاؤ' نذرانہ لاؤ۔

یہ ہیں دیوبندیوں کے سرخیل جماعت و امیر کارواں جن کے متعلق خود انھیں کے بھائی برادری کا کہنا ہے کہ ایسے لوگ مشکوک' دھوکا باز و ابن الوقت ہیں کہ گنگا گئے تو گنگا رام اور جمنا گئے تو جمنا داس۔ اب کوئی حضرات دیوبند سے دریافت کرے کہ عرس جائز ہے یا ناجائز؟ تو شاید یہی جواب ملے گا کہ اجمیر و کلیر کا ناجائز ہے اور گنگوہ و بہرائچ کا عرس جائز

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

(۲) اور دیوبند کا دوسرا فتنہ ہمارے خلاف یہ ہے کہ "سنی علماء" تو سب کو کافر بناتے ہیں اس سلسلہ میں بطور اختصار اتنی سی بات عرض کرنی ہے کہ یہ علماء اہلسنت پر سراسر الزام و بہتان ہے' وہ سب کو کافر نہیں کہتے' ہاں کافر کو کافر کہتے ہیں' اور کافر کو کافر کہنا قرآن و سنت کی روشنی میں درست ہے قرآن مجید میں مومن' مشرک' کافر' منافق ہر ایک کا تذکرہ ہے جو جیسا تھا اس کو ویسا ہی کہا گیا ہے۔ البتہ علماء دیوبند کی کافر گری کا یہ عالم ہے کہ رافضی' خارجی' ناصبی' معتزلی' قادیانی' جماعت اسلامی پر کفر و گمراہی کا فتویٰ دینے کے ساتھ ساتھ خود بانی دارالعلوم دیوبند مولوی محمد قاسم نانوتوی اور مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی تک کو کافر' ملحد' زندیق اور نہ جانے کیا کیا کہہ ڈالا ہے۔ اب ان سے کوئی پوچھے کہ اس دنیا میں ان کے علاوہ کوئی مسلمان بھی ہے یا نہیں؟

---

[1] مولوی عبدالوفا صاحب۔ [2] مولوی محمد قاسم صاحب ناظم جمعیتہ العلماء یوپی۔

marfat.com
Marfat.com

دوسروں کی آنکھ میں تنکا دیکھنے والے کو اپنی آنکھ کا شہتیر ی نظر نہیں آتا۔

اے دوستو! جس طرح مسئلہ طلاق میں مفتی دیوبند کو یہ فتویٰ دینے کا اختیار ہے کہ زید کی بیوی کو طلاق مغلظہ واقع ہو گئی اور فتویٰ پانے کے بعد مستفتی ناچ کودے، شور و ہنگامہ پھیلائے تو ساری دنیا اس کا مذاق اڑائے گی کہ اے نادان! اگر تو طلاق ہی نہ دیتا تو تجھ کو یہ فتویٰ کیوں دیا جاتا۔ ایسے ہی اگر حفظ الایمان، براہین قاطعہ، تحذیر الناس وغیرہ کی کفری عبارات پر علماء عرب و عجم نے ان کی تکفیر کی ہے تو ان علماء کے خلاف آفت اٹھانے کے بجائے انھیں اپنے گریبان میں منہ ڈال کر کبھی اپنی کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ اگر وہ توہین رسالت نہ کرتے تو ان پر کوئی حکم ہی کیوں صادر کیا جاتا! فتویٰ دینے والے مجرم نہیں ہیں بلکہ ان کتابوں کے لکھنے والے مجرم و خطاکار ہیں۔

یہ واضح رہے کہ جس طرح دیوبند کی چہار دیواری میں عرس و فاتحہ، میلاد و قیام کی کوئی گنجائش نہیں ہے ایسے ہی سنی مکتبہ فکر پر استخفاف نبوت و اہانت رسالت کی پرچھائی تک نہیں پڑ سکتی۔ اگر آپ کو یہ جرم گوارا ہے تو اس کا انتظار کیجئے جبکہ مرنے کے بعد قبر میں نکیرین سوال کریں گے "**ماتقول فی الرجل**" ان کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ تو کیا آپ حضرات وہاں بھی یہی جواب دیں گے کہ ہمارے بڑے بھیا ہیں، ہمارے ہی جیسے معمولی بشر ہیں، گاؤں کے چودھری ہیں، ذرہ ناچیز سے کمتر ہیں وغیرہ وغیرہ

**العیاذ باللہ من ذلک** اور کیا یہ جواب دے کر عذاب قبر سے آپ کو چھٹکارا حاصل ہو گا؟ **وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَاب**

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

بعونہ تعالیٰ جلد اول ختم ہوئی

marfat.com
Marfat.com

# خون کے آنسو

## جلد دوم

marfat.com
Marfat.com

# خون کے آنسو پر حضرت مفتی اعظم ہند کا اظہار مسرت اور عطیہ

فخر اماثل حضرت مولانا سید برہان الحق صاحب مفتی جبلپور کی دعوت پر شاہزادۂ اعلیٰ حضرت آقا نعمت حضرت مفتی اعظم ہند ادام اللہ فیوضہم و برکاتہم العالیہ جبلپور تشریف لے جاتے ہوئے کل مورخہ ۱۳ اگست ۶۱ء دفتر پاسبان میں تشریف لائے۔ مولانا انوار احمد نظامی نے جنہیں حضرت مفتی اعظم ہند سے شرف بیعت حاصل ہے حضرت کی خدمت گرامی میں "خون کے آنسو" کا ایک مجلد نسخہ بطور نذرانہ عقیدت پیش کیا اور اس کے کچھ مضامین سنائے جس کو سن کر حضرت نے فرمایا مشتاق نے اس کتاب کی ترتیب میں بڑی محنت اور کاوش کی ہے اور انتہائی محبت و مسرت کی حالت میں مسکراتے ہوئے ارشاد فرمایا اس کو "خون کے آنسو" کہا جائے یا "خوشی کے آنسو"! اس کے بعد اپنی جیب خاص سے پچیس روپے دیتے ہوئے یہ فرمایا کہ اس کو جلد دوم کی اشاعت میں میری طرف سے شامل کر لیا جائے۔ کسی بھی کتاب پر حضرت مفتی اعظم ہند کا اظہار مسرت اس کی صحت و سند کی روشن دلیل ہے یہ سرکار کا کرم و خورداں نوازی ہے ورنہ "من آنم کہ من دانم" رب کریم حضرت کے ظل عاطفت کو ہم پر دراز فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ۔

اسیر حبیب
مشتاق احمد نظامی
یکم ربیع الاول شریف
مطابق ۱۴ اگست ۱۹۶۱ء

marfat.com
Marfat.com

# شرف انتساب

عہد حاضر کا وہ ممتاز رہنما جس نے اپنے فضل و کمال پر درویشی کی چادر ڈال رکھی ہے اور سچ تو یہ ہے اس کی سادگی پر زینت و آرائش کی ہزاروں رعنائیاں قربان ہیں جس کے سینے میں قوم مسلم کا صحیح درد ہی تڑپ ہے جو ابھی چند برس ہوئے مسلمانوں کو آبرو مندانہ زندگی دلانے کے لئے پندرہ مہینے کی قید بامشقت سے رہا ہوا ہے جو بیک وقت علم ظاہر و باطن کا ایسا سنگم ہے جہاں پر ہر ایک تشنہ لب کو سیرابی و آسودگی کی دولت گراں مایہ ملتی ہے۔ جس کی آغوش تربیت نے مجھے سنبھالا اور مجھ ذرہ ناچیز کو اپنی غلامی کا شرف بخشا جس کے قدموں پر میری متاع زندگی نچھاور ہے۔ میں اپنی کاوش ذہنی کو اسی ذات گرامی کی طرف منسوب کرتے ہوئے فخر و سعادت محسوس کرتا ہوں۔ یعنی مرشد برحق استاد محترم مجاہد ملت حضرت مولانا الحاج محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ سرپرست ماہنامہ پاسبان الٰہ آباد

اسیر حبیب
مشتاق احمد نظامی
یکم ربیع الاول شریف
مطابق ۱۴ اگست ۱۹۶۱ء

marfat.com
Marfat.com

# مقدمہ

مری تقریر طبع یار کو بے چین کرتی ہے
سبب کیا ہے وہی کہتا ہوں جو دل پر گزرتی ہے

یہ سن کر آپ کو حیرت ہوگی کہ "خون کے آنسو" کا پہلا ایڈیشن صرف ڈیڑھ ماہ کے ایک مختصر سے وقفے میں ختم ہو گیا ابھی بہت سے بزرگوں اور دوستوں کو دفتر کی طرف سے اعزازی نسخہ بھی نہیں بھیجا گیا تھا کہ ہمیں ان سے معذرت کرنا پڑی۔

اب دوسرے ایڈیشن کے لیے کاپی پریس جا چکی ہے کتاب کی مانگ اور آرڈر کی بھرمار سے ہم یہ فیصلہ نہ کر سکے کہ فوری طور پر ابھی ہمیں اس کے کتنے ایڈیشن نکالنے پڑیں گے یہ جو کچھ بھی ہے اس خداء قدیر کے بے پایاں رحمتوں کا نتیجہ ہے کہ اس نے اپنے ایک عاجز بندے سے ایسا کام لیا جو ہر طبقے میں بہ نظر قبول دیکھا گیا۔

میرے احساس و شعور کے کسی گوشے میں بھی یہ جذبہ پندار کار فرما نہیں کہ میں نے کوئی نمایاں کام سر انجام دیا ہے۔ علماء دیوبند کی جن ڈھکی چھپی باتوں کو میں نے آشکارا کیا ہے وہ کچھ اختراعی و من گھڑت کہانی نہیں ہے بلکہ چند حقائق پر کچھ پردے پڑے تھے جس حجاب کو میں نے پوری جرأت و دیانت سے الٹ دیا۔ اب اس دریچے سے جھانک کر آپ ان کی تصویر ہی نہیں بلکہ نیت و ارادے کا بھی پتا لگا سکتے ہیں۔ دیوبند کی جن روایات و واقعات کو میں نے سپرد قلم کیا ہے اب وہ باتیں صیغہ راز میں نہ تھیں بلکہ انہیں چھپا کر اب ان کے لیے بھی جینا آسان نہ تھا۔

marfat.com

Marfat.com

کیا اچھا جنھوں نے دار پر منصور کو کھینچا
کہ خود منصور کو مشکل تھا جینا رازداں ہو کر

"خون کے آنسو" کی اشاعت پر آج جن لوگوں کو مجھ سے شکایت ہے انھیں سنجیدگی سے یہ غور کرنا چاہیے کہ وہ اپنی برہمی میں کس حد تک حق بجانب ہیں، سچ تو یہ ہے کہ میں نے کام اپنا نہیں بلکہ ان کا کیا ہے۔ اساطین و اکابر دیو بند کے جو محاسن و فضائل ہزاروں صفحات پر پھیلے ہوئے تھے میں نے پوری دیدہ ریزی سے ان کے باغیچہ کی ایک ایک کلی اور پھول کو یکجا کیا ہے اور ایک گلدستہ کی شکل میں ان کے روبرو پیش کر دیا ہے۔ اب اس کو کیا کیجئے کہ وہ جس کلی اور پھول کو موگرا' موتیا' نرگس اور یاسمین سمجھ بیٹھے تھے وہ مدار اور دھتورا نکلے۔ میں نے تو یہ سوچ کر قلم اٹھایا۔

ے
کون کھولے گا ترے دل کی گرہ بعد مرے
کون سلجھائے گا الجھا ہوا گیسو تیرا

مگر اس کے باوجود نہ جانے کیوں مزاج یار برہم ہے۔

علمائے دیو بند کی ایک عام شکایت ہے کہ ہمارے مقابل علماء اہلسنت کی تقریر و تحریر کا لب و لہجہ انتہائی تند و تیز و ناخوشگوار ہوتا ہے۔ میں نے جلد اول میں ان کی اس دھاندلی پر بھی روشنی ڈالی ہے کہ یہ محض ان کا افتراء اور بہتان ہے جس کی شہادت میں "الشہاب الثاقب" مصنفہ مولوی حسین احمد صاحب کے انداز تحریر کا حوالہ دیا گیا ہے جس میں انہوں نے مقتداء اہل سنت سیدنا امام احمد فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کو چھ سو چالیس گالیاں دی ہیں ان حوالہ جات کے بعد بھی میرا قلم قابو سے باہر نہیں ہوا بلکہ حضرات دیو بند سے اتنی ہی گزارش کی ہے۔

رندان مے پرست سیاہ مست ہی سہی
اے شیخ گفتگو تو شریفانہ چاہیے

گو ہم آپ کی نظر میں عرس و میلاد والے سہی مگر بات تو شریفوں جیسی ہونی چاہیے۔

"خون کے آنسو" جلد اول کا جو مطالعہ کر چکے ہیں انھیں اس امر کا بخوبی

marfat.com
Marfat.com

احساس ہوگا کہ میں نے کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کی اور میرے اپنے خیال میں کتاب کے اس انداز فکر و تحریر نے ہر دماغ کو اپیل کرنے میں بڑی حد تک کامیابی حاصل کی ہے۔ اب آپ کے سامنے جلد دوم حاضر ہے اس میں بھی اسی اہتمام کا من و عن لحاظ رکھا گیا ہے۔ اپنی طرف سے کچھ کہنے کی بجائے انھیں کی باتیں پیش کر کے معاملہ عوام کی عدالت میں پیش کر دیا گیا ہے۔

علماء دیو بند کی رسول دشمنی اور اپنے بزرگوں کے ساتھ ان کے والہانہ عشق و محبت کی تصویر کشی کے بعد میں نے اتنا ہی اشارہ کیا ہے کہ

ابلیس ہو، سقراط ہو، سرمد ہو کہ منصور
خود آگہی ہر حال میں گردن زدنی ہے

میں نے انھیں کی کتابوں سے ان کے غلط پندار کا ایک تفصیلی خاکہ حاضر کیا ہے جس میں رنگ و روغن کے لیے بریلی یا بدایوں سے کچھ لینے کی بجائے تھانہ بھون، نانوتہ، گنگوہ، دیو بند ہی سے سارا میٹریل حاصل کیا گیا ہے جس پر آج پوری دنیاء دیو بندیت انگشت بدنداں ہے۔

کتاب دہر میں اک باب حیرت ہے مری ہستی
مجھے دیکھو میں بیٹھا ہوں تمہاری داستاں ہو کر

"خون کے آنسو" جلد اول مولوی حسین احمد صاحب کے ایک ناتمام تذکرے پر ختم کر دی گئی ہے کتاب کی ترتیب و تدوین میں لگ گیا تھا۔ مگر تقاضے کے خطوط نے مجھے اس قدر جھنجھوڑا کہ "معیار حق" اور "امام احمد رضا" کے تسلسل کو باقی رکھتے ہوئے جلد دوم کی ابتدا صدر دیو بند ہی سے کی جائے گی۔ پھر اس کے بعد ان کی کتابوں کے مختلف حوالہ جات سے دیو بندی عقائد پر سیر حاصل گفتگو ہوگی۔ مجھے وہم و گمان بھی نہ تھا کہ جلد دوم کی اشاعت کی اس قدر جلدی باری آجائے گی۔ چنانچہ میں جلد اول کی اشاعت کے بعد "معیار حق" اور "امام احمد رضا" کا کام ادھورا چھوڑ کر "خون کے آنسو" جلد دم کی ترتیب میں لگ جانا پڑا۔ اب پوری کتاب کا مطالعہ کر کے ناظرین ہی انصاف فرمائیں کہ بقول حضرات دیو بند ہم سنیوں نے انھیں بدنام کیا یا کہ

marfat.com
Marfat.com

خود ان کی آوارگی قلم نے انھیں تباہ کیا۔ کہنے والے نے کتنے پتے کی بات کہی۔

آپ کہتے ہیں کیا ہم کو غیروں نے تباہ
بندہ پرور یہ کہیں اپنوں کا ہی کام نہ ہو

مقدمہ میں اس امر کی وضاحت بھی ضروری جانتا ہوں کہ مطالعہ سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لی جائے کہ ایمان و عقیدے کی بنیاد پر آج دو الگ الگ اسکول ہیں۔ دیو بند اور بریلی اور ان دونوں کا کہنا یہ ہے کہ حق و صداقت ہمارے ساتھ ہے۔ آپ کو "خون کے آنسو" کے صفحات پر یہی تلاش کرنا ہے واقعۃ حق پر کون ہے! اگرچہ اس کتاب میں تصویر کا ایک ہی رخ صراحۃً پیش کیا گیا ہے۔ یعنی علماء دیو بند کی رسول دشمنی، تضاد بیانی، حقائق سے منہ موڑ کر ہٹ دھرمی اور کٹ حجتی وغیرہ وغیرہ۔ لیکن دیو بندی عقائد پر گفتگو کرتے ہوئے بریلوی عقائد کی طرف از خود کچھ اشارے ہو ہی جاتے ہیں جس کی تہہ تک پہنچنا یہ آپ کی کاوش فکر کا کام ہے۔

مثلاً بطور تقابل اور موازنہ اگر یہ بات کہی جائے کہ علماء دیو بند کے حسب ذیل عقائد ہیں۔

(۱) علماء دیو بند خداوند قدوس کے علاوہ اپنے پیشوا مولوی رشید احمد گنگوہی کو بھی مربی خلائق کہتے ہیں۔

حوالہ: مرثیہ رشید احمد گنگوہی مصنفہ مولوی محمود الحسن صفحہ ۱۲

"خدا ان کا مربی وہ مربی تھے خلائق کے
مرے مولا مرے ہادی تھے بیشک شیخ ربانی"

(۲) علماء دیو بند کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام تو صرف مردوں کو زندہ کر سکتے تھے مگر مولانا رشید احمد گنگوہی مردوں کو زندہ کرتے اور زندوں کو مرنے نہ دیتے۔

نوٹ: حالانکہ آں بدولت خود مر گئے۔

حوالہ: مرثیہ رشید احمد گنگوہی صفحہ ۳۲

marfat.com
Marfat.com

"مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم"

(۳) علماء دیو بند کے نزدیک مولوی رشید احمد گنگوہی کا کالا کلوٹا غلام یوسف ثانی تھا۔

حوالہ: مرثیہ رشید احمد گنگوہی صفحہ ۱۱

"قبولیت اسے کہتے ہیں مقبول ایسے ہوتے ہیں
عبید سود کا ان کے لقب ہے یوسف ثانی"

نوٹ: جب مولانا رشید احمد گنگوہی کا کلوٹا غلام توسف ثانی تھا تو پھر گنگوہی صاحب کے گورے چٹے چہیتے پیارے مولوی قاسم نانوتوی جن کو گنگوہی صاحب خانقاہ گنگوہ میں ایک چارپائی پر لے کر لیٹتے ان کا کیا مرتبہ تھا؟ (اس کا حوالہ جلد اول میں گزر چکا ہے)

(۴) علماء دیو بند کے نزدیک عارفان باللہ خانہ کعبہ میں پہنچ کر گنگوہ کو تلاش کرتے ہیں۔

حوالہ: مرثیہ رشید احمد گنگوہی صفحہ ۱۳

"پھرے تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے اپنے سینے میں تھے ذوق و شوق عرفانی"

(۵) علماء دیو بند کا عقیدہ ہے کہ دین و دنیا کے حاجت روا مولانا گنگوہی ہیں۔

حوالہ: مرثیہ صفحہ ۱۰

"حوائج دین و دنیا کے کہاں لے جائیں ہم یارب!
گیا وہ قبلہ حاجات روحانی و جسمانی"

نوٹ: رسول کریم' مولا علی' سرکار حسین' غوث اعظم' غریب نواز کو حاجت روا سمجھنا دیو بندی عقیدے کی بنا پر شرک ہے۔ چونکہ غیر اللہ سے مدد مانگی گئی۔

(۶) علماء دیو بند کے نزدیک مولانا گنگوہی سارے عالم کے مخدوم ہیں اور پوری کائنات انکی فرماں بردار ہے۔

marfat.com

Marfat.com

حوالہ: مرثیہ رشید احمد گنگوہی - ٹائٹل پیج کی عبارت:

"مخدوم اکل مطاع العالم جناب مولانا رشید احمد گنگوہی"۔

(۷) علماء دیوبند کے نزدیک مولانا گنگوہی کا حکم قضائے مبرم ہے جو حکم کبھی ٹل نہیں سکتا۔

حوالہ: مرثیہ صفحہ ۸

نہ رکا پر نہ رکا پر نہ رکا

اس کا جو حکم تھا سیف قضائے مبرم

نوٹ: معلوم نہیں اس اردو سے لکھنؤ اسکول کو اتفاق ہے یا نہیں؟ ہمیں تو اس وقت ان کے چند عقائد کی طرف اشارہ کرنا ہے۔

(۸) علماء دیوبند کے نزدیک مولانا رشید احمد گنگوہی' صدیق اکبر اور فاروق اعظم دونوں ہی تھے۔

حوالہ: مرثیہ گنگوہی صفحہ ۱۶

"وہ تھے صدیق اور فاروق پھر کہئے عجب کیا ہے

شہادت نے تہجد میں قدم بوسی کی گر ٹھانی"

(۹) دیوبندی عقیدے میں سیدنا امام عالی مقام سرکار حسین کا مرثیہ جلا دینا چاہیے۔

حوالہ: فتاوی رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۱۰۳

"ان کا جلا دینا یا زمین میں دفن کر دینا ضروری ہے"۔

نوٹ: مولانا گنگوہی کا مرثیہ لکھا جائے' چھاپا جائے' پڑھا جائے' فروخت کیا جائے' یہ سب درست ہے مگر سرکار حسین کا مرثیہ جلا دینا ضروری ہے۔

(۱۰) علماء دیوبند کے نزدیک صحیح روایت کے ساتھ بھی محرم میں ذکر شہادت امام حسین درست نہیں ہے۔

حوالہ: فتاوی رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۱۱۴

"محرم میں ذکر شہادت حسنین علیہما السلام کرنا اگرچہ بروایت صحیحہ ہو یا

marfat.com

Marfat.com

سبیل لگانا شربت پلانا' چندہ سبیل اور شربت میں دینا یا دودھ پلانا درست
اور حب روافض کی وجہ سے حرام ہے"

(۱۱) علماء دیوبند کے نزدیک محرم کا شربت دودھ وغیرہ تو حرام ہے مگر ہندوؤں کے تہوار ہولی یا دیوالی وغیرہ میں ہندوؤں سے پوڑی وغیرہ لینا اور کھانا درست ہے۔

حوالہ: فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۰۷

"ہندو تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے استاد یا حاکم یا نوکر کو کھیلیں یا پوری اور کچھ کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں ان چیزوں کا لینا اور کھانا استاد و حاکم و نوکر مسلمان کو درست ہے یا نہیں؟

الجواب: درست ہے"

(۱۲) علماء دیوبند کا عقیدہ ہے کہ صحابہ کرام کو کافر کہنے والا اہل سنت و جماعت سے خارج نہ ہوگا۔

حوالہ: فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۱

"جو شخص صحابہ کرام میں سے کسی کی تکفیر کرے وہ ملعون ہے۔ ایسے شخص کو امام مسجد بنانا حرام ہے اور وہ اپنے اس کبیرہ کے سبب سنت جماعت سے خارج نہ ہوگا"

(۱۳) علماء دیوبند کے نزدیک مجلس میلاد شریف اگرچہ بغیر قیام کے ہو اور بہ روایت صحیح ہو تب بھی ناجائز ہے۔

حوالہ: فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۸۳

"انعقاد مجلس میلاد بدون قیام بروایت صحیح درست ہے یا نہیں؟

الجواب: انعقاد مجلس مولود ہر حال میں ناجائز ہے"

نوٹ: باوجود مولانا گنگوہی کے پیرو مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر کی ہر سال میلاد شریف کرتے اور قیام میں لذت محسوس کرتے۔ "فیصلہ ہفت مسئلہ" البتہ مولانا تھانوی کے نزدیک دنیوی منفعت کے پیش نظر محض میلاد شریف میں شریک ہونا درست ہے۔ (جلد اول میں حوالہ گزر چکا ہے)

marfat.com

Marfat.com

(۱۴) علماء دیوبند کے نزدیک بستیوں میں پھرنے اور نجاست کھانے والا کوا کھانا درست اور ثواب ہے۔

حوالہ: فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۴۵

"سوال: جس جگہ زاغ معروفہ کو اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو برا کہتے ہوں تو ایسی جگہ اس کوا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا یا نہ ثواب ہوگا۔ نہ عذاب؟

الجواب: ثواب ہوگا"

(۱۵) علماء دیوبند کے نزدیک امتی عمل میں نبی کے برابر ہو سکتا ہے بلکہ نبی سے بڑھ سکتا ہے۔

حوالہ: "تحذیر الناس" مصنفہ مولوی محمد قاسم نانوتوی صفحہ ۵

"انبیاء اپنی امت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہو جاتے ہیں بلکہ بڑھ جاتے ہیں"

(۱۶) علماء دیوبند کے نزدیک سرکار دو عالم ﷺ کے علم سے شیطان کا علم زیادہ ہے اور شیطان کے علم کی زیادتی قرآن و حدیث سے ثابت ہے اور حضور کی وسعت علم کے لیے ان کے نزدیک کوئی نص قطعی نہیں۔

حوالہ: "براہین قاطعہ" مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی مصدقہ مولوی رشید احمد گنگوہی صفحہ ۵۱

"الحاصل غور کرنا چاہئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کون سی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کرکے ایک شرک ثابت کرتا ہے"

(۱۷) ایسے ہی علماء دیوبند کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا ممکن ہے بلکہ جھوٹ بول چکا "رسول اللہ کا علم ایسا تو جانور' پاگل' مجنون کا علم ہے' رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

بڑے بھائی جیسے ہیں' پیغمبر اپنی امت کا ایسے ہی سردار ہے جیسے گاؤں کا چودھری' رسول خدا ہمارے ہی جیسے بشر تھے' رسول خدا مر کر مٹی میں مل گئے' نماز میں رسول اللہ کا خیال لانا گائے بیل کے خیال میں ڈوب جانے سے بدرجہا بدتر ہے وغیرہ وغیرہ۔

نوٹ: نمبر ۱ میں علماء دیو بند کے جو عقائد لکھے گئے ہیں اس کی تفصیل مع حوالہ جات اگلے صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا
لڑتے ہیں مگر ہاتھ میں تلوار تک نہیں

نوٹ: حضرات دیو بند اہل سنت کے مراسم کو شرک و بدعت تو کہہ گئے مگر آج تک اپنے دعوے کی کوئی بھی قابل تسلیم دلیل نہ دے سکے۔ بات یہ ہو رہی تھی کہ علماء دیو بند کے عقائد کی صراحت میں علماء اہلسنت کے عقائد کی طرف اشارہ ہو ہی جاتا ہے اور "خون کے آنسو" پڑھ کر آپ کو ہی فیصلہ کرنا ہے کہ کون عاشق رسول ہے اور کون شاتم رسول! کس کے زبان و قلم میں احتیاط و ادب ہے اور کس کے زبان و قلم میں گستاخی و بے ادبی۔ ہمارا کام تو محض پیغام پہنچانا ہے' ورنہ میں جانتا ہوں۔

بشر کی قوتوں سے ہر کجی سیدھی نہیں ہوتی
خدا ہی کی وہ طاقت جو سب کو ٹھیک کرتی ہے

دوستو! ایمان و عقیدے کے کچھ اشارے تھے جن کی بنا پر "خون کے آنسو" مرتب کی گئی ورنہ ابھی اور بہت سے عنوانات پر قلم اٹھایا جا سکتا ہے۔ تم ہی بتاؤ کیا آج کا یہ روح فرسا اور گھناؤنا منظر دیکھ کر کلیجہ منہ کو نہیں آتا کہ قہوہ خانے اور چوراہے پر کھڑے ہو کر مسلمان آستینیں اٹھا اٹھا کر علم غیب مصطفے ﷺ پر مباحثہ و مجادلہ کرتا ہے آج ہم محض اس بنیاد پر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے کہ میلاد میں قیام درست ہے یا شرک بدعت۔ ایسے ہی نہ جانے کتنے مسائل ہیں کہ جنھیں شرک و بدعت کی صحیح تعریف نہیں آتی مگر وہ ہر نشست میں شرک و بدعت کی تے کرتے رہتے ہیں۔ آج ہماری زبان پامال ہو رہی ہے ہمارے اقتصادیات و معاشیات کی راہیں روز بروز تنگ ہوتی جا رہی ہیں ایسی پریشان اور زخم خوردہ قوم کے لیے علمائے

marfat.com
Marfat.com

دیوبند نے آج تک کوئی ڈاکٹر خانہ تو نہ کھولا مگر میلاد و فاتحہ کرنے والوں کے لیے ہزاروں فوجی اڈے بنا دیے گئے جہاں سے ہر صبح و شام گولہ باری ہوتی رہتی ہے کیا واقعہ عرس و نیاز' میلاد و قیام ایسا ہی جرم ہے کہ اس کی بنیاد پر کروڑوں مسلمانوں سے الگ تھلگ آپ نے ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنا رکھی ہے یا اب محض بات کی لاج رکھی ہے۔ اگر لاج ہی رکھنے کا جذبہ کار فرما ہے تو خانہ ساز عقیدت کی لاج نہیں بلکہ اسلام اور مسلمانوں کی لاج رکھیے اور کبھی اس نزاکت پر بھی غور کیجئے کہ آپ نے کروڑوں مسلمانوں کو محض اس جرم میں چھوڑ رکھا ہے کہ یہ میلاد و عرس و نیاز والے ہیں۔ اور ان کروڑوں کو آپ سے یہ شکایت ہے کہ آپ نے محبوب خدا آقاء دو جہاں ﷺ کی شان گرامی میں گستاخی و بے ادبی کر کے عامیانہ و سوقیانہ گالیاں تک دی ہیں۔ آخر آپ ہی فرمائیں رسول خدا ﷺ کو ذرہ ناچیز سے کمتر اور چمار سے زیادہ ذلیل کہنا یہ گالی نہیں تو اور کیا ہے؟ کیا آپ کی نظر میں یہ بھی کوئی منطق' فلسفہ یا معانی و بیان کا کوئی الجھا ہوا مسئلہ ہے؟ کیا آپ کی نظر میں ذرہ ناچیز' چمار سے ذلیل جیسے الفاظ کے معنی دیکھنے کے لیے لغت اٹھانے کی ضرورت ہے اگر نہیں ہے اور یقیناً نہیں ہے تو پھر ایسے عقیدے کے پرچار کے کیا معنی؟ ایسی صریح اور واضح عبارت کی توجیہہ و تاویل کے کیا معنی؟ اور اگر بالفرض یہ الفاظ آپ کی نظر میں محتاج تاویل ہیں تو کیا دوسروں کو بھی آپ اجازت مرحمت فرمائیں گے کہ وہ بھی آپ کے لیے یہی الفاظ بول کر اس کی تاویل کریں۔ اگر آپ اپنے حق میں گوارا نہیں کر سکتے اور یقیناً گوارا نہ کریں گے تو للہ انصاف کا خون نہ کیجئے۔ بتایئے اور سچ سچ بتایئے کہ پھر رسول خدا ﷺ کے لیے آپ کے ضمیر نے کیونکر گوارا کیا کہ ان کو ذرہ ناچیز سے کمتر اور چمار سے زیادہ ذلیل کہا جائے۔ اور آج ان عبارات کے واپس لینے کا آپ سے مطالبہ کیا جائے تو ٹھنڈے دل سے سوچنے کے بجائے آپ آمادۂ جنگ نظر آتے ہیں۔

بر سر راہ علماء دیوبند کی نجس و ناپاک ذہنیت پر ایک تازہ واقعہ سنئے جس کے لکھتے ہوئے میری آنکھیں نمناک اور قلم کانپ رہا ہے۔

ابھی پہلی دوسری تیسری جون ۱۹۶۱ء کو مولانا انیس عالم کے زیر اہتمام سوبھن

marfat.com
Marfat.com

ضلع دربھنگہ میں سہ روزہ سرکار مدینہ کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں راقم الحروف بھی شریک تھا۔ ظہر و عصر کے درمیان ایک فاضل دیو بند تشریف لائے اور ہم لوگوں سے فرمایا کہ آپ لوگ روزہ و نماز کی بات تو کچھ نہیں کہتے محض ایمان و عقیدہ پر تقریر کرتے ہیں اور اتنا ہی نہیں بلکہ علماء دیو بند کی تکفیر بھی کرتے ہیں۔ آخر علماء دیو بند کے تکفیر کی کیا وجہ ہے؟ میں نے جواباً کہا کہ ان لوگوں نے سرکار دو عالم ﷺ کو گالیاں دیں ہیں اور آقاء دو جہاں کی توہین متفقہ طور پر موجب کفر ہے اور بطور مثال میں نے حفظ الایمان کی کفری عبارت پیش کر دی۔ اس پر فاضل دیو بند نے کہا کہ گالی کی بھی تاویل تو ہو سکتی ہے اور بسا اوقات گالی کا دینا عیب معلوم نہیں ہوتا میں نے کہا اس کی مثال دیجئے جہاں گالی دینا عیب نہ ہو۔ اب جواب سنئے اور سر پیٹئے۔

فاضل دیو بند نے کہا جیسے سالا بہنوئی کو اور بہنوئی سالے کو گالی دیتا ہے یا سمدھی اپنے سمدھی سے مذاق کرتا ہے۔ غصے کو پی کر اور حواس کو بدقت تمام قابو میں رکھ کر میں نے دریافت کیا کہ پھر یہ بھی فرما دیجئے کہ علماء دیو بند کا محبوب خدا ﷺ سے کون سا رشتہ ہے؟ جس کی بنا پر آپ لوگوں کو مذاق اور گالی کی اجازت ہو۔ کیا قرآن حکیم کی یہ آیت دیو بند کی چہار دیواری تک نہیں پہنچی "**النبی اولی بالمومنین من انفسھم و ازواجه امھاتھم**" یا کہ "**ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول الله و خاتم النبیین**"

ابھی[1] میں یہ کہہ ہی رہا تھا کہ اس شخص کے دماغ کی چول کھسک گئی ہے۔ کچھ دنوں بعد یہ ایسی کتاب لکھے گا جو تقویۃ الایمان اور حفظ الایمان کے حق میں سونے پر سہاگے کا کام دے گی کہ مجمع میں برہمی پیدا ہوئی اور بعض جوشیلے جوتا لے کر کھڑے ہو گئے۔ کسی طرح بیچ بچاؤ کر کے اس کو مجلس سے باہر کر دیا گیا

اہل ملت کے لیے مجھ کو ہے ماتم کرنا
ان کی خاطر ہے مجھے بزم میں گریاں ہونا

---

[1] مجلس میں میرے علاوہ مولانا رفاقت حسین صاحب مفتی کانپور اور مولانا ابو الوفا فصیحی غازی پوری بھی شریک تھے۔

marfat.com

Marfat.com

ابھی گزشتہ برس کی بات ہے میں بسلسلہ تقریر گجرات کے دورے پر تھا خاص شہر بھروچ میں میری تقریر ہو رہی تھی آج میری تقریر کا عنوان "مسئلہ معراج جسمانی" تھا۔ تقریر اپنے شباب پر تھی کہ رقعہ آیا' جس کا مضمون حسب ذیل ہے:

"ان کے بزرگوں کو سردی لگتی ہے جو ان کی قبر پر چادر ڈال دیتے ہیں"

میں نے کہا جی ہاں عارفان باللہ اللہ تعالٰی کے محبوب ہیں جب انھیں دفن کیا جاتا ہے تو جنت کی نہ جانے کتنی کھڑکیاں کھول دی جاتی ہیں اور جنت کی ہوا میں ٹھنڈک ہوتی ہے جب آپ کے بزرگوں کو سپرد خاک کیا جاتا ہے تو جہنم کی کھڑکیاں کھل جاتی ہیں اگر ان کی قبر پر چادر ڈال دی جائے تو چادر بھی جل کر خاک ہو جائے شاید کوئی ایسا سابقہ پڑ چکا ہے' اس لیے علماء دیو بند چادر کے پیچھے پڑ گئے ہیں تاکہ ان کا بھرم باقی رہ جائے یہ نہیں کہہ سکتے کہ چادر جل جائے گی۔ اس میں بے آبروئی ہے اس لیے شرک و بدعت کے من گھڑت فتاوٰی لے کر کھڑے ہو گئے ورنہ اولیاء کرام کی شان تو یہ ہے

مر کے ٹوٹا ہے کہیں سلسلہ قید حیات
فرق اتنا ہے کہ زنجیر بدل دی جاتی ہے

ان مثالوں کا مقصد صرف یہ ہے کہ آپ اس سے دیو بندی مکتبہ فکر کے رجحانات کا اندازہ کریں کہ وہ رسول خدا اور اولیاء کرام کی بارگاہ میں کس حد تک بے ادب و گستاخ ہیں۔ یہی وہ علل و اسباب ہیں جنھوں نے "خون کے آنسو" لکھنے پر مجھے ابھارا۔ یہ اپنی اپنی عادت ہے اور اپنا اپنا شیوہ ہے

کے مطابق وہ سرکار ابد قرار کو اپنے جیسا بشر کہتے رہیں اور ہماری نگاہیں تو ان کی ایک ایک ادا پر قربان ہیں۔ ؎

یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

۱۴ اگست ۱۹۶۱ء اسیر حبیب: مشتاق احمد نظامی

---

؎ ایسی ٹھنڈک جس سے تکلیف نہ پہنچے یہ بات بطور لطیفہ کہی گئی ورنہ عظمت اولیاء کے اظہار کے لیے چادر ڈالی جاتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ و کفی و سلام علی حبیب الذی صطفی

# شیخ الاسلام نمبر کا سرسری جائزہ

کہیں روس کا بوٗہ' کہیں چین کا بوٗہ
حضرت شیخ کی محفل میں بدرالدین کا بوٗہ

(شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۹۵)

مولانا حسین احمد صاحب جب موڈ میں ہوتے تو اپنی بچی عمرانہ سے یہی شعر پڑھواتے تھے چونکہ اس وقت حضرت شیخ ہی کا تذکرہ ہے اس لیے انھیں کے محبوب و پسندیدہ شعر سے ان کے ذکر کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس کو تو فخر مشرق علامہ شفیق جونپوری بتائیں گے کہ مندرجہ بالا شعر کس بحر میں ہے ہمیں تو سرراہ یہ دکھانا ہے کہ مولانا حسین احمد کے پسندیدہ اشعار کچھ ایسے ہی بے تکے قسم کے ہوا کرتے تھے جس سے ان کے ذوق ادب کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ اس پر طرفہ تماشا یہ کہ حضرت شیخ کوئی معمولی درجہ کے انسان نہ تھے بلکہ اس خاکدان گیتی میں وہ خلاصہ کائنات بن کر آئے تھے۔ شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۳۰

خدا کے لیے یہ تو مشکل نہیں ہے
ہو عالم کا مجموعہ اک فرد واحد

مناسب ہے کہ یہیں پر تقویۃ الایمان کی ایک عبارت پیش کر دی جائے جس سے حضرات دیوبند کی رسول دشمنی کا صحیح اندازہ ہو سکے گا۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۳۷

"وہ شہنشاہ ایک آن میں چاہے تو کروڑوں نبی محمد کے برابر پیدا کر ڈالے"

نوٹ: جب توہین نبوت اور تنقیص رسالت کے جذبہ ملعون نے اکسایا تو اللہ تعالیٰ کی قدرت و کبریائی کے اظہار کا یہ انداز اختیار کیا کہ اگر وہ چاہے تو محمد کے برابر کروڑوں نبی پیدا کر ڈالے اور جب اپنے شیخ الاسلام کو مقام نبوت سے بھی اونچا کر

marfat.com
Marfat.com

دکھانا ہوا تو اللہ کی قدرت اور اس کے علو مرتبت کا بیان اس طرح کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے یہ بعید نہیں کہ وہ مولانا حسین احمد کو خلاصہ کائنات بنا دے۔

احباب کی یہ شان حریفانہ سلامت
دشمن کو بھی یوں زہر اگلتے نہیں دیکھا

سچ جانئے جن کلمات کی ادائیگی میں زبان کفر لکنت کھا جائے اس کی ادائیگی میں علماء دیوبند کو جھجک تک محسوس نہیں ہوتی اور یہ تو ان کا بہت ہی پرانا وطیرہ ہے کہ جب کبھی بھی شان رسالت گھٹانی مقصود ہوئی تو اختراعی توحید کا جھنڈا لے کر کھڑے ہو گئے اور اسی کی آڑ میں سب و شتم و تبرا بازی پر اتر آئے جس کی شہادت میں تقویۃ الایمان وغیرہ سے چند در چند مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں اور اس پر ستم بالا' ستم یہ کہ جب ان کی یاوہ گوئی اور خرافات پر حق بجانب سوالات کیے گئے تو نادم و شرمندہ ہونے کے بجائے۔

عذر گناہ بدتر از گناہ

کے مطابق جنگ و جدال کی بالکل نچلی سطح پر اتر آئے' یہاں تک کہ علمائے اہلسنت کی طرف گھڑی ہوئی کتابیں اور ان کی فرضی عبارات کو منسوب کر کے انھیں بدنام و رسوا کرنے کی سعی ناکام کی گئی۔ علماء دیوبند اس قسم کی حیا سوز اور رکیک حرکات کا مشاہدہ رسالہ سیف النقی کے مطالعہ سے ہو سکے گا جو علماء دیوبند کی افتراء پردازی و بہتان تراشی کا پورے پورے ضامن و کفیل ہے۔ یہ رسالہ کسی ایک دماغ کا تراشیدہ و خراشیدہ نہیں بلکہ دیوبند کے اصاغر و اکابر کی مشترکہ پارٹی سر جوڑ کر بیٹھی اور متفقہ طور پر رسالہ سیف النقی کی ترتیب دی گئی۔ گویا اس جرم و خطا میں دیوبند کا پورا اسٹاف برابر کا شریک ہے۔

اب سیف النقی کے حوالہ سے چند جعلی اور گھڑی ہوئی کتابیں اور اس کی فرضی عبارات و فرضی پریس کا نام سن کر حضرات دیوبند کی جسارت و ڈھٹائی پر سر دھنیے۔

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پر آ سکتا نہیں
محو حیرت ہوں یہ دنیا کیا سے کیا ہو جائیگی

marfat.com
Marfat.com

۱۔ سیف النقی صفحہ ۳ پر ایک فرضی و جعلی کتاب بنام "تحفۃ المقلدین" جو سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ کے والد ماجد امام العلماء حضرت علامہ مولانا محمد نقی علی خان صاحب قدس سرہ کے نام نامی سے منسوب کی گئی ہے اور فرضی پریس صبح صادق سیتاپور کا حوالہ بھی دے دیا گیا ہے۔

۲۔ اسی طرح سیف النقی ہی کے صفحہ ۲۰ پر ایک گھڑی ہوئی کتاب تحفۃ المقلدین کو حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ کے جد امجد سراج الاتقیاء حضرت علامہ مولانا رضا علی خاں قدس سرہ کی طرف منسوب کیا اور بہ کمال ڈھٹائی مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۱۲ بھی لکھ دیا۔

۳۔ اور اتنے پر ہی بس نہیں بلکہ اسی سیف النقی کے صفحہ ۱۴ پر ایک گھڑی ہوئی کتاب بنام مراۃ الحقیقۃ آقاء نعمت حضور سیدنا سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کر کے خسرالدنیا والآخرہ کے مصداق ہوئے اور اپنی بگڑی ہوئی عادت کے مطابق اس کتاب پر بھی لکھ دیا مطبوعہ مصر صفحہ ۱۸۔

۴۔ یہ نہ سمجھئے کہ کذب افترا اور جعل و سازش کی یہ مہم یہیں پر آکے ختم ہو گئی بلکہ اپنے کالے جھوٹ پر سفید جھوٹ کی مہر توثیق ثبت کرنے کے لیے سیف النقی کے صفحہ ۲۰ پر فاضل بریلوی قدس سرہ کے والد ماجد کا فرضی نشان مہر بھی بنا دیا جس کی صورت یہ ہے

۱۳۰۱
نقی علی سنی حنفی

حالانکہ حضرت کی مہر مبارک کا نقشہ یہ تھا:

۱۲ ۶۹
مولوی رضا علی خاں
محمد نقی خان ولد

لطف تو یہ ہے کہ مہر گھڑی گئی مگر پھر بھی بات نہ بن سکی۔ صورت حال یہ ہے کہ حضرت کا وصال مبارک ۱۲۹۷ھ میں ہوا اور نقشہ مہر میں ۱۳۰۱ھ کندہ ہے جس کا نتیجہ

marfat.com
Marfat.com

یہ نکلا کہ وصال شریف کے چار برس بعد مرتیار ہوئی ہے۔

پہلے اپنے جنوں کی خبر لو
پھر میرے عشق کو آزمانا

نوٹ: میرے اپنے خیال میں شاید ہی دنیا کے کسی گوشے میں خیانت کی ایسی مکروہ و گندہ مثال مل سکے گی جو حضرات دیو بند کے تقدس کی جھالرینی ہوئی ہے۔ کوئی سوچے تو سہی کس قدر حیرت انگیز اور تعجب خیز بات ہے کہ اپنی خرافات کا اعتراف نہ کرتے ہوئے اس پر پردہ ڈالنے کے لیے چند در چند غلطیوں کا ارتکاب کرنا اور جرأت و دیدہ دلیری کا یہ عالم کہ الامان و الحفیظ فرضی کتاب 'من گھڑت عبارت' جعلی پریس تک کا اعلان کر دینا! سچ تو یہ ہے کہ اس قسم کی جسارت وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کے کان شرم و حیا جیسے الفاظ سے آشنا تک نہ ہوئے ہوں۔

اس کے باوجود زہد تقویٰ اور اتباع سنت کا وہ بلند بانگ نعرہ جس سے تصنع اور ریا کے صنم اکبر کا بھی کلیجہ دہل جائے۔ اب ناظرین ہی انصاف فرمائیں کہ اگر متقی و پرہیزگار ایسے ہی لوگوں کو کہا جاتا ہے تو غیر متقی کس کو کہا جائے گا؟

دوستو! اگر تم نے علماء اہلسنت کو بدنام کرنے کا بیڑا اٹھا رکھا ہے تو کم از کم ایسی باتیں کرو جس سے تمہارا دامن تو سلامت رہ سکے

دشنام یار طبع حزیں پہ گراں نہیں
اے دوست اپنی سنکی آواز دیکھنا

حضرات! یہ تو سیف النقی کا حوالہ تھا جس کی ترتیب میں دیو بندی مشنری کا ہر کل پرزہ یکساں متحرک نظر آیا ہے۔ اب مولانا حسین احمد کی رسواء زمانہ کتاب "اشھاب الثاقب" جو علمائے بریلی کے رد میں لکھی گئی ہے۔ اس کے چند حوالہ جات ملاحظہ فرما کر مولانا ٹانڈوی کی ڈھٹائی اور دیدہ دلیری کو داد دیجئے جس میں انھوں نے من گھڑت کتاب' جعلی پریس اور فرضی عبارات کو پیش کر کے علم ثقافت کے خلاف ایسا گھناؤنا استدلال اختیار کیا ہے جس کو سن کر ہر صاحب علم کی گردن شرم و حیا سے جھک جائے گی۔

marfat.com
Marfat.com

رہ منزل میں سب گم ہیں مگر افسوس تو یہ ہے
امیر کارواں بھی ہیں انھیں گم کردہ راہوں میں

شہاب ثاقب صفحہ ۱۲

"جناب شاہ حمزہ صاحب مارہروی مرحوم خزینۃ الاولیاء مطبوعہ کانپور صفحہ ۱۵ میں ارقام فرماتے ہیں علم غیب صفت خاص ہے رب العزت کی جو عالم الغیب والشہادہ ہے جو شخص رسول خدا ﷺ کو عالم الغیب کہے وہ بے دین ہے اس واسطے کہ آپ کو بذریعہ وحی کے امور خفیہ کا علم ہوتا تھا جسے علم غیب کہنا گمراہی ہے ورنہ جمیع مخلوقات نعوذ باللہ عالم الغیب ہے"

نوٹ: مقصود نہ بلبل ہے نہ طوطی ہے نہ قمری
مطلب تو چمن والوں کا ناوک فگنی ہے۔

سید العارفین حضرت علامہ مولانا سید شاہ حمزی میاں مارہروی رحمۃ اللہ علیہ کی خزینۃ الاولیاء' نام کی کوئی کتاب ہے ہی نہیں۔ جب کتاب ہی نہیں تو کانپور میں چھپنے یا اس میں صفحہ ۱۲ یا مندرجہ بالا عبارت کے ہونے نہ ہونے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مولانا ٹانڈوی قلم اٹھانے سے پہلے ہی اپنا دماغی توازن کھو چکے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے ابتذال و گراوٹ پر اتر آئے جس کی مثال شاید ہی کہیں ڈھونڈنے سے مل سکے گی۔

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

شہاب ثاقب کی ایک دوسری من گھڑت روایت ملاحظہ کیجئے۔

شہاب ثاقب صفحہ ۲۲

"مولوی رضا علی خاں صاحب ہدایت الاسلام مطبوعہ صبح صادق سیتا پور صفحہ ۳۰ میں فرماتے ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ کو علم غیب بالواسطہ تھا یعنی بذریعہ وحی کے تعلیما معلوم ہوتا تھا اور یہ علی قدر مراتب سب کو حاصل ہے اور علم غیب مطلق و بالذات کا اعتقاد رکھنا مفضی الی الکفر اور نص قطعی کے خلاف اس میں تاویل اور ہیر پھیر کرنا بے دین کا کام ہے"

marfat.com
Marfat.com

اتنی کاوش نہ کر میری اسیری کے لیے
تو کہیں مرا گرفتار نہ سمجھا جائے

سراج العلماء حضرت علامہ مفتی رضا علی خاں صاحب قدس سرہ نے ہدایت الاسلام نام کی کوئی کتاب تصنیف ہی نہیں فرمائی تو پھر کسی عبارت' صفحہ' سطر یا پریس کے تجسس و تلاش سے کیا فائدہ! کیا آج کی دنیا میں اس سے بھی بڑھ کر اتہام بندی و بہتان تراشی کی کوئی جیتی جاگتی مثال مل سکتی ہے؟

کچھ آج ہی نہیں بلکہ برسا برس سے علماء دیوبند کی صداقت کو چیلنج ہے کہ اگر ان میں رائی کے دانہ کے برابر بھی حق پسندی کا کوئی حصہ باقی رہ گیا ہو تو خزینۃ الاولیاء اور ہدایت الاسلام کو منظر عام پر لا کر اپنی حق گوئی کا ثبوت دیں ورنہ توبہ استغفار کا دروازہ کل بھی کھلا تھا اور آج بھی ہے۔ اب بھی شرم و ندامت سے گردن جھکا کر تائب ہو جائیں۔

مرید سادہ تو رو رو کے ہو گیا تائب
خدا کرے کہ ملے شیخ کو بھی یہ توفیق

اور یہ مطالبہ کچھ ادھر ہی سے نہیں ہے بلکہ مولانا ٹانڈوی کی گود کے تربیت یافتہ مولانا عامر عثمانی کا بھی یہی مطالبہ ہے۔ رد شہاب ثاقب پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا عثمانی نے مولانا ٹانڈوی کے خلف اکبر مولوی اسعد صاحب کو مخاطب کیا ہے کہ خزینۃ الاولیاء اور ہدایت الاسلام سے متعلق جو مولانا ٹانڈوی پر الزام ہے اس کا جواب دینا اسعد سلمہ زید مجدہ کی ذمہ داری ہے ملاحظہ فرمایئے۔

تجلی فروری' مارچ ۱۹۵۹ء

"کتاب کے لب و لہجے سے سخت وحشت زدہ ہونے کے باوجود اتنا ہم انصافاً ضرور کہیں گے کہ مصنف نے مولانا مدنی پر ایک الزام بڑا بھیانک و فکر انگیز لگایا ہے ان کا کہنا ہے کہ جن دو کتابوں خزینۃ الاولیاء اور ہدایۃ الاسلام سے شہاب ثاقب میں بعض اقتباسات دیے گئے ہیں وہ فی الحقیقت من گھڑت ہیں جن مصنفوں کی طرف انھیں منسوب کیا گیا ہے

marfat.com
Marfat.com

انھوں نے کبھی ہرگز ہرگز یہ کتابیں نہیں لکھیں"

سرد آہیں' گرم آنسو' آنسوؤں میں خون دل
کہہ رہے ہیں اس طرح افسانہ در افسانہ ہم

نوٹ: اسی کے ساتھ مولانا عثمانی نے مولانا نانوتوی کی صفائی میں کچھ جوابات بھی دیے ہیں جن جوابات کو عثمانی صاحب نے خود ہی قیاس اور تک بندی سے تعبیر کیا ہے۔ ناظرین خود ہی اندازہ کر سکتے ہیں کہ کہ اگر مجیب ہی کی نگاہ میں جوابات کی حیثیت تک بندی کی ہے تو پھر اس کا وزن ہی کیا رہ جاتا ہے۔ چنانچہ چند سطر بعد عثمانی صاحب رقمطراز ہیں۔

تجلی فروری' مارچ ۵۹ء

"تاہم یہ قیاسات ہیں بلکہ محض عقلی تک بندیاں ہیں حق یہ ہے کہ تحقیقی اور معقول جواب یا تو مولانا مدنی کے بلند اقبال صاحبزادے مولوی اسعد طولعمرہ کے ذمے ہے یا پھر ان مریدین و متوسلین کے ذمے ہے جو بجا طور پر مولانا عثمانی کی عقیدت و محبت میں سرشار ہیں"

نوٹ: مندرجہ بالا عبارت سے یہ بات تو واضح ہو گئی کہ مولانا عثمانی کے پاس اس کا کوئی جواب نہ تھا ورنہ وہ اس قسم کی لچر تک بندی اور قیاس آرائی کے ہیر پھیر میں پڑنے کی بجائے خود ہی تحقیقی اور معقول جواب دے کر معاملہ صاف کر لیتے البتہ مولانا اسعد صاحب سے گزارش ہے کہ اگر میرا مطالبہ ان کی برہمی مزاج کا باعث بن سکتا ہے تو اپنے عثمانی صاحب کی تسکین خاطر کے لیے کوئی جواب مرحمت فرما کر بلاواسطہ نہ سہی بالواسطہ ہی میرا پیغام قبول فرمالیں

برگ حنا پہ لکھتا ہوں میں درد دل کی بات
شاید کو رفتہ رفتہ لگے دل ربا کے ہاتھ

اب دیکھنا یہ ہے کہ مولوی اسعد صاحب اپنے والد بزرگوار کی صفائی میں کوئی سنجیدہ اور معقول بیان دے کر اپنے خلف صادق ہونے کا ثبوت دیتے ہیں یا عثمانی صاحب کی طرح قیاس آرائی و تک بندی سے کام لے کر جگ ہنسائی کا موقع دیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

البتہ بر سر راہ عثمانی صاحب سے ایک ضروری بات عرض کرنی ہے کہ کسی بھی کتاب پر نقد و نظر کرنے سے پہلے اس کے ہر گوشے کی تحقیق کر لینا ضروری ہے۔ مثلاً یہی کتاب "رد شہاب ثاقب" جو اس وقت موضوع سخن بنی ہوئی ہے۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ رقمطراز ہیں

تجلی فروری مارچ ۱۹۶۱ء

نیز ہو سکتا ہے کہ مصنف کے ذہن میں یہ بھی ہو رہا ہو کہ پاکستان میں ہوں یہیں کے عوام میں زیادہ تر میری کتاب اشاعت پائے گی دیو بندی بیچارے مذکورہ کتابوں کی پوٹلی باندھ کر پاکستان آنے اور قریہ بہ قریہ ان کا نظارہ کرانے سے تو رہے' ہم یا تو ان کے اعلان کو پی جائیں گے یا اس کی بھی صاف تردید کر دیں گے کہ یہ وہابی کمبخت جھوٹے ہیں ظاہر ہے کہ ان الفاظ کے چھاپ دینے میں ہاتھی گھوڑے تو لگتے نہیں"

کیوں کسی غیر سے شکوۂ بیداد کروں
لطف جب ہے کہ تجھی سے تیری فریاد کروں

نوٹ: قربان جایئے عثمانی صاحب کی اس عقل و دانش پر کہ "رد شہاب ثاقب" پاکستان میں طبع ہوئی تو آنجناب نے اپنی خوش فہمی سے یہ بھی طے کر لیا کہ اس کا مصنف پاکستانی ہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ کتاب تو پاکستان میں چھپی مگر اس کے مصنف مفتی سنبھل مولانا اجمل شاہ صاحب سنبھل ضلع مراد آباد کے رہنے والے ہیں اور سنبھل ان کی مستقل قیام گاہ ہے پھر اس کتاب کی اشاعت ہند و پاک میں یکساں طور پر ہوئی ہے اس لیے اس کی جواب دہی ہند و پاک کے دیو بندیوں پر یکساں طور پر عائد ہوتی ہے۔ سلسلہ جواب میں اس قسم کی دھاندلی اور تک بندی سے کام نہیں چلتا جس کو جناب عثمانی صاحب نے اختیار کر رکھا ہے۔ بالفرض اس کے مصنف پاکستانی ہوتے تو پاکستان دیو بندیوں سے خالی ہے یا دیو بندیوں کی طرف سے جواب دینے کے تنہا آپ ہی ٹھیکیدار ہیں۔

علاوہ ازیں یہ تو فرمایئے جب کہ قیاس آرائی و تک بندی کے تحت آپ نے اتنا

marfat.com

Marfat.com

رکیک حملہ کیا ہے تو کہیں ٹھوس و مدلل جواب ارشاد فرماتے تو نہ جانے کتنی موٹی موٹی گالیوں سے نوازتے؟ عامر صاحب حالات کی صحیح اطلاع نہ رکھتے ہوئے یونہی بے محابا لکھ دینا شاید آپ نے اپنے اکابر سے بطور ورثہ پایا ہے۔ لیجئے آپ کے اطمینان قلب کی خاطر اس کی بھی شہادت حاضر کیے دیتا ہوں۔

اپنے حکیم الامت مولانا تھانوی کا ایک آسانی و سلطانی قانون ملاحظہ فرمایئے۔

رسم دیار حسن سے ناآشنا تھا میں
لبیک کہہ اٹھا جو پکارا خود آپ نے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۳۲

"آخر میں ایک نہایت اہم ضروری بات کا لکھ دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں جو حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے مجھ سے فرمائی تھی کہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کی مجلس میں حضرت شیخ الاسلام" کا تذکرہ ہوا تو حضرت حکیم الامت نے فرمایا "مولانا حسین احمد کی مخالف کرنے والوں کے سوء خاتمہ کا اندیشہ ہے"

نوٹ: کچھ اشاروں ہی سے کہہ دے تیرے چتوں کے نثار
کس پہ تولے ہوئے تلوار ہے ابرو تیرا

اب کہیں دور جانے کی ضرورت نہیں تھانوی صاحب کے خلفاء متوسلین صرف اتنا ارشاد فرمائیں کہ مولوی شبیر احمد عثانی کا خاتمہ کیسے ہوا؟ اس لیے ٹانڈوی صاحب اور عثانی صاحب کے درمیان غایت درجہ کی مخالفت اور چشمک تھی اس کہانی کو مجھ سے نہیں بلکہ فاضل دیوبند مولانا سعید احمد اکبر آبادی صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی زبانی سنیئے:

برہان دہلی 'نومبر ۵۲ء' صفحہ ۳۰۸ '۳۰۹

"لیکن انہیں خطوط کا وہ حصہ جس[1] میں مولانا نے ملکی سیاست یا معاملات دارالعلوم دیوبند کے سلسلہ میں اپنے بعض معاصرین[2] کی نسبت رنج و

---

[1] مولانا ٹانڈوی۔ [2] اشارہ ہے مولانا شبیر احمد عثانی کی طرف

marfat.com

Marfat.com

ملال اور کبیدگی خاطر کا اظہار کیا ہے"

(چند سطر بعد)

"واقعہ یہ ہے کہ حضرت مولانا ٹانڈوی ۱۹۴۲ء کی تحریک کے سلسلہ میں قید فرنگ میں تھے اور دیوبند کے صدر حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی اور مہتمم مولانا محمد طیب تھے کانگریس کی تحریک میں حصہ لینے کے باعث دارالعلوم دیوبند میں چند ناگوار واقعات پیش آئے۔ حضرت مولانا (ٹانڈوی) کو ان کی نسبت ان کے بعض حاشیہ نشینوں نے جو اطلاعات جس رنگ میں پہنچائیں مولانا آخر انسان ہی تھے فرشتہ تو نہیں تھے اور نہ پیغمبر کی طرح معصوم تھے ان سے (یعنی مولوی شبیر احمد عثمانی) ان کا رنجیدہ اور ملول ہونا ناگزیر تھا ان خطوط میں اسی ملال کا اظہار کیا گیا ہے۔ لیکن تصویر کا ایک دوسرا رخ یہ بھی ہے کہ جنگ آزادی وطن کے سرفروش سپاہی جن کو نہ تعلیم سے دلچسپی تھی اور جو نہ مدرسہ کے قواعد و ضوابط کی پرواہ کرتے تھے ان لوگوں نے توہین و تذلیل کا کوئی ایسا طریقہ نہیں تھا جو حضرت مولانا شبیر احمد کے حق میں اٹھا نہ رکھا ہو۔ چنانچہ مولانا مرحوم نے خود ہم سے کئی مرتبہ انتہائی غمگین اور آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ ان لوگوں نے دیوبند میں میرا رہنا تو کجا گھر سے نکل کر مسجد تک آنا اجیرن کر دیا ہے اور میں سوچ رہا ہوں کہ ڈابھیل یا حیدر آباد میں مقیم ہو جاؤں۔ یہ لوگ مولانا رحمتہ اللہ علیہ کے خلاف قلمی اشتہارات نکالتے تھے' اشعار لکھتے تھے اور ان کو گلی گلی اور کوچہ کوچہ مشتہر کراتے تھے۔ مولانا کے سامنے سے گزرتے تو توہین آمیز نعرے لگاتے ہوئے جاتے تھے"

نوٹ: چنانچہ مولانا اکبر آبادی کی اس صاف گوئی پر "مکتوبات شیخ" کے فاضل مرتب نے رونا رویا ہے کہ گھر کی ڈھکی چھپی باتوں کو طشت از بام نہیں کرنا چاہیے تھا۔ ملاحظہ فرمائیے:

مکتوبات شیخ جلد اول صفحہ ۲۰

"فاضل اکبر آبادی نے راقم الحروف کو طعنہ دیا ہے بے احتیاطی کا' اور

marfat.com

Marfat.com

یہ خیال نہیں رہا کہ مولانا عثمانی کے بارے میں کیوں بے احتیاطی کے مرتکب ہو کر مرحوم کی تشہیران فقروں کے ذریعہ فرمارہے ہیں لوگوں نے توہین و تذلیل کا کوئی طریقہ ایسا نہیں تھا جو حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کے حق میں نہ اٹھا رکھا ہو۔ چنانچہ مولانا مرحوم نے خود ہم سے کئی مرتبہ غمگین و آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ ان لوگوں نے دیوبند میں میرا رہنا تو کجا گھر سے نکل کر مسجد تک آنا اجیرن کر دیا ہے"

ایسا نہ ہو یہ درد بنے درد لا دوا
ایسا نہ ہو کہ تم بھی مداوا نہ کر سکو

نوٹ: ناظرین نے مندرجہ بالا واقعات سے اندرون خانہ کی نوک جھونک کا اندازہ کر لیا ہو گا کہ مولانا نانوتوی اور مولانا عثمانی میں کتنے شدید اختلافات تھے یہاں تک کہ مولانا نانوتوی کے تلامذہ و متوسلین مولانا عثمانی کے خلاف گندے اشتہارات تک نکالتے' ان کے خلاف نعرے لگاتے وغیرہ وغیرہ۔ تو اب تھانوی صاحب کے مریدین کو چاہیے تھا کہ وہ تھانہ بھون سے استفسار کریں کہ آیا مولانا تھانوی ہٹلری قانون کے بموجب مولانا عثمانی کا خاتمہ بالخیر ہوا یا بالسوء؟ جملہ معترضہ کے طور پر جناب ماہر صاحب مدیر فاران کی توجہ چاہتا ہوں کہ آنجناب نے فاران توحید نمبر میں نعرۂ رسالت پر بڑی لے دے مچائی ہے کہ اس کا قرآن و سنت سے کہیں ثبوت نہیں ملتا تو خطا معاف' کبھی دیوبند کے ان نعروں پر بھی آپ کے کان کھڑے ہوئے جو مولانا عثمانی کے خلاف بلند کیے جاتے تھے۔ نعرۂ رسالت سے تو آپ کا کلیجہ چھلنی ہو گیا مگر دیوبند کے انسانیت سوز نعروں پر آپ کے قلم میں جنبش تک نہ آئی۔ ماہر صاحب! یہ بات انتہائی قلق اور دکھ کی ہے کہ توحید نمبر دیکھنے کے بعد یہ رائے قائم کرنی پڑی کہ فاران کا توحید نمبر رسول دشمنی کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔

ہاں میں تھانوی صاحب کے مریدین سے یہ دریافت کر رہا تھا کہ مولانا عثمانی کا کیا انجام ہوا؟ ممکن ہے بسلسلہ جواب یہ بات کہی جائے کہ مرنے سے پہلے دونوں میں صفائی قلب ہو گئی تھی۔ اس لیے میں اس مقام پر اس حقیقت کا اظہار بھی ضروری

marfat.com
Marfat.com

جانتا ہوں کہ عثمانی صاحب اور ٹانڈوی صاحب کے اختلافات مرتے دم تک رہے۔
اس کو بھی فاضل دیو بند مولانا اکبر آبادی کے قلم سے ملاحظہ کیجئے:

برہان دہلی، نومبر ۱۹۵۲ء، صفحہ ۳۰۹

"اس مجموعہ کے خطوط نمبر ۱۲۰، ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۳۱ میں ظاہر ہے کہ مولانا ٹانڈوی کا گوشہ نظر مولانا شبیر احمد عثمانی اور مولانا محمد طیب کی طرف تھا ان میں موخرالذکر اس وقت بھی مہتمم تھے اور آج بھی ہیں اور بقید حیات ہیں اس لیے انہوں نے تو اس مجموعہ کے شروع میں جو مقدمہ لکھا ہے اس میں اپنی مخصوص متصوفانہ زبان میں لکھ کر مولانا مدنی کے معاملات کی نوعیت اور افتاد طبع سے واضح ہے کہ ان پر بغض فی اللہ کا غلبہ ہے اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر لیا اور اس لطیف طریق پر کہ غالبا فاضل مرتب کو اس کا احساس بھی نہیں ہوا ورنہ وہ اس کو شریک اشاعت ہی نہیں کرتے رہ گئے۔ مولانا شبیر احمد عثمانی تو اب اس دنیا میں نہیں اس لیے اب کون ان کی طرف سے صفائی پیش کرے اور کون کہے

بھول جا گزرے ہوئے دن بھول جا
بعد مردن اب نہ رکھ دل میں ملال

نوٹ: مولانا اکبر آبادی اپنی نیک نیتی کے تحت اختلافات کے بھول جانے کی تلقین فرما رہے ہیں شاید انھیں یہ نہیں معلوم کہ مولانا تھانوی کی تلوار بے نیام اب سے پہلے اپنا کردار ادا کر چکی ہے۔ یعنی مولانا حسین احمد کی مخالفت کرنے والوں کے سوء کا خاتمہ کا اندیشہ ہے۔

اب دیو بند کی چہار دیواری سے دو چار قدم اور آگے بڑھ کر تھانہ بھون چلئے اور تھانوی صاحب کے خانہ ساز آئینے میں خود آن بدولت کی تصویر دیکھئے:

مکتوبات شیخ جلد دوم صفحہ ۲۹۸، ۲۹۹

ٹانڈوی صاحب رقمطراز ہیں:

"ہاں ان (تھانوی صاحب) کی رائے دربارہ تحریک آزادی ہند غلط سمجھتا ہوں اس بارے میں میرا یقین کامل ہے کہ میرے اور حضرت تھانوی کے

marfat.com

Marfat.com

استاد شیخ الہند کی رائے نہایت صحیح اور واجب الاتباع تھی"

نوٹ: اب فرمایئے کہ مولانا تھانوی کا خاتمہ بالخیر ہوا یا بالسوء؟

نہیں کہا جا سکتا کہ مولانا تھانوی نے مولانا نانوتوی سے اختلاف مول لے کر اپنا ٹھکانا کہاں بنایا؟ ظاہر ہے جس کا خاتمہ بالخیر نہ ہو گا اس کو آگ کے انگاروں کے سوا جگہ ہی کیا مل سکتی ہے۔ اس کو کہتے ہیں ایک تیر سے دو شکار۔ نہ تو تھانوی صاحب نے عثانی صاحب کو چھوڑا اور نہ ہی خود اپنے کو بلکہ اس اختلاف میں قاری طیب صاحب بھی برابر کے شریک ہیں۔ چنانچہ ملاحظہ فرمایئے:

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۴۷

"البتہ مجھے ان (مولانا حسین احمد) سے حجت کے ساتھ اختلاف ہے اگر وہ حجت ختم ہو جائے تو میں ان کے ماتحت ادنیٰ سپاہی بن کر کام کرنے کو تیار ہوں"

نوٹ: یہ تو ایک ذیلی بات تھی جو بر سبیل تذکرہ آگئی تھی۔ اب مولانا نانوتوی کی بارگاہ میں ان کے عقیدت کیشوں کی والہانہ محبت اور جوش عقیدت کے چند نمونے ملاحظہ فرمایئے۔ یہ کسی اور کا نہیں بلکہ حضرت شیخ کا تذکرہ ہے۔

جمال یار کی رعنائیاں ادا نہ ہوئیں
ہزار کام لیا میں نے خوش بیانی سے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۲

"اور اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ وہ (نانوتوی) عالم نور میں رہتے ہیں ان کی آنکھوں میں بھی نور ہے' ان کے داہنے نور ہے ان کے بائیں نور ہے ان کے چاروں طرف نور ہی نور ہے وہ خود نور ہو گئے ہیں"

نوٹ: دیوبندی عقیدے کی بنا پر رسول خدا ﷺ مر کر مٹی میں مل گئے مگر مولانا نانوتوی مرنے کے بعد نوری نور ہو گئے۔

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

دیوبندی دھرم میں مولانا محمود الحسن ایک نور تھے اور مولانا نانوتوی مرنے کے

marfat.com
Marfat.com

بعد بھی زندہ ہیں ملاحظہ کیجئے۔
شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۴
"شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمتہ اللہ علیہ ایک نور تھے تو شیخ الاسلام
مولانا حسین احمد اس نور کی ضیاء اور چمک تھے۔
(چند سطر کے بعد دوسرے کالم میں)
یہ اللہ والے مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں صدیاں گزر جانے پر بھی
دلوں میں ان کی روح دوڑتی رہتی ہے اور ان کی محبوبیت بدستور قائم
رہتی ہے"

عشق کرنا ہے تو پھر عشق کی توہین نہ کر
یا تو بے ہوش نہ ہو' ہو تو پھر ہوش میں نہ آ

نوٹ: مولانا ٹانڈوی کی قبر پر ہر وقت میلا جھمیلا لگا رہتا ہے جو ان کی محبوبیت کی دلیل ہے' ملاحظہ فرمائیں۔
شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۴
"جو مقبولیت زندگی میں تھی وہی موت کے بعد بھی رہی اور باقی ہے مزار
ہر وقت زیارت گاہ بنا رہتا ہے حتیٰ کہ رات کو ایک ایک بجے بھی جانے
والے گئے تو مزار پر لوگوں کو پایا"

نوٹ: اگر قاری طیب صاحب کی خاطر نازک کو ٹھیس نہ پہنچے تو ان سے دریافت کرنا ہے کہ مولانا ٹانڈوی کی قبر کا میلہ جھمیلہ تو ان کی نظر میں دلیل محبوبیت ہے پھر آخر اجمیر معلی' بہرائچ شریف' خواجہ قطب' پیران کلیر' آستانہ محبوب الٰہی سے انھیں کیوں پرخاش ہے کہ وہاں کے حاضر باشوں کو کھلے بندوں بدعتی اور مشرک بتایا کرتے ہیں' اور اتنے ہی پر اکتفا نہیں بلکہ پوری منصوبہ بندی سے ان آستانہ جات کو مقفل کرا دینے یا ڈھوا دینے کی مہم جدوجہد ہے۔

اب ٹانڈوی صاحب کی بارگاہ میں مفتی بجنور مولوی عزیز الرحمٰن صاحب کی بے پر کی اڑان ملاحظہ کیجئے اور جوش عقیدت کی داد دیجئے۔ جناب شیخ کے بارے میں تو

marfat.com
Marfat.com

حضرات دیوبند کے غلو محبت کا یہ عالم ہے

کبھی جب ذکر چھڑ جاتا ہے ان کا
زباں دو دو پہر ہوتی نہیں بند

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۷۲

"میں اپنی صحیح و صادق عقیدت کی وجہ سے مجبور ہوں کہ مندرجہ ذیل حدیث کا مصداق آپ کو نہ قرار دوں:

**یوشک ان یضرب الناس اکباد الابل یطلبون العلم فلا یجدون اعلم من عالم المدینۃ** (الحدیث رواہ مالک)

ترجمہ: "قریب ہے کہ لوگ اونٹوں پر سفر کر کے دور دراز سے علم حاصل کرنے کے لیے آئیں گے۔ پس وہ عالم مدینہ سے بڑھ کر کسی کو نہ پائیں گے"

نسائی اور حاکم نے حدیث مذکور کی تحسین کی ہے اور سفیان ابن مہدی اور عبدالرزاق نے فرمایا ہے کہ مصداق اس حدیث کا امام مالک ابن انس ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ ہمارے حضرت شیخ الاسلام مولانا سید احمد مدنی" آیۃ من آیات اللہ ہیں"

پتہ دیتی ہے شوخی نقش پا کی
کوئی اس راہ سے ہو کر گیا ہے

نوٹ: اب معاملہ ناظرین کی عدالت میں پیش ہے کہ مفتی بجنور کو اس اقرار کے باوجود کہ سفیان ابن مہدی اور عبدالرزاق نے فرمایا کہ مصداق اس حدیث کا امام مالک ابن انس ہیں مگر وہ اس کو ماننے کے لیے تیار نہیں چونکہ ان کی صحیح اور سچی عقیدت و محبت کا یہ کہنا ہے کہ اس حدیث کے مصداق مولانا ٹانڈوی ہیں۔ مفتی بجنور کے پاس اپنے اس دعوے کی کوئی دلیل نہیں ہے بجز اس کے کہ ان پر ٹانڈوی صاحب کی عقیدت کا دباؤ پڑ رہا ہے قرآن و سنت کی دلیل تو میلاد و قیام عرس و نیاز کے لیے چاہیے اپنے مولانا کی قصیدہ خوانی کے لیے محض عقیدت و محبت کا اشارہ کافی ہے۔ اگر مفتی بجنور کو زحمت نہ ہو تو حدیث کے اس گوشے پر بھی روشنی ڈال دیں کہ یہی حدیث سرکار دو عالم ﷺ کے عالم غیب ہونے کی بھی روشن دلیل ہے کیونکہ یہ بات

marfat.com
Marfat.com

تو ظاہر ہے کہ اگر آقاء دو جہاں ﷺ علی الغیب نہ ہوتے تو اس کی خبر ہی کیونکر دے سکتے تھے کہ لوگ دور دراز سے علم حاصل کرنے آئیں گے پس وہ عالم مدینہ سے بڑھ کر کسی کو عالم نہ پائیں گے۔

سچ جانئے یہی حدیث مولانا نانوتوی کی فوقیت و برتری میں بطور دلیل لائی جارہی ہے اگر اسی حدیث کو علم غیب مصطفےٰ ﷺ کے ثبوت میں پیش کیا جائے تو ایک ہی سانس میں نہ جانے کتنے سوالات اس حدیث پر وارد کردیے جائیں گے تو آئے دن کا تجربہ ہے کہ جو حدیث کے حق میں مثبت مدعی ہو تو اس کا درجہ حدیث قدسی سے کم نہیں ہوتا لیکن اگر کسی حدیث سے حیات النبی اور علم غیب مصطفےٰ کا ثبوت دیا جائے تو اگر زیادہ نہ سہی تو کم از کم اس حدیث کو ضعیف ضرور کہہ دیا جائے گا اور راویان حدیث پر جرح و تعدیل کی بحث کھڑی کردی جائے گی۔ اس مقام پر کہنا یہ ہے کہ سفیان ابن مہدی اور عبدالرزاق جیسے ماہرین فن لاکھ کہتے ہیں کہ اس حدیث کے مصداق مالک بن انس ہیں مگر دیوبند اس کو ماننے کے لیے تیار نہیں چونکہ ان کی عقیدت کا اشارہ مالک بن انس کی طرف نہیں بلکہ مولانا نانوتوی کی طرف ہے ان کا کہنا تو یہ ہے کہ۔

وفاداری بشرط استواری اصل ایماں ہے
مرے بت خانے میں تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

اب شیخ الاسلام نمبر ہی سے ایک اور حوالہ حاضر کرتا ہوں جس سے علماء دیوبند کی دھاندلی کا اندازہ ہوسکے گا کہ قوم کی آنکھوں میں دھول جھونک کر یہ حضرت کتنی ہوشیاری سے اپنے تقدس اور اتباع سنت کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۵۶

"اللہ اکبر ایک واقعہ یاد آتا ہے کہ سیوہارہ میں کچھ خدام مبارک مولانا کے پیروں کو دبانے پر مصر ہوئے جس پر مسلسل انکار فرماتے رہے اور آخر میں فرمایا کیا سنت سے اس کا ثبوت ملتا ہے الغرض حضرت والاقدس سرہ عبادت معاشرت حتیٰ کہ اذواق و مواجیہ ہر نوع زندگی میں اتباع

marfat.com

Marfat.com

سنت کا مظہر کامل تھے"

نوٹ: ناظرین نے یہ تو پڑھ ہی لیا ہے کہ کچھ خدام مولانا ٹانڈوی کا پیر دبانے پر مصر ہوئے تو مولانا نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ اس کا ثبوت حدیث سے نہیں ملتا۔ اب اسی موقعہ پر شیخ الاسلام نمبر کی ایک دوسری روایت ملاحظہ کیجئے جو اس کی ضد ہے جس سے ان کی اتباع سنت کی پوری قلعی کھل جاتی ہے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۳۸

"مولانا ابوالوفا قائل ہیں کہ ایک مرتبہ پنجاب سے واپس ہو رہے تھے۔ حضرت (ٹانڈوی) کے علاوہ مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری بھی ساتھ تھے ایک بار مولانا ابوالوفا صاحب کو محسوس ہوا کہ کوئی صاحب ان کا جسم نہایت آہستگی سے دبا رہے ہیں ان کو آرام محسوس ہوا اور انہوں نے یہ سمجھ کر کہ پنجابی حضرات اکثر اس قسم کی ارادت علماء سے کرتے ہیں کوئی تعارض نہ کیا جب کافی دیر ہو گئی تو انہوں نے چادر سے منہ کھول کر دیکھا کہ آخر یہ کون صاحب ہیں دیکھتے ہی بدحواس ہو گئے' خود حضرت شیخ الاسلام بدن دبا رہے تھے وہ گھبرا کر اٹھے تو دیکھا کہ مولانا عطاء اللہ صاحب بھی بیٹھے ہوئے اپنا منہ پیٹ رہے ہیں کہ مجھے بھی حضرت نے گناہ گار کیا اور اب آپ کی باری تھی"۔

اللہ رے خود ساختہ قانون کا نیرنگ
جو بات کہیں فخر وہی بات کہیں ننگ

سیوہارہ میں اگر پیر کا دبوانا خلاف سنت تھا تو پھر پنجاب کی واپسی میں شاہ عطاء اللہ بخاری اور مولوی ابوالوفا کا بدن دبا کر مولانا ٹانڈوی نے خلاف سنت فعل کا ارتکاب کیوں کیا؟ قصہ مختصر یہ ہے کہ سیوہارہ میں آخر یہ تعارض و تضاد کیا؟ اس روایت کا یہ ٹکڑا بھی ناظرین کی خصوصی توجہ چاہتا ہے کہ "مولوی ابوالوفا صاحب جاگتے ہوئے ہوش و حواس میں اپنا بدن دبواتے رہے اس کی دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں' یا تو مولوی ابوالوفا یہ مسئلہ نہ جانتے تھے کہ پاؤں دبوانا خلاف سنت ہے ورنہ

marfat.com

Marfat.com

پاؤں سمیت لیتے اور خادم کو مسئلہ بتا کر رخصت کر دیتے۔ یا یہ کہ دیدہ دانستہ خلاف سنت فعل کے مرتکب ہوتے رہے۔ اب اس گرہ کو تو مولوی ابوالوفائی کے ناخن تدبیر کھول سکیں گے۔

اس ضمن میں شیخ الاسلام کی ایک اور روایت ملاحظہ کیجئے کہ مولانا ٹانڈوی معصوم تھے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۸۰

"ایک خاص نعمت جو اللہ تعالیٰ نے آپ (ٹانڈوی) کو عطا فرمائی تھی وہ تھی تعبیر رؤیا اس پیکر عصمت کی زندگی نے سیدنا یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے جہاں تقدس و استقامت علی الحق باطل کے مقابلے میں سینہ تان کر السجن احب الی مما یدعوننی کا نعرہ بلند کرنے کا ترکہ پایا تھا وہیں تاویل احادیث کے تمام شعبے بالخصوص تعبیر رؤیا کا کمال بھی حاصل فرمایا تھا"

عشق کی چوٹ کا کچھ دل پہ اثر ہو تو سہی
درد کم ہو کہ زیادہ ہو مگر ہو تو سہی

نوٹ: قربان جایئے اگر آج ہم سنی سرکار دو عالم ﷺ کو پیکر نور کہہ دیتے ہیں تو نجد سے سہارن پور تک تہلکہ مچ جاتا ہے کہ عبداللہ کا وہ بیٹا جو ہمارے ہی جیسا بشر تھا اس کو پیکر نور کہا جا رہا ہے مگر اجودھیا باشی مولانا ٹانڈوی کو پیکر عصمت لکھتے ہوئے غیرت نہ آئی ایک وہ انسان جو سراپا خطا و نسیان ہو اس کو معصوم کیسے کہا جا سکتا ہے جبکہ یہ مسلمات میں سے ہے کہ پیکر بشری و صفوف انسانی میں صرف انبیاء و رسل ہی کو معصوم کہا جا سکتا ہے یہاں تک کہ صحابہ' تابعی' اہل بیت' اولیاء' شہداء' صالحین ان میں سے کسی کو بھی معصوم کہنا درست نہیں۔ چنانچہ اہل سنت و اہل تشیع کا یہ ایک نزاعی مسئلہ ہے کہ ائمہ کو معصوم کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اہل تشیع ائمہ کی عصمت کے قائل ہیں مگر اہل سنت کو اس سے اختلاف ہے۔ اس کے باوجود حضرات دیوبند کی نظر میں مولانا ٹانڈوی پیکر عصمت تھے اور سرکار دو عالم انہیں جیسے بشر۔

marfat.com

Marfat.com

یہ ہے دیو بندی مشن کا نقطۂ فکر اور مطمع نگاہ کہ اپنے مولانا کو حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کے دوش بدوش بٹھاؤ اور آقائے دو جہاں ﷺ کو اپنے جیسا بشر اور گاؤں کا چودھری کہہ کر اپنی ہی صف میں انہیں جگہ دو محبوب خدا کے لئے تو یہ قانون ہے کہ ان کی تعریف بشر جیسی کرو یا اس سے بھی کم درجہ کی ،مگر نانوتوی کو سراپا نور اور پیکر عصمت کہو اور جہاں کہیں موقعہ مل جائے انبیاء و رسل سے بھی دو چار ہاتھ آگے بڑھا دینا۔ لیجئے شیخ الاسلام ہی سے اس کی بھی شہادت پیش کیے دیتا ہوں یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مولانا نانوتوی کی اقتداء میں نماز جمعہ ادا کی۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۴

"حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام گویا کسی شہر میں جامع مسجد کے قریب ایک حجرہ میں تشریف فرما ہیں اور متصل دوسرے کمرے میں کتب خانہ ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتب خانہ سے ایک مجلد کتاب اٹھائی جس میں دو کتابیں تھیں ایک کتاب کے ساتھ دوسری کتاب تھی وہ خطبات جمعہ کا مجموعہ تھا۔ اس مجموعہ خطب سے وہ خطبہ نظر انور سے گزرا جو مولانا حسین احمد مدنی خطبہ جمعہ پڑھا کرتے ہیں جامع مسجد میں بوجہ جمعہ مصلیوں کا مجمع بڑا ہے۔ مصلیوں نے فقیر سے فرمائش کی کہ تم حضرت خلیل اللہ سے سفارش کرو کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام مولانا مدنی کو جمعہ پڑھانے کا ارشاد فرمائیں فقیر نے جرأت کر کے عرض کیا تو حضرت خلیل علیہ السلام نے مولانا مدنی کو جمعہ پڑھانے کا حکم فرمایا مولانا مدنی نے خطبہ پڑھا اور نماز جمعہ پڑھائی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مولانا کی اقتداء میں نماز جمعہ ادا فرمائی فقیر بھی مقتدیوں میں شامل تھا۔ الحمد اللہ علی ذالک حمدا کثیرا حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام ضعیف العمر تھے۔ ریش مبارک سفید تھی۔

میں سمجھتا ہوں تیری عشق گری کو ساقی
کام کرتی ہے نظر نام ہے پیمانے کا

نوٹ: ہمیں اس مقام سے بحث نہیں کہ اس قسم کے عوامی خواب کو کسی کی تعریف

marfat.com
Marfat.com

و توصیف میں بطور سند پیش کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اور نہ تو یہ بحث چھیڑنی ہے کہ حضرات دیو بند اپنے اکابر کے فضائل و مناقب خواب ہی کے راستے کیوں ثابت کرتے ہیں۔ البتہ ماتم تو یہ کرنا ہے کہ اس بد نصیب نے جب خواب میں مولانا نانوتوی اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ دونوں کو دیکھا تو حضرت خلیل اللہ کے بجائے نانوتوی سے جمعہ پڑھانے کی درخواست کیوں کی؟ بالفرض اگر مصلیوں کی خواہش پر حضرت خلیل اللہ نے نانوتوی صاحب کو نماز جمعہ پڑھانے کا اشارہ کیا تو چاہئے یہ تھا کہ مولانا نانوتوی اس کو سوء ادب سمجھتے ہوئے عرض کرتے کہ ایک نبی کی موجودگی میں غیر نبی کو امامت کا حق نہیں پہنچتا اور آج ہم سب کی سعادت اسی میں ہے کہ اللہ کے ایک برگزیدہ پیغمبر کی اقتدا میں اپنی نماز جمعہ ادا کریں۔ مگر یہاں کا عالم تو یہ ہے کہ "اونٹ کی کون سی کل سیدھی" پیر و مرشد دونوں عظمت نبوت کے خلاف برسرپیکار ہیں۔ تعجب ہے کہ مولانا محمد میاں ناظم جمیعتہ العلماء پر جو شیخ الاسلام نمبر کے مرتب ہیں انہوں نے اس روایت کو شریک اشاعت کیوں کر لیا؟

اے دوستو! اب یہ فیصلہ تمہارے ہاتھ میں ہے کہ ایک نبی کی موجودگی میں غیر نبی کے پیچھے نماز پڑھنا قابل حمد و شکر ہے یا لائق تاسف؟

اگرچہ زیارت خواب ہی میں نصیب ہوئی تاہم نانوتوی کے پیچھے تو اور بھی دنوں میں نماز پڑھی جا سکتی تھی مگر فیروز بختی اس میں تھی کہ خواب ہی میں مسجد کے ایک نبی کی اقتدا میں نماز ادا کر لی جاتی۔ کہنے والے نے سچ کہا

چمن کی بات ہو یا بزم مے کا نام آئے
لبوں پہ تذکرۂ یار آ ہی جاتا ہے

مولانا نانوتوی کے ساتھ ان کے نیاز مندوں اور پجاریوں کی داستان محبت بہت طویل ہے اگر یہ واقعات اسی بسط و تفصیل سے قلمبند کیے گئے تو کتاب کی ضخامت کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہے اس لیے اب اختصار سے کام لیتے ہوئے چند حوالہ جات اور حاضر کیے جاتے ہیں۔ مولانا نانوتوی انسانوں کی تقدیر و تصور بدل دیتے تھے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۵۶

marfat.com

Marfat.com

"میرے بزرگو اور دوستو! یہ زندہ کرامت نہیں ہے کہ میں آوارہ گردوں کی صف اول میں ممتاز حیثیت رکھتا تھا اور استاذ کہلاتا تھا مگر آج ۱۹۵۷ء میں شیخ الاسلام کے غلاموں میں ممتاز حیثیت دی گئی ہے مجاز کہلاتا ہوں"

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

نوٹ: مولانا ٹانڈوی کی نظر کرم نے گداؤں کو شہنشاہی دی۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۵۴

"آج اس مشفق مربی شیخ کامل کا ساتھ ہے
جن کی نظروں سے گداؤں کو شہنشاہی ملے"

نوٹ: جی ہاں مولانا ٹانڈوی کی ایک نظر کرم گدا بے نوا کو تاج شاہانہ عطا کرتی تھی اور لوگوں کی تقدیر بدل دیتی تھی۔

"مگر جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"

اور سنیئے کہ ٹانڈوی اس دور کے عبداللہ ابن مبارک تھے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۳۸

"ایک مرتبہ مجھ کو سوتے میں آواز آئی کہ مولانا حسین احمد صاحب اس دور کے عبداللہ ابن مبارک ہیں"

نوٹ: عبداللہ ابن مبارک ہی نہیں بلکہ خلاصۂ کائنات تھے جیسا۔ گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے یعنی۔

خدا کے لیے یہ تو مشکل نہیں
ہو عالم کا مجموعہ اک فرد واحد

مولانا ٹانڈوی امت کے آخری سہارا تھے۔ اب آج کے دیوبندی بے سہارے و بے یار و مددگار ہیں۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۹۷

"مگر اب آہ مرے مسیحا! دنیا میں تو اس وقت قیامت برپا ہے امت

marfat.com
Marfat.com

مرحومہ کا تو ایک ہی سہارا تھا سو قیامت میں ملنے کا وعدہ کر کے چلا گیا"
کیا خوب ہے۔

جاتے ہوئے کہتے ہیں کہ قیامت میں ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

مولانا نانڈوی کی موت سے شریعت و طریقت کی عظمت لٹ گئی۔
شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۹۹

"ان کی موت سے شریعت و طریقت کی عظمت لٹ گئی۔ علم و عرفان کی بزم سونی ہو گئی' سلوک و تصوف کی خانقاہ اجڑ گئی' عزم و استقلال کے بلند منارے زمیں کے برابر ہو گئے"

نوٹ: رسول خدا ﷺ کو تو ہر دیو بندی اچھی طرح جانتا پہچانتا ہے کہ پیغمبر خدا دیو بندیوں کے بڑے بھائی تھے' انھیں جیسے بشر تھے۔ اپنی امت میں ان کا مرتبہ اتنا ہی بلند تھا جیسے گاؤں کا چودھری وغیرہ۔ مگر مولانا نانڈوی کے فضائل و کمالات کا اندازہ یہ ہر انسان کا کام نہیں ہے۔

ملاحظہ کیجئے۔ شیخ الاسلام نمبر صفحہ ٦٧

"آپ کے فضائل علیہ اور کمالات باطنیہ کی صحیح اطلاع یا تو خدا وند قدوس ہی کو ہو سکتی ہے یا ان اولیاء کرام اور علماء ربانیین کو ہو سکتی ہے جن کو مبدا فیاض نے چشم بصیرت عطا فرمائی ہے ہم جیسے کور چشم آپ کی ذات قدسی صفات کو کیا پہچان ہو سکتی ہے"

نوٹ: مولانا نانڈوی کے فضائل علمی کمالات باطنی کی باری آئی تو سارے دیو بندی چندھیا گئے۔ آنکھیں خیرہ ہو گئیں۔ ان کے فضائل و کمالات کی اطلاع یا تو ذات احدیت کو ہو سکتی ہے۔ (ہو سکتی ہے' سے یہ بات بھی مترشح ہوتی ہے کہ بالفعل اطلاع نہیں ہے اگر چاہے تو مطلع ہو سکتا ہے) یا پھر اولیاء کرام جنھیں مبداء فیاض سے چشم بصیرت ملی ہو مگر محبوب خدا ﷺ سے متعلق ہر دیو بندی اچھی طرح جانتا ہے کہ انھیں پیٹھ پیچھے کی خبر نہ تھی' دیوار کے پیچھے کا علم نہ تھا' وہ غیب نہیں جانتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

آخر یہ رسول دشمنی نہیں تو اور کیا ہے؟ ایک اور لطیفہ سنئے مولانا نانوتوی کی موت پر شاداب پھول پژمردہ ہو گئے اور پانی سیاہ ہو گیا

کون اس باغ سے اے باد صبا جاتا ہے
رنگ رخسار سے پھولوں کے اڑا جاتا ہے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۵۹

"مولوی شوکت علی بہوی منتظم دارالعلوم دیوبند حضرت کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے چمپا کے پھول لائے۔ ایک بوتل میں پانی بھر کر پھول اس میں ڈال دیے گئے اس طرح خوشنما بھی معلوم ہوتے ہیں اور ان کی عمر بھی چار ماہ ہو جاتی ہے یعنی چار ماہ تک پژمردہ نہیں ہوتے۔ حضرت نانوتوی نے اس ہدیہ کو مسرت سے قبول فرمایا اور حکم دیا کہ یہ بوتل ان کے کمرے میں میز پر رکھ دی جائے چار ماہ کی بجائے تین سال تین ماہ گزر گئے تھے پھول اسی طرح تر و تازہ تھے ان کی تازگی میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ مگر افسوس[1] پانچ دسمبر ۵۷ء کے حادثہ جانکاہ کی تاب وہ بھی نہ لاسکے اور دفعتاً ان کی تازگی پژمردگی سے بدل گئی وہ سارے پھول سیاہ ہو گئے حتی کہ پانی میں سیاہی کا اثر آ گیا"

نوٹ: شیخ الاسلام نمبر سے جتنے بھی شواہد پیش کیے جارہے ہیں وہ ناظرین کے حق میں لمحہ فکریہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مقصود نگارش اس کے سوا کچھ بھی نہیں ہے کہ قارئین علماء دیوبند کی رسول دشمنی اور پیر پرستی کا موازنہ فرماتے ہوئے ان کے مشن کا صحیح جائزہ لیں۔ بات اپنی طرف سے کچھ بھی نہیں کی جارہی ہے یہ جو کچھ بھی ہے انہیں کے گھر کا منتشر سرمایہ ہے جس کو میں نے سمیٹ کر یکجا کر دیا ہے۔ مذکورہ بالا روایت کے تحت ناظرین خیال فرمائیں کہ اگر پانی مسلسل تبدیل ہوتا رہے تو چمپا کی عمر زیادہ سے زیادہ چار ماہ کی ہو جاتی ہے مگر حضرت شیخ کی خدمت میں پہنچنے کے بعد اس کی عمر ۳ سال اور ۳ ماہ کی ہو گئی اور ۵ دسمبر ۵۷ء جو مولانا نانوتوی کی تاریخ موت

---

[1] تاریخ موت مولانا نانوتوی

marfat.com

Marfat.com

ہے اس حادثہ کا جھٹکا وہ بھی برداشت نہ کرسکا اور پژمردہ ہوگیا۔ اور اتنا ہی نہیں بلکہ پھول و پانی سیاہ ہو گئے۔ نہ جانے کتنی سیاح روح تھی نتیجہ یہ نکلا کہ پھول کی عمر کا بڑھنا اور اس کا یکایک پژمردہ ہونا' صاف شفاف پانی کا سیاہ ہو جانا' یہ تمام چیزیں مولانا نانڈوی کے زیر اختیار و اقتدار تھیں۔ اب انصاف پسندی کا تقاضا ہے کہ تقویۃ الایمان کا قانون یہاں جاری کیا جائے "اللہ صاحب کے اختیارات کسی بندے کو دینا ایسے ہی ہے جیسے بادشاہ کا تاج چمار کے سرپر رکھ دیا جائے" مگر یہ سارے قوانین تو سرکار رسالت مآب ﷺ ہی کی بارگاہ میں نافذ کیے جاتے ہیں۔ بات مختصری یہ ہے کہ محبوب خدا کو گھٹانا اور اپنے علماء کو بڑھانا یہ دیوبندی مشن کا مطمع نظر اور کعبہ مقصود ہے۔

اسی ضمن میں ایک روایت اور بھی ملاحظہ فرمایئے کہ مولانا نانڈوی کے حکم پر دھوپ اور چھاؤں ہوتی تھی۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۱

"حضرت مولانا نانڈوی اور میاں سید بشیرالدین صاحب حضرت مولانا نانڈوی کی سسرال قتال پور ضلع اعظم گڑھ جا رہے تھے تینوں آدمی گھوڑے پر سوار تھے۔ گرمی کی شدت سے پریشان تھے۔ میں نے حضرت مولانا نانڈوی سے عرض کیا کہ دھوپ کی شدت سے سخت پریشانی ہے۔ حضرت مولانا خاموش رہے تھوڑی دیر میں میں نے دیکھا کہ ابر کا ایک ٹکڑا نمودار ہوا اور بڑھتے بڑھتے ہم لوگوں پر سایہ فگن ہوگیا اور نہایت آرام سے ہم لوگ چلنے لگے۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے دیکھا دور سے پانی آرہا ہے میں حضرت نانڈوی سے عرض کیا کہ حضرت وہ دھوپ ہی اچھی تھی اب بھیگے ہوئے سسرال پہنچیں گے۔ حضرت مولانا پھر خاموش رہے یہاں تک کہ پانی سرپر آگیا لیکن خدا کی قدرت ہر چہار طرف پانی برس رہا تھا گھوڑے پانی پر چل رہے تھے لیکن ہم لوگوں پر پانی کا ایک قطرہ تک نہیں پڑ رہا تھا"

نوٹ. اگر آج ہم لوگوں کے زبان و قلم سے یہ نکل جائے کہ سرکار دو عالم ﷺ یہ

marfat.com

Marfat.com

جانتے تھے کہ بارش کب ہو گی' تو منہ چھٹتے ہی ہمیں مشرک کہا جاتا ہے لیکن مولانا نانڈوی صرف یہ نہیں جانتے تھے کہ بارش کب ہو گی' دھوپ چھاؤں کا ہونا اور بارش بھی ایسی کہ ارد گرد ہو مگر پانی کا کوئی قطرہ مولانا نانڈوی اور ان کے ساتھیوں پر نہ پڑ سکے' یہ ساری باتیں ان کے اختیار میں تھیں گویا کہ جس قدر بھی یہ نظام عالم ہے وہ سب علماء دیو بند کے قبضہ قدرت میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مولانا تھانوی صاحب جب گھر سے باہر نکلتے تو ابر کا سیاہ ہو جانا ضروری تھا' پھول کا شاداب رہنا' اس کا مرجھانا' پانی کا سیاہ ہونا' ابر کا آنا اور بارش کا ہونا یہ سب مولانا نانڈوی کے اختیارات تھے۔

اسی لیے تو حضرات دیو بند کا یہ کہنا ہے کہ مولانا نانڈوی انسان نہ تھے بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی کبریائی پر پردہ ڈال کر آیا تھا' حوالہ جلد اول میں گزر گیا ہے۔ اور مولانا نانڈوی پیکر عصمت تھے۔

ایسے ہی مولانا تھانوی کو اپنے اکمل ہونے کا یقین تھا جس کے نتیجے میں اپنے مریدین سے لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ پڑھواتے تھے اور یہ مانی ہوئی بات ہے کہ ان حضرات کے لئے اعلیٰ سے اعلیٰ مقامات و مراتب وہی دل و دماغ تسلیم کر سکتا ہے جس کو گھڑے ہوئے کشف و کرامات سے بوجھل بنا دیا گیا ہو اور ایسے ہی رسول خدا ﷺ کو اپنے جیسا بشر اور گاؤں کا چودھری وہی بدنصیب کہہ سکتا ہے جو آقاء دو جہاں ﷺ کے فضائل و کمالات سے قطعاً ناآشنا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ علماء دیو بند اپنے بزرگوں کی قصیدہ خوانی میں زمین و آسمان کے قلابے ملاتے ہیں۔ اور رسول خدا کے بارے میں یہ تلقین کی کہ بشر جیسی تعریف کرو بلکہ اس سے بھی کم درجہ کی۔ اب یہیں پر مولوی نانڈوی جیسے صاحب کشف و کرامات کی دھینگا مشتی ملاحظہ کیجئے اور اندازہ کیجئے کہ وہ کن بزرگوں میں تھے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۵

"والد صاحب چونکہ حضرت حاجی امداد اللہ و حضرت گنگوہی اور حضرت شیخ الہند کی صحبت و خدمت میں عرصہ دراز تک رہے اس لئے حضرتؒ و

marfat.com

Marfat.com

ان سے گہرا تعلق تھا بے تکلفی کا یہ عالم تھا کہ والد صاحب ایک مرتبہ دیو بند آپ کی خدمت میں حاضر تھے حضرت (ٹانڈوی) نے فرمایا مٹھائی کھلایئے۔ والد صاحب نے فرمایا کہ مٹھائی تو آپ کھلایئے میں آپ کا مہمان ہوں۔ مگر حضرت نے نہ مانا۔ کچھ دیر تو اصرار کیا لیکن جب اس طرح کام نہ چلا تو حضرت مولانا (ٹانڈوی) نے والد صاحب کو پچھاڑ کر ان کی جیب سے روپیہ نکال کر مٹھائی منگائی۔"

نوٹ: راوی یہ لکھنا بھول گیا کہ مولانا ٹانڈوی نے جب اس کے والد کو پچھاڑا تھا تو طلباء نے جوش مسرت میں قہقہے ہی پر اکتفا کیا یا نعرہ تکبیر بھی بلند کیا تھا۔ بہرکیف خواہ قہقہے لگے ہوں یا نعرۂ تکبیر کی صدائیں گونجی ہوں ہمیں تو ایک لمحہ کے لئے ناظرین کو صفحہ کتاب سے ہٹا کر دیو بند کے دارالحدیث میں لے جانا ہے اور دنیائے تصور میں اکھاڑ پچھاڑ کا یہ حسین منظر کہ مہمان نیچے ہے اور کئی من کا لاشہ اسکے سینے پر بیٹھ کر جیب سے روپیہ نکال رہا ہے اور یہ پچھڑا ہوا انسان مولانا ٹانڈوی کی جھاڑ پھونک سے چاروں شانے چت نہیں ہوا بلکہ لفظ "پچھاڑنا" خود بتا رہا ہے کہ کچھ دیر تک ہاتھاپائی ہوتی رہی اور داؤ پینترے چلے اس کے بعد کہیں مولانا ٹانڈوی اس پر قابو یافتہ ہوئے۔ یہ ہیں حضرات دیو بند کے کھدر پوش اجودھیا باشی شیخ الاسلام جو انسان نہ تھے بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی کبریائی پر پردہ ڈال کر آگیا تھا۔

"۱۹۲۹ء میں امروہہ میں جمیعتہ العلماء ہند کا عظیم الشان اجلاس ہوا تھا اس موقع پر آم چل رہے تھے ہمارے یہاں مولانا ٹانڈوی کو دعوت دی گئی حضرت کے ساتھ مفتی اعظم حضرت مولانا کفایت اللہ صاحب بھی تھے۔ گھر میں جب تشریف لائے تو گوشت کی ہانڈی پکی رکھی تھی حضرت نے ازراہ خوش طبعی و بے تکلفی ہانڈی سے ہی دہان مبارک لگا کر شوربا پینا شروع کر دیا۔ بعد ہمراہی بشمول حضرت مفتی صاحب یہ دلچسپ منظر دیکھ کر بے ساختہ قہقہہ لگانے پر مجبور ہوگئے۔

marfat.com
Marfat.com

اٹھو وگرنہ حشر نہ ہوئے گا پھر کبھی
دیکھو زمانہ چال قیامت کی چل گیا

نوٹ: کہاں تو اتباع سنت کا یہ عالم کہ سیوہارہ میں پیر کا دیوانا خلافت سنت سمجھا گیا اور امروہہ پہنچ کر احتیاط و تقویٰ کا سارا نشہ ہرن ہوگیا یہاں تک کہ میزبان سے استفسار کئے بغیر ہانڈی سے منہ لگا کر شوربہ پینا شروع کردیا۔

دوستو! مجھے رسول خدا ﷺ کی حیات طیبہ کا ایک واقعہ یاد پڑتا ہے کہ ایک بار جان رحمت ﷺ از راہ شفقت و عنایت حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کے کاشانہ پر تشریف لائے۔ حضرت بریدہ نے چولھے پر ہانڈی چڑھا رکھی تھی۔ آقائے نعمت جان رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا: بریدہ! ہانڈی میں کیا ہے؟ عرض کیا یارسول اللہ! اس میں گوشت ہے۔ سرکار نے از راہ تلطف و مہربانی ارشاد فرمایا: اس میں میرا بھی حصہ ہے؟ حضرت بریدہ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! یہ صدقہ کا گوشت ہے اور سرکار نے اپنے اوپر صدقہ حرام فرمایا ہے۔ یہ سن کر آقا دوجہاں ﷺ نے مسئلہ ارشاد فرمایا:

**لک صدقة ولنا هدية**

(اے بریدہ!) یہ تمہارے لئے تو صدقہ ہے مگر ہمارے لئے ہدیہ ہے۔

عرض یہ کرنا ہے کہ سرکار دوعالم ﷺ کی سیرت و زندگی میں یہ بات نہیں ملتی کہ حضور نے بریدہ سے دریافت کئے بغیر ہانڈی سے کچھ نکالا ہو' چہ جائیکہ منہ لگا کر شوربہ پینا۔ اور تعجب ہے کہ دیوبندیوں کے مفتی اعظم مولوی کفایت اللہ صاحب جو بات بات میں استرا استرا کہہ کر سمجھانے کے عادی تھے وہ بھی اس دھما چوکڑی میں شریک تھے حالانکہ ان کی ذمہ داری تو یہ تھی کہ وہ مولانا ٹانڈوی کو مسئلہ سے آگاہ کرتے کہ فقہاء نے مہمان کو خوان کے بچے ہوئے شوربے کو پینے سے منع فرمایا ہے چہ جائیکہ دسترخوان پر آنے سے پہلے اس کا صفایا کرکے میزبانی کی ہانڈی لوٹی جائے'

اب دو ایک روایتیں اور بھی ملاحظہ فرمایئے جو مولانا قاسم نانوتوی اور مولانا ٹانڈوی کے مرض الموت سے متعلق ہیں مگر اس سے پہلے سیدنا امام احمد رضا فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ پر دیوبندی گروپ کا ایک ناروا جارحانہ حملہ کا ملاحظہ کرلینا ضروری

marfat.com
Marfat.com

ہے۔

وفا داری مرا شیوہ جفاکاری شعاری ان کا
میں اپنی سی کیے جاؤں وہ اپنی سی کیے جائیں

"رسالہ الاحسان" جلد دوم شمارہ نمبرا محرم الحرام ۱۳۷۵ھ / ستمبر ۱۹۵۵ء زیر عنوان مسائل شہریہ صفحہ ۳

"اور یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص اپنے متعلقین سے یہ وصیت کر جائے کہ میرے لئے ہفتہ میں دو تین بار فلاں فلاں کھانوں میں سے اشیاء بھیج دیا کریں اور منجملہ ان اشیاء کے دودھ کا برف خانہ ساز بھی ہو تو قابل غور بات یہ ہے کہ اگر کوئی خلف سعادت دسمبر اور جنوری میں اس وصیت پر عمل کر گزرے تو نہ جانے اس شخص کا عالم قبر میں کیا حال ہوگا اور خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ فاتحہ کا ایصال ہوگا یا ایصال عذاب۔"

نوٹ: "الاحسان" کی مندرجہ بالا عبارت وصایا شریف سے متعلق ہے احسان فروش ایڈیٹر کو زحمت نہ ہو تو اپنے گھر کی ایک کہانی سن لیں۔

وصایا شریف کا یہ جملہ "دودھ کا برف خانہ ساز ہو" تو آپ کی نظر میں کھٹک گیا مگر یہ خیال نہ رہا کہ اس وصیت میں غرباء و مساکین کی کتنی رعایت ہے۔ وصیت کرنے والا خود اپنے لئے بے چین نہیں ہے بلکہ اس کی خواہش یہ ہے کہ مری فاتحہ میں مریدین و متوسلین کے ساتھ غرباء و مساکین کو عمدہ چیزیں دستیاب ہو جائیں جو انکی فرحت و انبساط کا زیادہ باعث ہوگی چونکہ ناداروں کو اچھی چیزیں مشکل سے دستیاب ہوتی ہیں۔

یہ بات تو قابل تعریف ہے نہ کہ لائق مذمت۔ البتہ اپنے بزرگوں کی شکم پروری و لذت نفس کی روایت ملاحظہ کیجئے کہ مرض الموت میں کلمہ درود پڑھنے یا عزیز و اقارب و غربا کے حق میں کلمہ خیر کہنے کے بجائے سردہ اور ککڑی کے لئے دل بے چین تھا اور زبان پر روح اٹکی ہوئی تھی یہاں تک مرتے مرتے مولانا نانوتوی کے لئے لاہور اور کراچی سے سردہ منگایا گیا اور مولانا قاسم کے لئے لکھنؤ سے ککڑی منگائی

marfat.com
Marfat.com

گئی۔

اب فرمایئے ان حضرات کے بارے میں کیا فیصلہ ہے؟

تمناؤں کی قتل عام کیوں ہے سوچنا ہوگا
ہمیں پر بارش احکام کیوں ہے سوچنا ہوگا

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۱۴

"کون سمجھ سکتا ہے کہ اس خواہش میں بھی سنت اسلاف اور طلب رضا الٰہی کا کہاں تک جذبہ تھا اور اپنی طبعی خواہش کا کیا حصہ تھا اور یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ حضرت نانوتوی کے لئے لکھنؤ سے ککڑی منگوائی گئی تھی تو حضرت (ٹانڈوی) کے لئے مولانا سجاد حسین صاحب کی معرفت کراچی سے اور مولانا حامد میاں صاحب نے لاہور سے سردہ بھیجا تھا۔"

مرا ہی نام زمانہ نے کر دیا بدنام
میں جس کے نام پہ مرتا ہوں اس کا نام نہیں

نوٹ: مدیر احسان فروش کو اب تو ہوش آیا ہوگا کہ ان کے اکابر کی جان اس وقت تک نہ نکلی جب تک کہ سردہ اور ککڑی سے پیٹ نہ بھرلیا۔

یہ بھی کیا خوب رہی کہ سردہ اور ککڑی کے طلب کرنے میں رضاء الٰہی کو دخل تھا۔ "مارے گھٹنا پھوٹے آنکھ" والا مضمون ہے۔ طلب رضا الٰہی اور کجا لذت نفس و طبعی خواہش آخر یہ کیا بے جوڑ پیوند ہے۔ سچ جانئے عقیدت و محبت کے روگی مریض غلوء محبت میں حقائق سے منہ موڑ کر کچھ ایسی ہی اٹانگ شانگ ہانکا کرتے ہیں۔ سیدنا امام احمد رضا کی وصایا شریف میں کیڑے نکالنے والے کبھی اپنے اکابر کے "ہائے پلیٹ" و "ہائے نفس" کا نعرہ سماعت فرمائیں تو وصایا کی عبارت خود ہی سمجھ میں آجائے گی۔ ہاں ایک بات یہ بھی ارشاد فرمائیں کہ ککڑی اور سردہ کے طلب کرنے میں طلب رضاء الٰہی کو دخل تھا اور ساتھ ہی ساتھ سنت اسلاف کا جذبہ بھی کار فرما تھا تو سنت اسلاف کا جذبہ محض ککڑی اور سردہ ہی کھانے تک محدود تھا یا میلاد و قیام تک بھی اس کی رسائی تھی۔ اس کو تو آپ بھی جانتے ہوں گے کہ آپ سب کے روحانی

marfat.com

Marfat.com

لنگڑ دادا حاجی امداد اللہ صاحب سال میں محفل میلاد شریف منعقد کرتے اور کھڑے ہو کر سلام پڑھنے میں لذت محسوس کرتے۔

پھر کیا ہوا کہ میلاد و قیام کے اتباع میں آپ حضرات نے اپنے اسلاف سے رشتہ و ناطہ توڑ دیا۔ اب آپ لوگوں کے یہاں حاجی امداد اللہ صاحب اسلاف کے بجائے اخلاف میں شمار کیے جانے لگے۔ یہ تو وہی مضمون ہے "میٹھا میٹھا ہڑپ اور کڑوا کڑوا تھو" قارئین اس حقیقت کو کبھی بھی فراموش نہ فرمائیں کہ شریعت سے مذاق و استہزا علماء دیوبند کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ لذت نفس پر طلب رضاء الٰہی کا لیبل اور میلاد شریف کو کنھیا کے جنم سے تشبیہ دینا یہ تو ان کا صبح و شام کا مشغلہ ہے۔

مذکورہ بالا روایت کی تفصیلی کڑی بھی ملاحظہ کرلیجئے تو بات آگے بڑھائی جائے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۱۴

"کچھ عجیب اتفاق ہے کہ عموماً تمام مشائخ اور خصوصاً مولانا محمد قاسم نے آخر وقت میں پھل کی خواہش کا اظہار فرمایا چنانچہ مولانا محمد قاسم کے لئے لکھنؤ سے ککڑی منگائی گئی تھی۔ حضرت (ٹانڈوی) نے بھی آخر میں "سردے" کی خواہش کا اظہار فرمایا اور منجانب اللہ اسلاف کی سنت پر طبیعت اس درجہ مجبور ہوئی کہ جب مولانا محمد قاسم اور مولانا محمد مشاہد فاخری ملاقات کو تشریف لائے تو فرمایا کیا کہئے کیا آج کل سردا نہیں مل سکتا؟ انہوں نے عرض کیا حضور ضرور مل جائے گا چونکہ اس سے قبل مولانا اسعد صاحب مولانا فرید الوحیدی صاحب وغیرہ نے دہلی "سہارنپور' میرٹھ ہر جگہ تلاش کیا مگر کہیں دستیاب نہ ہوا۔"

نوٹ: وصایا شریف پر اعتراض کرنے والے کبھی گریبان میں منہ ڈال کر اپنے اسلاف و بزرگوں کی خواہش نفس کا جائزہ لیں۔

اور اتنا ہی نہیں کہ محض ککڑی اور سردہ کے لئے ان کے اکابر نے سر پیٹا ہو بلکہ موت کے چنگل میں کلمہ' درود شریف' سورۃ یٰسین پڑھنے پڑھانے کے بجائے مولانا ٹانڈوی "الو" کا تذکرہ کر رہے تھے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

marfat.com

Marfat.com

گلشن، قفس، بہار، گریباں، جنوں، خرد
مربوط ان سے بزم خرابات ہوگئی

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۱۴

"والدہ سے پوچھا کیا اب بھی ٹانڈے میں تمہارے مکان پر "الو" بولتا ہے؟ ہمیشہ صبح کے وقت ایک مخصوص مقام پر بیٹھ کر وہاں الو بولتا رہا ہے۔ والدہ نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا ہاں ہمارے بچپن میں اسی جگہ املی کا بہت بڑا درخت تھا اس پر ہمیشہ ایک الو بولتا تھا۔ وہ حسب عادت آج بھی بولتا ہے۔ میں نے عرض کیا حضرت یہ ضروری ہے کہ جو اس وقت بولتا تھا آج بھی وہی ہو فرمایا ہاں بھائی اس کی عمریں چھ چھ سو سال تک کی ہوتی ہیں پھر والدہ سے مخاطب ہوئے "اللہ داد پور" ہمارے بچپن میں اس قدر آباد تھا کہ حیرت ہوتی ہے وہ سب لوگ کہاں گئے فرمایا کہ والدہ کہتی تھیں کہ ایک زمانہ میں ہر طرف بڑے بڑے لوگوں کی چارپائیاں بچھی ہوئی ہوتی تھیں اور مال و دولت کی فراوانی تھی لوگوں کی کثرت تھی پھر والدہ سے اظہار رائے کے طور پر فرمایا کہ اس "الو" کے بارے میں سنا ہے کہ یہ بہت ہی منحوس ہوتا ہے والدہ نے کہا جی ہاں جہاں بولتا ہے وہ جگہ اجاڑ ہوجاتی ہے فرمایا کہ سب تو مرگئے اب کسے لے جانا چاہتا ہے۔"

نوٹ: اس روایت کا آخری ٹکڑا قابل غور ہے کہ "سب تو مرگئے اب کسے لیجانا چاہتا ہے۔" یعنی مولانا ٹانڈوی قضاء و قدر سے نہیں مرے بلکہ انہیں "الو" لے گیا اور انہیں کو کیا بلکہ پورے خاندان کو وہی ایک "الو" لے گیا۔ الو کی نحوست پر اتنا اعتماد و بھروسہ کہ خداوند قدوس سے بھی اعتماد و توکل جاتا رہا۔

کہاں کھولے ہیں گیسو یار نے خوشبو کہاں تک ہے

اب شیخ الاسلام نمبر سے ایک ایسی روایت پیش کرتا ہوں جو علماء دیوبند کی ایک بہت ہی معرکۃ الآراء بحث پر ضرب کاری کا کام کرتی ہے جس بحث کا تذکرہ مدیر فاران

marfat.com
Marfat.com

نے بھی توحید نمبر میں بڑی شد و مد سے کیا ہے۔ پہلے فاران کی بات سنیئے پھر شیخ الاسلام نمبر کی روایت۔

فاران توحید نمبر صفحہ ۴۰

"رسول اللہ ﷺ نے جس درخت کے نیچے صحابہ کرام سے بیعت لی تھی اور جس کا ذکر خود قرآن کریم میں آیا ہے اور **لقد رضی اللہ عن المومنین اذیبا یعونک تحت الشجرۃ** یہ درخت برکت کا کتنا بڑا اثر و نشان بن سکتا تھا۔ مگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھ کر کہ لوگ اس درخت کے پاس کثرت سے آنے جانے لگے تھے اور خطرہ ہو گیا کہ عقیدت کا غلو کہیں مسلمانوں کو بے اعتدالی میں مبتلا نہ کر دے اور آنے والی نسلیں اس درخت کو نشان تعظیم نہ بنا لیں حضرت عمر نے اس درخت ہی کو سرے سے کٹوا دیا"۔

دل میں طوفان وفا آنکھوں میں سیل اشتیاق
عشق سے پہلے مذاق عاشقی پیدا کرو

نوٹ: یہ بات تو تفصیل طلب ہے کہ حضرت عمر فاروق نے اس درخت کو کٹوایا تھا یا وہ از خود غائب ہو گیا جیسا کہ بعض محققین کی رائے ہے۔ بالفرض اگر اسی خیال کے تحت حضرت عمر فاروق اعظم نے اس کو کٹوایا تو اب اپنے شیخ الاسلام مولانا حسین احمد کی بدعت پرستی ملاحظہ فرمایئے جو حضرت فاروق اعظم سے اعلان جنگ کے مترادف ہے۔ ماہر صاحب سنیئے اور کلیجہ پیٹیئے

اثر کرے نہ کرے سن تو لے مری فریاد
نہیں ہے داد کا طالب یہ بندہ آزاد

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۱۹

"مہمان خانہ کے صحن میں ایک درخت تھا جس میں نہایت خوشبو دار پھول لگتے تھے صورت میں وہ بالکل ببول سے مشابہ تھا (حضرت مولانا حسین احمد صاحب) وہ درخت مدینہ طیبہ سے لائے تھے اور بڑے شوق

marfat.com
Marfat.com

اور چاہت سے اس کے نیچے بیٹھتے تھے۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ اس جنس کا درخت تھا جس کے نیچے وہ عظیم الشان بیعت ہوئی تھی جس کو اسلامی تاریخ میں بیعت رضوان کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اب وہ درخت تو ختم ہو گیا لیکن شہر اور دارالعلوم میں اس نسل کے کئی درخت اور ہو گئے ہیں۔"

حضرت ناصح جو آئیں دیدہ و دل فرش راہ
پر مجھے اتنا تو سمجھائیں کہ سمجھائیں گے کیا

نوٹ: فرمایئے ماہر صاحب! دیو بند اور درخت کی پوجا پاٹ اور بدعت پرستی کا مظاہرہ:

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

جس درخت کو حضرت عمر فاروق اعظم نے کسی اندیشہ کے پیش نظر کٹوا دیا تھا وہ نہ سہی تو اس کی جنس کا ہی سہی سینکڑوں میل کی دوری سے جناب شیخ اس کو دیو بند لائے۔ چپل پجاریوں کے لنگوٹیا ساتھی کسی نہ کسی بہانے درخت کی پوجا پاٹ کو رواج دینا ہی چاہتے تھے تاکہ ساتھیوں کے ساتھ کمال درجے کی مشابہت ہو جائے۔ کھدر تو بدن سے چپک ہی گیا تھا جو کفن تک کا ساتھ بنا البتہ پوجا د پرستش کی کمی تھی تو وہاں چپل اور یہاں ببول۔ ماہر صاحب! خدا لگتی بات ہے کیا اندیشہ محض مدینہ منورہ ہی میں تھا کہ کہیں لوگ اس درخت کو نشان تعظیم نہ بنالیں اور یہ اندیشہ دیو بند میں ختم ہو چکا ہے۔ مدینہ تو دیار حبیب ہے وہاں عقیدت کیشوں کے لئے گنبد خضرا ہی کی زیارت کیا کم ہے وہاں تو قلب مضطر کی تسکین کے ہزار ہا سامان فراہم ہیں۔ یہ وہی مدینہ طیبہ ہے جہاں محبوب خدا کے جلووں کی پیہم بارش ہوتی ہے جو خلیفۃ اللہ الاعظم کا دارالسلطنت ہے وہاں تو انہیں کے جمال و کمال کی بادشاہی ہے انہیں کے حسن و جمال کا سکہ چل رہا ہے۔

پھر یہ بات کس قدر عقل اور فراست سے بعید ہے کہ گنبد خضرا کی ٹھنڈی چھاؤں کو چھوڑ کر کوئی ببول کے درخت کی پوجا پاٹ میں لگ جاتا البتہ یہ اندیشہ دیو بند

marfat.com
Marfat.com

میں زیادہ قرین قیاس ہے کہ گنبد خضرا نہ سہی تو وہ ببول ہی سہی جس کے نیچے بیعت رضوان ہو چکی ہے اور اس کے نیچے بیٹھنا تو درکنار بلکہ اندیشہ ہے کہ اس کی پتی' پھول' پھال' جڑ تک کو بھی لوگ کھاتے ہوں جیسا کہ اہل نانوتہ قبر کی مٹی تک اکھاڑ لاتے اور بازو پر باندھتے۔ جہاں بدعت پرستی کا یہ عالم ہو وہاں یہ اندیشہ اور بھی زیادہ قوی ہو جاتا ہے مگر جناب ٹانڈوی نے اس کی کوئی فکر نہ کی خواہ اس فعل سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی روح کو صدمہ پہنچے یا دیوبند میں اس کو نشان تعظیم بنایا جائے انہیں تو اپنے ساتھیوں سے غایت درجہ کی مشابہت پیدا کرنی مقصود تھی

دست جنوں نے ایسی اڑائی ہیں دھجیاں
چھوڑا نہ ایک جیب و گریباں کے تار کو

ماہر صاحب! اگر میرے یہ جملے بار خاطر نہ ہوں تو یہ عرض کر دینا ضروری جانتا ہوں کہ توحید نمبر کی اشاعت سے پہلے آپ نے طے کر لیا تھا کہ علماء دیوبند کی تائید و حمایت کا پورا پورا حق ادا کیا جائے گا۔ خواہ باتیں سراسر غلط ہی کیوں نہ کہتے ہوں اور اس پر تماشا یہ کہ خود آں بدولت علماء دیوبند کے عقائد سے کماحقہ واقف نہیں ہیں۔ مثلاً وسیلہ و استمداد کا رد کرتے ہوئے آپ توحید نمبر میں ایک مقام پر رقمطراز ہیں۔

فاران توحید نمبر صفحہ ۱۶

"کربلا میں حضرت امام حسین علیہ السلام اور اہل بیت کرام پر قیامت گزر گئی مگران نفوس قدسیہ میں سے کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو امداد کے لئے پکارا نہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دہائی دی۔"

نوٹ: ماہر صاحب! آپ کربلا پہنچ گئے مگر تھانہ بھون کی سیر کئے بغیر پہنچے اسی لئے آپ نے بڑی گہری ٹھوکر کھائی ہے حالانکہ آپ کو یہاں کی خبر لینے کے بعد کربلا کی خبر لینی تھی۔ اب سنئے اپنے مولانا تھانوی کا عقیدہ کہ وہ نبی و غیر نبی سے استمداد و توسل کے کتنی شدت سے قائل ہیں۔ ناظرین سے گذارش ہے کہ وہ حسب ذیل روایت پر کڑی نگاہ رکھیں۔

marfat.com

Marfat.com

نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب مصنفہ مولانا تھانوی صفحہ ۳۸۳

"مضمون دوم متعلق فصل ۳۸ جس میں آپ کے ساتھ توسل حاصل کرنے کی برکت مذکور ہے۔ عطر الوردہ میں قصیدہ بردہ کے برکات میں لکھا ہے کہ صاحب قصیدہ یعنی امام عبداللہ شرف الدین محمد بن سعد بن معاذ بوصیری قدس سرہ کو فالج ہوگیا تھا جس سے نصف بدن بیکار ہوگیا انہوں نے بالہام ربانی یہ قصیدہ تصنیف کیا اور رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے آپ نے اپنا دست مبارک ان کے بدن پر پھیر دیا یہ فوراً شفایاب ہوگئے اور اپنے گھر سے نکلے تھے کہ ایک درویش سے ملاقات ہوئی اور اس نے درخواست کی کہ مجھ کو وہ قصیدہ سنا دیجئے جو آپ نے مدح نبوی میں کہا ہے۔ انہوں نے پوچھا کون سا قصیدہ؟ انہوں نے کہا کہ جس کے اول میں یہ ہے **امن تذکر جیران بذی سلم** ان کو تعجب ہوا کیونکہ انہوں نے کسی کو اطلاع نہیں دی تھی اس درویش نے کہا کہ واللہ میں نے اس کو اس وقت سنا ہے جبکہ حضور ﷺ کی خدمت میں پڑھا جارہا تھا اور آپ خوش ہو رہے تھے سو انہوں نے وہ قصیدہ اس درویش کو دے دیا اور اس کی شہرت ہوگئی اور شدہ شدہ یہ خبر صاحب بہاء الدین وزیر ملک ظاہر کو پہنچی اس نے نقل کرایا اس کے گھر والے اس سے برکت حاصل کرتے تھے اور انہوں نے بڑے بڑے آثار اس کے اپنی دینی دنیاوی امور میں دیکھے (ص ۳۸۴) اور سعد الدین خارقی جو کہ توقیع نگار وزیر مذکور تھا آشوب چشم میں مبتلا ہوا قریب تھا کہ آنکھیں جاتی رہیں کسی نے خواب میں کہا کہ وزیر کے پاس جاکر اس سے قصیدہ بردہ لے کر آنکھوں میں رکھو چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور بیٹھے بیٹھے اس کو پڑھا فی الفور اللہ تعالیٰ نے اس کو شفا بخشی اور رسالہ نیل الشفا مولفہ احقر (تھانوی) میں حضور ﷺ کے نقشہ نعلین شریف برکات و خواص مذکور ہیں جب صرف ان الفاظ میں جو کہ آپ کے معنی و مدح کے صورت و مثال ہیں اور پھر ان نقوش میں جو

marfat.com

Marfat.com

کہ ان الفاظ پر دال ہیں اور اس ملبوس میں جو کہ آپ کی نعال ہیں اور پھر ان نقوش میں جو کہ ان نعال کی تمثال ہیں سو خود آپ کی مجمع الکمالات و اسماء جامع البرکات سے توسل حاصل کرنا اور اس وسیلہ سے دعا کرنا کیا کچھ نہ ہو گا۔"

نشر الطیب صفحہ ۲۴۱

یاشفیع العباد خذ یدی — انت فی الاضطرار معتمدی
دستگیری کیجئے میرے نبی — کشمکش میں تمہیں ہو مرے نبی
لیس لی ملجا سواک أغث — مسنی الضر سید سندی
جز تمہارے کہاں یہ مری پناہ — فوج کلفت مجھ پر غائب ہوئی
غشنی الدھر یا ابن عبداللہ — کن مغیثا فانت لی مددی
اے ابن عبداللہ زمانہ میرے خلاف ہے — اے مرے مولا خبر لیجئے مری
یارسول اللہ بابک لی — من غمام الغموم ملتحدی
میں ہوں بس اور آپ کا در یارسول اللہ — ابر غم گھیرے نہ پھر مجھ کو کبھی

صفحہ ۳۵۹

"مشکواۃ شریف میں حضرت انس سے روایت ہے کہ حضرت عمر جب لوگوں پر قحط ہوتا تو حضرت عباس بن عبدالمطلب کے واسطہ سے دعا بارش کی کیا کرتے اور فرماتے کہ اللہ ہم "پہلے" آپ کے دربار میں اپنے نبی ﷺ کا توسل کیا کرتے تھے آپ ہم کو بارش دیتے تھے اور اب ہم آپ کے دربار میں اپنے پیغمبر کے چچا کا توسل کرتے ہیں سو ہم کو بارش دیجئے چنانچہ بارش ہوتی تھی روایت کیا اس کو بخاری نے۔

ف: اس حدیث سے غیر نبی کے ساتھ بھی توسل جائز نکلا جبکہ اس کو نبی سے کوئی تعلق ہو۔ قرابت حسیہ یا قرابت معنویہ کا تو توسل بالنبی کی ایک صورت یہ بھی نکلی اور اہل فہم نے کہا ہے کہ اس پر متنبہ کرنے کے لئے حضرت عمر نے حضرت عباس سے توسل کیا نہ اس لئے کہ پیغمبر ﷺ کے ساتھ وفات کے بعد توسل جائز نہ تھا جبکہ دوسری روایت سے اس کا

marfat.com

Marfat.com

جواز ثابت ہے اور یہ کہ اس توسل پر کسی صحابی سے نکیر منقول نہیں اس لئے اس میں اجماع کے معنی آگئے۔

ہوا ہے مدعی کا فیصلہ اچھا مرے حق میں
زلیخا نے کیا خود چاک دامن ماہ کنعاں کا

نوٹ: ماہر صاحب! اب فرمایئے کہ بات آپ کی صحیح ہے یا آپ کے حکیم الامت کی؟ آپ کے حکیم الامت تو قصیدہ بردہ شریف' نقشہ نعل پاک اور حضرت عباس تک سے توسل کے قائل ہیں بلکہ وہ یہاں تک فرماتے ہیں کہ اس پر کسی صحابی سے نکیر منقول نہیں لہٰذا اسکی حیثیت اجماع کی ہو گئی ہے۔ اب اگر زحمت نہ ہو تو آپ اپنے دارالعلوم دیوبند سے استفسار کرلیں کہ اجماع کا منکر گمراہ ہے یا کافر؟ دیکھئے آپ کے بارے میں کیا حکم نافذ ہوتا ہے فتویٰ دیکھتے ہی تائیدو حمایت کا سارا نشہ ہرن ہو جائے گا۔ اسی لئے میں نے عرض کیا تھا کہ آپ کو کربلا جانے سے پہلے تھانہ بھون جانا چاہئے تھا۔

ماہر صاحب! آپ نے واقعہ کربلا میں تصویر کا محض ایک ہی رخ ملاحظہ فرمایا ہے یعنی اگر سرکار حسین کی نظر میں توسل و استمداد درست ہوتا تو سرکار دو عالم ﷺ یا مولائے کائنات علی مشکل کشا کو امام حسین میدان کربلا میں پکارے ہوتے اور نہ پکارے تو آپ نے عدم جواز کی دلیل سمجھا۔ اے کاش! آپ اتنا غور کرتے کہ میدان کربلا میں امام حسین کس مقصد کے تحت خیمہ زن ہوئے ہیں۔ کیا میدان کربلا میں سرکار حسین اپنے والد محترم یا نانا جان کی کرامات و اعجاز کا مظاہرہ کرنے گئے ہیں یا اس کے سوا کچھ اور مقصد ہے۔ اگر مقصد وہ ہوتا جیسا کہ آپ بہ گمان خویش سمجھ بیٹھے ہیں تو یقیناً آپ اپنے سوال میں حق بجانب ہوتے مگر مقصد حسین کرامات کا اظہار نہیں ہے بلکہ عزم و استقلال کی ایک نئی تاریخ مرتب کرنی تھی۔ چنانچہ سرکار حسین موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائے ایک ایک کا لاشہ اپنے کندھے پر اٹھایا علی اصغر جیسے ننھے بچے کو اپنی گود میں دم توڑتے دیکھا مگر صبرو شکیب کا دامن نہ چھوٹا اور پائے استقامت میں کوئی لغزش اور ڈگمگاہٹ نہ آئی یہ تھا امام حسین کا عظیم مقصد

marfat.com
Marfat.com

ورنہ یزیدی فوج کی پسپائی و تباہ کاری کے لئے نہیں بلکہ اتمام حجت کی خاطر خود سرکار حسین نے میدان کربلا میں بسا اوقات اپنی کرامات کا اظہار فرمایا ہے اور اسی سلسلہ میں اسماعیل مازندرانی کا ایک واقعہ بڑی ہی شہرت رکھتا ہے۔

ماہر صاحب! توحید نمبر میں تو آپ نے حق پسندی کو بالائے طاق رکھ کر قسم کھالی ہے کہ بات بھی کہی جائے وہ تعصب کی جنبہ داری کے ماتحت ہو ورنہ وہ بات ہی کیا جو اس سے الگ تھلگ رہے چنانچہ آپ اپنی حسب ذیل تحریر کا جائزہ لیجئے کہ واقعتاً یہ ایمان و عقل کی آواز ہے یا وارفتگی عقل کی۔

اے دوست اپنے غم سے کر اس درجہ دل فگار
فطرت بھی رحم کھائے تو درماں نہ کر سکے

فاران توحید نمبر صفحہ ۲۲

"آپ" یعنی رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم وفات پاتے ہیں آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ آپ کے اختیار میں ہوتا تو بھلا لخت جگر کو مرنے دیتے۔"

یہ ہے تنقیص رسالت اور توہین نبوت کا وہ غارت گر ایمان جذبہ شیطنت جو علماء دیوبند کی وفاداری میں بار بار توہین نبوت پر اکساتا رہتا ہے۔ آپ ہی فرمائیے آخر یہ کہہ کر آپ نے کون سا بڑا تیر مارا۔ کیا خدانہ کردہ ہم سے کسی نے رسول اللہ کو خدا کہا ہے۔ معاذ اللہ البتہ ذرا زحمت فرما کر دیوبند تشریف لائیے اور دیکھئے کہ آپ کے تیر نے کتنوں کو گھائل کیا ہے۔ آپ کے مولانا محمود الحسن مولانا رشید احمد گنگوہی کے مرثیے میں فرماتے ہیں

مردوں کو زندہ کیا اور زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم

کسی کو مرنے نہ دینا یہ تو مولانا گنگوہی کی شان تھی البتہ اب آپ قاری طیب صاحب سے دریافت کیجئے کہ جب مولانا گنگوہی کی یہ شان تھی کہ وہ زندوں کو مرنے نہ دیتے تو خود آں بدولت کیوں مر گئے؟ آپ سرکار دو عالم ﷺ کے لخت جگر کی

marfat.com
Marfat.com

وفات پر ہمیں طعنہ دینے کے بجائے علماء دیوبند سے پوچھیے کہ جن گنگوہی صاحب کو آپ حضرات نے تخت خداوندی پر بٹھایا تھا اور قضا و قدر جن کے قبضہ قدرت میں تھی وہ کیوں مر کر مٹی میں مل گئے۔ برا ہو اس تعصب اور فرقہ بندی کا جس نے آپ کو حقیقت سے اتنا دور کر دیا اور اندھا بنا دیا کہ آپ یہ بھی نہ دیکھ سکے کہ میرے ترکش کا تیر کس کے دل میں پیوست ہو رہا ہے۔

میں اس عارفانہ تجاہل کے صدقے
ہر اک دل کو چھیدا مرا دل سمجھ کے

ماہر صاحب! اب دامن بچا کر گزرنے کی کوشش نہ کیجئے آپ کے دل کا چور گرفت میں آچکا ہے۔

عبث ہے اب یہ بیگانہ نگاہی
کہ دل نے تیرے دل کی بات پالی

علماء دیوبند کی جنبہ داری میں اپنی چند سطریں اور ملاحظہ فرمائیے۔

فاران صفحہ ۳۵

"اگر بزرگان دین کے ولادت و وفات کے یوم منانے کو اسلام میں پسندیدہ سمجھا جاتا تو انبیا سابقین ایک دوسرے کا یوم ولادت و وفات ضرور مناتے۔"

نگاہ غور سے دیکھو تو عقدہ صاف کھل جائے
وفا کے بھیس میں بیٹھا کوئی بیوفا ہو کر

نوٹ: ماہر صاحب! اگر واقعہ یہ آپ کے دل کی آواز ہے تو مجھے بھی کہنے دیجئے کہ اگر "توحید نمبر" کی اشاعت کو اسلام میں پسندیدہ سمجھا جاتا تو انبیاء و رسل ضرور اس کی اشاعت فرماتے اور اسلام و آئمہ دین و شریعت ہدایہ 'فتح القدیر شامی' عالمگیری' بحرالرائق' فتاویٰ قاضی خاں حسامی' توضیح' تلویح کی ترتیب و تدوین میں مشغول ہونے کے بجائے توحید نمبر کی اشاعت کرتے مگر ہمیں تو اسلاف میں اسکی کوئی مثال نہیں ملتی۔ آپ پھر اسی صفحہ پر تحریر فرماتے ہیں:

marfat.com
Marfat.com

فاران صفحہ ۳۵

"یہ مروجہ مولود نہ سنت رسول ہے نہ اسوہ صحابہ اور نہ طریق سلف صالحین بلکہ سنت ملوک ہے۔"

ماہر صاحب! اب مجھے کہنے دیجئے کہ توحید نمبر کی اشاعت نہ سنت رسول ہے نہ اسوہ صحابہ اور نہ طریق سلف صالحین بلکہ سنت صحافت ہے۔ کیا آپ کی نظر میں سنت صحافت بھی کوئی دلیل ہے اگر ہوسکے تو یہ بھی فرما دیجئے کہ "مروجہ مولود" اگر سنت سلف صالحین بھی نہیں ہے تو دیوبندیوں کے مقتدا و پیشوا حاجی امداد اللہ یہ سلف صالحین سے تھے یا سلف فاسقین سے؟ معاذ اللہ۔

ماہر صاحب! آپ نے اپنے اداریے میں ایک جگہ یہ بھی تحریر کیا ہے:

فاران صفحہ ۴۴

"اس باب کو ختم کر دینے سے پہلے اس بات کا اظہار کر دینا ضروری سمجھا گیا کہ ہم نے جگہ جگہ ایک گروہ اہل بدعت جو کہا ہے بعض حضرات کو غالباً گراں گزرے کہ یہ جدال احسن کی راہ نہیں ہے اس کے جواب میں گذارش یہ ہے کہ جن لوگوں کا اوڑھنا بچھونا بدعات ہوں ان کو بدعتی نہ کہیں تو آخر کیا کہیں۔"

کچھ نہ صیاد کا شکوہ نہ گل چیں کا گلہ
اپنے ہاتھوں سے جلایا ہے نشیمن اپنا

ماہر صاحب! میں بھی اس سلسلہ کو ختم کرتے ہوئے اس امر کا اظہار ضروری جانتا ہوں کہ میں نے بھی جگہ جگہ ایک فرقہ کو دریدہ دہن "گستاخ" بے ادب" شاتم رسول کہا ہے ممکن ہے یہ باتیں ان پر یا آپ پر بار خاطر گزریں تو جواباً عرض ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں گستاخی" بے ادبی و دریدہ دہنی جن لوگوں کا اوڑھنا بچھونا ہو انہیں شاتم رسول نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے۔

تم عنایت جو نہ کرتے تو عنایت ہوتی

اور اتنی بات تو آپ بھی فرما چکے ہیں کہ علماء دیوبند غیر محتاط غیر معتدل" بے

marfat.com
Marfat.com

قرینہ 'بد سلیقہ ہیں۔ لہٰذا اگر دریدہ دہن و گستاخ و بے ادب کہنے کی اجازت نہیں ہے تو یہی کہنے دیجئے کہ علماء دیو بند بے قرینہ و بد سلیقہ ہیں۔

ماہر صاحب! علماء دیو بند کی بد سلیقگی پر ایک آپ ہی ماتم گسار نہیں بلکہ اس انجمن میں آپ کے بہت سے ساتھی براتی ہیں۔ لیجئے اپنے کھدر پوش خدا مولوی حسین احمد صاحب کے بارے میں اپنے امیر کارواں مولوی سید ابوالاعلیٰ مودودی کی رائے ملاحظہ کیجئے۔ معاف فرمایئے گا آپ ہی کے انداز بیان نے اس سلسلہ کو دراز کر دیا ہے ورنہ حقیقت تو یہ ہے

قربت کی آرزو کا گنہگار ہی سہی
بخشا اس آرزو کو سارا خود آپ نے

مسئلہ قومیت صفحہ ۵۲ مرتبہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

"اس سلسلہ میں ڈاکٹر اقبال کے متعلق (مولوی حسین احمد صاحب) فرماتے ہیں کہ ان کی ہستی کوئی معمولی ہستی نہ تھی وہ ایسے تھے اور ویسے تھے مگر باوجود کمالات گوناگوں کے ساحرین برطانیہ کے سحر میں مبتلا ہو گئے تھے۔"

نوٹ: یعنی مولانا ٹانڈوی کی نگاہ میں ڈاکٹر اقبال برٹش گورنمنٹ کے ہاتھ کٹھ پتلی بن چکے تھے واہ رے دیدہ دلیری' ہندوستان کا وہ مانا ہوا شاعر جس نے قوم کو جگانے اور بیدار کرنے میں اپنا ریکارڈ قائم کر دیا ہو وہ مولانا ٹانڈوی کی نظر میں برطانیہ کا آلہ کار تھا۔

ابھی کیا ہے دو چار قدم اور آگے بڑھئے اور مولانا مودودی کے الفاظ میں ٹانڈوی صاحب کی تصویر ملاحظہ کیجئے۔

مسئلہ قومیت اور اسلام صفحہ ۳۸ بحوالہ مسئلہ قومیت صفحہ ۵۲

"اگر قوم ایسی ملعون اور بدترین چیز ہے تو چونکہ یورپ نے اس کو استعمال کر کے اسلامی بادشاہوں اور عثمانی خلافت کی جڑ کھودی ہے مسلمانوں کو چاہئے تھا کہ اس ملعون ہتھیار کو برطانیہ کی جڑ کھودنے کے

marfat.com
Marfat.com

لئے استعمال کرتے۔"

نوٹ: مولانا ٹانڈوی کی مندرجہ بالا رائے پر مولانا مودودی کا تبصرہ ملاحظہ فرمایئے۔
مسئلہ قومیت صفحہ ۵۳ و ۵۴

"مندرجہ بالا عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ مولانا (ٹانڈوی) کی نگاہ میں حق و باطل کا معیار صرف برطانیہ بن کر رہ گیا ہے وہ مسئلہ کو نہ تو علمی زاویہ سے دیکھتے ہیں کہ حقائق اپنے اصلی رنگ و روپ میں نظر آسکیں نہ وہ مسلمانوں کی خیر خواہی کے زاویہ نظر سے اس پر نگاہ ڈالتے ہیں۔"

(چند سطر بعد)

"جب یہ بات ان (مولوی حسین احمد صاحب) کے دل میں بیٹھ چکی ہے کہ متحدہ قومیت برطانیہ کے لئے مہلک ہے تو جو اس کی مخالفت کرتا ہے وہ برطانیہ پرست کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے خیریت یہ ہوگئی کہ کسی نے مولانا کو برطانیہ کی ہلاکت کا ایک دوسرا نسخہ نہ بتا دیا جو متحدہ قومیت سے زیادہ کارگر ہے یعنی یہ کہ ہندوستان کی پینتیس کروڑ آبادی خودکشی کر لے جس سے برطانوی سلطنت آنکی آن میں ختم کی جا سکتی ہے' یہ تیر بہدف تدبیر اگر مولانا کے دل میں بیٹھ جاتی تو وہ بے تکلف فرماتے جو شخص ہندوستان کے باشندوں کو خودکشی سے روکتا ہے وہ برطانیہ پرست ہے خودکشی اگرچہ ملعون اور بدترین فعل سہی مگر جب اس سے برطانیہ کی جڑ کھودی جا سکتی ہے تو فرض ہو جاتا ہے کہ اس فعل قبیح کا ارتکاب کیا جائے۔

نوٹ: ماہر صاحب! بات ابھی ختم نہیں ہوئی یہ تو آپ نے ملاحظہ فرما ہی لیا کہ آپ کے کھدر پوش خدا مسائل کو نہ تو علمی زاویہ نظر سے جانچنے پرکھنے کے عادی تھے اور نہ ہی مسائل کے سوچ بچار میں مسلمانوں کی خیر خواہی کا جذبہ کار فرما ہوتا۔

چیں بہ چیں ہونے سے پہلے یہ ملحوظ خاطر رہے کہ مندرجہ بالا رائے نہ تو علماء بریلی کی ہے اور نہ ہی مشائخ مارہرہ بدایوں کی بلکہ آپ کے مسلم مقتدا و پیشوا جناب مودودی صاحب کی رائے ہے جس کے تسلیم کرنے میں آپ کوئی جھجک محسوس نہ

marfat.com
Marfat.com

کریں گے۔

اب ذرا چند قدم اور آگے بڑھئے اور ٹانڈوی صاحب پر مودودی صاحب کی شرعی گرفت کا جائزہ لیجئے۔

کام آئی کچھ نہ پردہ نشینی حضور کی
دیکھ آئی جا کے صبا سر سے پاؤں تک

مسئلہ قومیت صفحہ ۶۰'۶۱

"مولانا آخر فرمائیں تو کہ جس متحدہ قومیت کو وہ رسول خدا کی طرف منسوب کر رہے ہیں اس میں آج کل متحدہ قومیت کے عناصر ترکیبی میں سے کون سا عنصر پایا جاتا ہے اگر وہ کسی عنصر کا پتہ نہیں دے سکتے اور میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہرگز نہیں دے سکتے تو کیا مولانا کو خدا کی بازپرس کا خوف نہیں (چند سطر بعد) الفاظ کا سہارا لے کر مولانا (حسین احمد) نے اپنا دعویٰ ثابت کرنے کی کوشش تو بہت خوبی کے ساتھ کر دی مگر انہیں یہ خیال نہ آیا کہ حدیث کے الفاظ کو مفہوم نبوی کے خلاف کسی دوسرے مفہوم پر چسپاں کرنا اور اس مفہوم کو نبی کی طرف منسوب کر دینا (من کذب علی متعمدا) کی زد میں آجاتا ہے۔"

نوٹ: ماہر صاحب! مجھے افسوس ہے کہ بات بڑھتی جا رہی ہے مگر چند لمحے کی سمع خراشی چاہتا ہوں اور یہ کہانی تو آپ ہی کے بزرگوں کی ہے جس سے آپ کو اکتانا بھی نہ چاہئے۔ لگے ہاتھ دو ایک حوالہ جات اور بھی ملاحظہ فرمائیے۔

متحدہ قومیت اور اسلام صفحہ ۵۷ کی عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ کے مودودی صاحب رقمطراز ہیں:

مسئلہ قومیت صفحہ ۶۴'۶۵

"عبارت کا ایک ایک لفظ شہادت دے رہا ہے کہ مولانا ٹانڈوی نہ تو قومیت کے اصطلاحی مفہوم کو جانتے ہیں نہ کانگریس کے مقصد اور مدعیٰ کو سمجھتے ہیں نہ بنیادی حقوق کے معنی پر انہوں نے غور کیا ہے نہ ان کو خبر

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ جن اجتماعی مجلسوں کا وہ بار بار اس قدر سادگی کے ساتھ ذکر فرما رہے ہیں ان کے حدود و اختیار و عمل موجودہ دستور کے تحت کن کن راہوں سے اس دائرے میں نفوذ کرتے ہیں جس کو تہذیب و تمدن اور عقاید و اخلاق کا دائرہ کہا جاتا ہے اور بات. یہ میں خوب سوچ سمجھ کر کہہ رہا ہوں کہ مولانا حسین احمد صاحب بایں ہمہ علم و فضل 'کلچر' تہذیب' پرسنل لاء وغیرہ الفاظ بھی جس طرح استعمال کر رہے ہیں اس سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ وہ ان کے معنی و مفہوم سے ناآشنا ہیں۔ میری یہ صاف گوئی ان حضرات ان حضرات کو یقیناً بری معلوم ہوگی جو رجال کو حق سے پہچاننے کے بجائے حق کو رجال سے پہچاننے کی خوگر ہیں۔ اس کے جواب میں چند اور گالیاں[1] سننے کے لئے میں نے اپنے آپ کو پہلے ہی تیار کر لیا ہے۔

مگر جب میں دیکھتا ہوں کہ مذہبی پیشوائی کی مسند مقدس سے مسلمانوں کی غلط رہنمائی کی جا رہی ہے' ان کو حقائق کے بجائے اوہام کے پیچھے چلایا جا رہا ہی اور خندقوں سے بھری ہوئی راہ کو شاہراہ مستقیم بنا کر انہیں اس کی طرف دھکیلا جا رہا ہے تو میں کسی طرح اس پر صبر نہیں کر سکتا۔"

نوٹ:۔ ماہر صاحب! اگر آپ تکان محسوس کر رہے ہوں تو عامر صاحب کے اسعد سلمہ کو بھی شریک سفر کر لیجئے تاکہ آپ مودودی صاحب کی طرف سے مولانا اسعد صاحب کو منہ چڑھائیں اور مولانا اپنے والد بزرگوار کی حمایت میں آپ کو انگوٹھا دکھائیں تو یہ آپ کی گھریلو جنگ کا پس منظر ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ گاہے گاہے آپ حضرات کا نقشہ جنگ بدل جاتا ہے ہم سنیوں سے لڑتے لڑتے جب آپ حضرات تھک جاتے ہیں تو آپس ہی میں ایک دوسرے کی جیب و گریباں کی خبر لینے لگتے ہیں یہ نہ سمجھئے کہ ملک کا ہوش مند طبقہ آپ کی طرف سے بے خبر ہے وہ بہت کڑی نگاہ سے

---

[1] مولانا مودودی کو اس کا یقین تھا کہ علماء دیوبند اپنی حسب عادت گالی گلوچ پر اتر آئیں گے ورنہ گالی سننے کے بجائے کسی سنجیدہ جواب کی امید رکھتے ۱۲

marfat.com

Marfat.com

آپ کے جنگ و جدال کا نظارہ کر رہا ہے۔

ماہر صاحب! اگر میری باتیں آپ کے حلق میں تلخ گھونٹ بن جاتی ہیں تو اپنے سرخیل جماعت مولانا مودودی ہی کی رائے پر عمل کیجئے دیکھیے آپ کے مودودی صاحب کا کہنا ہے کہ مولانا ٹانڈوی تہذیب 'کلچر' پرسنل لاء کا معنی تک نہیں جانتے۔

(۲) مولانا ٹانڈوی مذہبی پیشوائی کی مسند مقدس سے مسلمانوں کی غلط رہنمائی کر رہے ہیں۔

(۳) خندقوں سے بھری ہوئی راہ کو شاہراہ مستقیم بتا رہے ہیں۔

(۴) مولانا ٹانڈوی غیر حدیث مفہوم کو حدیث کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔

مولانا ٹانڈوی کو خدا کی باز پرس کا خوف نہیں وغیرہ وغیرہ

اتنے ہی پر بس نہیں بلکہ اس کے علاوہ اور بھی ہے ملاحظہ فرمایئے۔

للہ یہ تم دیکھنے والوں سے نہ پوچھو
کیا چیز ہو تم دیکھنے والوں کی نظر میں

مسئلہ قومیت صفحہ ۶۹

"کم از کم اب وہ (مولوی حسین احمد) امت پر رحم فرما کر اپنی غلطی محسوس فرمالیں ورنہ اندیشہ ہے کہ ان کی تحریریں ایک فتنہ بن کر رہ جائیں گی اور اس پرانی سنت کا اعادہ کریں گی کہ ظالم امراء اور فاسق اہل سیاست نے جو کچھ کیا اس کو علماء کے ایک گروہ نے قرآن و حدیث سے ثابت کر کے ظلم و طغیان کے لیے مذہبی ڈھال فراہم کر دی"

نوٹ:۔ ماہر صاحب! آپ کے کھدر پوش خدا مولوی حسین احمد صاحب کی نقاب کشائی شاید ہی کسی نے اس سے زیادہ کی ہو جتنا کہ آپ کے پیشوا مولوی ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے کی ہے۔ میری حیثیت تو محض ناقل روایت کی ہے' اب جج منٹ و فیصلہ تو ناظرین کے ہاتھ ہے البتہ اس مقام پر ناظرین سے محض اتنی گزارش ہے کہ ان روایات کو سطحی نظر سے دیکھنے کے بجائے انہیں بہ نگاہ غائر دیکھیں اور یہ اندازہ کریں کہ علماء دیوبند نے جس کو شیخ الاسلام سے شروع ہو کر پیکر عصمت اور کھدر

marfat.com

Marfat.com

پوش خدا تک کہہ دیا ہو اس کی مذہبی اور سیاسی پوزیشن مولوی ابوالاعلیٰ مودودی کی نظر میں کیا ہے' مجھے اس مقام پر اس سے بحث نہیں کہ مسئلہ قومیت (یعنی قوم مذہب سے ہے یا وطن سے) آیا اس مسئلہ میں حق بجانب کون ہے؟ بلکہ علماء دیوبند کے شیخ الاسلام پر مولانا مودودی کے تازیانہ قلم کے کچھ نشانات دکھلانے ہیں ہمیں افسوس ہے کہ ہر چند سمیٹنے کے باوجود بات پھیلتی جا رہی ہے اور اس کے باوجود ابھی تک یہ داستان ختم نہ ہو سکی۔ اختتام گفتگو پر محض ایک دو حوالے اور حاضر کر کے بات ختم کئے دیتا ہوں۔

جنوں کو عقل کا پابند کرنے کی ہدایت ہے
اب اہل ہوش بھی دیوانہ پن کی بات کرتے ہیں

"اس میں خرابی بس اتنی ہے کہ مفہوم ذہنی کو مولانا (حسین احمد) کانگریس کا مفہوم و مدعا قرار دے رہے ہیں حالانکہ کانگریس اس سے بہ مراحل دور ہے اگر مولانا صرف اتنا کہنے پر اکتفا کرتے کہ متحدہ قومیت سے میری مراد یہ ہے تو ہمیں ان سے جھگڑا کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن وہ آگے قدم بڑھا کر فرماتے ہیں کہ نہیں کانگریس کی مراد بھی یہی ہے اور کانگریس بالکل نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ پر چل رہی ہے اور مسلمانوں کو مامون و مطمئن ہو کر اپنے آپ کو اس متحدہ قومیت کے حوالہ کر دینا چاہئے جیسے کانگریس بنانا چاہتی ہے۔ یہیں سے ہمارے اور ان کے درمیان نزاع کا آغاز ہوتا ہے۔"

مسئلہ قومیت صفحہ ۶۳ کا ایک حوالہ ملاحظہ فرمائیے:

"کیونکہ آپ (مولانا ٹانڈوی) کو صرف برطانوی اقتدار کا زوال مطلوب ہے' عام اس سے کہ وہ کسی صورت میں ہو' اسی لئے آپ ایسی انجمن کے معاملہ صرف علت جوازہی ڈھونڈتے ہیں اور علت حرمت جو سامنے منہ کھولے کھڑی ہے آپ کو کسی طرح نظر نہیں آتی لیکن ہم مجبور ہیں کہ ان دونوں پہلوؤں کو ساتھ ساتھ دیکھیں اور علت حرمت کو دفع کیے بغیر

marfat.com
Marfat.com

علت جواز کو قبول نہ کریں اس لئے ہم کو برطانوی اقتدار کا زوال اور اسلام کا بقا دونوں ساتھ ساتھ مطلوب ہے۔ اس کا نام اگر برطانیہ پرستی رکھنا ہے تو رکھئے ہمیں اس کے طعن کی ذرہ برابر پرواہ نہیں۔"

نوٹ:۔ آخر مجبور ہو کر مولانا مودودی کو حسب ذیل بات کہنی پڑی۔

مسئلہ قومیت صفحہ ۸

"مولانا (حسین احمد) اس متحدہ قومیت کو رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ سے تشبیہ دینے کی جرأت فرما رہے ہیں حالانکہ ان بنیادی حقوق ملکہ وکٹوریہ کے مشہور اعلان سے کچھ بھی مختلف نہیں ہے اور مغربی ڈپلومیسی کی ایسی چالوں کا رشتہ رسول پاک ﷺ کے عمل سے جوڑنے کی جسارت ہم جیسے گنہگاروں کے بس کی بات تو نہیں ہاں جن کے پاس تقویٰ کا زاد راہ اتنا زیادہ ہے کہ وہ ایسی جسارتیں کرنے پر بھی بخشے جانے کی امید رکھتے ہیں انھیں اختیار ہے کہ وہ جو چاہیں کہیں اور جو چاہیں لکھیں"

نوٹ:۔ مناسب ہوگا کہ یہیں علماء دیو بند کے پرانے ساتھی عبیداللہ سندھی کے خطبہ صدارت کی چند سطریں حاضر کر دی جائیں جس سے علماء دیو بند کی دورخی پالیسی کے صحیح خدوخال سامنے آجائیں گے۔

آیا ہے کبھی ذکر اگر دار و رسن کا
گیسو و قد یار کی بات آہی گئی ہے

بحوالہ مسئلہ قومیت صفحہ ۷۱

"اگر میرا وطن اس انقلاب کے نقصان سے بچنا چاہتا ہے جو اس وقت دنیا پر چھا گیا ہے اور چھاتا جا رہا ہے تو اسے یورپین اصول نیشنلزم کو ترقی دینا چاہیے۔ پچھلے زمانہ میں ہمارا ملک جس قدر نامور رہا ہے اسے دنیا جانتی ہے مگر اس سے ہم کچھ فائدہ نہیں اٹھا سکتے جبتک ہم آج کی قوموں میں اپنا وقار ثابت نہ کر سکیں..... میں سفارش کرتا ہوں کہ ہمارے اکابر مذہب و ملت برٹش گورنمنٹ کے دو صد سالہ عہد سے زیادہ سے زیادہ

marfat.com
Marfat.com

استفادہ کی کوشش کریں جس طرح ہم نے یورپ سے تخریب کرا پنی ترقی کو محدود کر لیا ہے اسے اب خیرباد کہیں' اس معاملہ میں میں نے ترکی قوم کے اس انقلاب کا پوری طرح مطالعہ کیا ہے جو سلطان محمود سے شروع ہو کر مصطفےٰ کمال کی جمہوریت پر ختم ہوتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یورپ کے انٹرنیشنل اجتماعات میں ہمارا وطن ایک معزز ممبر بن جائے اس کے لیے ہمیں اپنی معاشرت میں انقلاب کی ضرورت محسوس ہوگی۔ سندھی اپنے وطن کا بنا ہوا کپڑا پہنے مگر وہ کوٹ پتلون کی شکل میں ہوگا یا کالردار قمیض اور نیکر کی صورت میں مسلمان اپنا نیکر گھٹنے سے نیچے تک استعمال کر سکتے ہیں۔ ہیٹ دونوں صورتوں میں بے تکلف استعمال کیا جائے گا۔

جب مسلمان مسجد میں آئے گا' ہیٹ اتار کر ننگے سر نماز پڑھے گا"

نوٹ:۔ ناظرین نے مسئلہ قومیت سے متعلق مولانا ٹانڈوی اور معاشرتی انقلاب کی بابت مولانا عبید اللہ سندھی کا نظریہ پڑھ کر یہ اندازہ کر لیا ہوگا کہ علماء دیوبند اس امر پر اتفاق و سمجھوتہ کر چکے ہیں کہ مذہب و سیاست کے نام پر جب کوئی تحریک اٹھے تو اس کا ایک طرفہ ساتھ نہ دیا جائے۔

اگر کوئی کانگریس کی ہمنوائی کرے تو دوسرا مسلم لیگ کی' جس کی شہادت میں مولوی حسین احمد[1] صاحب' ٹانڈوی اور مولوی شبیر[2] احمد عثمانی کا نام لیا جا سکتا ہے۔ ایسے ہی اگر کوئی محمد بن عبدالوہاب نجدی کو باغی و لٹیرا کہے تو دوسرا متبع سنت' جس کی شہادت میں مولانا ٹانڈوی[3] اور مولانا گنگوہی[4] کا نام لیا جا سکتا ہے۔ اس قسم کی متعدد مثالیں "خون کے آنسو" جلد اول میں گزر چکی ہیں۔

مقصود نگارش یہ ہے کہ علماء دیوبند کا نظریہ اور ان کے فتاوے قرآن و حدیث کی روشنی میں نہیں ہوتے بلکہ یہ فتاوے سیاست کی ہر نئی کروٹ پر اپنا رخ بدلتے

---

[1] کانگریسی [2] مسلم لیگی [3] عبدالوہاب نجدی باغی و لٹیرا تھا۔
[4] عبدالوہاب نجدی متبع سنت تھا۔

marfat.com
Marfat.com

رہتے ہیں۔ مناسب ہو گا کہ یہیں پر علماء دیو بند کے فتاوے کا کچا چٹھا بھی پیش کر دیا جائے۔

خرد زنجیر پہناتی رہے گی
جو دیوانے ہیں دیوانے رہیں گے

"فتویٰ دیو بند کا تحقیقی جائزہ" از مولانا ابو محمد امام الدین رام نگری صفحہ ۱۱۳' ۱۱۴

جماعت اسلامی سے متعلق مفتی دیو بند کا فتویٰ

"یہ طریق فکر و انداز دعوت و تبلیغ صحیح نہیں ہے بلکہ غلط ہے کہ یہ نئے مذہب کی ایجاد اور تفریق بین المسلمین ہے جہاں تک ممکن ہو اس سے اجتناب ضروری ہے جواب اول میں جو کچھ عرض کیا گیا ہے وہ اس کے شاہد عدل ہے جس میں اعتزال' خارجیت' رافضیت' اجتہاد جدید' تجدید نو وغیرہ سب ہی کچھ ہے' صحابہ اور رواۃ حدیث و طریقت و حقیقت اور اس کے حاملین کی جو گت بنائی وہ سوال ہی میں موجود ہے وہ (مولانا مودودی) ایسا مذہب ایجاد کرنا چاہتے ہیں جو سلف صحابہ ہی نہیں بلکہ اصلی روح اسلام ہی کے مخالف ہیں"

نوٹ:۔ جماعت اسلامی اور مولانا مودودی سے متعلق یہ مفتی مہدی حسن صاحب مفتی دارالعلوم دیو بند کا فتویٰ ہے۔ اب مولانا منظور نعمانی دیو بندی کی رائے ملاحظہ فرمایئے۔

کوئی جی بھر کے دیکھ لے اے کاش
لیے پھرتا ہوں کتنی سوغاتیں

فتویٰ دیو بند کا تحقیقی جائزہ صفحہ ۱۱۷' ۱۱۸۔ ماخوذ از الفرقان لکھنؤ۔ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۷۰ھ

"مولانا سید ابوالاعلیٰ کو میں ذاتی طور سے بھی جانتا ہوں (چند سطر بعد) میں کہہ سکتا ہوں کہ ان کے لکھے ہوئے سیکڑوں ہزاروں صفحات میں میری نظر سے کبھی کوئی ایسی چیز نہیں گزری جس کی بنا پر فتوے کی شکل میں ان کے خلاف کوئی سخت حکم لگایا جا سکے"

marfat.com
Marfat.com

نوٹ:۔ اب قاری محمد طیب صاحب کی رائے ملاحظہ فرمایئے۔

رسالہ زندگی رامپور ۱۳۶۹ھ بحوالہ فتویٰ دیوبند کا تحقیقی جائزہ صفحہ ۶۰

"جہاں تک احقر کی رائے کا تعلق ہے' یہ صحیح نہیں ہے کہ مودودی صاحب کا لٹریچر دیکھنے سے ایمان جاتا رہتا ہے' ممدوح نے اسلامی اجتماعیات کے بارے میں نہایت مفید اور قابل قدر ذخیرہ فراہم کردیا ہے اس دور خلط و اخلاط اور تلبیس اقتباس میں جس بے جگری سے انہوں نے اسلامی اجتماعیات کا تجزیہ اور تنقیح کرکے جماعتی مسائل کو صاف کیا ہے وہ انہیں کا حصہ ہے میں انہیں اسلامی اجتماعیات کا ایک بہترین سیاسی مفکر سمجھتا ہوں"

نوٹ:۔ مولانا مہدی حسن مفتی دیوبند' مولانا منظور احمد نعمانی مدیر الفرقان' قاری محمد طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے فتاوے آپ کی نظر سے گزرے۔ غالباً یہ بات آپ کے ذہن میں ہوگی کہ اسی جماعت اسلامی کے متعلق مولانا حسین احمد ٹانڈوی یہ فتویٰ دے چکے ہیں کہ ارکان جماعت اسلامی جہنمی ہیں' یہ جماعت روافض سے بدتر ہے وغیرہ وغیرہ۔ جس کا حوالہ جلد اول میں گزر چکا ہے۔

اب اسی مقام پر مولانا قاسم نانوتوی کے ایک شعر پر علماء دیوبند کا فتویٰ ملاحظہ کیجئے جو فتویٰ لاعلمی میں دیا گیا ہے جس کی اصل کاپی سلطان المناظرین حضرت مولانا محمد حسین صاحب سنبھلی کے پاس ہے علامہ جلیل مولانا مجیب الاسلام کے توسط سے یہ فتویٰ میں نے حاصل کیا ہے۔

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک میلاد خواں نے مندرجہ ذیل شعر محفل مولود میں نبی اکرم ﷺ کی نعت میں پڑھا۔

جو چھو بھی دیوے سگ کوچہ ترا اس کی نعش
تو پھر خلد میں ابلیس کا بنائیں مزار

قصائد قاسمی مصنفہ مولوی محمد قاسم نانوتوی صفحہ ۷۷' مطبوعہ ساڈھورہ ضلع انبالہ)

marfat.com
Marfat.com

سوال میں یہ حوالہ نہیں دیا گیا تھا۔ اب جواب ملاحظہ فرمایئے

الجواب: (۱) یہ شعر پڑھنا حرام اور کفر ہے' اگر یہ سمجھ کر پڑھے کہ اس کا اعتقاد اور پڑھنا کفر ہے۔ تب تو اس کا ایمان باقی نہ رہا اور اگر یہ علم نہ ہو تو اس کا پڑھنا اور اعتقاد کفر ہے یہ شخص فاسق اور سخت گنہگار ہے' اس کو تا بہ مقدور اس حرکت سے روکنا شرعاً لازم ہے۔

احمد حسن' ۱۵ شوال ۱۳۵۹ھ۔ سنبھل

۲۔ اس شعر کا مفہوم کفر ہے' لکھنے والا (یعنی شاعر) اور عقیدہ سے پڑھنے والا خارج از ایمان ہے۔ ایسے صریح الفاظ میں تاویل کی گنجائش نہیں۔ ظہور الدین سنبھل

۳۔ کسی بے ہودہ اور جاہل آدمی کا شعر ہے۔ بیوقوف اور بیہودہ لوگ ہی ایسے مضمون سے محظوظ ہوتے ہیں۔ اگر یہ اس کا عقیدہ ہے تو کفر ہے۔ دیندار کو اس کے سننے سے بھی احتیاط چاہیے۔ فقط سعید احمد سنبھل

۴۔ اس شعر کا نعت میں پڑھنا اور لکھنا دونوں کفر ہے۔ وارث علی عفی عنہ سنبھل

۵۔ تینوں حضرات دام ظلہم العالی کے جوابات کی میں بالکل موافقت کرتا ہوں۔ محمد ابراہیم عفی عنہ مدرستہ الشرع۔ سنبھل

۶۔ شعر مذکور اگرچہ نعت میں ہے لیکن حد شریعت سے باہر ہے۔ ایسا شعر نہ کہنے والے کو کہنا اور نہ پڑھنے والے کو پڑھنا جائز ہے۔ یہ غلو اور قبیح ہے۔ محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ دہلی نمبر ۱۲۱ الف نمبر فتویٰ

"مذکورہ شعر اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں شاعر نے کہا ہے لیکن اتنا ضرور ہے کہ شاعر شرعی اصول سے واقف نہیں ہے۔ شعر میں حد درجہ کا غلو ہے جو اسلامی اصول کے کسی طرح مناسب نہیں ہے شاعر کافر اس وجہ سے نہیں ہو سکتا کہ شعر کا پہلا مصرعہ شرط ہے (جو) معنی میں اگر کے ہے اور محال چیز کو فرض کر رکھا ہے' شرط کا وجود محال ہے اس لیے دوسرا مصرعہ جو بطور جزا کے ہے اس کا مترتب ہونا بھی محال ہے مگر شعر

marfat.com
Marfat.com

نعت رسول سے بہت گرا ہوا اور رکیک ہے ' ایسے غلو سے شاعری کو بچنا فرض اور ضروری ہے ایسے اشعار سے آپ کی تعظیم نہیں ہوتی ہے بلکہ توہین کا پہلو نمایاں ہو جاتا ہے یہ صحیح ہے قرآن کے حکم کے مطابق ابلیس جنت میں نہیں جائیگا مگر اس شعر کے قائل کو کافر نہیں کہہ سکتے اس میں محال کو فرض کر رکھا ہے جب تک توجیہہ ان کے کلام کی ہو سکتی ہے اس وقت تک اس کے قائل کو کافر کہنا جائز نہیں۔ ایسے اشعار مولود میں پڑھنا نہیں چاہیے۔ واللہ اعلم"

کتبہ سیدی مہدی حسن صدر مفتی دار العلوم دیوبند

۷۰-۲-۱۳ھ جمعہ

نمبر۱۲۹ فتویٰ

شاعر کا مقصد بظاہر رسول اللہ ﷺ کی نعت ہے اور وہ فرط عقیدت میں سگ کوچہ نبی کو بھی ابلیس سے برتر ثابت کرنا چاہتا ہے اس کا مقصد ابلیس کو جنتی کہنا نہیں ہے جو ان نصوص کا انکار بھی نہیں اور نہ ابلیس کے جنتی ہونے کا مدعی ہے اس لئے شاعر کو کافر نہ کہا جائے گا البتہ اس شعر سے چونکہ اس قسم کا ایہام ہو سکتا ہے جیسا کہ دوسرا فریق کہتا ہے اور ایہام کفر سے بھی بچنا واجب ہے اس لئے شعر کو ہرگز نہ پڑھا جائے اور توبہ کی جائے مگر دوسرے لوگوں کو بھی اس کے کافر کہنے میں احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ التزام کفر اور لزوم کفر میں فرق ہے اور جب کسی قول میں احتمال ادنیٰ کفر بھی ہو سکتا ہے اگرچہ بتاویل ہو قائل کو کافر نہ کہا جائے گا۔ واللہ اعلم

سعید احمد غفرلہ

مفتی مظاہر العلوم سہارنپور ۱۵ صفر ۷۰ ۱۳ھ

بے گناہوں کو بھی پامال کیے جاتے ہو
پاؤں رکھتے ہو کہاں اور کدھر پڑتا ہے

نوٹ: ایک ہی سوال کے جواب میں ناظرین نے بھانت بھانت کی بولی ملاحظہ فرمالی۔

marfat.com

Marfat.com

یہ وہ اونٹ ہے جس کی کوئی کل سیدھی نہیں کوئی تو مولوی قاسم نانوتوی کو جاہل اور بیہودہ کہہ رہا ہے کوئی کافر اور فاسق 'کوئی التزام کفر اور لزوم کفر کی بحث میں الجھا ہے غرض کہ ان کے یہاں فتویٰ نویسی کا کوئی معیار نہیں اور یہ سارے فتوے اس بنیاد پر ہیں کہ کسی کو بھی اس کی خبر نہیں کہ تیر کے نشانے پر کون ہیں اگر یہ معلوم ہو تا کہ بانی دارالعلوم دیوبند کا شعر ہے تو پھر اس شعر میں نعت نبی کے وہ وہ گوشے نکالے جاتے کہ عالمگیری شامی کے بجائے دیوان غالب و دیوان ذوق کے صفحات الٹے جاتے اور اردو شاعری میں اس شعر کو ایک نئے مفہوم کا اضافہ کہا جاتا۔ یہ بھی ایک رہی۔ کفر کے فتاوے خود دیوبند سے دیے جائیں اور بدنام بریلی کو کیا جائے۔ آج بلند بانگ نعروں سے یہ کہا جاتا ہے کہ "کافر کو کافر نہ کہو" حالانکہ یہ کہہ کر خود آں بدولت نے کافر کہہ دیا یعنی کافر تو ہے مگر کافر مت کہو۔

.. اس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا
لڑتے ہیں مگر ہاتھ میں تلوار تک نہیں

سچ جانئے افتراپردازی اور بہتان تراشی میں تو اس طبقے نے ریکارڈ توڑ دیا ہے۔
اس وقت مولوی نذیر احمد رحمانی کی ردعقائد بدعیہ میری نظر کے سامنے ہے اس کے بھی چند حوالہ جات ملاحظہ فرمایئے تو یقین آجائے گا کہ دیوبندیت اور غیر مقلدیت آپس میں سوتیلے بہن بھائی ہیں۔

ردعقائد بدعیہ حصہ اول مرتبہ نذیر احمد رحمانی حمیدیہ برقی مشین پریس بلوا گنج لہریا سرائے دربھنگہ صفحہ ۱۱۶' ۱۱۷۔

"پس اگر "کل نفس" سے جملہ افراد کا استغراق مراد ہو تو رسول اللہ ﷺ کے لئے بھی موت تسلیم کرنی پڑے گی۔ حالانکہ بریلوی عقائد کے مطابق یہ صحیح نہیں کیونکہ ان کے نزدیک تو آنحضور پر ایک لمحہ کے لئے بھی موت طاری نہیں ہوئی بلکہ آپ "اوٹ" یعنی پردے میں ہو گئے تو ہمارے نزدیک ان کا یہ عقیدہ بھی صحیح نہیں۔"

نوٹ: چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد۔ بھری محفل میں علم و دیانت

marfat.com
Marfat.com

کی آبرو لٹانا یہ انہیں حضرات کا کام ہے۔

یہ کیا غضب ہے کہ آنجناب نے بریلوی عقیدے پر چوٹ تو کی مگر اس کا حوالہ نہ دے سکے گویا آپ کچھ فرمادیں وہی بریلوی عقیدہ ہو جائے گا اگر نقد و نظر اور تصنیف و تالیف کا یہی طریقہ ہے جو آنجناب نے اختیار کر رکھا ہے تو آئندہ آپ یہ بھی لکھ سکتے ہیں کہ "بریلوی عقیدہ میں سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ خاتم النبین ہیں۔" پھر ایسے ہی پر کی اڑاتے رہیے اور مصنف و مولف بن کر اپنی مجارنی میں بیٹھ کر مونچھوں پر تاؤ دیجئے۔ اے کاش! آپ کو خدائی باز پرس کا خوف ہوتا اور کبھی یہ سوچ سکتے کہ مرنا ہے اور مر کر خدائے قدیر کی بارگاہ عدالت میں زندگی کا حساب و کتاب دینا ہے اگر آج سے پہلے آپ اصول صحافت سے ناآشنا تھے تو اب ہوش و خرد کا دامن تھامئے اور اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اس کا حوالہ دیجئے کہ بریلوی مکتبہ فکر کی وہ کون سی کتاب ہے جس میں یہ عقیدہ لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر ایک لمحہ کے لئے بھی موت کا طریان نہیں ہوا بلکہ وہ "اوٹ" یعنی پردہ میں چلے گئے۔ "**ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین**" میں نہیں کہہ سکتا کہ "ردبدعیہ" کوئی موقرو سنجیدہ کتاب ہے یا بلیک مارکیٹ کرنے والے تاجر کا بہی کھاتہ۔ ڈنڈی مار بنئے کا بہی کھاتہ تو تاہم غنیمت ہوتا ہے مگر آپ کی مایہ ناز تالیف تو اس سے بھی چار قدم آگے ہے۔ چنانچہ عارف باللہ مولانا آسی علیہ الرحمتہ کے سفر پر بھی آپ نے تنقید فرمائی ہے مگر کتر بیونت کر کے اس کی اصل صورت ہی مسخ کر دی ہے۔ اگر زحمت نہ ہو تو ایک بار "عین المعارف" [1] کا مطالعہ کر لیجئے۔ آپ نے تحریر فرمایا ہے:

ردعقائد بدعیہ صفحہ ۱۷

"وہی جو مستوی عرش تھا خدا ہو کر"

رحمانی صاحب! عین المعارف کا مطالعہ کر کے خدا لگتی بات کہئے کہ کیا آپ نے مصرع میں "ہے" کو "تھا" سے بدل نہیں دیا۔ اب آپ ہی فرمایئے اس میں ترمیم کے بعد آپ کی تنقید کا وزن ہی کیا رہ گیا؟

---

[1] دیوان آسی

marfat.com
Marfat.com

رحمانی صاحب! عبارت میں کتر بیونت کے آپ اس قدر عادی ہیں کہ دوسروں کی تحریر میں بھی آپ کو اپنا ہی عکس نظر آتا ہے۔ چنانچہ آپ صفحہ ۱۵۸ پر رقمطراز ہیں:

"الفاظ و حدیث کے نقل و حوالہ میں مراد آبادی کی خیانت"

ابھی آپ کے منہ سے دودھ کی بو نہیں گئی اور آپ صدر الافاضل حضرت مولانا نعیم الدین رحمتہ اللہ علیہ کے منہ لگنا چاہتے ہیں۔ چادر کا طول و عرض دیکھ کر پاؤں پھیلانے کی کوشش کرنی چاہئے۔

دامن کو دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

رحمانی صاحب! مجھے آپ کی اس جسارت پر کوئی شکوہ نہیں' میں تو بہت اچھی طرح جانتا ہوں کہ انبیاء و رسل' علماء و صلحاء کی تنقیص و توہین تو آپ کی برادری کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ جب آپ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص میں نہیں چوکتے تو پھر آپ صدر الافاضل علیہ الرحمتہ کو کیسے بخش سکتے ہیں۔ اگر بھول بیٹھے ہوں تو اپنی کتاب سے ایک عبارت پڑھ لیجئے۔

رد عقائد بدعیہ صفحہ ۲۷

"یہی وجہ ہے کہ جس قدر جلیل القدر انبیاء علیہم السلام گزرے ہیں ان کے خاص خاص لقب ہیں۔ مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل اللہ اور حضرت موسیٰ کو کلیم اللہ اور حضرت عیسیٰ کو روح اللہ لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باوجود اس کے کہ وہ اشرف انبیاء تھے اپنے لیے عبدیت اور رسالت کا لقب پسند کیا"

رحمانی صاحب! محض اس خیال کے تحت کہ رسول خدا کو اپنے جیسا بشر ثابت کیا جائے سرکار دوعالم کے مقام عبدیت پر تو آپ کی نگاہ پڑ گئی مگر اس واقعہ کو آپ ہضم کر گئے کہ ایک بار صحابہ آپس میں تذکرہ کر رہے تھے کہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ تھے' حضرت عیسیٰ روح اللہ تھے اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ تھے کہ اچانک محل جان رحمت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ۔

marfat.com

Marfat.com

انا الحبیب میں اللہ کا حبیب ہوں

پھر بھی آپ نے یہ بھی خیال فرمایا کہ سرکار دو عالم نے اپنے لیے عبدیت کا لقب پسند فرمایا تو پھر ایک وہ شخص جو امتی ہونے کا دعویدار ہو اس کو اپنے پیغمبر کی عزت و شان کے اظہار کے لیے کن القابات و خطابات کو اختیار کرنا چاہیے۔ تنقیص رسالت میں اس قدر غلو کے باوجود آپ یہ تحریر فرماتے ہیں۔

رد عقائد بدعیہ صفحہ ۱۵۹

"خدانخواستہ اگر کوئی شخص ہماری ان باتوں کو جناب رسالت مآب ﷺ کی شان اقدس میں تنقیص و توہین قرار دینے کی کوشش کرے تو یہ اس کی شرارت و خباثت ہو گی"

نوٹ:۔ یہ بھی خوب رہی۔ یہ تو شرابیوں اور جواریوں والا لب و لہجہ ہے۔ مثلاً ایک شرابی کہتا ہے جو مجھے شرابی کہے وہ خود شرابی ہے۔ یہی حال آنجناب کا ہے سرکار دو عالم کو گالیاں دیجیے۔ اور بطور اصلاح اس کی طرف آپ کو توجہ دلائے تو آنکھیں لال پیلی کر کے خود اس کو شریر اور خبیث کہیے۔ میں حیران ہوں کہ آپ کی ان بھکی بھکی اداؤں کی کہاں تک نشان دہی کی جائے۔ عالم تو یہ ہے۔

یہ گیسوؤں کی گھٹائیں لبوں کے میخانے
نگاہ شوق الٰہی کہاں کہاں ٹھہرے

رحمانی صاحب! اب اختتام گفتگو پر اتنی ہی گزارش ہے کہ آئندہ جب کبھی بھی قلم اٹھایئے اس کا لحاظ رکھیے کہ حوالہ میں جس مکتبہ فکر کی بھی عبارت یا اس کا عقیدہ پیش کیجئے صحت کا پورا پورا خیال رکھیے "رد عقائد بدعیہ" میں جو انداز تحریر آپ نے اختیار کیا ہے وہ صرف میری نگاہ میں نہیں بلکہ ہر انصاف پسند کی نظر میں ناقابل قبول ہو گا۔ افسوس ہے کہ اب اس کا موقع نہیں کہ آپ کی جماعتی پوزیشن پر کوئی گفتگو کی جا سکے ورنہ میں اس کی وضاحت کرتا کہ غیر مقلدیت کہاں کی پیداوار ہے۔ بس اتنا سمجھ لیجئے کہ آپ حضرات اپنے جن آقاؤں کی بارگاہ میں حلف وفاداری اٹھا چکے ہیں، اس کے پیش نظر اس قسم کی بہکی بہکی باتوں کے لکھنے پر مجبور ہیں۔ کون نہیں

marfat.com
Marfat.com

جانا کہ ہندوستان کی خارجیت' دیوبندیت' قادیانیت' غیر مقلدیت سب اس وقت کی پیداوار ہے جبکہ انگریز بہادر نے لال قلعہ پر مسیحی پرچم لہرایا ہے۔

فرق اتنا ہے کہ انگریزی سامراج سے پہلے قادیانیت کا تو وجود نہ تھا۔ انگریزوں نے مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے اور مسئلہ ختم نبوت کو کمزور بنانے کے لیے غلام احمد کو خریدا اور یہ جماعت اسی سہارے سے آگے بڑھی ایسے ہی فرقہ غیر مقلد جو آج اپنے کو اہلحدیث کہتا ہے یہ بھی اسی وقت کی پیداوار ہے۔ چنانچہ کافی دنوں تک جماعتی طور پر یہ مسئلہ زیر بحث رہا کہ اس نئے فرقے کا نام کیا ہوگا؟ یہ واضح رہے کہ نیا نام نئی جماعت کی لئے تلاش کیا جاتا ہے۔ رحمانی صاحب! اگر میری باتوں پر اعتماد و بھروسہ نہ ہو تو زحمت فرما کر ایک بار پھر اپنی تاریخ پیدائش کا جائزہ لیجئے اور یہ فرمایئے کہ ابتدأ آپ کی جماعت کا کیا نام تھا؟

لیجئے میں آپ کی اس زحمت کو کسی حد تک آسان کیے دیتا ہوں کہ پہلے آپ لوگ "محمدی" تھے پھر بعد میں "اہلحدیث" ہو گئے' نہیں جانتا کہ مستقبل میں آپ لوگ اہلحدیث ہی اپنا نام رکھیں گے یا اہل......! البتہ فتنہ خارجیت اس وقت کی پیداوار تو نہیں ہے مگر اس دبے ہوئے فتنے کو انگریزوں نے ابھارا اور اس کی قیادت کے لیے مولوی عبدالشکور لکھنوی کا انتخاب عمل میں آیا مناسب ہوگا کہ اس مقام پر خارجیوں کے امام عبدالشکور لکھنوی کے بھی کچھ اقوال پیش کر دیے جائیں تاکہ آپ کا اطمینان قلب آپ کو حاصل رہے۔ اور یہ یقین ہو سکے کہ ایسی باتیں وہی کہہ سکتا ہے جو اسلام سے رشتہ و ناطہ توڑ کر کسی اور سے اپنا ساز باز کر چکا ہو۔ ملاحظہ فرمایئے۔

مختصر سیرت نبویہ صفحہ ۲۱ مولفہ مولوی عبدالشکور لکھنوی

"لیکن باوجود محاسن عقلیہ کے محاسن شرعیہ سے آپ "یعنی رسول خدا" بالکل بے خبر تھے محاسن شرعیہ کے اصل اصول یعنی ایمان باللہ کی حقیقت بھی آپ نہ جانتے تھے۔ (صفحہ ۲۲)

اخلاقی محاسن کے تین جز ہیں' تہذیب اخلاق' تدبیر منزل' سیاست مدن' ان تینوں سے آپ "یعنی رسول خدا" قطعاً و اصلاً بے خبر تھے۔ جب آپ یہ بھی نہ جانتے

marfat.com

Marfat.com

تھے کہ کتاب الٰہی کیا چیز ہے اور ایمان کیا چیز ہے تو اور محاسن سے آپ کو کیونکر آگاہی ہو سکتی تھی"

نوٹ:۔ ان عبارات کو میں اس قابل ہی نہیں سمجھتا کہ ان پر نقد و نظر کی جائے یہ عبارتیں خود ہی پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ میں کسی دشمن رسول کے منہ سے نکلی ہوئی گالیوں کی گندہ تصویر ہوں۔ دو ایک حوالہ جات اور بھی ملاحظہ فرمائیے۔

اخبار النجم مورخہ ۱۱ جون ۱۹۳۷ء صفحہ ۵ کالم ۳ ایڈیٹر مولوی عبدالشکور لکھنوی

"نبی کریم نے فرمایا انما انا بشر مثلکم میں تمہاری طرح ایک معمولی انسان ہوں اگر تم میں اور مجھ میں فرق ہے تو صرف اتنا کہ میں تمہارے پاس خدا تعالیٰ کا پیغام لایا ہوں"

نوٹ:۔ قرآن مجید کی مندرجہ بالا آیت کا ترجمہ دیکھ کر ڈاکٹر اقبال کا ایک شعر یاد آگیا

اس راز کو تو فاش کر اے روح محمد (ﷺ)
آیات الٰہی کا نگہبان کدھر جائے

کیا مجھے کوئی بتا سکتا ہے کہ آیت کے ترجمہ میں جو "معمولی" کہا گیا ہے یہ کس لفظ کا ترجمہ ہے وا حسرتاہ! قرآن کو آج کھلونا بنا لیا گیا ہے۔ اے دوستو! اگر تمہیں یہی کرنا ہے تو محض کہنے کے لیے اپنی گردن میں جو اسلام کا قلادہ ڈال رکھا ہے اس کو بھی اتار پھینکو۔ جو کہتا ہے کھلے بند کہو ایسے ہی کب تک اسلام کے جسم پر تم ناسور بن کر رستے رہو گے۔ آخر تمہاری ریشہ دوانیوں کا سلسلہ کب تک جاری رہے گا اگر تم عذاب آخرت کو بھول بیٹھے ہو اور اب تمہیں اپنی ہڈیوں اور بوٹیوں کے جھلنے کا احساس تک نہیں رہ گیا ہے تو کم از کم اسلام اور قائدین اسلام پر ترس کھاؤ آخر تم کس کافر ادا کے شکار ہو گئے ہو ابھی تو کل ہی کی بات ہے کہ تمہارے باپ دادا رسول خدا ﷺ کا گن گاتے تھے اور تم ایسے خلف نکلے کی سید عالم ﷺ کو ایک معمولی بشر کہتے ہو۔

کاش تمہاری آنکھیں کھلتیں اور ٹھنڈے دل سے اپنی کتابوں پر نظر ثانی کر کے مسلمانوں کے حال پر رحم کرتے۔

marfat.com

Marfat.com

مجھے افسوس ہے کہ بات کچھ پھیل گئی۔ میں لکھنوی صاحب کی دریدہ دہنی اور بارگاہ نبوت میں گستاخی کی مثالیں دے رہا تھا۔ دو ایک حوالہ جات اور بھی ملاحظہ فرمایئے۔

اخبار النجم جلد ۱۳ پرچہ نمبر ۱۱ مورخہ ۲۳ ربیع الاول شریف ۱۳۵۳ھ مطابق ۶ جولائی ۱۹۳۴ء صفحہ نمبر ۶ کالم نمبر ۲ سطر نمبر ۲۴

"تعریف کے تمام افراد اللہ کے لیے ثابت ہیں کسی طرح کی تعریف کسی دوسرے کے لیے جائز نہیں۔ اللہ کی ذات کے سوا کسی کی تعریف کرنا حرام ہے"

نوٹ:۔ ایک مطلق اللسان قلم ہے جو بے لگام شرابی کی طرح بکتا جا رہا ہے ناظرین عبارت کے اس ٹکڑے پر خاص دھیان رکھیں۔

"کسی طرح کی تعریف کسی دوسرے کے لیے جائز نہیں"

لکھنوی صاحب کی یہ داستان کچھ مختصر نہیں بلکہ بہت ہی طویل ہے' نہ جانے ایسے کتنے اقوال مردود ہیں مثلاً خدا نے ایک کعبہ بنایا تو شیطان نے اجمیر شریف' دیوا شریف' کلیر شریف' بہرائچ شریف کے روضے بنوائے۔ امام حسن باغی تھے امام حسین کو سید الشہداء کہنا ناجائز و حرام ہے' یزید پلید امام برحق امیر المومنین تھا وغیرہ وغیرہ۔

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

کا مضمون ہے۔

بات یہ چل رہی تھی کہ قادیانی' خارجی' غیر مقلد' دیو بندی یہ سب ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہیں جو ہندوستان کی سرزمین پر انگریز بہادر کے سہارے پھلے پھولے۔ البتہ یہ بات ضرور کہی جائے گی کہ وہابی نام کی تحریک دلی کے آخری تاجدار بہادر شاہ ظفر کے دور میں چور دروازے سے اپنا داخلہ لے رہی تھی جس نے کچھ ہی دنوں بعد غیر مقلدیت اور دیو بندیت کا لبادہ اوڑھ لیا جس کی شہادت میں بہادر شاہ ظفر کا وہ استفتاء جو تاج الفحول حضرت علامہ فضل رسول بدایونی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں آیا تھا پیش کیا جا سکتا ہے۔ سوال و جواب دونوں زبان فارسی میں ہیں

marfat.com

Marfat.com

ناظرین کی سہولت کے لیے سوال کا خلاصہ اردو زبان میں درج کیا جاتا ہے۔ جواب بہت ہی طویل ہے اس کے بارے میں اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ تاج الفحول حضرت علامہ فضل رسول علیہ الرحمتہ والرضوان نے جو جواب بہادر شاہ ظفر کو عنایت فرمایا تھا علماء بریلی اور علماء بدایون کا اسی پر معمول ہے۔ سوال ملاحظہ فرمایئے۔

اکمل التاریخ از صفحہ ۱۵۴ تا ۱۶۹

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس شخص کے متعلق جو کہتا ہے کہ دن متعین کر کے محفل مولود شریف [1] منعقد کرنا گناہ کبیرہ ہے اور محفل مولود شریف میں قیام کرنا شرک ہے اور فاتحہ کرنا طعام و شیرنی پر حرام ہے اور اولیاء اللہ سے مراد چاہنا شرک ہے اور حسب دستور قدیم ختم میں پانچ آیتوں کا پڑھنا بدعت سیہ ہے اور حضرت نبی کریم ﷺ کے قدم مبارک کا معجزہ حق نہیں ہے اور کہتا ہے تعزیہ کا بالقصد یا بلا قصد دیکھنا کفر ہے اور ہولی کا دیکھنا اور دسہرے میں سیر کرنا اگرچہ بلا ارادہ ہو تو کافر ہو جائیگا اور اس کی عورت پر طلاق ہو جائے گی اور کعبہ شریف و مدینہ منورہ کے خطہ میں کوئی بزرگی نہیں ہے اس وجہ سے کہ اس زمین میں ظلم ہوا ہے اور سننے میں آیا ہے کہ وہاں کے باشندگان ظالم ہیں۔ مدینہ منورہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کیا اور مکہ معظمہ میں عبداللہ بن زبیر کو قتل کیا اور حضرت امام حسین! رضی اللہ عنہ کو مکہ سے باہر کیا۔ پس ایسی صورت میں ان لوگوں کی اقتداء اور ان کے پیچھے نماز پڑھنا یا مسلمانوں کو ان سے بیعت ہونا درست ہے یا نہیں اور شرع شریف کا ایسے لوگوں پر کیا حکم ہے نیز ان کے متبعین پر کیا حکم ہے۔ فقط

| | |
|---|---|
| نقل مہر حضرت ظل سبحانی خلیفتہ الرحمانی | محمد بہادر شاہ بادشاہ غازے |
| بادشاہ دین پناہ و فقہ اللہ لما لحیبہ و یرضاہ | ابو ظفر سراج الدین |

---

[1] قلعہ معلی میں میلاد' فاتحہ' نیاز' گیارھویں' توشہ' چھٹی جیسے تمام مراسم اہلسنت کا رواج تھا جب ان مراسم پر مولوی اسمٰعیل دہلوی نے شرک و بدعت کے فتاوٰی دیے تب بہادر شاہ ظفر نے مولانا فضل رسول بدایونی کی خدمت میں استفتاء کیا۔

marfat.com
Marfat.com

خلاصہ گفتگو یہ ہے کہ مذہب اہلسنت کو مٹانے اور کمزور بنانے کے لیے یہ سب جماعتیں انگریزوں کے اشارے پر عالم وجود میں آئیں۔ چنانچہ مولوی اسمٰعیل دہلوی جو دیو بندی' وہابی' غیر مقلد سبھی کے مقتداء و پیشوا ہیں۔ انھیں خود اپنی تقویۃ الایمان کے بارے میں اس امر کا احساس تھا کہ اس کتاب سے انتشار پھیلے گا اور مسلمانوں کا شیرازہ منتشر ہو گا مگر باین ہمہ یہ کتاب شائع ہوئی اور مسلمانوں کی یک جہتی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر رہ گئی۔

چنانچہ حج کو روانگی سے قبل مولوی اسمٰعیل دہلوی نے ایک بار بھرے مجمع میں جو تقریر کی تھی اس کو ملاحظہ فرمایئے۔

باغی ہندوستان صفحہ ۱۱۵

"میں جانتا ہوں کہ اس (تقویۃ الایمان) میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آگئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے۔ مثلاً ان امور کو جو خفی شرک ہیں شرک جلی لکھ دیا گیا ہے۔ اس وجہ سے مجھے اندیشہ ہے کو شورش ضرور پھیلے گی"

نوٹ:۔ اب معاملہ ناظرین کی عدالت میں پیش ہے فیصلہ کرنا آپ حضرات کا ہی کام ہے۔ تقویۃ الایمان پر بدایوں یا بریلی کی تنقید نہیں ہے بلکہ اپنی تصنیف سے متعلق خود مصنف ہی کا اقرار ہے۔

آپ سمجھ سکتے ہیں کہ یہ تقریر کس قدر سنبھل کر کی گئی ہوگی اور کتنے نپے تلے الفاظ ڈھونڈے گئے ہونگے مگر اس کے باوجود ادائیگی مفہوم میں مصنف نے حسب ذیل باتوں کا اقرار کیا ہے

۱۔ "الفاظ بھی تیز آگئے ہیں" "الفاظ بھی" یہ اشارہ کر رہا ہے کہ معنی میں تیزی و تلخی تو ہے ہی مگر الفاظ بھی تیز ہیں۔

۲۔ "بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے"

۳۔ "شرک خفی کو شرک جلی لکھ دیا ہے" آخر یہ دین میں ٹھیکیداری نہیں تو اور کیا ہے؟ یہ اسلام اور شریعت سے استہزاء و مذاق کی جیتی جاگتی مثال ہے۔

marfat.com
Marfat.com

۴۔ "مجھے اندیشہ ہے کہ شورش ضرور پھیلے گی"

جس کتاب سے شورش پھیلنے کا اندیشہ ہو اس کو چھپانا ہی نہیں چاہیے مگر اسی بات سے پوری حقیقت واضح کر دی اور وہابی مشن کی قلعی بھی کھل گئی۔ انگریزوں کے اشارے پر شورش پھیلانے کے لیے ہی تقویۃ الایمان لکھی گئی ہے۔ یہ وہی تقویۃ الایمان ہے جس کا مولوی رشید احمد گنگوہی کے فتوے کی بنا پر ہر گھر میں ہونا اور اس کا پڑھنا عین اسلام ہے' یہ بھی خوب رہی جس کتاب سے شورش پھیلے اس کا ہر گھر میں ہونا عین اسلام ہے گویا معاذاللہ اسلام کا کام شورش پھیلانا ہے۔

آج علماء دیوبند گلی گلی کوچہ کوچہ یہ پروپیگنڈہ کرتے پھر رہے ہیں کہ علماء اہلسنت کا کام تو محض لڑانا و شورش پھیلانا ہے۔

کاش! وہ ایک لمحہ کے لیے نارمل حالت میں تقویۃ الایمان کو پڑھ کر خود مصنف کے بیان کی روشنی میں یہ فیصلہ کرتے کہ افتراق بین المسلمین کے بانی خود آں بدولت ہیں یا کوئی اور؟ چنانچہ اس سلسلہ میں مولوی عبدالشاہد خان شیروانی ناظم جمیعۃ العلماء علی گڑھ کا ایک بیان حوار میں عرض کیا جاتا ہے جس سے حقیقت خود ہی بے نقاب ہو جائے گی۔

باغی ہندوستان صفحہ ۱۱۵' ۱۱۶

"پس افراط غلو کے نتیجہ یہ ہوا کہ مولانا (اسمٰعیل دہلوی) کے جذبہ اصلاح اور وعظ و ارشاد کی قدر کرنے والے پرانے ساتھی بھی (مولانا اسمٰعیل کی) مخالفت کیے بغیر نہ رہ سکے۔ انھیں میں سے علامہ فضل حق خیر آبادی بھی تھے۔ علامہ کی دور بین نگاہوں نے تاڑ لیا کہ یہ تو آسمان سے گر کر کھجور پر اٹکنا ہوا' تفریط گئی تو افراط پیدا ہو کر رہے گا ایسے موقع پر پہلو تہی اور خاموشی گناہ عظیم ہے"

نوٹ:۔ اب وہ حضرات جو حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی کی حق پسندی سے برہم ہو کر انھیں مورد طعن و تشنیع قرار دے رہے ہیں اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کی شورش پسندی پر رد شرک و بدعت کا غلاف ڈال کر تقویۃ الایمان کو عین اسلام کہہ

marfat.com

Marfat.com

رہے ہیں وہ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچیں کہ اپنی روش میں وہ کس حد تک حق بجانب ہیں۔

اے کاش! اب بھی علماء دیوبند کو ہوش آتا اور وہ اسلام اور مسلمانوں کے حال زار پر ترس کھاتے آج ان سے یہی مطالبہ ہے کہ تقویۃ الایمان میں جہاں باطل و گمراہ عقیدے ہیں' اسی کے ساتھ اس کتاب کا انداز و بیان اور لب و لہجہ بھی درست نہیں ہے جس کی بابت خود مصنف کا اقرار ہے۔

لہٰذا ایسی کتاب جس میں تیز الفاظ آگئے ہوں' تشدد ہو اور شرک خفی کو شرک جلی لکھا گیا ہو اور اس کتاب سے مسلمانوں میں شورش پھیلنے کا اندیشہ ہو اس کی اشاعت ہی نہ کرنی چاہیے مگر یہاں تو نقشہ ہی بدلا ہوا ہے' اشاعت کی روک تھام تو درکنار اسی کتاب کو عین اسلام کہہ کر چھاپا اور بیچا جا رہا ہے اور جس قدر تقویۃ الایمان کی اصلاح کا مطالبہ کیا گیا۔ اسی قدر مصنف کی شدت اور بڑھتی گئی۔ چنانچہ مولوی عبدالشاہد خاں شیروانی ناظم جمیعۃ علماء جمیعۃ علی گڑھ رقمطراز ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

باغی ہندوستان صفحہ ۱۱۴

"مسلمانوں کی شدت مخالفت کی بنا پر قدرتی طور پر شاہ صاحب (مولوی اسمٰعیل صاحب) کا جذبہ اصلاح غلو کی شکل اختیار کر گیا ایک طرف تفریط تھی تو دوسری جانب افراط۔ شاہ اسمٰعیل صاحب نے مسلمانوں کی ہر غلط روی کو شرک سے تعبیر کرنا شروع کیا (چند سطر بعد) وعظ و تبلیغ کے ساتھ تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی شروع ہوا' پہلے عربی میں پھر اردو میں تقویۃ الایمان لکھی اس میں حد اعتدال سے تجاوز کیا گیا اس کا مصنف کو خود بھی احساس تھا"

نوٹ:۔ مندرجہ بالا عبارت کے حسب ذیل ٹکڑے ناظرین کی توجہ چاہتے ہیں۔

۱۔ "شاہ صاحب کا جذبہ اصلاح غلو کی شکل اختیار کر گیا"

۲۔ "شاہ صاحب نے مسلمانوں کی ہر غلط روی کو شرک سے تعبیر کرنا شروع کر

marfat.com
Marfat.com

دیا"

یعنی فی الواقع وہ باتیں شرک تو نہیں ہیں مگر چونکہ شاہ صاحب کا جذبہ اصلاح غلو کی شکل اختیار کر چکا تھا اس لیے مسلمانوں کا جو فعل بھی ان کے مزاج و طبیعت کے خلاف ہوا اس کو شرک کہہ دیا گیا۔ اس اندازہ کے لیے یہ بات کافی ہے کہ تقویۃ الایمان کی ہر ہر سطر میں جو شرک و بدعت کی تے کی گئی ہے اس کی حقیقت کیا ہے۔

۳۔ "تقویۃ الایمان میں حد اعتدال سے تجاوز کیا گیا ہے"

یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ جو کتاب حد اعتدال سے متجاوز ہو جاتی ہے وہ اپنا وقار اور وزن کھو دیتی ہے وہ کتاب ہی نہیں کہی جاتی بلکہ مصنف کے غم و غصہ' قہر و غضب اور گالی گلوچ کا پلندہ سمجھی جاتی ہے۔

۴۔ "اس کا خود مصنف کو بھی احساس تھا"

یعنی مصنف کی یہ خطا غیر شعوری طور پر نہ تھی بلکہ دیدہ و دانستہ تھی اور یہ بات اہل نظر پر مخفی نہیں کہ ایسی خطا انتہائی مخدوش و خطرناک ہوتی ہے۔ یہیں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ احساس لغزش کے باوجود اگر لغزش کی جائے تو اس کا بھی امکان رہتا ہے کہ اس لغزش پر کوئی خارجی دباؤ پڑ رہا ہے۔ یعنی شاہ اسمٰعیل کو اس کا احساس تو تھا کہ اس حد اعتدال سے متجاوز ہو چکا ہوں اور اس کتاب سے شورش پھیلے گی مگر اس کے باوجود وہ اپنی روش نہ بدل سکے محض اس وجہ سے کہ ان پر انگریز بہادر کا دباؤ پڑ رہا تھا کہ میرے حق میں وہی کتاب مفید ہو گی جس سے مسلمانوں میں شورش پھیلے۔ یہ ہے تقویۃ الایمان کا پس منظر' نہ تو وہ عین اسلام ہے اور نہ ہی رد شرک و بدعت میں کوئی قابل قدر تصنیف' بلکہ وہ انگریز بہادر سے روپیہ اینٹھنے کی ترکیب بتانے والی ایک کتاب ہے ورنہ رد شرک و بدعت کا جو طریقہ مولوی اسمٰعیل دہلوی نے اختیار کیا تھا اس کو خود مولوی قاسم نانوتوی برداشت نہ کر سکے بلکہ اس مذموم طریقے پر انھوں نے بڑی سخت تنقید کرتے ہوئے اظہار تنفر کیا ہے جس کو آپ مصنف سوانح قاسمی کے قلم سے ملاحظہ فرمایئے۔ مگر اس سے پہلے مولوی اسمٰعیل صاحب کے انداز تبلیغ و اصلاح پر ایک شعر سن لیجیے۔

marfat.com

Marfat.com

میخانہ سلامت ہے تو ہم سرخی مے سے
تزئین در و بام حرم کرتے رہیں گے

سوانح قاسمی جلد دوم صفحہ ۲۵

"کون نہیں جانتا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں نہ کلام اللہ اس طرح من اولہ الی آخرہ اوراق میں لکھا ہوا تھا نہ اس زمانہ میں زبر' زیر' جزم اور تشدید ایجاد ہوئے تھے نہ کتب احادیث یوں تصنیف ہوئیں نہ تدوین کتب 'فقہ' اصول فقہ اور تفسیر کا دستور تھا۔

طبقہ علماء کی مذکورہ بالا خدمات یا اسی نوعیت کی جو دوسری چیزیں ہیں سب کو آپ[1] نے اسی مد میں شمار فرمایا ہے جو ضمناً و عرضاً مامور بہ ہیں یعنی شریعت کے مطالبات کی تکمیل میں ممد و معاون ہیں"

صفحہ ۲۲

"ایسے ہی علاج قلبی میں بہت سے امور ہوتے ہیں کہ وہ صراحۃً مامور بہ نہیں ہوتے ضمناً و عرضاً مامور بہ ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے ظاہر میں وہ بدعت معلوم ہوتے ہیں حقیقت میں بدعت نہیں"

نوٹ:۔ اب سچ کی بات سنیے

صفحہ ۲۰'۲۱

"اس زمانہ میں مسلمانوں کے بعض ممالک میں بھی یہ سوال اٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اگلی نسلوں کے دین پر اعتماد کر کے پچھلی نسلیں جن باتوں کو مانتی چلی آتی ہیں ضروری ہے کہ ان پر تنقید کی جائے خصوصاً عرب جو مسلمانوں کا دینی مرکز ہے' اس تحریک کا وزن اس کے بعض خاص علاقوں پر غیر معمولی پڑ رہا تھا۔ نجد کے باشندے اور اسی علاقہ کے ایک عالم محمد بن عبدالوہاب اس تحریک کے سب سے بڑے علمبردار تھے۔ یہی پیچ در پیچ تاثیری اسباب تھے جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ سید شہید جس جماعت کو چھوڑ کر احیاء عند ربھم یرزقون کی قدسی صف میں شریک ہوئے

[1] مولوی قاسم نانوتوی

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ اس جماعت کے بعض افراد تطہیر و تزکیہ کے اس عمل میں حدود سے تجاوز کرنے لگے۔ سڑے ہوئے گوشت کے ساتھ زندہ گوشت پر بھی عمل جراحی کرنے لگے' بے احتیاطیاں اس حد تک ترقی کر کے پہنچ چکی تھیں کہ مسلمانوں کی دینی زندگی کی شرائین اور شہ رگ کو نشتر زنی کی دھمکیاں دینے لگی تھیں اور بقول سیدنا امام الکبیر[1] فیوض قاسمیہ صفحہ ۴ علماء و فقراء جن کو خلاصہ امت کہئے اس خلاصہ امت کو اپنے عمل جراحی کا تختہ مشق ان لوگوں نے چاہا کہ بنالیا جائے گویا اسلام کی سیزدہ سالہ دینی و علمی تاریخ کے سارے اوراق ہی کو چاہتے تھے کہ بیدردی کے ساتھ پھاڑ دیا جائے الغرض بدعت کے ساتھ ایسی بے شمار چیزوں کو وہ بدعت ٹھہرانے لگے جن کے ہونے کی کوئی وجہ نہ تھی"۔

قدم یہ اٹھتے نہیں ہیں اٹھائے جاتے ہیں

نوٹ:۔ اب اس خصوص میں جناب قاری محمد طیب صاحب سے گزارش ہے کہ اگر انھیں علمائے اہلسنت کی باتیں ناگوار خاطر گزرتی ہیں تو کم از کم انھیں اپنے دادا کی نصیحت پر عمل کرنا چاہیے اور شرک و بدعت سے متعلق جو نظریہ مولوی قاسم نانوتوی نے بیان کیا ہے اسی کو اپنانے کی کوشش کریں۔

فیوض قاسمیہ اور سوانح قاسمی کی جو عبارات پیش کی گئی ہیں یہ خود ان کے گھر کی باتیں ہیں گویا یہ وہ حوالہ جات ہیں جس سے دیو بند مشینری کے ایک ایک کل و پرزے خود ہی ڈھیلے ہو جاتے ہیں۔

تقویۃ الایمان پر نقد و نظر کا یہ ایک اجمالی خاکہ ہے۔ اختتام گفتگو پر اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ علماء دیو بند نے تقویۃ الایمان کو مولوی اسمٰعیل دہلوی کی طرف منسوب کرنے سے انکار کیا ہے۔

اس سلسلہ میں انتہائی تجسس و تلاش کے بعد مولوی عبدالشکور مرزا پوری کی کتاب "التحقیق الجدید علی تصنیف الشہید" مجھے دستیاب ہو سکی جس کا بالاستیعاب میں نے مطالعہ کیا لیکن مصنف نے اثبات مدعیٰ سے متعلق جو طرز استدلال اختیار کیا ہے وہ

---

[1] مولوی قاسم نانوتوی

marfat.com
Marfat.com

انتہائی ناپسندیدہ و ناقابل قبول ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب خود حلقہ دیوبند میں بھی مقبول نہ ہو سکی اس لیے اس کتاب پر کسی بھی تبصرے کو طول عبث سمجھتا ہوں ویسے مصنف نے خود اس امر کا اعتراف بھی کیا ہے۔ میرے شبہات مسائل سے متعلق نہیں ہیں بلکہ مولوی اسمٰعیل کی کتاب ہونے میں شبہ ہے۔ حوالہ ملاحظہ فرمایئے۔

"التحقیق الجدید علی تصنیف الشہید" مصنفہ مولوی عبدالشکور مرزا پوری مطبع مجیدی کانپور صفحہ ۷

چار کتابوں پر شبہ | جدول کی کتب مطبوعہ و مشہورہ سے صراط مستقیم' تنویر العینین' ایضاح الحق' خصوصاً تقویۃ الایمان وہ کتابیں ہیں جن کے متعلق شبہات ہیں مگر ان شبہات کا تعلق مسائل سے نہیں بلکہ تاریخ سے ہے جنہیں قلم بند کیے عرصہ گزرا تاہم شائع کرنے کی ہمت نہ پڑتی تھی"

نوٹ:۔ اولاً تو خود مصنف نے اپنی پوری کاوش کو شبہ سے تعبیر کیا ہے اور یہ طے ہے کہ یقین کو یقین ہی توڑتا ہے نہ کہ شبہ!

پھر آگے چل کر مصنف کا یہ کہنا کہ کتاب کو قلم بند کیے عرصہ گزرا شائع کرنے کی ہمت نہ پڑتی تھی جس سے خود ڈھکی چھپی کمزوریوں کا پتہ چلتا ہے اس لیے میری اپنی رائے میں اس کتاب کے اقتباسات پر نقد و نظر کرنا محض صفحات کو سیاہ کرنا ہے۔

میرے خیال میں مولانا سید الزماں صاحب ہیچر عابدہ ایچ ای سکول مظفر پور نے اپنی کتاب "تعظیم شہ مصطفےٰ" بہ جواب "شہید کی سچی باتیں" مرتبہ مولوی نور محمد ٹانڈوی میں اس عنوان پر کافی روشنی ڈالی ہے۔ جن اہل ذوق کو اس سے زیادہ کی تلاش ہو وہ اس کی طرف رجوع کریں "تعظیم شہ مصطفےٰ" اپنے انداز کی سنجیدہ اور انوکھی کتاب ہے۔

ناظرین نے پچھلے صفحات میں محمد بن عبدالوہاب نجدی اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کی تحریک پر مولوی قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند کی رائے ملاحظہ فرمائی ہے کہ خود بانی دارالعلوم دیوبند کو اس تحریک سے اتفاق نہ تھا۔

marfat.com

Marfat.com

مگراس کو کیا کہئے کہ اخلاف نے اسلاف سے منہ موڑ لیا اب ان حضرات کو بسا اوقات اپنے بزرگوں کی موافقت اتنی منظور نہیں جس قدر ہماری مخالفت۔

چنانچہ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ "خون کے آنسو" جلد اول کی اشاعت پر مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہان پوری سے خود دیو بندی مکتبہ فکر کے ایک فرد نے سوال کیا تو بجائے اس کے کہ مولانا اس کو کوئی معقول جواب دیتے مجھ پر دو چار تبرے کر کے دل کی بھڑاس نکال لی۔

عجب اتفاق ہے کہ سوال میرے فائل میں محفوظ ہے جو محض اس خاطر ہدیہ ناظرین ہے کہ اس سوال ہی کو پڑھ کر یہ فیصلہ کر سکیں گے کہ "خون کے آنسو" نے خود دیو بندی ذہن و فکر کو کس حد تک متزلزل کیا ہے۔

اس سلسلہ میں ادارۂ پاسبان کو سیکڑوں خطوط موصول ہوئے اور خود مجھے اپنے بیشتر پروگرام میں لوگوں نے ایسے واقعات بتائے کہ "خون کے آنسو" کو پڑھ کر بہت سے دیو بندیوں نے توبہ کی ہے۔ سوال ملاحظہ فرمایئے۔

بات وہ کہئے جس بات کے سو پہلو ہوں
کوئی پہلو تو رہے بات بدلنے کے لیے

روزنامہ "آج" بمبئی جلد ۱۷، شمارہ ۲۲۹، ۲۰ اگست ۱۹۶۱ء

"مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری سے گزارش"

"حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری سے گزارش ہے کہ یوں تو ہمیشہ علماء دیو بند اور رضا خانیوں کا عقائد کے مسئلہ پر اختلاف رہا اور مناظرہ تک کی نوبت آئی مگر ہم لوگوں نے یہ سمجھا کہ علمائے دیو بند حق بجانب ہیں رضا خانی ضدی ہیں اور زبردستی اپنی بات منوانا چاہتے ہیں مگر حال ہی میں ایک کتاب خون کے آنسو مولوی مشتاق احمد نظامی الہ آبادی نے شائع کی ہے جس میں الجمعیۃ شیخ الاسلام نمبر کا حوالہ دیتے ہوئے مولانا عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی کا مضمون نقل کیا ہے جو مولانا مدنی کے متعلق ہے اس میں لکھا ہے

مولانا مدنی صاحب اللہ تعالیٰ کے روپ میں ہماری خدمت کیا کرتا تھا'

marfat.com
Marfat.com

ہماری گلیوں میں چلا پھرا کرتا تھا اور یہاں تک لکھا ہے کہ تم کبھی تصور بھی نہ کر سکے کہ رب العالمین اپنی کبریائیوں پر پردہ ڈال کر تمہارے گھروں میں بھی آ کر رہے گا۔ پہلے تو خیال ہوا کہ یہ بات غلط ہے۔ ایسی بات کوئی انسان عقل والا نہیں کہہ سکتا مگر احباب کے اصرار پر المجید شیخ الاسلام نمبر بڑی مشکل سے حاصل کیا گیا دیکھا تو واقعی اس قسم کی عبارت موجود ہے۔ پھر اسے پڑھ کر بڑی شرمندگی ہوئی' پھر خیال ہوا کہ مولانا ابو الوفا صاحب عید میلاد النبی میں تشریف لا رہے ہیں بذریعہ اخبار ان سے دریافت کر لیا جائے گا کہ کیا اس مضمون کے خلاف کسی اپنے عالم نے یعنی علماء دیوبند میں سے کسی عالم نے اس تحریر کے خلاف پرچہ نکالا کہ یہ مضمون غلط ہے اور ایسا لکھنا کفر ہے۔

مولانا عبد الرزاق صاحب ملیح آبادی کو توبہ کرنا چاہئے اور آپ نے بھی اس کے خلاف کوئی مضمون لکھا اور شائع کرایا آپ نے اس مضمون کو دیکھا تو ضرور ہو گا اگر کسی نے بھی علمائے دیوبند سے اس کے خلاف کوئی پرچہ شائع کیا ہو تو برائے کرم ان پرچوں کا حوالہ دیتے ہوئے کسی اخبار میں اول فرصت میں شائع کر دیں تاکہ ہم لوگ رضا خانیوں کو جواب دے سکیں ورنہ چلتے پھرتے ہم پر سوال ہوتا ہے اور جملے کسے جاتے ہیں خاموشی سے سن لیتے ہیں اور اس میں ہم نے یہ بھی لکھا دیکھا کہ مولانا حسین احمد صاحب مولانا ابو الوفا صاحب کا پاؤں دبایا کرتے تھے۔ امید ہے کہ آج ہی کل میں اس کا جواب اخبار میں مرحمت فرما کر ہم سب کو مطمئن فرمائیں گے۔

فقط آپ کا مخلص

برہان الدین میرٹھی

خوب امیدیں بندھیں لیکن ہوئیں حرماں نصیب
بدلیاں اٹھیں مگر بجلی گرانے کے لیے

نوٹ:۔ مجھے افسوس ہے کہ عزیزی عبد الرحمن نے ممبئی سے جواب کی کاپی میرے

marfat.com
Marfat.com

پاس بھیجی تھی مگر وہ فائل میں محفوظ نہ رہ سکی تاہم مجھے اس کی تلاش ہے اگر وہ اخبار مل گیا تو بلا کم و کاست وہ جواب خون کے آنسو جلد سوم میں شائع کر دیا جائے گا۔ غالبا مولانا شاہجہانپوری کے جواب کا آخری ٹکڑا یہ تھا۔

"مشتاق نظامی اور ان کے پرکھوں کا یہی کام ہے"

اب اس جواب کی روشنی میں سوال کے چند ٹکڑے ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ پہلے تو یہ خیال ہوا کہ یہ بات غلط ہے ایسی بات کوئی انسان عقل والا نہیں کہہ سکتا۔

۲۔ اسے پڑھ کر شرمندگی ہوئی۔

۳۔ کیا کسی دیوبندی عالم نے اس تحریر کے خلاف پرچہ نکالا کہ یہ مضمون غلط ہے۔

۴۔ اور ایسا لکھنا کفر ہے۔

اب ناظرین ہی انصاف فرمائیں کہ میں نے صرف عبدالرزاق ملیح آبادی کا ایک مضمون بطور حوالہ پیش کیا تھا جس کو دیکھ کر خود دیوبندی جماعت کے ایک فرد کے یہ تاثرات ہیں کہ یہ بات غلط ہے ایسا کوئی دیوانہ پاگل ہی لکھ سکتا ہے کوئی عقل والا انسان نہیں لکھ سکتا۔ ایسے مضمون کو پڑھ کر ہمیں شرمندگی ہوتی ہے۔ یہ مضمون غلط ہے اور ایسا لکھنا کفر ہے۔

یہ بات مشتاق احمد نظامی اور اس کے پرکھوں نے نہیں کہی بلکہ اکابر دیوبند کی گندہ و کفری عبارات دیکھ کر خود ان کی جماعت کا ایک فرد یہ حکم لگاتا ہے۔ یہ سب کچھ کہنے کے ساتھ سائل کتنی سادگی سے یہ بھی کہہ گزرتا ہے کہ۔

"چلتے پھرتے ہم پر سوال ہوتا ہے اور جملے کسے جاتے ہیں' خاموشی سے سن لیتے ہیں"

کوئی سوچے تو سہی کہ سائل کے ان جملوں سے کتنی بے کسی و بیچارگی ٹپکتی ہے مگر مولانا شاہجہانپوری کو اس کا کچھ بھی احساس نہ ہوا' بس یہ کہہ کر دامن چھڑا لیا کہ مشتاق نظامی اور ان کے پرکھوں کا یہی کام ہے۔

مولانا شاہجہانپوری کے تذکرے سے ایک بات یاد آئی "خون کے آنسو" جلد اول میں بحوالہ تجلی دیوبند ایک مضمون کی اشاعت ہوئی ہے کہ یہ لوگ بہرائچ شریف

marfat.com

Marfat.com

عرس میں شرکت کرتے ہیں اور نذرانہ میں روپے کے علاوہ قبر شریف کی چادریں بھی اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ چنانچہ تجلی فروری ۶۲ء کے شمارہ میں مولوی ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری اور مولوی محمد قاسم شاہجہانپوری سے متعلق ایک اور مضمون شائع ہوا ہے جو درج ذیل ہے۔

خیال خاطر احباب چاہیے ہر دم
انیس ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

تجلی فروری ۶۲ء صفحہ ۱۷ سرخی "پیٹ کی باتیں" سوال نمبر ۱۴ از عبدالوحید:

"تجلی کے مئی سنہ ۶۱ء کے شمارہ میں ہم نے مولوی محمد قاسم صاحب اور مولوی ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری کی قبر پرستی اور قول و عمل کے تضاد کے سلسلہ میں کچھ استفسار کیا تھا اور یہ تحریر کیا تھا کہ ان حضرات کے رویہ سے کچھ لوگ جو راہ راست پر آگئے تھے وہ عالم تذبذب میں پڑ گئے ہیں اس سلسلہ میں آپ کے مفصل جواب نے بحمد اللہ ان لوگوں پر بہت اچھا اثر کیا۔ خیال تھا کہ شاید مذکورہ مولوی صاحبان کی آنکھیں بھی کھل جائیں گی اور سو سوا سو روپے کی خاطر اب ضمیر فروشی نہ کریں گے اور درگاہ میں عرس کے موقعہ پر تشریف نہ لائیں گے مگر ہماری حیرت کی انتہا نہ رہی جب ہم نے یہ دیکھا کہ دونوں حضرت پھر تشریف لائے اور بڑی ڈھٹائی سے پھر وہی سب باتیں کیں جو سال گزشتہ میں کی تھیں ان کے رویہ کو دیکھ کر ایک بریلوی مولوی صاحب نے کہا کہ لوگ مزاروں پر مرغا مینڈھا وغیرہ چڑھاتے ہیں ہم نے بھینسا چڑھا دیا۔ یہ اشارہ مولوی محمد قاسم صاحب کی طرف تھا افسوس ہے شہر کے خوش عقیدہ حضرات کے جذبات ہر دو مولوی صاحبان کی طرف سے بہت برگشتہ ہو گئے۔ چنانچہ ایک اشتہار عرس کے موقع پر شائع ہوا تھا جس میں مولوی صاحب مذکور سے کچھ سوالات کیے گئے تھے یہ اشتہار عین اس وقت تقسیم ہوئے جب مولوی محمد قاسم صاحب تقریر کرنے بیٹھے۔ اشتہار خود ان کے ہاتھ میں دیا گیا مگر مولوی صاحب نہایت صفائی کے ساتھ اس کو پی گئے' ایک سوال کا

marfat.com
Marfat.com

بھی جواب دینے کی زحمت گوارا نہیں فرمائی اور نہایت اطمینان کے ساتھ اپنا نذرانہ اور تبرکات لے کے چلے گئے اشتہار مذکورہ بالا برائے تبصرہ ارسال خدمت ہے

نہ کھلے خم کا نہ واعظ قلقل و مینا کے بعد
میکدے میں طول اتنا تو نہ دے تقریر کو

الجواب نمبر۴:

"آپ کے مرسلہ پمفلٹ کو نقل کر کے اس پر تبصرہ کرنا سوائے طول لا حاصل کے اور کوئی فائدہ نہیں رکھتا **قد تبین الرشد من الغی** اچھا کیا ہے اور برا کیا یہ واضح ہو چکا ہے لیکن نفس امارہ کے پائے سرکش میں بیڑیاں ڈالنا دلائل کے بس سے باہر ہے۔

فی الحقیقت آپ کے خط میں کوئی بات جواب طلب ہی نہیں لیکن اسے صرف عبرت کے لیے نقل کر دیا ہے ہاں یہ سن لیجئے کہ قبوری شریعت کے ناپاک ہنگاموں کی حرمت کا دیو بندی مسلک کی طرف اور ان کے جواز و استحسان کا بریلی کی طرف منسوب ہو جانا محض ایک اصطلاحی بات ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ طویل الذیل مسئلہ کسی گروہی مسلک سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ یہ تو دین کے اساسی امور میں شامل ہے قبروں پر میلے لگانا حرام ہے۔ مردہ بزرگوں سے مدد چاہنا شرک ہے۔ گانا بجانا زندقہ ہے غیراللہ کی نذر و نیاز بدعت و معصیت ہے۔ یہ سب دیو بندیوں کا مسلک نہیں بلکہ قرآن کا فیصلہ اور حدیث کا فرمان ہے۔ وہ سب اللہ اور رسول کا واضح فرمودہ ہے۔ دیو بندیوں نے اس کے آگے سر تسلیم خم کر دیا اس لیے یہ ان کا مسلک قرار دیا گیا اور بریلیوں نے اسے نفسانی و شیطانی رجحانات کی رو میں بہا دیا اس لئے ان کا مسلک جواز و استحسان ٹھہرایا گیا لیکن حقیقت یہ ہے کہ مسلک و سلک کا ان مسائل میں کوئی سوال ہی نہیں یہ تو صریح حق و باطل کا مقابلہ ہے۔ ایک طرف عبدیت ہے اور دوسری طرف زندقہ' ایک طرف قرآن و سنت ہے اور

marfat.com

Marfat.com

دوسری طرف ذہنی مبالغے' خیالی پروازیں' ضعف اعتقاد اور غلو در غلو' ایک طرف من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ کا یقین محکم ہے اور دوسری طرف عیسیٰ ابن مریم ابن اللہ' والا فاسد ذہن۔ مولوی محمد قاسم اور مولوی ابو الوفا صاحبان اگر خود کو دیو بندی المسلک کہتے ہیں اور پھر بھی تحریک شریعت کے ہنگاموں میں شریک ہو کر کچھ پیسے کما لیتے ہیں تو یہ کوئی عجیب بات نہیں۔ جمعیت العلماء کے اعیان و اکابر تصویر کشی کو حرام بتلاتے ہیں لیکن ان کی آرگن روزنامہ الجمعیت دھڑلے سے تصویریں شائع کرتا ہے نہ کرے تو اس کا کہنا ہے کہ اخبار نہ چلے اسی طرح کتنے ہی مسلمان رشوت لیتے ہیں' شراب پیتے ہیں' جوا کھیلتے ہیں' زنا کرتے ہیں اگر مذکورہ بالا دونوں مولوی صاحبان ہی اس گرانی کے دور میں مالی منفعت کی خاطر تھوڑا سا تقیہ کر گزرتے ہیں تو اس میں تعجب اور تشویش کی کیا بات ہے۔ جہاں تک اس طرح کے سوالات کا تعلق ہے کہ آخرت میں ایسے نفاق اور تقیہ کا کیا انجام ہو گا۔ دنیا میں لوگ کیا کہیں گے اور برادران ملت پر ان حرکتوں کا کیا اثر پڑے گا تو خوب سمجھ لیجئے کہ ان سوالات کی گرفت عرصہ ہوا علماء کے دل و دماغ سے ڈھیلی ہو چکی (الا ماشاء اللہ) اگر یہ گرفت ڈھیلی نہ ہوتی تو امت مسلمہ آج اس انجام کو پہنچی ہوئی نہ ہوتی اگر کوئی آلہ ایسا ہو سکتا جو بتا سکتا کہ فلاں شخص کے قلب میں خدا اور حساب آخرت کا خوف کس مقدار میں ہے تو یقین کیجئے عجیب عجیب انکشافات سامنے آتے کتنے ہی ایسے لوگوں کے بارے میں جنھیں ہم دنیادار اور ناقابل التفات سمجھتے ہیں یہ آلہ بتاتا کہ ان کے دلوں میں خوف آخرت کی وافی مقدار موجود ہے اور کتنے ہی ایسے بزرگوں کے بارے میں جن کے متعلق عام خیال ہے کہ ان کے نچوڑے ہوئے دامن سے فرشتے وضو کرتے ہیں۔ یہ آلہ انکشاف کرتا کہ وہاں خوف آخرت کے نام کی کوئی چیز سرے سے موجود ہی نہیں ہے بلکہ اس کی جگہ غرور زہد ہے' کبر عبدیت ہے یا پھر گہرا نفاق ہے۔ حاصل جواب

marfat.com
Marfat.com

یہ ہے کہ کھانے کمانے دیجئے ان لوگوں کو جو جی بھر کے دنیا کمانا چاہتے ہیں عامر عثمانی دلیل کو دلیل سے توڑ سکتا ہے لیکن کسی دیو بندی مولوی کو عرسوں میں جانے اور نذر و نیاز وصول کرنے سے نہیں روک سکتا یہ تو اس درہ فاروقی کا کام ہے جو نہ جانے اب کب آئے گا"

کل میاں حجام سب کا مونڈتے پھرتے تھے سر
آج اس کوچہ میں ان کی بھی حجامت ہو گئی

نوٹ:۔ چاہیے تو یہ تھا کہ میں مندرجہ بالا مضمون کا اقتباس حاضر کر دیتا لیکن بالقصد و بالارادہ میں نے پورے مضمون کو من و عن شائع کر دیا تاکہ بیک وقت تصویر کے دونوں رخ سامنے آجائیں گے۔ مضمون بالا سے اگر ایک طرف مولوی ابوالوفا اور مولوی محمد قاسم ؎ کی دو رخی پالیسی بے نقاب ہوتی ہے تو اسی کے ساتھ اعراس کو مٹانے اور حرمت اولیاء کو ختم کرنے کی منصوبہ بندی بھی سامنے آجاتی ہے۔

کاش! اب بھی ہماری جماعت کے بعض وہ افراد جو رد وہابیہ سے گریز کرتے ہیں یا تردیدی تقریر و تحریر سے چیں بہ جبیں ہوتے ہیں وہ ٹھنڈے دل سے غور کرتے کہ وہ اپنی روش میں کس حد تک حق بجانب ہیں۔ ہمارے مخالف کیمپ سے ہر وقت ایٹمی دھماکے کی آواز آرہی ہے اور آپ ہمیں ترکش تک سنبھالنے کی اجازت نہیں دیتے۔

واضح رہے کہ جس طرح ایک ملک میں سپاہیوں اور فوجی دستوں کا جال بچھا رہتا ہے جس کا کام یہ ہے کہ ملک کے داخلی اور خارجی حملوں کی روک تھام کرے تاکہ ملک کے نظام عمل میں کوئی رخنہ واقع نہ ہو سکے۔ ایسے ہی ایک جماعت کو بھی ایسے افراد کی ضرورت پڑتی ہے جو جماعت کے داخلی یا خارجی فتنوں کی مدافعت کے لیے ہمہ وقت سینہ سپر رہیں ورنہ ایسی جماعت ہواؤں کے دوش پر ہوتی ہے نہ تو وہ داخلی فتنوں کا سدباب کر سکتی ہے اور نہ ہی خارجی حملے کی تاب لا سکتی ہے اگر ملک کا تاجر طبقہ فوجیوں کے دوش بدوش کھڑا نہیں ہوتا تو کم از کم ان کی عمدہ کارگزاریوں کی

؎ گارام ۲ جناداس

marfat.com
Marfat.com

تحسین ضرور کرتا ہے ورنہ وہ ملک کا باغی قرار پاتا ہے۔
ایسے ہی جماعت کا وہ طبقہ جو مخالف گروہ سے ٹکر نہیں لیتا تو کم از کم اسے زبان و قلم کی جنگ کرنے والوں کے خلاف زہر بھی نہیں اگلنا چاہئے ورنہ میرے خیال میں ایسے لوگ ان کھلے ہوئے دشمنوں سے کہیں زیادہ خطرناک اور زہر ہلاہل ہیں۔ نہ جانے یہ مار آستین کب اور کہاں ڈس لے گا۔ ایسے لوگوں کے لیے اس کے سوا اور کیا کہا جائے۔

رنگت ہے' نزاکت ہے' لطافت ہے مگر حیف
اک بوئے وفا یہ گل رعنا نہیں رکھتے

بظاہر یہ چند سطریں موضوع کتاب سے باہر معلوم ہوتی ہیں لیکن "خون کے آنسو" کا مقصد جہاں یہ ہے کہ دیوبندی عقائد کو پیش کر کے دشمن کو اصل وضع قطع میں سامنے کھڑا کر دیا جائے تو ان دوست نما دشمنوں کے چہرے سے اگر نقاب اٹھا دیا گیا تو کیا مضائقہ!

سنا کرتے ہیں پہروں دل لگا کر میرے شیون کو
سخن سنجی سکھاتا ہوں نوا سنجان گلشن کو

بات یہ چل رہی تھی کہ بسا اوقات علماء دیوبند ہماری مخالفت کے غلو میں اپنے اکابر سے بھی منہ موڑ لیتے ہیں جس کی زندہ مثال حسب ذیل حوالے میں ملاحظہ فرمائیے۔

ملفوظات اشرف العلوم بابت ماہ رمضان ۱۳۵۵ھ صفحہ ۸۸

"فرمایا حاجی علی محمد انیٹھوی کلیر شریف سے واپس آئے تو کہا کہ حضرت حاجی نے مجھ کو سماع کی اجازت دی ہے حضرت مولانا گنگوہی دیوبند تشریف لائے ہوئے تھے اور بہت بڑا مجمع تھا مولانا سے اس کا ذکر کیا گیا' فرمایا محمد علی غلط کہتا ہے اور اگر یہ صحیح کہتا ہے تو حاجی صاحب (حاجی امداد اللہ مہاجر مکی) غلط کہتے ہیں۔
حضرت حاجی صاحب مفتی نہیں ہیں۔ یہ مسائل حضرت حاجی صاحب کو ہم سے پوچھنے چاہیں"

marfat.com
Marfat.com

کچھ طرز ستم بھی ہیں کچھ انداز وفا بھی
کھلتا نہیں حال ان کی طبیعت کا ذرا بھی

نوٹ:۔ یہ ہیں علماء دیو بند کے قطب عالم' مربی خلائق مولانا رشید احمد گنگوہی جنہوں نے کوا خور کی شریعت کی بنیاد ڈالی ہے کہ پیر کو مرید سے مسئلہ دریافت کرنا چاہئے۔

میرے استاد محترم مرشد برحق مجاہد ملت مولانا الحاج محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ بسا اوقات فرماتے ہیں کہ جو شاگرد استاذ سے چون وچرا ں نہ کرے اور جو مرید اپنے پیر سے چون وچرا کرے دونوں ناقص ہیں۔

استاذی و شاگردی میں قیل و قال کی گنجائش ہے لیکن پیری و مریدی میں تو پیر کے اشارے پر چلنا پڑتا ہے۔ بلبل شیراز حضرت حافظ علیہ الرحمتہ نے کتنے پتے کی بات کہی ہے۔

بہ مے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بیخبر نہ بود ز راہ و رسم منزلہا

اب جبکہ دیو بندوں کے روحانی لکڑ دادا حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا تذکرہ آہی گیا ہے تو ان کی مشہور و معروف تالیف "فیصلہ ہفت مسئلہ" سے چند ایسے حوالے حاضر کر دیے جائیں جس سے یہ صحیح اندازہ ہو جائے کہ پیر کچھ کہتا ہے اور مرید کچھ:

مجھ سے بھی اقرار عدو سے بھی وعدہ
کیا جانے کہاں جائیں گے نیت کدھر کی ہے

"فیصلہ ہفت مسئلہ" مولفہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی صفحہ ۱۰

"ملائکہ کا درود شریف حضور اقدس پر پہنچانا احادیث سے ثابت ہے اس اعتقاد سے کوئی شخص الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہے کچھ مضائقہ نہیں"

نوٹ:۔ پیر کی نگاہ میں الصلوٰہ والسلام علیک یارسول اللہ درست

marfat.com

Marfat.com

ہے مگر مریدوں کی شریعت میں شرک و بدعت ہے۔

فیصلہ ہفت مسئلہ صفحہ ۸

"لفظ عرس اس حدیث سے ہے نم کنومته العروس یعنی بندہ صالح سے کہا جاتا ہے کہ عروس کی طرح آرام کر کیونکہ موت مقبولان الٰہی کے حق میں وصال محبوب حقیقی ہے اس سے بڑھ کر کون عروس ہو گی چونکہ ایصال ثواب بروح اموات مستحسن ہے خصوصاً جن بزرگوں سے فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں ان کا زیادہ حق ہے اور ہر اپنے پیر بھائی سے ملنا موجب ازدیاد محبت و تزائد برکات ہے نیز طالبوں کا یہ فائدہ ہے کہ پیر کی تلاش میں مشقت نہیں ہوتی' بہت سے مشائخ رونق افروز ہوتے ہیں اس میں جس سے عقیدت ہو اس کی غلامی اختیار کرے اس لئے مقصود ایجاد رسم عرس سے یہ تھا کہ سب سلسلہ کے لوگ ایک تاریخ میں جمع ہو جائیں باہم ملاقات بھی ہو جائے اور صاحب قبر کی روح کو قرآن و طعام کا ثواب بھی پہنچایا جائے' یہ مصلحت ہے تعین یوم میں"

اسی صفحہ پر آگے چل کر فرماتے ہیں:

"پس حق یہ ہے کہ زیارت مقابر انفراداً و اجتماعاً دونوں طرح جائز اور ایصال ثواب قرات و طعام بھی جائز اور تعین تاریخ بہ مصلحت بھی جائز سب مل کر بھی جائز رہا"

نوٹ:۔ پیرو مرشد کی نظر میں عرس' تعین یوم' قرآن و طعام کا ایصال ثواب یہ ساری باتیں جائز و درست ہیں مگر مریدں کو کوا خور شریعت میں یہ ساری باتیں ناجائز' حرام' شرک و بدعت ہیں۔ جہاں جہاں مالی منفعت یا سیاسی تقاضے وہاں سب جائز ہے۔

سیاست میں کبھی داخل ریاست میں کبھی شامل
ہمارا مولوی بھی فی الشل تھالی کا بینگن ہے

فیصلہ ہفت مسئلہ صفحہ ۶

"نفس ایصال ثواب ارواح اموات میں کسی کو کلام نہیں"

marfat.com
Marfat.com

فیصلہ ہفت مسئلہ صفحہ ۷

"پس یہ ہیئت مروجہ ایصال ثواب کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں اور گیارھویں غوث پاک قدس سرہ کی دسواں' بیسواں' چہلم' ششماہی' سالیانہ وغیرہ اور توشہ حضرت شیخ احمد عبدالحق ردولوی رحمتہ اللہ علیہ اور سہ منی حضرت بو علی قلندر رحمتہ اللہ علیہ و حلوائے شب برأت اور دیگر ایصال ثواب کے قاعدے پر مبنی ہیں اور مشرب فقیر کا اس مسئلہ میں یہ ہے کہ فقیر پابند اس ہیئت کا نہیں ہے مگر کرنے والوں سے انکار نہیں کرتا"

نوٹ:۔ پیرو مرشد کی خانقاہ میں سوئم' دسواں' بیسواں' چہلم' سالیانہ' شب برأت' غوث پاک کی گیارھویں اور حضرت مخدوم عبدالحق ردولوی کا توشہ' حضرت بو علی شاہ قلندر کی سہ منی وغیرہ سبھی درست ہیں۔

لیکن مطاع عالم' قطب عالم' مربی خلائق جناب گنگوہی اور ان کے متبعین کی کوا خور شریعت میں یہ ساری باتیں شرک و بدعت' ناجائز و حرام ہیں۔

البتہ اگر چراچھپا کر فاتحہ کی یہ تمام چیزیں کھانے کو مل جائیں تو طیب و طاہر ہیں۔

ریاض توبہ نہ ٹوٹے نہ میکدہ چھوٹے
زباں کا پاس رہے وضع کا نباہ رہے

فیصلہ ہفت مسئلہ صفحہ ۳

"پہلا مسئلہ مولود شریف کا اس میں کسی کو کلام ہی نہیں کہ نفس ذکر ولادت شریف حضرت فخر آدم سرور عالم ﷺ موجب خیرات و برکات دنیوی و اخروی ہے"

فیصلہ ہفت مسئلہ صفحہ ۵

"اور مشرب فقیر کا یہ ہے کہ محفل مولود میں شریک ہوتا ہوں بلکہ ذریعہ برکات سمجھ کر ہر سال منعقد کرتا ہوں اور قیام میں لطف و لذت پاتا ہوں"

نوٹ:۔ یہ جان رحمت ﷺ کا منہ بولتا معجزہ نہیں تو اور کیا؟ پیرو مرشد نہ صرف

marfat.com
Marfat.com

میلاد و قیام کے قائل بلکہ ذریعہ برکات سمجھ کر ہر سال محفل میلاد شریف منعقد کرتے ہیں اور کھڑے ہو کر سلام پڑھتے ہیں۔ لطف ولذت محسوس کرتے ہیں۔ جیسا کہ عام اہل اللہ کا دستور رہا ہے اور ہے ویسے ہی حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی بھی اس پر عامل پابند رہے مگر یہ سارے مراسم دیوبند کی چہار دیواری تک پہنچتے پہنچتے اسراف ' فضول خرچی ' نمائش ' رسم بن کر شرک و بدعت کی نذر ہو گئے حالانکہ یہ وہی دیوبند ہے جو اپنے ایک مہمان کے ناشتہ میں دس ہزار کی رقم خرچ کرتا ہے۔

ملاحظہ کیجئے تجلی دیوبند

"پنبہ کجا کجا نہم تن داغ داغ شد"

کا مضمون ہے۔

آج تقدس و اتباع شریعت کے نام پر قوم کو لوٹا جا رہا ہے۔ کھوپڑی گھٹی ہوئی ' مونچھیں صاف ' پیشانی پر کالا داغ ' ہاتھ میں تسبیح ' پائجامہ کے بجائے لانبا نیکر ' اور اگر رضاکاروں کی صف میں شامل ہو گئے تو سر پہ چنے کی گٹھڑی اور بغل میں ستو ' زبان پر کلمہ مگر زخرے سے نیچے نہیں اترتا۔ صورت سے شیخ نجدی کے سوتیلے بھائی معلوم ہوں اور سیرت میں اس کے بھی چچا۔ ان لوگوں کا حال بالکل ان دو مسخروں کی طرح ہے کہ ایک مسخرے نے اپنے ساتھی سے کہا "اجی! تم ہمیں اور ہمارے خاندان والوں کو نہیں پہچانتے ' ہمارے باپ دادا نے وہ وہ کر دکھایا ہے کہ جس کو تم بھی سن کر حیران ہو جاؤ گے" اس کے ساتھی نے کہا "ارے بھائی! کچھ سناؤ تو سہی" مسخرہ بولا "ہم اپنے خاندان والوں سے سنتے چلے آئے ہیں کہ ہمارے لگڑ دادا نے ایک مکان بنوایا تھا جس کا صحن اتنا بڑا تھا کہ ایک تیز رفتار گھوڑا صحن کی مشرقی حصے سے صحن کے مغربی حصے کی طرف چلتا اور ساری عمر چلتے چلتے مر جاتا مگر صحن کے اس سرے سے اس سرے تک پہنچ نہ پاتا"

یہ سنتے ہی اس کے ساتھی نے کہا "تم جھوٹ اور بالکل جھوٹ کہتے ہو۔ پھر بھی یہ کوئی زیادہ تعجب کی بات نہیں البتہ ہم نے اپنے خاندان کی ایک روایت سنی ہے کہ ہمارے لگڑ دادا نے بانس کے سارے جنگلات کٹوا کر ایک بانس کو دو سرے میں ' اور

marfat.com

Marfat.com

دوسرے کو تیسرے میں' تیسرے کو چوتھے میں غرضیکہ ایسے ہی سارے بانسوں کو جڑواتے چلے گئے بالآخر وہ اتنا لمبا ہو گیا کہ جب کبھی قحط پڑتا' بارش نہ ہوتی تو ہمارے لگڑ دادا کسی بدلی کو اسی بانس سے کھود دیتے اور جھما جھم بارش ہو جاتی تو اس کے ساتھی نے کہا تم تو بالکل ہی جھوٹ کہتے ہو' کہیں اتنا بڑا بانس تیار کیا جا سکتا ہے! آخر اس کو رکھتے کہاں تھے؟ تو جھٹ اس کے ساتھی نے کہا کہ اسی مکان کے صحن میں جس کو تمہارے لگڑ دادا نے بنوایا تھا تو فوراً اس نے کہا آپ تو بالکل صحیح ہے۔

کرے گا ہمسری کیا عشق میں کوئی بھلا میری
کہ چلیں رات دن بھرتا تھا مجنوں کا چچا میری

دیکھا آپ نے یہ الجھا ہوا مسئلہ کس قدر آسانی سے حل ہو گیا جب ایک نے اتنے بڑے صحن کو مان لیا تو دوسرے نے بارش برسانے والا بانس بھی تسلیم کر لیا۔ بحث واقعہ کی نہیں تھی بلکہ شخص و افراد کی تھی۔ بالکل یہی حال علماء دیوبند کا ہے اگر کسی کرامت کی نسبت غوث پاک' غریب نواز کی طرف کیجئے تو ڈھائی سیر کا سر گردش میں آجائے گا اور ڈھائی گز کی زبان باہر نکل آئے گی۔ لیکن اگر اسی کرامت کی نسبت مولانا تھانوی کے والد اور مولانا ٹانڈوی کے دادا کی طرف کر دیجئے تو اپنی جگہ چھوڑ کر آپ سے قریب آجائیں گے اور آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بڑے معصوم و بھولے بن کر ارشاد فرمائیں گے۔ ارے صاحب! ان بزرگوں کا کیا کہنا' وہ اللہ والے تھے ان کا مرتبہ تو اس سے بھی زیادہ بلند تھا جتنا کہ ہم اور آپ سمجھ رہے ہیں۔ مولانا گنگوہی قطب عالم و مربی خلائق تھے مولانا نانوتوی انسانی روپ میں فرشتہ تھے اور کیا کہنا ہمارے حکیم الامت کا وہ تو اپنے دور کی پیغمبر رسول تھے اور کچھ نہ پوچھئے مولانا ٹانڈوی کے متعلق اللہ تعالیٰ اپنی کبریائی پر پردہ ڈال کر اتر آیا تھا حالانکہ حال یہ ہے

رات شیطان کو خواب میں دیکھا
ساری صورت جناب کی سی تھی

دوستو! یہ دنیا کا اصول ہے کہ انسان اپنے بزرگوں کی بڑائی بیان کرنے میں لطف و لذت محسوس کرتا ہے۔ یہ ایک فطری تقاضا ہے کہ جس پر نہ کوئی پہرہ بٹھایا جا

marfat.com
Marfat.com

سکتا ہے اور نہ کوئی بند باندھا جا سکتا ہے۔ سوچو تو سہی یہ اللہ کا کیسا فضل عظیم ہے کہ علماء دیوبند اپنے خانہ ساز پیروں کی تعریف میں زبان و قلم گھس رہے ہیں اور علماء اہلسنت اس کی بارگاہ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جو خلاصہء کائنات اور محبوب خدا ہیں۔

اب اسی ضمن میں اپنے بزرگوں کی بارگاہ میں علماء دیوبند کی عقیدت کیشی کے چند ایسے حوالہ جات ملاحظہ فرمایئے جس سے آپ کو ان کی ذہنیت اور بدعقیدگی کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

اشرف السوانح حصہ اول۔ مطبوعہ نامی پریس لکھنؤ صفحہ ۲۶

"ایک خواب کا تذکرہ کرتے ہوئے' حضرت والا نے خواب دیکھا کہ حضرت والا کو ایک بزرگ نے اور ایک دنیاوی حاکم نے دو متفرق تحریریں لکھ کر دیں اور دونوں میں یہ لکھا تھا کہ ہم نے تم کو عزت دی۔ ایک پر تو چاروں طرف حضور سرور عالم ﷺ کے اسم مبارک کی مہر لگی ہوئی تھی اور صاف پڑھی جاتی تھی اور دوسری مہر کے حروف پڑھے نہ جاتے تھے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے اس کی یہ تعبیر دیکھی کہ تمھیں انشاء اللہ تعالی دین اور دنیا دونوں میں عزت ملے گی"

نوٹ:۔ میں "خون کے آنسو" جلد اول میں اس کی طرف اشارہ کر چکا ہوں کہ یہ بھی ایک عجیب حادثہ ہے کہ علماء دیوبند اپنے اکابر کے جس قدر بھی بزرگی کرامات کا تذکرہ کرتے ہیں وہ سب خواب ہی میں نمودار ہوتی ہے۔

اشرف السوانح کی دو ایک اور روایات ملاحظہ فرمایئے جس سے ان کے غلو محبت کا اندازہ ہو سکے گا۔

اشرف السوانح حصہ اول صفحہ ۱۲۴' ۱۲۵

"حضرت حافظ احمد حسین شاہجہاں پوری جو باوجود شاہ جہانپور کے بڑے رئیس ہونے کے صاحب سلسلہ بزرگ تھے حضرت والا سے بہت محبت

marfat.com
Marfat.com

فرماتے تھے ایک بار کسی کے لیے بددعا کی تو وہ شخص دفعتہً مرگیا بجائے
اس کے کہ وہ اپنی کرامت سے خوش ہوتے ڈرے اور بذریعہ تحریر
حضرت والا سے مسئلہ پوچھا کہ مجھے قتل کا گناہ تو نہیں ہوا۔ حضرت والا
نے مفصل جواب دیا جس سے ان کی پوری تشفی ہوگئی۔ خلاصہ جواب کا
یہ تھا کہ اگر آپ میں قوت تصرف ہے اور بددعا کرنے کے وقت اپنے
اس قوت سے کام لیا تھا کہ یہ شخص مرجائے تو قتل کا گناہ ہوا اور چونکہ
نذر شبہ عمد ہے اس لیے دیت اور کفارہ واجب ہوگا"

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

نوٹ:۔ پہلے خواب کا مقصد یہ تھا کہ اپنے شیخ کے لیے دین و دنیا کی عزت ثابت کی جائے اور دوسری روایت سے یہ ثابت کرنا ہے کہ جب حکیم الامت کے خدام ایسے صاحب تصرف تھے کہ اگر کسی کو بددعا دیں تو دفعتہً مرجائے پھر حکیم الامت کی قوت تصرف کا کیا عالم ہوگا۔

اب اشرف السوانح کی تیسری روایت ملاحظہ فرما کر علماء دیوبند کی چوکھی پالیسی کا جائزہ لیجئے۔

حدود کوچہ محبوب ہیں وہیں سے شروع
جہاں سے پڑنے لگے پاؤں ڈگمگائے ہوئے

اشرف السوانح حصہ اول صفحہ ۱۲

"تھانوی صاحب کے پردادا کے حالات کا تذکرہ کرتے ہوئے' پردادا صاحب تو کیرانہ اور شاملی کے درمیان جہاں پختہ سڑک ہے شہید ہوئے اور وہیں پر ممنا الدین صاحب کے مزار کے پاس دفن کیے گئے اور شروع میں بہت عرصے تک ان کا عرس بھی ہوتا رہا۔ (چند سطر بعد) شہادت کے بعد ایک عجیب واقع ہوا۔ شب کے وقت اپنے گھر مثل زندہ کے تشریف لائے اور اپنے گھر والوں کو مٹھائی لا کر دی اور فرمایا کہ اگر تم کسی سے ظاہر نہ کرو گی تو اسی طرح روزانہ آیا کریں گے لیکن ان کے گھر والوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ گھر والے جب بچوں کو مٹھائی کھاتے

marfat.com
Marfat.com

دیکھیں گے تو معلوم نہیں کیا شبہ کریں اس لیے ظاہر کر دیا اور پھر آپ تشریف نہیں لائے۔ یہ واقعہ خاندان میں مشہور ہے"

جادو ہے یا طلسم تمہاری زبان میں
تم جھوٹ کہہ رہے ہو مجھے اعتبار ہے

نوٹ:۔ اس کو تو خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ مٹھائی کون لاتا تھا اور کس ساز باز کے تحت لاتا تھا جس کو کرامت و بزرگی کا نام دیا جا رہا ہے۔ یہ بھی بدنامی سے بچانے کا ایک نیا راستہ ہے لیکن اب ان مٹھائی کھانے والوں سے کوئی دریافت کرے کہ تمہارے گھر کا کوئی فرد شہید ہو جائے تو وہ زندہ ہو جاتا ہے' چلتا پھرتا ہے بلکہ بچوں کے لیے مٹھائی بھی لاتا ہے۔ مگر کیا نقص رہ گیا تھا سید سالار مسعود غازی رحمتہ اللہ کی شہادت میں کہ آج ان کی قبر کو مٹی کا ڈھیر کہا جاتا ہے اور آستانہ برائچ پر جانے والوں کو مشرک و بدعتی۔

مرے دل کو توڑا پہ اتنا سمجھ لو
کہ برباد ہو گا یہ کاشانہ کس کا

اگر سید سالار مسعود غازی علیہ الرحمتہ والرضوان کی حیات و زندگی سے آپ کو انکار ہو گا تو پھر تھانہ بھون کے شہیدوں کا آپ کس طرح گن گا سکیں گے؟

یا للعجب واحسرتاہ!

ایک ہنگامہ محشر ہو تو اس کو بھولوں
سیکڑوں باتوں کا رہ رہ کے خیال آتا ہے

داد دیجئے انگریز بہادر کو وہ نہ جانے علماء دیو بند کو افیون کی کون سی گولیاں کھلا گیا کہ آج تک اس کا نشہ اتر ہی نہ سکا۔ دو چار کتابیں' دس پانچ عبارتیں ہوتیں تو امتداد زمانہ انھیں خود ہی مٹا دیتا اور اختلافات کی نہریں دھیرے دھیرے خود ہی پٹ جاتیں۔ مگر یہاں تو قوم مسلم کی تباہی و دل آزاری کے لیے قدم قدم پر خیمے نصب ہیں۔ ایک حفظ الایمان و تقویتہ الایمان کا رونا نہیں ہے بلکہ اس گروہ نے جب بھی قلم اٹھایا تو قوم مسلم ہی کو تختہ مشق بنایا۔ کبھی رسول کریم کو گالیاں دے کر ہمیں رلایا

marfat.com
Marfat.com

تو کبھی حرمت اولیاء و عظمت اسلام کو گھٹا کر ہمیں ستایا اور جب اس سے بھی تسکین نہ ہوئی تو قوم و پیشہ کی بحث چھیڑ کر پوری ملت اسلامیہ کی دلآزاری کی۔ چنانچہ ہندو پاک میں لاکھوں نہیں کروڑوں انصاری برادری کے ایسے دیندار' مخیر' اہل علم' اہل ثروت ملیں گے جن کی بدولت ہزارہا مدارس عربیہ و فارسیہ پھل پھول رہے ہیں اور مذہبی امور میں یہ برادری کتنے ذوق و شوق سے پیش پیش ہو کر حصہ لے رہی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ آج اس برادری میں اتنی کثرت سے حافظ' قاری' مولوی' عالم' فاضل ملیں گے کہ دوسری برادری میں ملنا مشکل ہے۔ لیکن ایسی دیندار اور اہل خیر برادری کے لیے مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا نظریہ ملاحظہ کیجئے جس کو نقل کرتے ہوئے میرا قلم کانپ رہا ہے۔

**الرفیق فی سواء الطریق (ملقب به) کیل یوسفی**

مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی در مطبع امداد المطابع تھانہ بھون' ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ صفحہ ۱۵ "الحائک اذا صلی یومین انتظر الوحی"

ترجمہ:۔ جولاہا دو دن نماز پڑھ کر (اپنی بے عقلی کی وجہ سے) وحی کا انتظار کرتا ہے۔

اب میں اس مقام پر ناظرین کا انصاف چاہتا ہوں کہ وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ یہ اسلام کا کون سا ایسا اہم مسئلہ تھا جس کے بیان کیے بغیر مولانا تھانوی کا تبلیغی مشن ناکام رہ جاتا؟ اس کے سوا اور کیا کہا جائے کہ آپس میں مسلمانوں کو لڑا کر انگریز بہادر کی خوشنودی اور وفاداری کا حق ادا کیا جا رہا تھا۔ چنانچہ اب سے بہت دنوں پہلے دیوبند کی چہار دیواری سے اسی قسم کا ایک ناروا حملہ کیا گیا تھا جس پر ہندوستان کی پوری انصاری برادری تڑپ اٹھی اور جمیعتہ الانصار قصبہ مئو ناتھ بھنجن ضلع اعظم گڑھ کے اراکین نے بطور احتجاج ایک کتابچہ شائع کیا جس کے ٹائٹیل کے بیچ کی سرخی یہ ہے

"ڈوب مرنے کی جگہ ہے دستو"

"مفتی صاحب دیوبند اور غریب پیشہ ور اقوام"

marfat.com

Marfat.com

مفتی صاحب دیو بندی اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کی علمی تہذیب کا نمونہ اور کروڑوں پیشہ ور مسلمان بھائیوں کی توہین و تذلیل۔

اب اسی کتابچہ کی چند عبارتیں ملاحظہ فرمایئے جس سے آپ کو اندازہ ہو گا کہ افتراق بین المسلمین میں علماء دیو بند کا کتنا زبردست ہاتھ ہے۔

صفحہ ۴ کی عبارت پڑھئے

"جب قیامت کا دن ہو گا ایک منادی آواز دے گا کہ وہ لوگ کہاں ہیں جنھوں نے زمین پر رہتے ہوئے اللہ کے ساتھ خیانت کی ہے۔ اس پر کنجڑے اور صراف حاضر کیے جائیں گے"

صفحہ ۴ کی دوسری عبارت ملاحظہ فرمایئے

"میری امت کے بدترین لوگ دستکاری کرنے والے اور سنار ہیں"

تیسری عبارت ملاحظہ فرمایئے

"جلاہوں سے مشورہ نہ لو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی عقلیں سلب کر لی ہیں اور ان کی کمائی سے برکت دور کر دی' اس لیے کہ حضرت مریم علیہا السلام جلاہوں کی ایک جماعت کے پاس سے گزریں تو ان سے راستہ پوچھا انھوں نے غلط راستہ بتا دیا تو مریم علیہا السلام نے بددعا کی کہ خدا تعالیٰ تمھاری کمائی سے برکت سلب کر لے"

نوٹ:۔ اب مفتی صاحب دیو بند اور پیشہ ور اقوام کے صفحہ ۸'۹ کی عبارت ملاحظہ کیجئے کہ علماء دیو بند کے جارحانہ حملے سے بھارت کے مسلمانوں میں کیسا شدید ہیجان تھا۔

صفحہ ۸'۹

"محترمان قوم! حکام بالا دست دیو بند کی منطق کا سمجھنا آسان نہیں ہے' یہی تو ان کا زبردست ہتھکنڈہ ہے جس سے تمام دنیا چکر میں ہے۔ کہاں تو مفتی دیو بند پیشہ وروں کی تذلیل و توہین کرنے کے متعلق یہ کوشش اور وہ گرما گرمی و شوریٰ شوری کہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے بلکہ خود سرکار رسالتمآب ﷺ نے جو کچھ پیشہ وروں کے متعلق فرمایا ہے وہی

marfat.com

Marfat.com

پیش کر رہے ہیں اور صرف ایک ہی جھٹکے میں مفتی صاحب اور شرفاء اراکین و مدرسین دارالعلوم دیوبند کی یہ بے نمکی اور پھیکاپن کہ ہر کلمہ گو مسلمان کو اپنا بھائی سمجھتے ہیں۔ ہم شرفاء اراکین دارالعلوم دیوبند سے کہے دیتے ہیں کہ اب وہ زمانہ گیا کہ آپ مدرسہ چار دیواری کے اندر بیٹھ کر جو کچھ رطب ویابس فرمادیا کرتے تھے دنیا اس پر ایمان لانے کے لیے تیار تھی اور رات دن ان لوگوں کے گورکھ دھندوں اور منطق اینچ پینچ میں پڑی رہتی تھی"۔

ہوا حاصل یہ ہم کو دوستوں کی بے وفائی سے
کہ ہم نے عمر بھر کو توبہ کر لی آشنائی سے

نوٹ:۔ مندرجہ بالا عبارت کے حسب ذیل جملے قابل توجہ ہیں

۱۔ یہی تو ان (علماء دیوبند) کا زبردست ہتھکنڈہ ہے۔

۲۔ مدرسہ کی چہار دیواری کے اندر بیٹھ کر جو کچھ رطب ویابس فرمادیا کرتے تھے۔

۳۔ ان لوگوں کے گورکھ دھندوں اور منطقی اینچ پیچ

اسی ضمن میں ارواح ثلاثہ کی ایک عبارت ملاحظہ کیجیے

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۷۴

حکایت (۲۹۱)

"مولوی فاروق صاحب نے فرمایا کہ مولانا احمد حسن صاحب نے ارشاد فرمایا کہ جب میں اول اول مولانا قاسم صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو مولانا محمد قاسم صاحب کی خدمت میں ایک جولاہا آیا اور دعوت کے لیے عرض کیا مولانا محمد قاسم صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے منظور فرمالیا۔ یہ امر مجھ کو بہت ناگوار ہوا اتنا جیسے کسی نے گولی مار دی کہ بھلا جولاہے کی دعوت بھی منظور کرلی"

تواضع کا طریقہ صاحبو سیکھو صراحی سے
کہ جاری فیض بھی ہے اور جھکی جاتی ہے گردن بھی

نوٹ:۔ یہ ہیں علماء دیوبند اور ان کے حاشیہ نشین کہ ان کے قبول کرلینے پر انہیں

marfat.com
Marfat.com

ناگواری گزری کہ گویا کسی نے انھیں گولی مار دی۔

یہ اور بات ہے کہ جمیعۃ الانصار مئوناتھ بھنجن ضلع اعظم گڑھ کے احتجاج پر ان کی پالیسی نرم ہو گئی تھی لیکن علماء دیوبند نے اب سے پہلے جو کچھ لکھ دیا تھا آج تک اس کی اشاعت ہو رہی ہے مجھ پر تو محض نقل روایت کی ذمہ داری ہے اور وہ بھی بادل نخواستہ۔

کس قدر دکھ اور صدمے کا مقام ہے کہ یہ وہی حضرات ہیں جو اپنے خانہ ساز پیروں کی منقبت میں ایسی چھلانگیں مارتے ہیں جو صرف انھیں کو زیب دیتا ہے نہ تو حدود شرعی کی کوئی رعایت اور نہ ہی روایت و درایت کا کوئی لحاظ' اس موقع پر مولانا ٹانڈوی کی تعریف میں ایک شعر سن لیجیے اور دیوبندی ذہن و فکر کی داد دیجیے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۴۹

ہجوم خلائق ہے بہر زیارت
نہیں اس کو جنت میں بھی آج فرصت

نوٹ:۔ گویا جنت بھی آسام و سلہٹ کو کوئی نشست گاہ ہے' جہاں لوگ سیاسی مسائل کا حل دریافت کرنے یا دعا تعویذ کے لیے جوق در جوق چلے آرہے ہیں یا وہاں بھی تقسیم و بٹوارہ کی نوبت آگئی ہے کہ حضرت شیخ سے متعلق "شیخ الاسلام نمبر" کا ایک شعر اور سن لیجیے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۰۰

ملا نہیں ہے رابطہ دور معرفت
گھبرا رہی ہے رحمت یزداں ترے لیے

اس ضمن میں روزنامہ "نئی دنیا" دہلی کے عظیم مدنی نمبر سے بھی ایک شعر ملاحظہ کیجیے۔

عظیم مدنی نمبر صفحہ ۱۸۶

اپنی کہاں بساط کہ اس تک پہنچ سکیں
ہم ذرہ ہائے خاک ہیں وہ آفتاب تھا

marfat.com
Marfat.com

یہ بہت ہی سادہ اور واضح اشعار ہیں جن پر مجھے کوئی تبصرہ نہیں کرنا ہے۔ ان کو پیش کر کے دیوبندی مکتبہ فکر کی ایک جھلک دکھلانی ہے کہ یہ اپنوں کی تعریف میں کیا سے کیا ہانک جاتے ہیں اور یہ حال مریدوں و عقیدت کشوں ہی کا نہیں ہے بلکہ خود آں بدولت جب تعلی اور ڈینگ پر اتر آتے ہیں تو مقام نبوت سے نیچے کی بات ہی نہیں کرتے۔

ارواح ثلاثہ کی ایک عبارت ملاحظہ فرمایئے۔

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۹۷

حکایت نمبر ۳۱۴ "فرمایا ایک مرتبہ مولانا گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ اور مولانا نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ حج بیت اللہ شریف کو تشریف لے گئے۔ مولانا گنگوہی کا تو قدم قدم پر انتظام اور مولانا نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ لاابالی[1] کہیں کی چیز کہیں پڑی ہے کچھ پرواہ نہیں' اس وقت ایک گروہ مولانا گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ کے پاس گیا کہ ہم بھی آپ کے ہمراہ حج کو چلیں گے۔ آپ نے فرمایا جب ہم جہاز کا ٹکٹ لیں گے تو تم مینجر کے سامنے توکل کی پوٹلی رکھ دینا"

بڑے آئے توکل کرنے جاؤ اپنا کام کرو۔ پھر ان لوگوں نے حضرت مولانا نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ سے کہا تو آپ نے اجازت دے دی

ہر گلے رنگ و بوئے دیگر ست

راستہ میں جو کچھ بھی ملتا وہ سب لوگوں کو دے دیتے اور ساتھیوں نے کہا کہ حضرت آپ تو سب ہی دے دیتے ہیں کچھ اپنے پاس تو رکھیے۔ تو فرمایا انما انا قاسم و اللہ یعطی"

نوٹ:۔ یہ وہی حدیث ہے جس کو آقائے دو جہاں ﷺ نے اپنی بابت ارشاد فرمایا مگر دیوبندیوں کے مقتداء و پیشوا اپنے بارے میں فرماتے ہیں کہ اللہ عطا فرماتا ہے

---

[1] اس لاابالی پن کے نتیجے میں تحذیر الناس جیسی کتاب لکھی گئی ہے۔ اسی کتاب پر سیر حاصل گفتگو "خون کے آنسو" جلد سوم میں کی جائے گی۔

marfat.com

Marfat.com

اور میں تقسیم کرتا ہوں۔ بچ جائے اسی حدیث پاک کو جب علمائے اہلسنت فضائل مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے لیے عنوان گفتگو بناتے ہیں تو حضرت دیو بند کے چہرے پر ایک رنگ آتا ہے اور ایک جاتا ہے۔ مگر جب اپنی باری آئی تو جھٹ سے بلا تکلف کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔ ان کا حال تو یہ ہے کہ اگر آقائے دو جہاں کی تعریف و توصیف میں کوئی حدیث پیش کی جائے تو اس کو فوراً حدیث ضعیف کہہ کر منہ بنالیں گے گویا یہ حدیث قابل اسناد ہی نہیں لیکن اپنے لیے حدیث ضعیف بھی قبول کرلیں گے کہ حدیث تو ہے اگرچہ ضعیف سہی' حوالہ ملاحظہ فرمایئے

کسے خبر تھی کہ لے کر چراغ مصطفوی
جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بو لہبی

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۷۲

"ایک مرتبہ گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ نے حاضرین مجلس سے فرمایا کہ مولانا محمد قاسم کو گلاب سے زیادہ محبت تھی' جانتے بھی ہو کیوں تھی۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حدیث ضعیف میں آیا ہے کہ گلاب جناب رسول اللہ ﷺ کے عرق سے بنا ہوا ہے۔ فرمایا ہاں اگرچہ حدیث ضعیف ہے مگر ہے تو حدیث"

نوٹ:۔ اگر آج ہم اسی حدیث پاک سے سرکار دو عالم ﷺ کے فضائل بیان کرنا چاہیں تو ان کا ہر چھوٹا بڑا شور مچائے گا کہ یہ تو حدیث ضعیف ہے۔ لیکن جب گنگوہی صاحب کے چہیتے کی باری آئی جس کو بھری محفل میں چارپائی پر لے کر لیتے تھے' تو صاف صاف کہہ دیا کہ اگرچہ حدیث ضعیف ہے' ہے تو حدیث۔ یہ دیو بندی گروہ کے کسی چھوٹے موٹے کی بات نہیں ہے بلکہ مربی خلائق' قطب عالم میاں حضرت گنگوہی صاحب کا ارشاد ہمایوں ہے جن کی حدیث دانی پر پوری دنیائے دیو بندیت کو اتفاق ہے۔

جب بات ان کے لاف وگزاف اور عملی اوڈینگ مارنے کی آگئی ہے تو اس کو

marfat.com
Marfat.com

مکمل ہی کر دیا جائے۔ پچھلے صفحات پر یہ بات گزر چکی ہے کہ مولانا گنگوہی نے فرمایا

"حاجی صاحب مفتی صاحب نہیں ہیں۔ یہ مسائل حضرت حاجی صاحب کو ہم سے پوچھنے چاہیں

اب ارواح ثلاثہ کی ایک حکایت ملاحظہ فرمائیے جو تھانوی صاحب سے متعلق ہے۔

ارواح ثلاثہ صفحہ ۳۸۷

حکایت نمبر ۴۲۳ "فرمایا ایک مرتبہ میں حضرت حاجی صاحب کے ملفوظات و حالات بیان کر رہا تھا اس جلسہ میں ایک وکیل صاحب حضرت حاجی صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے معتقد بیٹھے ہوئے تھے جو بہت مزے لے رہے تھے اور ایک حالت طاری تھی انہوں نے اسی حالت میں مجھے مخاطب کر کے یہ شعر پڑھا

تو منور از جمال کیستی
تو مکمل از کمال کیستی

میں نے فی البدیہہ یہ جواب دیا

من منور از جمال حاجیم
من مکمل از کمال حاجیم

نوٹ:۔ یہ بھی خوب رہی۔ جب حاجی صاحب کا فتویٰ آپ حضرات کے خلاف تھا تو بڑی حد سے کہہ دیا کہ حاجی صاحب مفتی نہیں ہیں انہیں ہم سے فتویٰ دریافت کرنا چاہیے 'اور جب اپنے اظہار کرنے کی باری آئی تو جھوم جھوم کر یہ پڑھنے لگے

من مکمل از کمال حاجیم

جب آپ لوگوں کی نظر میں خود حاجی امداد اللہ صاحب مکمل نہیں تھے (مفتی نہیں تھے) تو یہ کمال آپ میں کہاں سے آگیا؟

اب حضرت گنگوہی کی ایک اور سنیئے

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۹۰

حکایت نمبر ۳۰۷ "خاں صاحب نے فرمایا کہ ایک دفعہ حضرت گنگوہی

marfat.com
Marfat.com

صاحب رحمتہ اللہ علیہ جوش میں تھے اور تصور شیخ کا مسئلہ درپیش تھا۔ فرمایا! کہہ دوں۔ عرض کیا گیا کہ فرمایئے۔ پھر فرمایا! کہہ دوں۔ عرض کیا گیا کہ فرمایئے۔ پھر فرمایا کہہ دوں۔ عرض کیا گیا کہ فرمایئے۔ تو فرمایا کہ تین سال کامل حضرت امداد [1] کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے اور میں نے ان سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا"

نوٹ:۔ یہ وہی حاجی صاحب ہیں جنہیں مولانا گنگوہی سے فتویٰ دریافت کرنا چاہیے تھا۔ اب کوئی دریافت کرے کہ سرکار دو عالم ﷺ کے خیال لانے سے تو نماز جاتی رہتی ہے جب مسلسل تین سال حاجی صاحب آپ کے قلب میں رہے تو آپ کی نماز کا کیا حشر ہوا؟؟ اگر ان کے لٹریچر سے اس قسم کی متضاد عبارتیں اکٹھا کی جائیں تو وہ خود ایک مستقل کتاب ہو جائے گی یہ صرف چند اشارے ہیں۔

اب اسی ضمن میں مولانا قاسم نانوتوی کی ایک روایت ملاحظہ کیجئے جس میں انہوں نے اپنے جھوٹ بولنے کا اقرار کیا ہے

اللہ رے بتوں کی تلون مزاجیاں
ہاں ہاں گھڑی میں ہے تو گھڑی میں نہیں نہیں

ارواح ثلاثہ صفحہ ۳۶۸

حکایت نمبر ۳۹۱ "میری اس بات کو کسی نے نواب قطب الدین خان صاحب تک بھی پہنچا دیا اور مولوی نذیر حسین صاحب تک بھی' اور مولوی صاحب تو سن کر ناراض ہو گئے مگر نواب صاحب پر یہ اثر ہوا کہ جہاں میں ٹھہرا ہوا تھا میرے پاس تشریف لائے اور میرے پاؤں پر عمامہ ڈال دیا اور پاؤں پکڑ لیے اور رونے لگے اور فرمایا بھائی جس قدر بھی میری زیادتی ہو خدا کے واسطے مجھے بتلا دو۔ میں سخت نادم ہوا اور مجھ سے بجز اس کے کچھ بن نہ پڑا کہ میں جھوٹ بولوں۔ لہٰذا میں نے جھوٹ بولا (اور صریح جھوٹ میں نے اسی روز بولا تھا) اور کہا کہ حضرت آپ

[1] حاجی امداد اللہ مہاجر کی

marfat.com
Marfat.com

میرے بزرگ ہیں میری کیا مجال تھی کہ میں ایسی گستاخی کرتا"

نوٹ:۔ ناظرین نے اس حکایت سے اندازہ کر لیا ہو گا کہ دنیا کے ایک نواب سے سابقہ پڑ گیا تو بانی دارالعلوم دیوبند مولانا قاسم نانوتوی صریح جھوٹ بول گئے اور تھے بھی کچھ ایسے ہی لاابالی' کہیں سچ کہیں جھوٹ' کہیں گول مول۔ اب گول مول والی روایت سنئے

نو عمر ہیں ابھی ہے تلون مزاج میں
غصے کا اعتبار ہے ان کے نہ پیار کا

ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۶۸

حکایت نمبر ۲۷۶ "فرمایا سیوہارہ میں ایک جماعت نے جن میں مسئلہ مولد میں نزاع ہو رہا تھا مولانا قاسم صاحب رحمتہ اللہ علیہ اس وقت وہاں تشریف رکھتے تھے مولود کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا کہ بھائی نہ تو اتنا برا ہے جتنا لوگ سمجھتے ہیں اور نہ اتنا اچھا ہے جتنا لوگ سمجھتے ہیں۔ یہ حکایت مولوی محمد یحییٰ سیوہاروی سے سنی ہے"

نوٹ:۔ یہ بالکل وہی مضمون ہے

باغباں بھی خوش رہے راضی رہے صیاد بھی

اور یہ کچھ مولوی قاسم نانوتوی ہی کے ساتھ منحصر نہیں بلکہ تمام ہی اکابر دیوبند کا یہی عالم ہے کہ جہاں جیسا موقع دیکھا وہاں ویسی بات کہہ دی۔

چنانچہ پچھلے صفحات میں مولوی حسین احمد صاحب کے تذکرے میں ایسے واقعات گزر چکے ہیں مثلاً سیوہارہ میں لوگوں نے پاؤں دبانا چاہا تو وہاں آں بدولت نے فرمایا کہ اس کا سنت سے ثبوت نہیں ملتا اور خود حضرت شیخ مولوی ابوالوفاء وغیرہ کا پاؤں دبایا کرتے۔ اس سلسلہ کی ایک اور روایت مل گئی ہے جو ایک خاص[1] مقصد کے تحت درج کی جاتی ہے۔

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۴۹

---

[1] اگر کسی نے "خون کے آنسو" کا جواب لکھا تو اس وقت یہ روایت کام دے گی۔

marfat.com
Marfat.com

"حضرت مولانا احمد شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ حسن پور کے ایک مشہور بزرگ تھے جن کے صاحبزادے مولانا سید محمود احمد صاحب حضرت شیخ الاسلام کے خلفاء میں ہیں مولانا احمد شاہ حضرت کے یہاں مہمان تھے' گرمیوں کا موسم تھا' دوپہر کا وقت' شاہ صاحب آرام فرما رہے تھے حضرت شیخ پہنچے اور پاؤں دبانے شروع کر دیے۔ مولانا احمد شاہ صاحب نے گھبرا کر اٹھنا چاہا تو حضرت شیخ نے ایک ہاتھ ان کے سینہ پر رکھ لیا کہ وہ اٹھ نہ سکیں' اور دوسرے ہاتھ سے ان کے پاؤں دباتے رہے' دیر تک یہ خدمت انجام دی"

نوٹ:۔ واقعات پڑھنے سے کچھ ایسا اندازہ ہوتا ہے کہ جناب شیخ کو پاؤں دبانے سے بڑی دلچسپی تھی۔ جب مولانا ٹانڈوی کا ذکر آ ہی گیا ہے تو ایک اور دلچسپ روایت سن لیجئے کہ مولانا کو پاخانہ صاف کرنے کی بھی مہارت تھی

عادت جو پڑی ہو ہمیشہ کی وہ دور بھلا کب ہوتی ہے
رکھی ہے چنوٹی پاکٹ میں پتلون کے نیچے دھوتی ہے

شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۴۹

"مولانا محمد اسمٰعیل صاحب سنبھلی جو حضرت کی خلافت سے بھی مشرف ہیں' راوی ہیں کہ ایک مرتبہ ٹرین میں حضرت والا فرسٹ کلاس میں سفر کر رہے تھے۔ ایک ہندو صاحب بہادر بھی اسی ڈبہ میں تھے وہ قضائے حاجت کے لیے پاخانہ میں گئے اور فوراً واپس آ گئے۔ حضرت شیخ نے بھانپ لیا' تھوڑی دیر بعد خاموشی سے اٹھے' پاخانہ میں گئے وہ نہایت گندہ ہو رہا تھا اس کو صاف کیا پھر واپس تشریف لائے۔ تھوڑی دیر بعد میں نے صاحب بہادر سے دریافت کیا۔ آپ پاخانہ سے کیوں واپس آ گئے تھے صاحب بہادر نے جواب دیا وہ بہت گندہ ہے۔ حضرت نے فرمایا نہیں وہ تو صاف ہے جا کر ملاحظہ فرمایئے۔ صاحب بہادر بے حد متاثر ہوئے"

نوٹ:۔ آج کے ماحول میں یہ کہنا کہ صاحب بہادر بہت متاثر ہوئے یہ محض

marfat.com

Marfat.com

مولوی اسمٰعیل صاحب کی خوش فہمی ہے۔ البتہ صاحب بہادر کا اس بات سے متاثر ہونا زیادہ قرین قیاس ہے کہ جب ایسے (پاخانہ کی صفائی کرنے والے) لوگ فرسٹ کلاس میں سفر کریں تو ہم لوگوں کا خدا ہی حافظ!

نہ پوچھئے کہ مولانا ٹانڈوی کے متوسلین نے کیا کیا گل کھلائے ہیں۔ تقسیم ہند سے پہلے کا ایک واقعہ[ا] ہے کہ کانگرس کی دعوت پر ٹانڈوی صاحب لاہور گئے اور پنجاب مندر میں آپ کی کوئی تقریر ہوئی اس وقت لاہور سے اخبار "ملاپ" نکلتا تھا۔ چنانچہ دوسرے دن اخبار "ملاپ" میں جلی قلم سے یہ سرخی تھی "پنجاب مندر میں مولانا ننگ اسلاف کی ولولہ انگیز تقریر" ایڈیٹر "ملاپ" کو یہ معلوم تھا کہ مولانا ٹانڈوی اپنے کو "ننگ اسلاف" لکھتے ہیں اور اس کا یہ خیال تھا کہ مولانا کا کوئی بہت بڑا خطاب ہو گا۔ اخبار جیسے ہی بازار میں آیا پوری دنیائے دیو بندیت میں آگ لگ گئی اور ایک کہرام مچ گیا یہاں تک کہ دیو بندیوں کا ایک جتھا دفتر "ملاپ" تک پہنچ گیا جن کا نعرہ تھا "دفتر میں آگ لگا دو" پانی سر سے اونچا دیکھ کر ایڈیٹر "ملاپ" باہر نکل آیا اس نے مشتعل ہجوم سے دریافت کیا آخر شور و ہنگامہ کیسا ہے؟ سب لوگوں نے کہا کہ تم نے حضرت شیخ الاسلام کی توہین کی ہے اس لیے ہم دفتر میں آگ لگائیں گے۔

یہ سن کر ایڈیٹر "ملاپ" نے کہا آخر میرے جرم کی نشان دہی تو کی جائے کہ میں نے کیا خطا کی ہے میں تو خود کانگرسی ہونے کے اعتبار سے مولانا کا احترام کرتا ہوں۔ یہ سنتے ہی سب نے بیک آواز کہا "کیا تم نے ہمارے حضرت کو ننگ اسلاف نہیں لکھا' آخر اب اس سے بڑھ کر اور کیا توہین ہو گی؟"

یہ سنتے ہی ایڈیٹر "ملاپ" نے کہا "بھئی! یہ بات میں نے کچھ اپنی طرف سے نہیں لکھی مولانا خود اپنے کو ننگ اسلاف لکھتے ہیں اگر میں نے لکھ دیا تو کیا مضائقہ!

یہ جواب پا کر تمام دیو بندیوں نے کہا "جناب! یہ اختیار تو ہمارے حضرت شیخ کو ہے کہ وہ بربنا عجز و انکسار اپنے کو ننگ اسلاف لکھیں یا کچھ اور' لیکن یہ حق کسی دوسرے کو نہیں پہنچتا کہ اگر بر سبیل تواضع حضرت نے جو کچھ اپنے کو لکھا ہو وہی

---

ا؎ الفقیہ' امرت سر

marfat.com
Marfat.com

دوسرا بھی انہیں لکھے"

اللہ رے خود ساختہ قانون کا نیرنگ
جو بات کہیں فخر وہی بات کہیں ننگ

یہ قانون مولانا نانوتوی کے بارے میں تو یاد رہا کہ مولانا نے عجز و انکسار کے تحت اپنے کو ننگ اسلاف لکھا ہے لہذا یہ ان کا اپنا حق ہے جس کو کوئی دوسرا استعمال نہیں کر سکتا۔ لیکن جب بارگاہ رسالت کی باری آئی تو قانون کے دامن کی دھجیاں اڑا دی گئیں اور آج ہر چھوٹا بڑا دیوبند رسول کردگار ﷺ کو اپنے جیسا بشر کہنے کے لئے **انما انا بشر مثلکم** کا نعرہ بلند کر رہا ہے۔ آخر یہاں پہنچ کر کیوں عقل کا دیوالیہ نکل گیا۔ جو قانون مولانا نانوتوی کے لیے اختیار کیا گیا وہی قانون یہاں کیوں نہیں اختیار کیا جاتا کہ پیغمبر خدا کا حق تھا کہ انہوں نے کفار مکہ کی تالیف کے قلوب کے لیے تواضعاً یہ بات فرمائی تھی نہ کہ عام مسلمانوں کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ رسول خدا ﷺ کے خطابات کو چھوڑ کر اپنے جیسا بشر کہتے پھریں۔ آج اتباع صحابہ و پیروی اسلاف کے بلند و بانگ نعرے ہیں کیا کسی میں یہ دم خم ہے جو یہ بتا سکے کہ سیدنا ابو بکر' سیدنا فاروق اعظم' سیدنا عثمان غنی' سیدنا علی مرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہم یا کسی اور صحابی نے آقائے دوجہاں ﷺ کو اپنے جیسا بشر کہا ہو' اور صرف بشر ہی نہیں بلکہ بڑا بھائی کہہ کر رشتہ و ناطہ بھی جوڑ لیا ہو' جس کے لیے **"کل مومنین اخوۃ"** کو بطور سند پیش کیا جاتا ہے۔ اگر بڑا بھائی کہنے کے لیے اتنی سی بات کافی ہے کہ ہر مومن آپس میں بھائی ہے تو ایک زینہ اور آگے بڑھ جائیے جس طرح رسول خدا ﷺ پر مومن کا اطلاق کیا جاتا ہے تو پروردگار عالم نے بھی اپنے اسماء صفات میں مومن فرمایا ہے **"المومن المھیمن العزیز الجبار المتکبر"** جب اللہ تبارک وتعالیٰ بھی مومن ہے تو اب علمائے دیوبند کو یہ کہنا چاہیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ بڑا بھائی ہے اور رسول خدا منجھلے بھائی اور دیوبندی چھوٹے بھائی۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔

marfat.com

Marfat.com

# ایک ضروری عرضداشت

اختتام گفتگو پر یہ مناسب معلوم ہوا کہ چند ضروری باتیں ناظرین کی خدمت میں پیش کر دی جائیں تاکہ کتاب سے متعلق قارئین کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو سکیں۔

۱۔ "خون کے آنسو" کی ترتیب کا مقصد نہ تو کسی کا تعاقب ہے اور نہ ہی چھیڑ چھاڑ بلکہ اس باب میں جتنی بھی کتابیں لکھی گئی ہیں ان کے متعلق علماء دیوبند اور ان کے متبعین کا یہ کہنا تھا کہ اس میں تو گالی گلوچ ہے اور ایک فرقہ کی جنبہ داری کے ساتھ دوسرے گروہ سے دھینگا مشتی کا کھلا ہوا مظاہرہ۔ چنانچہ وہ اس پروپیگنڈہ میں اتنے کامیاب ہوئے کہ علماء اہلسنت کی تقریر و تحریر سے متعلق ملک کے گوشہ گوشہ سے یہ آواز اٹھنے لگی کہ ارے صاحب! یہ لوگ تو فسادی اور جھگڑالو ہیں اور جہاں کہیں بھی انہوں نے یہ سمجھا کہ فلاں کی تقریر موثر ہوگی یا فلاں کتاب ذہن و فکر پر اثر انداز ہوگی تو فوراً کانا پھوسی شروع کر دی کہ ان کی تقریر میں نہیں جانا چاہیے وہ تو حفظ الایمان اور تقویۃ الایمان کی عبارت پڑھ کر سناتے ہیں اور فلاں فلاں کتابیں نہیں دیکھنی چاہئیں۔ چونکہ ان کتابوں میں علماء دیوبند کی عبارت پر تنقید و تبصرہ ہے اور ساتھ ہی ان کو برا بھلا کہا گیا ہے۔ آج کی مسموم و زہریلی فضا نے ہمارے خلاف جو ایک طوفان اٹھا رکھا ہے اب آپ کو حسب ذیل سطروں میں اسی کا جواب تلاش کرنا ہے۔

۲۔ آج علماء اہلسنت کی تقاریر کے خلاف یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ تو علمائے دیوبند کی عبارات پڑھ کر سناتے ہیں۔ یہ وہ آواز ہے جس سے خود ان کے بطلان کا پتہ چلتا ہے۔ آج ہم پوری دنیائے دیوبندیت کو چیلنج کرتے ہیں کہ وہ کالی کوٹھری ہو یا کھلا ہوا میدان ہماری کتابوں کی ایک ایک سطر پڑھ کر اپنوں و غیروں سبھی کو سنائیں اس لیے کہ ہمیں اپنے مشن پر کلیتہً اعتماد و بھروسہ ہے کہ جو کچھ بھی لکھا ہے وہ قرآن و سنت کی روشنی میں لکھا گیا اسلاف کے ان

marfat.com

Marfat.com

اقوال و افعال کی تائید جس کی سند قرآن و حدیث تک پہنچتی ہے۔ اس لیے بلا جھجک اور بغیر روک ٹوک کے انھیں کھل کر اجازت ہے کہ ہمارے مسلم رہنماؤں میں سے جس کی کتاب بھی اپنے اجلاس میں پڑھ کر سنانا چاہیں وہ بھی کھول کر سنائیں۔ اگر بات ہم نے حق کی کہی ہے اور وہ اس کی غلط تاویل کر رہے ہیں یا ان الفاظ کو غلط معنی پہنا رہے ہیں تو دنیا اتنی اندھی نہیں کہ حق کو یکسر چھوڑ کر ان کی غلط تاویلات میں الجھ جائے گی۔ ہم کو اپنی عبارات کی حقانیت و صداقت اور ان کے واضح اور روشن ہونے پر اتنا ہی یقین حاصل ہے جتنا کہ کل کی صبح آفتاب کے طلوع ہونے پر

بلکہ ہم اس بارے میں مسرت و شادمانی محسوس کرتے ہیں کہ پنڈال کسی اور کا ہو اور بات ہماری کہی جائے۔ اخراجات کسی اور کے ہوں اور مشن ہمارا پیش کیا جائے۔ لہٰذا یہی توقع ہم علماء دیوبند سے بھی رکھتے ہیں اگر اجلاس میں حفظ الایمان اور تقویۃ الایمان وغیرہ کی عبارت پیش کی جائے یا ہماری کتابوں میں اس کا تذکرہ کیا جائے تو انھیں چیں بہ چیں ہونے کے بجائے خوش ہونا چاہیے کہ اخراجات کسی اور کے ہیں اور پیغام ہمارا پہنچایا جا رہا ہے لیکن جب ان کے خلاف آواز اٹھائی جاتی ہے تو اسی سے علماء دیوبند کا بطلان از خود روشن ہو جاتا ہے کہ وہ اس حقیقت کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہماری عبارتیں کال کوٹھڑی میں پڑھی جا سکتی ہیں مگر کھلے میدان میں پیش نہیں کی جا سکتیں۔

۳۔ علماء دیوبند نے جہاں ہمارے خلاف یہ پروپیگنڈہ کیا ہے کہ ہم ان کی عبارات پر تنقید و تبصرہ کرتے ہیں اس کے علاوہ ان کا ایک حربہ یہ بھی ہے کہ قوم کو چند فروعی مسائل میں الجھا کر اپنی کفریات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ جہاں موقع ملا میلاد و قیام پر چوٹ کس دی۔ عرس و نیاز پر شرک و بدعت کا فتویٰ صادر کر دیا تاکہ قوم ان کی کفریات پر مطلع نہ ہو سکے اور وہ یہ سمجھے کہ علماء دیوبند اور علماء اہلسنت کا اختلاف میلاد و قیام جیسے مسائل پر ہے۔ لہٰذا آج کی سب سے اہم ذمہ داری یہ ہے کہ بلا خوف لومۃ لائم ان کی کفریات کو

marfat.com
Marfat.com

بے نقاب کیا جائے۔ اپنی تقریر و تحریر میں جہاں فروعی مسائل کو کتاب و سنت سے ثابت کیا جائے وہیں اس امر کی وضاحت بھی کر دی جائے کہ ہمارا اختلاف محض میلاد و قیام کی حد تک نہیں ہے بلکہ علمائے دیو بند اہانت رسول جیسے غارت گر ایمان جرائم کے مجرم ہیں۔ واضح رہے کہ اگر ہمارے فعال علماء نے اس کی طرف سے غفلت برتی تو ایک دن ایسا آئے گا کہ قوم عرس و نیاز کے مسائل پر تو دلیل طلب کرے گی مگر علماء دیو بند کی وہ گندہ و کفری عبارات جو اختلافات کی سنگ بنیاد ہیں ان کے بارے میں یہ کہہ کر دامن کھینچ لے گی کہ ان عبارات سے متعلق ہمارا کوئی اختلاف ہی نہیں ہے۔

خدا نہ کردہ میری اس تحریر کا مقصد یہ نہیں کہ ان اختلافات کو میں اور وسیع کرنا چاہتا ہوں بلکہ اس اظہار حقیقت کا پس منظر یہ ہے کہ علماء دیو بند اپنی کفری عبارات سے توبہ کر کے اس کی اشاعت بند کر دیں تو ہم بھی اپنا طرز سخن اور انداز تحریر بدل دیں۔

۴۔ اس سلسلہ میں آج بعض اپنے ہی اداروں کی طرف سے یہ آواز اٹھائی جاتی ہے کہ یہ باتیں بہت پرانی ہو گئیں۔ سانپ گزر گیا اب اس کی لکیر پر لاٹھی مارنے سے کیا فائدہ؟ مجھے کہنے دیجئے اور میری اس جسارت کو نظرانداز کیجئے کہ ایسے ادارے یا ایسے افراد وہ خود فریب خوردہ ہیں یا دیدہ دانستہ دوسروں کو فریب میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں اس مقام پر قارئین کی ہلکی سی توجہ چاہتا ہوں کہ اگر بر سبیل تنزل یہ بات تسلیم ہی کر لی جائے کہ بات بہت پرانی ہو چکی ہے لہٰذا اب اس کی طرف سے زبان و قلم کا رخ موڑ دیا جائے تو اگر پرانے پن کی دلیل اتنی ہی بھاری بھر کم ہے تو ایسی رنگین و جدت پسند طبیعتوں کا اس کے سوا ہمارے پاس کوئی علاج نہیں کہ ان سے یہ دست بستہ عرض کیا جائے کہ بندہ پرور یہ ماحول اگر آپ کے حق میں سازگار نہیں ہے تو کوئی اور راہ لیجئے جہاں آئے دن نت نئے مسائل سر اٹھاتے ہوں جس سے آپ کی رنگین مزاجی کو قرار مل سکے ورنہ اندیشہ ہے کہیں کل آپ نے یہ کہنا شروع کر دیا

marfat.com
Marfat.com

قرآن کی تفسیر پرانی ہو چکی ہے اور احادیث کے شروح و حواشی پر صدیاں بیت گئی ہیں لہٰذا آج کے مذاق کے مطابق نئی تفسیر ہونی چاہئے اور کتب احادیث پر نئے انداز و نئے ڈیزائن کے شروح و حواشی ہوں تب تو اسلام بازیچہ اطفال بن کر رہ جائے اور مسلمات سے ایمان اٹھ جائے گا۔ علاوہ ازیں یہ کہنا ہی غلط ہے کہ تمام باتیں پرانی ہو گئیں' لہٰذا اب ان کا ذکر نہ کیا جائے۔ بندہ پرور! اگر آپ کی عمر چالیس برس کی ہو چکی ہے اور پندرہ برس کی عمر سے آج تک ان اختلافات کو سنتے چلے آئے ہیں تو یہ باتیں آپ کے حق میں پرانی ہو گئی ہیں لیکن آنے والی نسل جواب ہوش گوش کے میدان میں آ رہی ہے جس سے ابھی تک اس کے کان آشنا نہیں اس کے حق میں تو یہ باتیں پرانی نہیں ہیں۔
ہاں اگر حفظ الایمان' تقویۃ الایمان' تحذیر الناس' براہین قاطعہ کے مصنفین اپنے پیچھے کوئی لشکر نہ چھوڑ گئے ہوتے اور یہ کتابیں انہیں کی قبر میں دفن ہو گئی ہوتیں اور یہ لوگ اپنا عقیدہ اپنے ساتھ لے کر چلے گئے ہوتے تو یہ بات گوارا کر لی جاتی۔ جب ان کے عقائد کے پرچار کرنے والے ہی نہیں تو ایسے عقائد کے بال کی کھال نکالنے سے کیا فائدہ! لیکن جب ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ان کے اذناب و متبعین کا ایک گروہ ہے جو قدم قدم پر شرک و بدعت کا خیمہ نصب کیے بیٹھا ہے اور پریس کی پوری طاقت ان کتابوں کی اشاعت میں خرچ ہو رہی ہے۔ پھر ایسے حالات میں ہم یہ کیسے تسلیم کر لیں کہ باتیں پرانی ہو گئیں۔ لہٰذا اب ان سے صرف نظر کیا جائے۔ ہم کسی عصبیت یا تنگ نظری کے تحت ایسی باتیں نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ اس حقیقت سے ہمارے متقدمین و متاخرین کا طرز عمل شاہد عدل ہے۔ چنانچہ تاریخ اسلام کا مطالعہ کیجئے تو معلوم ہو گا کہ اسلام ہی کے نام پر نہ جانے کتنے گمراہ اور باطل فرقوں نے سر اٹھایا اور ان کی جتنی عمر رہی اسی اعتبار سے ان کا رد و ابطال کیا گیا۔ مثلاً جبریہ' قدریہ' معتزلی وغیرہ یہ اپنے اپنے وقت کے گمراہ فرقے ہیں۔ جب یہ گمراہ فرقے اسلامی معتقدات کے خلاف برسرپیکار نظر آئے تو علماء اسلام کی ساری طاقت ان کی طرف مبذول ہو گئی یہاں تک کہ اب ان فرقوں کے اقوال بطور نقل چلے آ رہے ہیں کہ

marfat.com

Marfat.com

کسی دور میں ایسے فرقوں نے جنم لیا تھا جن کے اقوال ایسے اور ایسے تھے اور اسی ذیل میں ان کے جوابات درج کیے جاتے ہیں تاکہ درس نظامی کا فارغ التحصیل تعارفی حیثیت سے ان سے آشنا رہے لیکن اب ان فرقوں کے خلاف کوئی محاذ جنگ نہیں چونکہ اب ان فرقوں کا کوئی نشریاتی پروگرام نہیں' نہ ان کا کوئی ہیڈ کوارٹر ہے اور نہ ہی برانچ' یہ اپنی وقت کی پیداوار تھے اور کچھ دنوں بعد خود ہی اپنی موت کے گھاٹ اتر گئے اس لیے آپ دیکھیے کہ آج علماء کی تقریر اور تحریر کے نشانے پر یہ فرقے رہ ہی نہیں گئے۔ لیکن فتنہ وہابیہ ایسا نہیں ہے' یہ روز بروز اپنی جڑیں مضبوط کرتا جارہا ہے اور ہمارے خلاف اس کے نئے نئے اڈے بنتے جارہے ہیں۔

لہٰذا یہ کہہ کر ان مسائل سے دامن چھڑانا کہ بات پرانی ہو چکی ہے عقل و قیاس سے بعید ہے اس فریب خوردگی اور خوش فہمی پر اس کے سوا اور کیا کہا جائے کہ کچھ اپنے ہی ہماری راہ میں کنواں کھود رہے ہیں دشمن اپنی پوری ہوش مندی و دانائی سے اپنی راہ ہموار کرتا جارہا ہے اور بعض اپنے اس تماشا گاہ عالم میں اپنوں ہی کا دامن تھامے تماشائیوں کو دعوت نظارہ دے رہے ہیں۔

۵۔ واضح رہے جس طرح ہمیں کھلے ہوئے دشمن کے چہرے سے نقاب الٹنا ہے اور ان کی گھناؤنی اور مکروہ صورت سے لوگوں کے دل میں گھن پیدا کرنا ہے۔ بالکل ایسے ہی دوست نما دشمنوں کی بھی نقاب کشائی کرنا ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ ہمیں اس راہ میں تیر ملامت کا نشانہ بننا پڑے گا اور اپنوں ہی کے ہاتھ تلخ گھونٹ پینا ہوگا۔

اللہ کا شکر ہے کہ قلم اٹھانے سے پہلے ہم اس کے لیے تیار ہو چکے ہیں۔ ہمیں دقیانوس کہا جائے یا لکیر کا فقیر۔ ہم پر ان جملوں کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ہمیں اپنے بزرگوں سے یہی دولت ملی ہے جس کے ہم امین اور وارث ہیں۔ سید نا امام امام احمد رضا فاضل بریلوی' امام المنطق و الفلسفہ حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی' سید العارفین حضرت مولانا فضل رسول بدایوانی' حجۃ السلام حضرت مولانا حامد رضا خان صاحب بریلوی' صدر الشریعہ حضرت مولانا امجد علی صاحب مصنف بہار شریعت'

marfat.com
Marfat.com

صدر الافاضل حضرت مولانا محمد نعیم الدین صاحب مفسر قرآن رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تاریخ ہماری نگاہوں کے سامنے ہے اور ان کے تصلیب فی الدین کو ہم ان کی زندگی کا طغرائے امتیاز سمجھتے ہیں اس راہ میں انھیں گھر سے بے گھر ہونا پڑا۔ اپنے بیگانے ہوئے' اپنوں اور غیروں کی طعن و تشنیع سنی مگر جادۂ استقامت سے ان کا قدم ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹ سکا۔ بفضلہ تعالیٰ آج بھی ان کے متبعین کی ایک اچھی خاصی جماعت موجود ہے۔ آقائے نعمت حضور مفتی اعظم ہند استاد محترم و مرشد برحق مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمان صاحب' استاذ الاساتذہ حضرت مولانا سید غلام جیلانی صاحب میرٹھی' استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ عبدالعزیز صاحب' سلطان المناظرین حضرت مولانا رفاقت حسین صاحب' برہان ملت حضرت مولانا سید برہان الحق صاحب صدر العلماء حضرت مولانا سید مصباح الحسن صاحب پھپھوند شریف' سید العلماء حضرت مولانا سید آل مصطفےٰ صاحب' ناشر العلوم حضرت مولانا مفتی عبدالرشید خان صاحب ادام اللہ فیوضہم و برکاتہم العالیہ جیسے اپنے اکابر و مشائخ جو اپنے بزرگوں کی زندگی کے آئینہ دار ہیں۔ رب کریم ان کے ظل عاطفت کو ہم پر دراز فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ بات بہت بڑھ گئی' مقصود نگارش یہ ہے کہ ہمیں حالات کا صحیح جائزہ لینا چاہیے کہ ہمارے مشن کو کمزور بنانے میں کیسے کیسے لوگوں کا ہاتھ ہے۔

٦۔ آج فروعی مسائل سے متعلق علماء دیوبند کا یہ بھی غلط انداز ہے کہ ہر بات میں ہم سے قرآن و سنت کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ قرآن و سنت کے اساس و بنیاد ہونے سے کسی کو انکار نہیں اس کی عظمت سر آنکھوں پر' یہ دونوں ہماری زندگی کے وہ متاع عزیز ہیں جس پر ہمیں بجا طور پر فخر حاصل ہے مگر پیارے کہنا یہ ہے کہ جو بات بھی کہو قرینے اور سلیقے سے کہو۔ اگر فاتحہ دلائی جائے تو یہ کہتے ہو کہ اس کے ثبوت میں قرآن کی آیت پڑھو۔ اگر ہم بزرگوں کی قبر پر ایصال ثواب کی غرض سے چلے جائیں تو بڑے ہی بھولے بن کر یہ کہتے ہو اگر قرآن کی آیت نہیں تو پھر بخاری شریف کی حدیث دکھلا دو۔ آپ کے مطالبے پر سر تسلیم خم ہے۔ مگر کچھ ہماری بھی سن لیجئے۔

marfat.com
Marfat.com

آپ کے حضرت شیخ مولانا نانوتوی کی لاٹھی کو لوگ بطور تبرک رکھتے تھے آپ کے مولانا تھانوی کے پاؤں دھو کر پانی پینے کو لوگ ذریعہ نجات سمجھتے تھے وغیرہ وغیرہ۔ تو اگر آپ قرآن کی آیت اور بخاری کی حدیث سے اس کا ثبوت نہ دے سکیں تو کم از کم مشکوۃ شریف جو درس نظامی میں حدیث کی پہلی کتاب سمجھی جاتی ہے اسی سے ہی اس کا ثبوت دے دیجئے۔

آخر کیا قرآن و حدیث محض میلاد و قیام ہی کے ثبوت کے لیے ہیں پھر یہ کیا طرفہ تماشا ہے کہ آپ حضرات اپنی درسگاہوں میں تو اپنے طلباء کو یہ درس دیتے ہیں کہ اصول شریعت چار ہیں ادلہ اربعہ قرآن' سنت' اجماع' قیاس سے کام لیا جائے گا۔

طلاق و نکاح' بیع و شرا' روزہ نماز' حج و زکوٰۃ وغیرہ وغیرہ جیسے مسائل میں قرآن و سنت کے علاوہ اجماع و قیاس سے بھی دلیل قائم کی جاتی ہے مگر عرس و نیاز' میلاد و قیام کے لیے صرف قرآن و حدیث سے دلیل چاہیے۔

اور اس پر کٹ حجتی اور ہٹ دھرمی کا یہ عالم کہ اگر آپ کے کسی بزرگ و پیشوا نے میلاد و قیام کیا ہو تو آپ اس کی نت نئی تاویل کرتے ہیں کہ کہیں ہمارے بزرگ پر شرک و بدعت کی چھاپ نہ پڑ جائے۔ جیسا کہ پچھلے صفحات میں حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کا تذکرہ کیا ہے کہ موصوف محفل میلاد شریف منعقد کرتے اور کھڑے ہو کر سلام پڑھنے میں لذت محسوس کرتے۔

لیکن اب جناب حاجی صاحب قبلہ کے میلاد و قیام پر عثمانی کی تاویلات ملاحظہ کیجئے۔

تجلی دیوبند' اگست ۶۲ء صفحہ ۴۰

"تیسری وجہ یہ تھی کہ حضرت حاجی صاحب کے تمام عقائد و تصورات سب کے سامنے تھے ان میں ان کے اہل علم اور ارادت مندوں نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں مشرکانہ اور غالی و واہی عناصر کی شمولیت نہیں پائی بلکہ یہی دیکھا کہ توحید ان کے دل و دماغ میں رچی بسی

marfat.com

Marfat.com

ہے لہٰذا یہ قیاس کرنے میں کوئی چیز مانع نہیں ہوئی کہ سال بہ سال میلاد منعقد کرنے کے پیچھے حب رسول کا سیدھا سادہ ذہن کار فرما ہے اور قیام کی تہہ میں ایک معصوم سے تصور تعظیم کے سوا کوئی غلو آمیز عقیدہ موجود نہیں"

نوٹ:۔ ناظرین سے گزارش ہے کہ وہ مندرجہ بالا تحریر کو بار بار پڑھیں اور یہ اندازہ کریں کہ اپنے کو بچانے کے لیے کیسے کیسے تراشیدہ و خراشیدہ الفاظ ڈھونڈے گئے ہیں۔ حاجی صاحب اگر میلاد و قیام فرمائیں تو اس میں "حب رسول" کا سیدھا سادہ ذہن کار فرما ہے اور قیام کی تہہ میں ایک معصوم سا تصور تعظیم ہے حالانکہ یہ وہی حاجی صاحب ہیں جو خود عامر صاحب کی نظر میں عالم نہیں ہیں۔ ایک غیر عالم اگر میلاد و قیام کرتا ہے تو اس کی تاویل کی جاتی ہے کہ "توحید ان کے دل و دماغ میں رچی بسی ہے" اور اکابر علماء اہلسنت جن کے علم و فضل کو اپنے و غیر بھی تسلیم کرتے ہوں اگر وہ میلاد اور قیام کرلیں تو کھلے گمراہ 'کٹر بدعتی' پکے مشرک۔ نہ جانے وہ کون سا آلہ ہے عامر صاحب کے پاس جس سے وہ لوگوں کے دلوں کا بھید جان لیتے ہیں کہ کس کے قلب و جگر میں توحید رچی بسی ہے اور کس کا سینہ اس سے خالی ہے۔

"تجلی" کے اسی شمارے میں آگے چل کر عامر صاحب رقمطراز ہیں اس کو پڑھیے اور جناب کے طرز استدلال کی داد دیجئے صفحہ ۴۲

"اسی طرح آپ متعدد مثالیں سوچ سکتے ہیں جن سے معلوم ہو گا کہ اسمائے صفت میں غالب احوال کے اعتبار سے بنتے ہیں۔ غالب بھی نہ سہی تو کم از کم یہ تو طے شدہ ہے کہ کسی بھی اسم صفت کا اطلاق اسی وقت ہوتا ہے جب اس صفت کا ظہور نمایاں طور پر ہو' اگر کسی انسان کو فاسق یا عاصی و خاطی کہنے کے لیے صرف اتنی ہی بات کافی ہوتی کہ کبھی نہ کبھی اس سے فسق یا خطا یا معصیت کا صدور ہو گیا ہے تو دنیا میں کوئی شخص بھی انبیاء کے سوا ان مکروہ اسمائے صفت سے نہ بچ سکتا کیونکہ انبیاء کے سوا کوئی بھی معصوم نہیں۔

marfat.com

Marfat.com

اس سے ثابت ہوا کہ محفل میلاد و قیام کی بدعت کو سادگی کے ساتھ اختیار کرنے کی وجہ سے حضرت حاجی صاحب کو "بدعتی" نہیں کہا جا سکتا"

نوٹ:۔ قربان جایئے آپ کے طرز استدلال پر' حاجی صاحب "فیصلہ ہفت مسئلہ" میں خود تحریر فرماتے ہیں کہ میں ہر سال محفل مولود شریف منعقد کرتا ہوں اور کھڑے ہو کر سلام پڑھنے میں لذت محسوس کرتا ہوں۔ لیکن عامر صاحب فرماتے ہیں کہ اگر کسی سے کبھی کبھار کوئی فعل صادر ہو جائے تو اس کی بنا پر حکم نہیں لگایا جاتا بلکہ غالب احوال کی بنا پر' جیسے کسی کو فاسق کہنے کے لیے اتنی سی بات کافی نہیں ہے کہ کبھی اس سے فسق کا صدور ہو گیا یعنی تاوقتیکہ اس فسق پر اصرار نہ ہو اس وقت تک اسے فاسق نہیں کہا جائے گا۔

عامر صاحب! بالفرض اگر نفاذ احکام سے متعلق یہی دستور و قانون ہے جیسا کہ بہ گمان خویش آپ نے سپرد قلم کیا ہے تو اس قانون کے آئینے میں حاجی صاحب کی بھی تصویر ملاحظہ کیجئے۔ یعنی تاوقتیکہ فعل پر اصرار نہ ہو اس پر حکم نہ لگایا جائے گا تو حاجی صاحب قبلہ نے یہ تو نہیں فرمایا کہ عمر کے کسی حصہ میں بھول کر سہواً میں نے میلاد شریف کی محفل منعقد کرلی تھی اور سلام بھی کھڑے ہو کر پڑھ لیا تھا بلکہ وہ اپنے فعل کے اصرار و التزام کی صراحت فرماتے ہیں نہ تو کبھی کبھار ہے اور نہ بھول چوک ہے بلکہ دیدہ و دانستہ باعث خیر و برکت سمجھ کر ہر سال پھر پڑھ لیجیے۔ ہر سال جانے ان کے اس فعل کی ابتداء اور عمر کے اعتبار سے یہ محفل ان کے گھر میں پچاس مرتبہ محفل مولود شریف منعقد ہوئی ہو گی یا اس سے کم و بیش۔ اب آپ ہی فرمایئے اگر انہوں نے اپنی عمر میں پچاس مرتبہ محفل مولود شریف منعقد کی تو اس کو اتفاقیہ' کبھی کبھار' بائی چانس کہا جائے گا یا اس فعل کا اصرار و التزام اور کوئی روزانہ تو محفل میلاد شریف منعقد کرتا نہیں بلکہ عام دستور یہی ہے کہ خیر و برکت کے حصول کے لیے سال میں ایک دو مرتبہ ہی لوگ حسب توفیق اپنے اپنے گھروں میں محفل میلاد شریف منعقد کرتے ہیں اور یہی لوگ آپ کی اصطلاح میں مولودی اور بدعتی کہے جاتے ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

اب کیسے حاجی صاحب کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟ یہ کیسے آپ نے لکھ دیا کہ ہم ان کو بدعتی نہیں کہیں گے۔ آخر یہ دین میں ٹھیکیداری نہیں تو اور کیا ہے؟

جس کو آپ اپنا سمجھے ارتکاب بدعت کے باوجود اس کو بدعتی نہ کہیں اور جن بزرگوں کے خلاف آپ نے محاذ جنگ قائم کر رکھا ہے ان کے ہر فعل پر شرک و بدعت کی چھاپ لگانے میں کوئی تامل نہیں۔ علاوہ ازیں حاجی صاحب محض میلاد و قیام کے پابند نہ تھے بلکہ نیاز و فاتحہ' عرس' سوئم' چالیسواں' برسی جیسے تمام ہی مراسم کے نہ صرف قائل بلکہ عملاً پابند تھے۔ "فیصلہ ہفت مسئلہ" تو آپ نے پڑھی ہو گی' اس کا نام ہی فیصلہ ہفت مسئلہ ہے۔ اب یہ نہ کہیئے گا کہ حاجی صاحب محض میلاد و قیام کی بدعت کا ارتکاب فرماتے تھے بلکہ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مراسم ہیں جو آپ کی نظر میں بدعت اور معصیت ہیں وہ سب ان کے معمولات میں داخل ہیں۔

لہذا آپ یہ باور کرانے کی کوشش تو کیجئے ہی نہیں کہ آپ کو دیوبند یا جماعت اسلامی کے خزانے سے کوئی ایسا آلہ مل گیا ہے جس کے ذریعہ سے آپ لوگوں کی نیت اور ارادے کا پتہ لگالیتے ہیں کہ کون سادہ لوح ہو کر میلاد و قیام کر رہا ہے اور کون غیر سادہ لوح ہو کر۔

ممکن ہے مولانا امام الدین رام نگری جن سے آپ اس وقت مخاطب ہیں وہ آپ کی دھونس میں آکر مرعوب ہو جائیں' حالانکہ وہ آپ سے زیادہ تجربہ کار ہیں۔ لیکن ان پر آپ کا جادو چل جائے قرین قیاس نہیں آپ نے اپنے دلائل کے تانے بانے میں یہی کوشش کی ہے کہ انھیں الجھالیا جائے۔

اس کو تو آپ دونوں سمجھیں مگر ملک کا وہ طبقہ جس کو آپ بدعتی کہتے ہیں وہ آپ کے حاجی صاحب کی طرح اتنا سادہ لوح نہیں ہے کہ میلاد و قیام محض اپنی سادگی کے تحت کرلیتا ہے بلکہ یہ ایک پڑھا لکھا طبقہ ہے جو اپنے عقائد پر برہان و بینہ کی ایسی شمع روشن کیے ہے کہ لاکھوں بار طوفان اٹھے مگر وہ شمع بجھ نہ سکی اور ان شاء اللہ تعالیٰ صبح قیامت تک یہ روشن رہے گی اس لیے یہ خیال تو آپ اپنے دل سے نکال لیجئے کہ وہ آپ کی اس قسم کی لایعنی باتوں سے مرعوب ہو جائے گا اور اس کا یقین کر

marfat.com
Marfat.com

لے گا کہ صحیح معنوں آپ کو کوئی ایسا آلہ مل گیا ہے جس سے آپ دلوں کا بھید معلوم کر لیتے ہیں۔ اور اگر استدلال کا یہی طریقہ اختیار کیا جائے جو آپ کا وطیرہ ہے تو پھر دوسروں کو بھی کہنے دیجئے کہ ماہنامہ "تجلی" کی اشاعت میں قوم کی اصلاح و فلاح کا کوئی جذبہ کار فرما نہیں ہے بلکہ اپنی نمائش اور تجارتی فروغ کی ایک لگن ہے جو آپ کے دل و دماغ پر مسلط ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ آپ اپنے اداریہ کے لیے جنگ و جدال کا نیا نیا عنوان تلاش کرتے رہتے ہیں۔ آپ اپنی انگلیوں پر خود ہی گن لیجئے کہ اس تھوڑے سے وقفہ میں آپ نے کتنوں سے پنجہ آزمائی کی ہے۔

ایک دور آپ کا وہ گزرا ہے جبکہ آپ اپنے ہی استاذ مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی کے مقابل لنگوٹ باندھے کھڑے تھے یہ جانتے ہوئے کہ دیوبند کی بڑی شخصیت ہے اگر ان سے مٹھ بھیڑ ہو گئی تو کام چل ہی جائے گا۔ پھر جب آپ نے ان کا پیچھا چھوڑا تو آپ نے مولوی منظور نعمانی کو دعوت جنگ دی۔ جب انہوں نے منہ نہ لگایا تو مدیر فاران ماہر القادری کو حل من مبارز کہہ کر پکارا۔ کچھ دنوں ان سے نوک جھونک رہی تو آپ نے اپنے رفیق قلم مولوی امام الدین رام نگری کو جھنجھوڑا جن سے آج تک سلسلۂ جنگ جاری ہے۔

ابھی آپ اسی محاذ پر تھے کہ اس سے زیادہ عمدہ محاذ جنگ مل گیا یعنی مدیر برہان مولانا سعید احمد اکبر آبادی سے آپ لپٹ گئے اور اداریہ کے اختتام پر بڑی نیازمندی سے آپ یہ کہہ کر گزرے ہیں کہ۔

"ہم خود کو مجبور پاتے ہیں کہ ان کے تیسرے اداریے پر بھی اگلے ماہ زبان نقد دراز کریں"

یہ جملہ آپ نے صرف اس لیے لکھ دیا کہ لوگوں کو آپ کے اگلے اداریے کا انتظار رہے۔ اسی کا نام ہے جذبۂ نمائش اور تجارتی کاروبار کے فروغ دینے کا وہ طریقہ جس کو آپ دین و ملت کا مفاد قرار دیتے ہیں۔ اب آپ ہی فرمایئے وہ کون ہے جو آپ کی زبان درازی سے بچ کر نکل گیا ہو آپ تو اسی تاک گھات میں رہتے ہیں کہ ہر ماہ نقشہ جنگ بدلتا رہے تاکہ ناظرین تجلی جن کا ذہن و فکر مسائل پر اعتدال پسندی

marfat.com
Marfat.com

سے غور کرنے کے بجائے اکھاڑ پچھاڑ کا عادی بن چکا ہے جو یہ مارا وہ مارا کا نعرہ بلند کر کے کسی بھی مضمون کو پڑھنے کے خوگر ہیں۔ ان کے دستر خوان پر آپ ایسے ہی تیز نمک مرچ کا سالن رکھتے ہیں۔

اور ساتھ ہی قوم کے ساتھ یہ دھیل بازی کہ ہمارا جذبہ دینی ہمیں مجبور کرتا ہے کہ ہم کسی برائی کو دیکھیں اور خاموش نہ رہ جائیں۔ اگر واقعی یہی ہے تو رسالہ کی اشاعت سے پہلے آپ کا جذبہ کہاں سویا ہوا تھا' جس جس گلی میں آپ کو خیمہ ہائے باطل نظر آتے وہاں وہاں کی خاک آپ چھانتے نظر آتے' مگر یہ کیا ہوا کہ قلم پکڑتے ہی آپ چن چن کر ایک ایک کا گریبان پکڑ کر الجھ گئے۔

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

لہذا آپ اپنی لچر دلیلوں کی داد اسی طبقہ سے چاہیں جو دعوی اور دلیل کی اساسی وکلیدی حیثیت نہیں جانتا' آپ اس حلقے میں دھول کی رسی بانٹنے کی کوشش نہ کیجئے جو بعونہ تعالی آپ جیسوں کو دیکھتے ہی یہ سنا دیتا ہے۔

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت را می شناسم

ورنہ کیا تماشہ ہے کہ ہم میلاد و قیام کریں تو معصیت کیش اور بدعتی ہو جائیں اور آپ کے روحانی لکڑ دادا حاجی امداد اللہ اسی بدعت کا ارتکاب فرمائیں تو کٹر موحد ہو جائیں۔ جناب عامر صاحب! اس قسم کا تضاد کچھ آپ ہی کی تحریر میں نہیں ہے بلکہ یہ آپ کو بطور وراثت ملی ہے۔

لیجئے لگے ہاتھ ایک پرانی کہانی سن لیجئے اور بات ختم کر دی جائے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جبکہ آپ اور مولوی امام الدین رام نگری ایک ہی پلیٹ فارم پر تھے اور دوسرے پلیٹ فارم پر آپ کے استاذ مولانا نانوتوی نے آپ حضرات سے ایک مطالبہ کیا تھا۔

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۴۷
"رام نگری صاحب اور مودودی صاحب اور ان کے متبعین کا فرض ہے

marfat.com

Marfat.com

کہ اگر ان کا عقیدہ خوارج و معتزلہ کا نہیں اور وہ واقع میں اہلسنت و جماعت کے عقیدے پر ہیں تو علانیہ طور پر بغیر کسی قسم کی جھجک کے اعلان فرمائیں اور ان عبارات کو خطبات سے نکال کر مناسب عبارات درج فرمائیں جیسا کہ اہل حق کا فریضہ ہے اور ہمیشہ بڑے بڑے ائمہ حق اس پر عمل پیرا رہے ہیں' ان کو اپنی غلطیوں سے رجوع کرنے میں کبھی نفسانیت اور انانیت مانع نہیں ہوئی اور یہ اسلاف کرام کی حق پرستی تھی"

(ایمان عمل صفحہ ۸۲)

نوٹ:۔ یہ تو وہ مطالبہ ہے جو مولوی حسین احمد صاحب نے جماعت اسلامی اور اس کے متبعین سے کیا تھا اب مولوی امام الدین رام نگری کا وہ مطالبہ پڑھیے جو انہوں نے جماعت اسلامی کی طرف سے مولوی حسین احمد سے کیا تھا۔

تجلی فروری مارچ ۵۷ء صفحہ ۴۷' ۵۷

"رہا حضرت مولانا مدنی کے مطالبے کا دوسرا حصہ تو حضرت محترم نے اس پر غور نہیں فرمایا کہ وہ کتنا ناقص ہے۔ حضرت محترم اور ان کے ہمنوا اور دوسرے علماء و اکابر دیوبند جماعت اسلامی کے پورے لٹریچر کو دفتر ضلالت و بے دینی قرار دیتے ہیں اس لیے جماعت اسلامی جب تک اپنے ذخیرۂ کتب کو دریا برد نہ کردے۔ حضرت مولانا مدنی جماعت اسلامی کو ایمان و اسلام کا سرٹیفکیٹ کیسے دے سکتے ہیں۔ لہٰذا حضرت محترم کے مطالبے کا یہ حصہ تو خود انہیں کے عقیدے و مسلک کے اعتبار سے غلط ہے اس لیے اس کے پورا کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ اس موقع پر ہمیں خود حضرت مولانا مدنی سے ایک سوال کرنا ہے۔ بریلوی مسلک کے علماء و اکابر نے تمام اکابر دیوبند کی تصانیف کو ضلالت و بددینی و کفریات کا مجموعہ قرار دیا ہے۔ (چند سطر بعد) حضرت مولانا مدنی ارشاد فرمائیں کہ انہوں نے بڑے بڑے ائمہ حق کی پیروی میں کہاں تک اہل حق کا فریضہ انجام دیا ہے؟ اور اکابر دیوبند کی غلطیوں سے رجوع کرنے میں کہاں تک خلوص وللہیت سے کام لیا ہے"

marfat.com

Marfat.com

نوٹ:۔ جادو وہ ہے جو سر چڑھ کر بولے۔ ابھی ابھی ناناگر کے سفر میں مولانا الحاج قاری محمد عثمان صاحب اعظمی سے یہ معلوم ہوا کہ بنگلور کے غیر مقلدین نے کوئی کتاب شائع کی ہے جس میں علمائے احناف کی خبر لیتے ہوئے حفظ الایمان کی عبارت پر کفر کا فتوی دیا ہے۔ معاملہ سنی اور وہابی کا نہیں تھا بلکہ مقلد اور حنفی کا تھا لہذا اس نشانے کی زد میں حفظ الایمان کی عبارت بھی آگئی اگر یہ کتاب دستیاب ہو گئی تو "خون کے آنسو" جلد سوم میں اس کا حوالہ ہدیۂ ناظرین کیا جائے گا۔

میرا اپنا ارادہ یہی تھا کہ "خون کے آنسو" دو حصوں پر ختم کر دی جائے لیکن گجرات کے دورہ میں حضرت محدث اعظم ہند علیہ الرحمتہ نے ارشاد فرمایا کہ اس کے تین حصے ہوں اور آخری حصے میں علماء دیو بند کی پرانی کتابوں پر تبصرہ کیا جائے۔ چنانچہ حضرت علیہ الرحمتہ کے ارشاد کے مطابق جو بعض کتابیں میرے پاس نہ تھیں ان سب کو حاصل کر لیا ہے اور جلد سوم کا کام بھی کسی حد تک ہو چکا ہے ان شاء اللہ تعالی حفظ الایمان' تقویۃ الایمان' صراط مستقیم' تحذیر الناس' براہین قاطعہ' الامداد' اشد العذاب' سیف یمانی' الشہاب الثاقب' المہند وغیرہ جیسی کتابوں پر نئے انداز میں تبصرہ کیا جائے گا اور ان کی تمام تاویلات پر ایسی حجت و دلیل قائم کی جائے گی جس سے ان کا ناقابل قبول ہونا آفتاب سے زیادہ روشن ہو جائے گا۔

اب جس کے پاس "خون کے آنسو" کے مکمل ہر سہ حصے ہوں گے وہ علمائے دیو بند کی کتابوں سے بے نیاز ہو جائے گا۔ انہیں تینوں حصوں میں ان کے تمام عقائد سمیٹ دیے جائیں گے۔

جلد سوم کے آخری حصے میں علماء دیو بند کے عقائد کی ایک بہت لمبی لسٹ ہو گی جس میں ان کے تمام اقوال کو مع حوالہ کے درج کر دیا جائے گا تاکہ کسی بھی عجلت کے موقع پر اس سے کام لیا جاسکے۔

اب اخیر میں گزارش ہے کہ پروردگار عالم ہم سب کو اپنے پیارے رسول ﷺ کا وفادار بنائے اور ان کی عزت و حرمت پر مرمٹنے کی توفیق دے۔

اے رب! جس طرح ہم اپنے معاملات میں دوست اور دشمن کی شناخت رکھتے

marfat.com

Marfat.com

ہیں ایسے ہی سرکار دو عالم ﷺ کے دوست اور دشمن کے پرکھنے اور پہچاننے کی صلاحیت عطا فرما۔

اے اللہ! ہم ان میں سے نہیں ہیں جو تیری الوہیت کا گن بھی گاتے ہیں اور معاذاللہ تجھی کو جھوٹا بھی کہتے ہیں۔

اے رب! ہم اس گروہ سے اظہار بیزاری کرتے ہیں جو تیرے رسول کو پیغمبر بھی کہتے ہیں اور معاذاللہ گاؤں کا چودھری اور چمار سے زیادہ ذلیل اور ذرہ ناچیز سے کمتر بھی۔

اے رب! ہمارا ایمان ہے کہ جس طرح تو اپنی شان الوہیت میں بے مثل و بے نظیر ہے ایسے ہی جانِ رحمت ﷺ نہ صرف انسانوں بلکہ پیغمبروں اور رسولوں میں سب سے ممتاز و یگانہ ہیں۔

اے رب! ہمیں اِسی نکھرے ہوئے عقیدے پر چلا اور اِسی پر موت بھی عطا فرما۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

بفضلہ تعالیٰ جلد دوم ختم ہوئی.

marfat.com

Marfat.com

المنبہات علی الاستعداد لیوم المعاد
از شیخ شہاب الملۃ علامہ احمد بن علی ابن الحجر العسقلانی رحمۃ اللہ
کا اردو ترجمہ

# موت کا سفر

از
خلیل العلماء خلیل ملت ...
حضرت علامہ مفتی محمد خلیل خان القادری البرکاتی
قدس سرہ العزیز

مع تحشیہ از
ابو حماد مفتی احمد میاں برکاتی غفرلہ

ناشر
پروگریسو بکس ۴۰ بی اردو بازار لاہور

بیسویں صدی کے عظیم مجدد امام احمد رضا خان بریلوی اور دیگر اکابرین کے مجموعہ ہائے اعمال

انتخابِ لاجواب

# شمعِ شبستانِ رضا

اول تا چہارم
مرتب:
اقبال احمد نوری

پروگریسو بکس
۴۰-بی، اردو بازار، لاہور
فون: ۷۳۵۲۷۹۹

marfat.com
Marfat.com

لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ
یقینا ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے

# رُوحانی حِکایات

حضرت مولانا علامہ عبد المصطفٰے اعظمی مجددی مدظلہ


پروگریسو بکس
۴۰-بی اُردو بازار، لاہور
فون: ۷۳۵۲۷۹۵



# مسائل القرآن

تصنیف
حضرت علامہ عبد المصطفٰے اعظمی رحمۃ اللہ علیہ


ناشر
پروگریسو بکس
۴۰-بی اُردو بازار، لاہور
فون: ۷۳۵۲۷۹۵




marfat.com
Marfat.com











دیدہ زیب

معیاری اور

مستند بکس

پروگریسو بکس